باذوق مردوں اور باوقار خواتین کے لئے جسے بچے بھی پڑھ سکتے ہیں

166

# ماہنامہ عبقری لاہور ®

اپریل 2020ء شعبان المعظم 1441 ہجری

گھر بھر کی جسمانی بیماریوں، ذہنی الجھنوں اور روحانی مسائل کا حل


قیمت فی شمارہ 50 روپے



پندرہ شعبان المعظم کی مکمل شب
شب برأت تسبیح خانہ میں گزاریئے
تفصیلات صفحہ نمبر 64 پر ملاحظہ فرمائیں!








شیخ الوظائف کی کراچی آمد
جمعہ 21 اگست سے لیکر اتوار 23 اگست 2020ء
تک گوشہ درود و سلام کراچی میں خصوصی چلہ دم و دعا
23 اگست بروز اتوار بعد نماز ظہر اختتامی دعا و اجازت
مزید تفصیلات کیلئے 0322-4688313


- رات کو عمل کیا! صبح کوئی پاؤنڈز سے بھرا لفافہ دے گیا
- موسم گرما کے امراض کیلئے لسوڑہ بہت بڑی نعمت
- شوہر کالا جادو سیکھنے کیلئے عامل سے میرا سودا کر آیا
- گھر بنانے اور مشکلات ٹلوانے کیلئے آزمودہ آیت
- شوگر، چنبل کے زخم کا آخری آزمودہ علاج
- نافرمان اولاد کو نیک کرنے کا آسان وظیفہ
- گائنی کے مسائل اور لاجواب آزمودہ وظیفہ

رمضان میں ایک مشروب بنا کر لطف دیکھیں!

انوکھا خاندانی راز! دوا سمجھ کر پڑھنے سے ہر بیماری ختم!

دل، شوگر، پیٹ کے مریض، رمضان اور کھجور کا استعمال

رمضان! فاقے، تنگدستی، مایوسی ختم اور خوشحالی شروع

رمضان کا شمارہ تقسیم کرنے سے کیا ملا؟ خوشیوں بھرا خط

خواتین کا رمضان! چند مفید مشورے اور تیاری





رمضان المبارک میں ان کتب پر
50% ڈسکاؤنٹ
یہ ڈسکاؤنٹ صرف دفتر ماہنامہ عبقری لاہور سے ملے گا۔
یہ محدود آفر اپریل اور مئی 2020ء تک ہے





حج یا عمرہ کی سعادت حاصل کرنے جارہے ہیں تو ذرا ٹھہرئیے! ”حرمین میں نیکیوں کے پہاڑ“ کتاب حج و عمرہ پر جانے والوں کیلئے نادر فضائل کا ایسا انمول تحفہ جو قدم قدم پر نیکیوں کے پہاڑ اور اعمال کے سمندر سے موتی چن چن کر دے۔ پڑھیں اور گفٹ کریں!

## فہرست مضامین


| صفحہ نمبر | عنوان | صفحہ نمبر | عنوان |
|---|---|---|---|
| 3 | سوفیصد سچا اور نرالا خواب! شیخ الوظائف نے بتایا | 37 | لسوڑہ! دوا بھی غذا بھی اور لاجواب شفاء بھی |
| 4 | رمضان کے ایک ایک لمحے سے فیض پانے کا گر | 38 | کاش! حق داروں کو حق دے دیتی! |
| 5 | عاشقان رسول ﷺ کی قبروں سے مشک کی خوشبو | 39 | جنات کا پیدائشی دوست (سلسلہ وار) |
| 6 | حاملہ خواتین کی متلی اور مٹی کھانے کی وجہ | 41 | فاقے، بیروزگاری اور قرض کا مارا ہوا آج خوشحال کیسے؟ |
| 7 | گھر بنانے اور مشکلات ٹلوانے کیلئے آزمودہ آیت | 44 | شیرینی میں گندھا ماں اور بیٹی کا رشتہ |
| 8 | **شور**! آپ کو دماغی مریض بنا رہا! | 45 | قارئین کے آزمودہ ٹوٹکے |
| 9 | موسم گرما کی حسن افزاء غذائیں | 49 | شوگر، چنبل کے زخم کا آخری آزمودہ علاج |
| 10 | رمضان! فاقے، تنگدستی، مایوسی ختم اور خوشحالی شروع | 50 | 17 سال پرانی شوگر نارمل! جسمانی دردیں ختم |
| 11 | پہلا عشرہ! حضرت قیوم زمان ابراروئیؒ کے تجربات | 52 | بیٹے کو ٹی بی ہوئی! دم شدہ پانی سے صحت یاب |
| 13 | جسمانی بیماریاں اور ان کا علاج | 53 | رمضان میں پودینہ کا کمال! جدید سائنسی تجربات |
| 14 | روحانی امراض اور ان کا علاج | 54 | تسبیح خانہ میں رمضان گزارا اور ترقی ہوگئی! |
| 15 | میری زندگی کیسے بدلی؟ | 55 | بقیہ جات |
| 16 | گمشدہ سونے کی انگوٹھی کیسے ملی؟ | 56 | شوہر کالا جادو سیکھنے کیلئے عامل سے میرا سودا کر آیا |
| 17 | استقبال رمضان! اب ہوگا مہارت کا امتحان | 57 | آپ کا خواب اور روشن تعبیر |
| 18 | خواتین کا رمضان! چند مفید مشورے اور تیاری | 58 | نافرمان اولاد کو نیک کرنے کا آسان وظیفہ |
| 20 | انوکھا خاندانی راز! دو اسم پڑھنے سے ہر بیماری ختم! | 59 | شکریہ عبقری! بے لطف زندگی میں بہار لوٹ آئی! |
| 23 | پاکستان کے مشہور ڈاکٹر کا علاج ٹوٹکے سے | 60 | عبقری رسالہ اور ادویات آپ کے شہر میں |
| 24 | رمضان میں ایک مشروب بنا کر لطف دیکھیں! | 61 | عبقری روحانی چلہ اور دعا (اجتماع) |
| 26 | رات کو عمل کیا! صبح کوئی پاؤنڈز سے بھرا لفافہ دے گیا | 63 | ہجویری محل، گوشہ درود و سلام اور عبقری حویلی کے اعمال |
| 29 | باپ کی بد دعا! ڈاکٹر بیٹا پاگل ہو کر مرا | 64 | پورے سال کی مبارک گھڑیاں تسبیح خانہ لاہور میں گزاریئے |
| 34 | مئی کے رمضان میں ٹھنڈے ٹھار دھنیے کا کمال | 65 | عبقری ادویات بمعہ نرخ نامہ |
| 35 | قارئین کی آزمودہ تحریریں | | |


**ایڈیٹر کا مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں**

ایجنسی ہولڈر اپنی مہر لگائیں


عَبْقَرِيٍّ حِسَانٍ ﴿۷۶﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ﴿۷۷﴾ القرآن

بیاد: حضرت خواجہ سید محمد عبداللہ ہجویری عبقری مجذوبؒ، جناب حکیم محمد رمضان چغتائیؒ

شمارہ نمبر 10 | جلد نمبر 14 | اپریل 2020 شعبان المعظم 1441 ہجری

فرقہ واریت اور سیاسی تعصبات سے پاک

# ماہنامہ عبقری لاہور

اپریل 2020ء

مرکز روحانیت وامن کا ترجمان

ایڈیٹر: شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ (پی ایچ ڈی امریکہ)

قیمت فی شمارہ 50 روپے | سالانہ ممبرشپ رجسٹرڈ ڈاک 1260 روپے، بیرون ملک سالانہ 64 امریکی ڈالر


## تحفظ نظریہ پاکستان عبقری اکیڈمی

قائداعظم محمد علی جناح رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: آپ تعلیم پر پورا دھیان دیں۔ اپنے آپ کو عمل کیلئے تیار کریں۔ یہ آپ کا پہلا فریضہ ہے، آپ کی تعلیم کا ایک حصہ یہ بھی ہے کہ آپ دورِ حاضر کی سیاست کا مطالعہ کریں۔ یہ دیکھیں کہ آپ کے گرد دنیا میں کیا ہو رہا ہے۔ ہماری قوم کے لیے تعلیم زندگی اور موت کا مسئلہ ہے۔ ☆ آپ کی ریاست کی بنیاد رکھ دی گئی ہے، اب یہ آپ پر منحصر ہے کہ آپ اسے نہایت تیزی سے تعمیر کریں۔ اتنا اچھا کہ جتنا ممکن ہے۔

| | |
|---|---|
| خوش آ گئی ہے جہاں کو قلندری میری | وگرنہ شعر مرا کیا ہے، شاعری کیا ہے! |
| عشق عیار ہے، سو بھیس بنالیتی ہے | عشق بے چارہ نہ مُلّا ہے نہ زاہد نہ حکیم! |

حضرت علامہ محمد اقبال رحمۃ اللہ علیہ

## مجھے ضرور پڑھیں!

الحمدللہ! لاکھوں قارئین پڑھتے اور پھر لکھتے ہیں، ہم آپ کی تحریریں باری آنے پر ضرور شائع کریں گے۔ اگر کسی وجہ سے ڈاک ہم تک نہ پہنچی تو مجبوری ہے۔ تحریر پر اپنا موبائل یا فون نمبر ضرور لکھیں۔ نوٹ: حکیم صاحب کی ڈاک کے ساتھ جوابی لفافہ لازماً لگائیں تاکہ جواب دیا جاسکے۔

ایڈیٹر کی کتابیں، رسالہ آپ کی نظر سے گزرا، حتی الوسع کوشش کی جاتی ہے کہ غلطی نہ رہے، بشری تقاضے کے پیش نظر اگر غلطی رہ جائے تو مطلع فرمائیں۔ ہم آپ کے بے حد شکرگزار ہوں گے، ایڈیٹر کی کتابیں دراصل تالیفات ہیں جس کیلئے دوسری کتب، رسائل، جرائد سے استفادہ کیا گیا ہے، وضاحت کرنا لازم سمجھتے ہیں، مؤلف کا ان کے تمام نظریات سے متفق ہونا ضروری نہیں۔ بطور حوالہ مختلف لوگوں کی تحریریں اور نظریات شائع کیے گئے ہیں۔

## عبقری ٹرسٹ کے ذریعے مستحقین کی امداد

عبقری جہاں روحانی جسمانی شعبوں کے ذریعے عالم انسانیت کے دکھی لوگوں کی خدمت کا کام سرانجام دے رہا ہے، وہاں سالہا سال سے عبقری لوگوں کی دفتر تک پہنچائی ہوئی اشیاء مثلاً پرانے کپڑے، برتن، جوتے، فرنیچر، رضائیاں، اپنی زکوٰۃ، صدقات، عطیات اور اس کے علاوہ گھریلو استعمال کی تمام اشیاء غریب نادار اور مستحق لوگوں تک پہنچا رہا ہے۔ اپنی استعمال شدہ پرانی اشیاء کو ناکارہ سمجھ کر ضائع نہ کیجئے، یقیناً یہ کسی مستحق کی خوشیوں کا سامان ہے۔ دوسرے شہروں کے لوگ ٹرک یا ٹرین کے ذریعے عبقری کے دفتر چیزیں بلٹی کرادیں، شکریہ! رجسٹریشن نمبر RP/6237/L/S/10/1534

## عبقری ٹرسٹ کے سامان میں خیانت

قارئین! اپنی نقدی، سامان صرف دفتر ماہنامہ عبقری میں پہنچائیں، کسی مقامی ایجنسی کو نہ دیں، سامان و نقدی اکثر دفتر ماہنامہ عبقری لاہور نہیں پہنچ پاتا۔ عبقری ٹرسٹ کے سامان میں خیانت کی بہت شکایات آرہی ہیں۔

**ایجنسی ہولڈر ٹرسٹ کا سامان ہرگز وصول نہ کریں۔**

## فالتو کتابیں رسالے صدقہ جاریہ بنیں!

کتابیں نئی یا پرانی کسی بھی موضوع یا کسی بھی عنوان کی ہوں، رسائل، ڈائجسٹ، میگزین وغیرہ۔ آپ چاہتے ہوں کہ وہ صدقہ جاریہ بنیں۔ مزید وہ رسائل و کتابیں محفوظ ہوں، ایڈیٹر عبقری کو ہدیہ کی نیت سے ارسال کریں، وہ محفوظ ہونگی اور افادہ عام کیلئے استعمال ہوں گے۔ دوسرے شہروں کے لوگ ٹرک، ٹرین یا ڈاک خانہ کے ذریعے دفتر ماہنامہ عبقری چیزیں بھیج دیں۔ شکریہ! نوٹ: درسی اور نصابی کتب ارسال نہ کریں۔


خط و کتابت کا پتہ: "عبقری" عالمی مرکز روحانیت وامن

عبقری اسٹریٹ نزد قرطبہ چوک مزنگ چونگی لاہور (عبقری دفتر اتوار کو بند ہوتا ہے)

فون / فیکس 042-37552384-37597605-37586453-042-37425801-37425802-37425803 || E mail:contact@ubqari.org



محمد طارق محمود نے اظہار سنز پرنٹرز ریٹی گن روڈ لاہور سے چھپوا کر مزنگ لاہور سے شائع کیا

مزنگ چونگی نزد قرطبہ چوک مسجد کے ساتھ عبقری اسٹریٹ کے آخر میں عبقری کا دفتر ہے

ایڈیٹر کے قلم سے

# حال دل

## سوفیصد سچا اور نرالا خواب! شیخ الوظائف نے بتایا

جو میں نے دیکھا، سنا اور سوچا

### روزہ نسلوں سے فاقے مٹاتا ہے!

میرے حضرت میرے شیخ رحمۃ اللہ علیہ اکثر فرمایا کرتے تھے کہ اگر آپ کو اپنے رزق پر شک ہے ہلکا سا بھی‘ تو آپ کبھی بھی اپنے اس رزق سے روزہ نہ رکھیں‘ کیونکہ روزہ پاک ہے اور پاک رزق پاک عبادت کے لیے ہی چاہیے۔ یہ بات میں کافی عرصہ سے بتا رہا ہوں اور مسلسل سنا رہا ہوں‘ جس نے بھی آج تک اس پر عمل کیا وہ کبھی ناکام نہیں ہوا اور جس نے عمل نہیں کیا اس کو روزہ کا وہ کمال نہیں ملا جو کہ مطلوب ہے‘ روزہ نسلوں سے فاقہ مٹاتا ہے‘ کتنے اولیاء کرام جنہوں نے کبھی روزے نہیں چھوڑے آج ان کی نسلیں سجادہ نشین‘ گدی نشین یا آستانوں کے پیروں کے نام سے تخت‘ بخت‘ بادشاہی اور رزق کشادہ کھا رہے ہیں۔

کوئی بندہ روزہ رکھے اور اس کی نسلوں میں فقر ہو‘ فاقہ ہو‘ تنگدستی ہو‘ فقیری ہو‘ کائنات میں آج تک یہ منظر کبھی نہیں دیکھا کیونکہ اللہ کے لیے بھوکا رہنے والا کبھی فاقوں میں نہیں آتا اور اللہ تعالیٰ کے لیے پیاسا رہنے والا کبھی اپنے لیے اور اپنی نسلوں کے لیے دکھ‘ تکالیف‘ پیاس اور بھوک نہیں لیتا۔ روزہ واحد ایک ایسی عبادت ہے جس کا تعلق عشق سے ہے اور عشق بھی ایسا کہ ان دیکھا عشق‘ آپ چھپ چھپا کر کھانا کھا رہے ہیں‘ پانی پی رہے‘ مشروب‘ دودھ‘ لیکویڈ لے رہے اور لوگوں کو کہہ رہے کہ آپ کا روزہ ہے‘ آپ کو سارے داد دیں گے کہ آپ سچ کہہ رہے ہیں لیکن یہ بندے اور اللہ کا معاملہ ہے۔

### آئیں! روزے کو رزق حلال سے رکھیں!

نماز نظر آتی ہے‘ تسبیح کرنا محسوس ہوتا ہے‘ حج کی عبادت کا اظہار ہوتا ہے‘ صدقہ‘ خیرات مال یا چیزیں بٹتی نظر آتی ہیں لیکن روزہ واحد عبادت ہے جس کا فاقہ‘ بھوک‘ تنگدستی‘ فقر اور سخت گرمیوں کی پیاس حدت اور شدت بندے اور اللہ کے درمیان معاملہ ہے اور یہ ایسا معاملہ ہے جو کبھی بھی اللہ کے ہاں بے حیثیت نہیں‘ اللہ تعالیٰ خود کہتا ہے کہ میں کسی کے اجر کو ضائع نہیں کرتا اور اللہ پاک بہت کریم ہے کہ کسی کے اجر کو ضائع نہیں فرماتے اور اس کا صلہ دنیا میں بھی دیتے ہیں اور آخرت میں بھی دیتے ہیں جس روزہ سے نسلوں کو فقر‘ تنگدستی‘ غربت اور فاقوں سے نجات ملے‘ اللہ سچا‘ اللہ کے وعدے سچے تو کیوں نہ اس روزے کو حلال رزق سے رکھا جائے۔
اس کا طریقہ یہ ہے کہ آپ کسی ایسے بندے سے جتنی رقم آپ کے تیس روزوں میں خرچ ہونی ہے اندازاً اتنی رقم آپ اس بندے سے ادھار لے لیں اور ادھار لے کر وہی خرچ کریں اور اپنی رقم سے وہی ادھار اس کو واپس کردیں۔

### بے شمار تجربات میں سے ایک تجربہ

ایک صاحب مجھے اپنا تجربہ بتانے لگے یہ میں آپ کو بے شمار تجربات میں سے ایک تجربہ بتا رہا ہوں: ”میں نے ایسا کیا کہ اپنے رزق کو کچھ مشکوک سمجھا اور تھا بھی‘ کسی ایسے بندے کو جس کو میں بذات خود جانتا تھا اس سے رقم ادھار لی اور رقم ادھار لینے کے بعد میں نے پورے رمضان میں خود بھی اور اپنے گھر والوں پر بھی خرچ کیا‘ ایک دن میں نے خواب دیکھا کہ اندھیرا ہے اور سخت اندھیرا ہے اور میرا راستہ بھی وہی ہے‘ میں نے اس اندھیرے سے نکل کر آگے اپنی منزل پر جانا ہے اور میں بہت بڑے کاروباری نظام کو لے کر چل رہا ہوں اور آگے اندھیرے کے بعد ایک منڈی ہے جہاں میں نے اپنا سودا بیچنا ہے اور مجھے خوف ہے کہ اس اندھیرے میں سے میں کیسے آگے نکل پاؤں گا‘ اسی خوف کو سامنے رکھتے ہوئے میں جھجک رہا ہوں حتیٰ کہ مجھے اتنا ڈر اور خوف دل میں بیٹھا کہ میں وہیں بیٹھ گیا اور اتنی گھبراہٹ ہوئی کہ میں بیہوش ہوجاتا ہوں‘ اچانک ایک صاحب آئے انہوں نے میرے کندھے دبانے شروع کیے‘ میرے سر کے بالوں کو سہلانا شروع کیا اور مجھے ہلکے ہلکے بولوں کے ساتھ تسلیاں دینا شروع کیں۔

### آؤ میں تمہیں راستہ پار کرواتا ہوں!

مجھے ایک ڈھارس بندھی‘ ایک سہارا ملا‘ میں اعتماد سے اچانک کھڑا ہوا میں نے دیکھا اندھیرا ہے‘ وہ صاحب مجھے محسوس ہورہے ہیں لیکن سوفیصد نظر نہیں آرہے کیونکہ اندھیرا بہت خوفناک اور سخت تھا‘ مجھ سے کہنے لگے: آؤ میں تمہیں راستہ پار کرواتا ہوں‘ ان کے ہاتھ میں میرا ہاتھ آتے ہی اچانک روشنی ہوئی اور مجھے منزل نظر آنا شروع ہوگئی‘ میں ان کے ساتھ چلتا گیا اور قدم بڑھتے گئے‘ جتنا وہ چل رہے تھے اتنا روشنی اور سفیدی بڑھ رہی تھی‘ کچھ دیر چلنے کے بعد مجھے روشنی نظر آئی ایسے محسوس ہوا کہ وہ سخت اندھیرا یا سخت غار اور وہ خوفناک منظر ہٹ گیا‘ وہ مجھے چھوڑ کر جانے لگے تو میں نے ان سے پوچھا کہ آپ کون ہیں؟ مسکرا کر کہنے لگے: ماہ رمضان المبارک کے لیے وہ جو رزق حلال کی تو نے کوشش کی اور تو نے رزق حلال کے لیے ادھار لیا تھا میں وہی ہوں!

### بس! ہر رمضان میں مجھے نہ چھوڑنا

تجھے دنیا کے ہر اندھیرے میں کبھی بھٹکنے نہیں دوں گا‘ چاہے وہ غربت‘ تنگدستی‘ قرض‘ بیماریاں‘ تکالیف‘ دنیا کا ہر کام تیرا میں کروں گا‘ تیرے ساتھ رہوں گا تو کبھی اپنے آپ کو تنہا محسوس نہ کرنا‘ بس ہر رمضان میں مجھے ساتھ لینا‘ میں حیرت سے یہ منظر دیکھ رہا تھا‘ عجب حیرت ہوئی اور انوکھی کیفیت‘ مجھ سے بات کرکے وہ جانے لگا تو میں نے کہا: ”آخرت“ وہ ہلکا مسکرائے اور کہنے لگے: ”آخرت میں تو مجھے پہلے پائے گا ابھی تو بعد میں آیا ہوں‘ بس! ہر رمضان میں مجھے نہ چھوڑنا اگر ساری زندگی رزق حلال کی کوشش کرتے رہو گے‘ تمہاری نسلوں میں بادشاہت‘ دولت‘ تخت‘ نصیب‘ مقدر‘ خوشیاں‘ خوشحالیاں‘ کامیابیاں‘ سدا بہار رہیں گی۔ میرا ہاتھ دبا کر کہنے لگے: کیا خیال ہے؟ اور پھر مجھے تھپکی دی اور واپس اسی اندھیرے میں گم ہوگئے اور میں حیرت سے دیکھتا رہ گیا۔“

### آئیں! رزق حلال کی سوفیصد کوشش کریں!

مجھ سے کہنے لگے: یہ کیا ہے؟ میں نے کہا اس کی تعبیر خود یہی الفاظ ہیں جو آپ کو واضح طور پر بتا دیئے گئے ہیں‘ بعض خواب حقیقتیں ہوتی ہیں اور سوفیصد حقیقتیں ایسی ہوتی ہیں کہ ان کے لیے کسی تعبیر کی ضرورت نہیں ہوتی۔ آئیں! ہم بھی کوشش کریں کہ رمضان میں رزق حلال کا سامان کریں اور ابھی سے کریں اور ہر رمضان میں کریں کیا مزیدار بات ہوگی کہ اپنی پوری زندگی میں ہم رمضان کو اپنا ساتھی بنائیں یعنی پوری زندگی میں رزق حلال کی سوفیصد کوشش کریں۔

جادو شکن پانی

خاص الخاص عمل کے بعد کالا جادو‘ جنات‘ نظر بد‘ سفلی عمل‘ بدروحوں کے برے اثرات‘ لاعلاج بیماریاں‘ گھریلو جھگڑے‘ اولاد کی نافرمانی‘ مسلسل ناکامیاں‘ دورے پڑنا اور ایسے روگ جو کسی کی سمجھ میں نہ آتے ہوں حتیٰ کہ جہاں ہر معالج نے آپ کو مایوس کردیا ایسے حالات میں ”جادو شکن پانی“ کا استعمال مایوسی کو ختم کرکے آس اور امید کو دلاتا ہے۔

قیمت صرف 60 روپے

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

درس روحانیت وامن

# رمضان کے ایک ایک لمحے سے فیض پانے کا گر

شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ

ہفتہ وار درس سے اقتباس

ہماری ساری عبادات‘ ساری تلاوت سارے مجاہدے ساری ریاضتیں اس وقت پایہ تکمیل تک پہنچیں گی جب وہ اس کی بارگاہ میں قبول ہوجائیں گی۔ جتنے بھی مجاہدے رب کو دکھادیں اور جتنی بھی محنتیں رب کو اپنی دکھادیں اور جتنی بھی محنتیں اپنی زندگی میں کرنی ہیں کرلیں لیکن اگر قبولیت نہ ہوئی تو ہم زندگی میں ناکام انسان ہوں گے۔ زندگی کی سب سے پہلی اور آخری چیز قبولیت ہے۔ ایک یہ ہے کہ میں قبولیت کو تلاش کروں ایک یہ کہ قبولیت موجود ہو اس کو کیش کروں اس کی قدردانی کروں فرق ہے۔ فرمایا: عمل سے پہلے دعا قبول ہوتی ہے عمل کے درمیان دعا قبول ہوتی ہے عمل کے بعد دعا قبول ہوتی ہے۔ اذان کے بعد دعا قبول ہوتی ہے مکبر نے تکبیر کہی‘ قد قامت الصلوٰۃ قد قامت الصلوٰۃ دعا قبول ہوئی۔ فرمایا: اقامت کے وقت دل ہی دل میں جو بندہ دعا مانگے وہ قبول ہوتی ہے نماز کی صفیں درست ہورہی ہوں دعا قبول ہوتی ہے‘ یہ قبولیت کے درجات ہیں اور قبولیت کے مقامات ہیں‘ عمل سے پہلے دعا قبول اور عمل کے درمیان دعا قبول۔ عمل کے درمیان کیا ہے؟ رمضان المبارک میں آپ تراویح پڑھیں گے چار تراویح کے درمیان جو وقفہ ہے عین قبولیت کی گھڑی ہے‘ بہت خاص گھڑی ہے تراویح کے درمیان یہ چند لمحے ہیں امام اٹھتا ہے سلام پھیرنے کے بعد دوسری رکعت کے لیے اللہ اکبر کہتا ہے یہ جو ایک لمحہ ہے نا بس یہ لمحہ بڑا قیمتی ہے‘ اس میں دعا‘ استغفار اور اس کریم کی بارگاہ میں مناجات اور زاری اور جو چار تراویح کے درمیان کا وقفہ ہے اس میں جلدی نہ کریں بس اب پانی پی لیا‘ ہم اس کو پانی پینے کا وقفہ نہ رکھیں‘ یہ بہت مقبولیت کا لمحہ ہے چار تراویح کے درمیان جو مدھانی چلی مکھن اٹھانے کا وقت ہے‘ آپ ہر چار رکعت کے بعد دعاؤں کی قبولیت کا مکھن اتارلیں‘ کیسی عجیب گھڑی ہے یہ جو تراویح میں چار رکعات کے درمیان میں وقفہ ہے یہ مقبولیت محبوبیت کا ہے۔ جیسے دوخطبوں کے درمیان امام کا ایک وقفہ ہوتا ہے پہلا خطبہ پہلے خطبے کے دوران امام بیٹھتا ہے وہ لمحہ تسبیحات کا ذکر کا مانگنے کا مناجات کا فقیری کا وہ لمحہ اس کے سامنے فریاد کا وہ ایک خاص لمحہ ہوتا ہے وہ ایک خاص گھڑی ہوتی ہے۔ رمضان کے ایک ایک پل کو کیش کرنا‘ رمضان کے ایک ایک لمحے میں اس کی قبولیت‘ محبوبیت مرغوبیت کی مہریں لگوانی ہیں۔ راحت کی‘ رحمت کی‘ کرم کی‘ فیض کی‘ عطا کی‘ شفقت کی مہریں لگوانی ہیں عمل کے درمیان دعا قبول ہوتی ہے اور یہ تراویح کی چار رکعات کے درمیان جو عمل ہے اس میں خوب تسبیحات‘ ذکر‘ گڑگڑانا‘ اللہ تعالیٰ سے مانگنا‘ ہاتھ اٹھانا ضروری نہیں‘ کتنی دعائیں ایسی ہیں کھانا کھانے کی دعا ہے کوئی ہاتھ اٹھاتے ہیں بیت الخلاء کی دعا پڑھتے ہیں کوئی ہاتھ اٹھاتے ہیں پانی کی دعا الحمدللہ پڑھتے ہیں کوئی ہاتھ اٹھاتے ہیں کتنی دعائیں زندگی میں ایسی ہیں جن کے لیے ہاتھ اٹھانا ضروری نہیں‘ پر دعا کرنا ضروری ہے۔

انوکھے روحانی وظائف اور راز ولایت پانے کیلئے
خطبات عبقری کا مطالعہ کریں

## چار تراویح کے درمیان وقفہ! رب سے جو مانگنا مانگ لو

چار رکعات کے درمیان جو وقفہ ہے‘ یہ عمل کے درمیان ہم ہیں عمل سے پہلے اور عمل کے درمیان یہ جو عمل کے درمیان کے لمحات اور گھڑیاں ہیں ان میں اپنے لمحوں کو قیمتی بنانا اور اللہ جل شانہ سے مانگنا گڑگڑانا‘ بھکاری بننا یہ لمحے ہیں ڈوب جانے کے‘ جلدی کے نہیں کہ اب پانی پی لیا لہٰذا اب کھڑے ہوجاؤ نہ تراویح میں دس منٹ تاخیر ہوجائے گی کوئی حرج نہیں ہے‘ عمل کے درمیان قبولیت کے لمحوں کو کبھی فراموش نہ کریں عمل کے درمیان قبولیت کی گھڑیاں اور لمحے ان کی قدر دانی طبعیت میں ہو اولیا کا مزاج ہی یہی تھا صالحین، قطبوں، اللہ کے ولیوں کا مزاج ہی یہی تھا۔ اہل بیت آل رسول اصحاب رسول کا مزاج یہی تھا وہ لمحوں اور گھڑیوں کو ضائع نہیں کرتے تھے اور یہ ایک ایک لمحہ ایک ایک گھڑی ہماری زندگی میں رس گھول رہی ہے دنیا مانگو ان لمحوں میں‘ دولت مانگو‘ رزق مانگو‘ عمر‘ صحت‘ ایمان‘ تقوی اللہ کی بارگاہ میں قبولیت محبوبیت اس ملک کی وطن کی خیر خواہی مانگیں اس کی سرحدوں کی حفاظت مانگیں انسانیت کے لیے خیر خواہی مانگیں ہماری طبیعتوں میں وہ لمحہ مانگنے کا ہے وہ گھڑی مانگنے کی ہے وہ صرف ستانے کی نہیں ہے کہ چار رکعات ہیں اور آپ بیٹھ کر اپنی طبیعت کو سکون دیں سکون تو ملے گا سو ملے گا پر وہ ڈوب جانے کی گھڑی ہے کیوں؟ عمل کے درمیان دعا قبول ہوتی ہے اور میں نے آپ کی خدمت میں عرض کیا ساری عبادتیں تلاوتیں تسبیحیں اصل چیز قبولیت ہے کہ مولا تو قبول کرلے ربنا تقبل منا اے سخی قبول کرلے۔

ایک اللہ والے تھے ہر عبادت دعا کے بعد اپنے منہ پر ہاتھ رکھ کر منہ چھپالیتے کسی نے پوچھا شیخ ایسا کیوں؟ فرمایا مجھے خطرہ ہے میری نماز‘ میری تسبیح‘ تلاوت‘ میرا صدقہ‘ میری عبادت‘ روزہ‘ تراویح‘ زکوٰۃ اللہ رب العزت میرے منہ پہ نہ ماردے۔ مولا قابل نہیں پر قبول کرلے۔ (جاری ہے)

### سخت جادو اور جنات کا پہرہ! درس سے ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! گزشتہ چند سال سے میری طبیعت بہت زیادہ خراب تھی‘ مختلف جگہوں سے علاج کروائے مگر کوئی فرق نہ پڑتا‘ پھر دم کروانا شروع کردیئے‘ بعض جگہ سے وقتی فائدہ ہوتا‘ ایک یا دو دن کے بعد پھر وہی حالت ہوجاتی‘ مجھے رات کو بستر کے اردگرد جانور نظر آتے جو کہ مجھ پر پہرہ دیتے‘ میں ساری ساری رات نہ سوسکتا‘ ایک مرتبہ مجھے کسی نے ایک خطیب صاحب کے پاس دم کروانے کیلئے بھیجا‘ انہوں نے مجھے دم کیا اور تاکید کہ شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود چغتائی صاحب کے درس سارا دن سنو‘ تسبیح خانہ میں جاکر اسم اعظم کے روحانی دم میں شرکت کرو‘ میں نے درس کے میموری کارڈ دفتر ماہنامہ عبقری لاہور سے بذریعہ ڈاک منگوائے اور سارا دن درس سننا شروع کردیئے اور درس سے ہی ایک عمل ملا جو کہ ”یاقہار“ کا تھا‘ میں نے صبح وشام 11 تسبیح پڑھنا شروع کردی۔ الحمدللہ! درس سننے‘ دم کروانے اور ”یاقہار“ کے عمل کی وجہ سے مجھے ستر فیصد فائدہ (باقی صفحہ نمبر 55 پر)

فٹنس فولاد ٹانک
مکمل دماغی اور جسمانی ٹانک
چہرے کو گلنار بنائے
فٹنس فولاد ٹانک
بچوں کیلئے انمول تحفہ
کاروباری‘ ملازم پیشہ مردوں‘ عورتوں اور بچوں کیلئے قابل اعتماد ٹانک
لیکوریا کی مریضہ کیلئے بہترین ٹانک۔ حاملہ عورت کا بہترین ساتھی
خون بڑھانے کیلئے توانائی بخش ٹانک
قیمت 120 روپے
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوایئے۔ 0332-7552382

# اندھی ماں کی دعا سے جوان مردہ بیٹا زندہ ہوگیا

انتخاب: ابولبیب شاذلی

حضرت انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ مجھے اس امت میں تین باتیں ملی ہیں اگر وہ تین باتیں بنی اسرائیل میں ہوتیں تو کوئی امت ان کے مقابل نہ ہوتی۔ عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ راوی ہیں، میں نے پوچھا اے ابوحمزہ! وہ تین باتیں کیا ہیں؟ کہا، ہم صفہ پر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہمراہ تھے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس ایک عورت ہجرت کرکے آئی اور اس کے ساتھ اس کا بیٹا تھا جو بالغ ہوچکا تھا، اس عورت کو تو عورتوں کے پاس مہمان ٹھہرا دیا اور اس کا بیٹا میرے پاس مہمان ہوا، کچھ دن نہ گزرے تھے کہ اسے مدینہ کی وباء لگی وہ کچھ دنوں بیمار رہا اور اس کے بعد اس کی وفات ہوگئی تو اس کی آنکھ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بند کی اور اس کی تجہیز و تکفین کا حکم دیا جب ہم نے اس کے غسل کا ارادہ کیا تو حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اے انس رضی اللہ عنہ! اس کی ماں کے پاس جاؤ اور اسے اطلاع دیدو (کہ تمہارا بیٹا وفات پا گیا ہے) میں نے اس کی ماں کو اطلاع دی تو وہ آئی اور اس کے دونوں پیروں کے پاس بیٹھ گئی اور اس کے دونوں پیروں کو پکڑا اور اس کے بعد کہا اے میرے اللہ! بیشک میں تیرے لیے اپنی رغبت کے ساتھ اسلام لائی ہوں اور میں نے بتوں کے خلاف دنیا چھوڑنے کے لیے کیا ہے اور میں نے تیرے لئے اپنی رغبت سے ہجرت کی ہے، اے میرے اللہ! مجھ پر بت کے پوجا کرنے والوں کو نہ ہنسایئے اور میرے اوپر اس مصیبت کو کچھ نہ ڈالیے جس کے تحمل کی مجھ میں طاقت نہیں۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں پس خدا کی قسم! ابھی اس کا کلام تمام نہیں ہوا تھا یہاں تک کہ اس کے پیروں میں حرکت شروع ہوئی اور اس نے اپنے چہرہ سے کپڑا الٹ دیا (اور اٹھ کر بیٹھ گیا) اور وہ اتنے دنوں زندہ رہا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وفات ہوگئی اور اس کی ماں کا بھی انتقال ہوگیا۔ (حیاۃ الصحابہ)

# عاشقان رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قبروں سے مشک کی خوشبو

**صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی قبروں سے مشک کی خوشبو کا آنا:** محمد بن شرجیل رحمۃ اللہ علیہ نے بیان کیا کہ حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہما کی قبر سے ایک مٹھی مٹی لی جب مٹھی کھولی تو وہ مشک جیسی مہک رہی تھی، تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا سبحان اللہ! سبحان اللہ! جس سے معلوم ہوا کہ اس کی خوشبو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چہرہ مبارک تک بھی پہنچی تھی۔ ایک اور روایت میں ہے کہ کسی شخص نے حضرت سعد رضی اللہ عنہ کی قبر مبارک سے ایک مٹھی بھری اور اس کو لے گیا اس کے بعد جب اس مٹی کی طرف دیکھا تو وہ مشک تھی۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بیان کیا کہ میں ان لوگوں میں تھا جنہوں نے حضرت سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے لیے بقیع میں قبر کھودی تھی جب کبھی ہم قبر کھودتے اور مٹی کا کوئی حصہ ہم پر آ پڑتا تو ہم سے مشک جیسی خوشبو آتی یہاں تک کہ ہم نے ان کی لحد کھود دی۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ہم میں منادی کرائی گئی کہ ہم اپنے جنگ احد کے شہدا کو منتقل کردیں جس وقت کہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے پانی کا چشمہ جاری کرایا چنانچہ ہم نے چالیس سال کے بعد ان کو نکالا ان کے جسم اتنے نرم تھے کہ ہاتھ پیر مڑ جاتے تھے۔ ایک اور روایت میں ہے کہ یہ شہدا اپنی قبروں سے چالیس سال کے بعد نکالے گئے، ان کے جسم اتنے نرم تھے کہ ہاتھ پیر مڑ جاتے تھے۔ ایک اور روایت میں ہے کہ یہ شہدا اپنی قبروں سے چالیس سال کے بعد نکالے گئے اسی طرح پر تروتازہ تھے اور ان کے ہاتھ پاؤں ملائم تھے۔ (حیاۃ الصحابہ)

# بہنوں سے حسن سلوک کرنا! صحابی رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بیٹے کو وصیت

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہم فرماتے ہیں کہ جب جنگ اُحد کا وقت آیا تو مجھے میرے باپ نے رات میں بلایا اور کہا میں اپنے آپ کو اس کے سوا اور نہیں خیال کرتا کہ میں وہ پہلا شہید ہوں گا جو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں سے قتل کئے جائیں گے اور میں خدا کی قسم کسی ایسے کو نہیں چھوڑ رہا ہوں جو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد مجھے تجھ سے زیادہ پیارا ہو اور مجھ پر قرضہ ہے میری جانب سے میرا قرضہ ادا کردینا اور اپنی بہنوں کے ساتھ حسن سلوک کرنا۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ جب ہم نے صبح کی تو واقعی یہ پہلے شہید ہوئے میں نے ان کو ایک دوسرے آدمی کے ساتھ ایک ہی قبر میں دفن کردیا پھر مجھے یہ بات پسند نہ آئی کہ میں انہیں دوسرے آدمی کے ساتھ ایک ہی قبر میں چھوڑے رکھوں۔ میں نے چھ ماہ کے بعد اس قبر سے انہیں نکالا تو یہ بالکل اسی طرح تھے جس طرح کہ اس دن تھے جس دن میں نے ان کو دفنایا تھا، مگر ایک کان متغیر ہوچکا تھا۔ ایک روایت میں اس طرح ہے میں چھ ماہ رکا رہا پھر میری طبیعت نے مجھے اس بات کی اجازت دی کہ میں انہیں تنہا دفن کروں چنانچہ میں نے انہیں قبر سے نکالا تو زمین نے ان کی لاش سے کچھ بھی نہ کھایا تھا مگر ایک ذرا سا حصہ ان کی کان کی لو کا ایک اور روایت میں اسی سند کے ساتھ اس طرح ہے کہ مجھے ان کی کوئی چیز بدلی ہوئی نہ پائی مگر چند بال ان کی ڈاڑھی کے جو زمین سے ملے ہوئے تھے۔

عبدالرحمن بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بن عبدالرحمن رضی اللہ عنہ بن ابی صعصعہ سے روایت ہے کہ انہیں یہ روایت پہنچی ہے کہ حضرت عمرو بن جموح انصاری سلمی اور حضرت عبداللہ بن عمرو انصاری سلمی رضی اللہ عنہما دونوں حضرات کی قبروں کے پاس سے نہر جاری کی گئی اور ان کی قبر نہر سے بالکل متصل تھی یہ دونوں حضرات ایک قبر میں تھے اور یوم احد کے شہدا میں سے تھے ان کی قبر کو کھودا گیا تاکہ دوسری جگہ یہاں سے منتقل کردیا جائے، یہ دونوں حضرات اس طرح پائے گئے کہ ان میں کوئی تبدیلی نہیں آئی تھی ایسا معلوم ہوتا تھا کہ جیسے گزشتہ کل وفات پائی ہو ان میں سے ایک زخمی تھے انہوں نے اپنا ہاتھ اپنے زخم پر رکھ لیا اور اس کے بعد وہ اسی طرح سے دفن کئے گئے ان کے زخم سے ان کا ہاتھ ہٹایا جیسے ہی ہاتھ کو چھوڑا اسی جگہ لوٹ گیا جہاں تھا، غزوہ احد کا اور اس نہر کی کھدائی کے دن کا وقفہ چھیالیس سال کا ہے۔ ایک اور روایت میں ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سرخ آدمی تھے سر کے اگلے حصہ کے بال اڑے ہوئے تھے اور طویل نہیں تھے اور حضرت عمرو بن جموع رضی اللہ عنہ لمبے قد کے آدمی تھے اسی وجہ سے پہچان لئے گئے اور ایک قبر میں دفن کئے گئے تھے۔ (حیاۃ الصحابہ)

معجون شفایابی
گزشتہ 70 سال سے اپاہج اور معذور افراد کو تندرست اور توانا بنانے والی کامیاب ترین دوا
بیماری کے بعد کی کمزوری کیلئے
لولے لنگڑے، اپاہج، معذور، سر میں پانی بھر جانا، مسلسل بے ہوش یا غنودگی میں رہنا، اس مرض میں مبتلا بچے ہوں یا بڑے سب کیلئے یکساں مفید
پولیو کے شکار مہروں کا درد اور خاص طور پر بوڑھوں کیلئے تو معجون شفاء یابی بڑھاپے کا سہارا ہے
قیمت صرف 500 روپے علاوہ ڈاک خرچ
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

# حاملہ خواتین کی متلی اور مٹی کھانے کی وجہ

پروفیسر عبدالمجید، ملتان

اکثر حاملہ خواتین دورانِ حمل مٹی، کھریا، ملتانی مٹی وغیرہ شوق سے کھاتی ہیں۔ اس کے علاوہ اس عرصے میں انہیں بعض غذاؤں سے شدید نفرت بھی ہوجاتی ہے۔ ان اشیاء کو دیکھنے بلکہ ان کے تصور سے بھی انہیں متلی اور ابکائیاں آنے لگتی ہیں۔ چنانچہ گوشت کھانے والی خواتین اپنے گھر میں گوشت دیکھنے تک کی روادار نہیں ہوتیں، کیونکہ بقول ان کے اس سے انہیں گائے کے گوبر اور بکری کی مینگنیوں کی بو آتی ہے۔

ایسا کیوں ہوتا ہے؟

عرصے تک اس کی وجہ حاملہ کے جسم میں ہونے والے ہارمونی تبدیلیوں بلکہ ہنگاموں کو قرار دیا جاتا تھا یا پھر دوران حمل ہونے والی جذباتی اونچ نیچ اس کی ذمے دار قرار دی جاتی تھی، لیکن 1980ء کے عشرے میں بعض ماہرین حیاتیات نے اس سلسلے میں تحقیق کا سلسلہ شروع کیا اور وہ اس نتیجے پر پہنچے کہ یہ کیفیت دراصل ماں کے پیٹ میں پرورش پانے والے نرم ونازک جنین (بچے) کی خود کو قدرتی زہروں سے محفوظ رکھنے کی کوشش کا نتیجہ ہوتی ہے۔ دوران حمل خود کو بعض غذاؤں سے دور رکھ کر مائیں صحت مند بچے کو جنم دینے کا موقع فراہم کرتی ہیں۔ پھر یہی اثر ان کی آئندہ نسلوں میں بھی منتقل ہوتا رہتا ہے۔ اس سلسلے میں حال ہی میں سہ ماہی ریویو آف بیالوجی میں اس ارتقائی نظریے کے سلسلے میں جو تفصیلات شائع ہوئی ہیں وہ بڑی حیران کن ہیں۔

سب جانتے ہیں کہ صبح کے وقت حاملہ خواتین کی اکثریت جی متلانے کی شکایت کی شکار رہتی ہیں۔ یہ خیال بہت قوی ہے کہ حمل کی ابتدا میں دراصل صبح کے وقت کی یہ کیفیت اور کھانے سے نفرت کی وجہ بعض سبزیاں اور مصالحے ہوتے ہیں۔ یہ بات بھی ہم جانتے ہیں کہ ماضی بعید میں گوشت جراثیم زدہ ہونے کی وجہ سے جنین اور حاملہ دونوں ہی کے لیے خطرناک ہوتا تھا۔ غیر محفوظ انداز میں پکنے والا گوشت آج بھی مضر صحت ثابت ہوتا ہے۔ تحقیق کاروں کے مطابق دراصل استقرارِ حمل کے بعد ابتدائی مرحلوں میں عورت کے رحم میں قرار پانے والا جنین چونکہ اس کے جسم پر ایک بیرونی حملہ آور کی حیثیت رکھتا ہے، اس لیے عورت کا بدن ان بیرونی خلیات کا مقابلہ کرتا ہے جس کا اظہار متلی کی صورت میں ہوتا ہے اور اس عمل کو جسم میں تیار ہونے والے ہارمونز ایسٹروجین، پروجسٹرین اور دیگر ہارمونز صورتِ حال کو معمول یا اعتدال پر لانے کی کوشش کرتے ہیں۔ دیکھا یہ بھی جاتا ہے کہ ایسی صورت وکیفیت سے دوچار خواتین اسقاطِ حمل سے بالعموم زیادہ محفوظ رہتی ہیں، لیکن ماضی کے اس خیال کے برخلاف اب ہارمونز کی بڑھتی ہوئی سطح، صبح کی متلی کی کیفیت کا لازمی سبب نہیں سمجھی جاتی بلکہ تحقیق کے مطابق درحقیقت اس صبح گاہی کیفیت میں مبتلا خواتین میں ایسٹروجین اور پروجسٹرین کی سطح عام خواتین کے برابر ہی ہوتی ہے۔ کورنل یونیورسٹی (امریکہ) کے دو تحقیق کاروں فلیکس مین اور شرمن نے 16 ملکوں میں 7900 حاملہ خواتین کو اپنی تحقیق میں شامل کیا۔ ان میں سے 66فیصد نے حمل کے چھٹے سے چودہ ہفتوں میں خود کو کسی نہ کسی طرح سے بیمار محسوس کیا۔ حیرت کی بات تو یہ ہے کہ 65فیصد نے یہ بتایا کہ انہیں کم از کم کسی ایک غذائی شے سے نفرت ضرور رہی۔ ان میں سے 16فیصد نے کیفین آمیز اشیاء سے پرہیز کیا، 8فیصد نے گوبھی جیسی تیز بو والی ترکاریوں کا استعمال نہیں کیا، 4فیصد نے اپنی مخصوص روایتی مصالحے دار غذائیں استعمال نہیں کیں۔ ان تمام غذائی پودوں میں وہ زہریلے اجزا شامل رہتے ہیں جو انہیں کیڑوں اور جراثیم سے محفوظ رکھتے ہیں۔ 28فیصد خواتین نے بتایا کہ انہیں خاص طور پر گوشت، مرغی، انڈے اور مچھلی سے شدید نفرت رہی۔

# گوشت کھانے والی حاملہ خواتین ضرور پڑھیں!

اس تحقیق کے دوران 27 معاشروں کی بشریاتی (اینتھروپولوجیکل) رپورٹوں اور حمل کے ابتدائی حالات وکیفیات کا جائزہ لینے سے واضح ہوا کہ ایسے سات معاشروں میں زچہ کی مذکورہ صبح کی متلی وغیرہ کی شکایات سرے سے موجود ہی نہیں تھیں۔ باقی کے 20 میں سے ایک گروپ میں گوشت وغیرہ کا استعمال عام نہیں تھا بلکہ ان میں مکئی، چاول، شکرقندی، رتالو اور دیگر پودوں کا استعمال عام تھا جب کہ دوسرے گروپ میں دودھ کا استعمال زیادہ تھا یا پھر یہ لوگ مچھلی اور گوشت کھاتے تھے۔ گوشت کھانے والی حاملہ خواتین کو ایک فائدہ یہ ضرور پہنچتا ہے کہ اس سے ان کے جنین کی پرورش اس کے پروٹین کی وجہ سے اچھی طرح ہوتی ہے، لیکن گوشت میں موجود جراثیم کا ہضم کرنا بھی ان کے لیے خطرناک ثابت ہوسکتا ہے جس کی وجہ سے انہیں صبح کی متلی کی شکایت لاحق رہتی ہے۔ اس سے پہلے کی ایک تحقیقاتی رپورٹ میں بتایا گیا تھا کہ گوشت میں مرچوں، گرم مصالحوں اور اجوائن وغیرہ کے شامل کرنے سے گوشت کے جراثیم ہلاک ہوجاتے ہیں اور اسی لیے ان کا استعمال بھی کیا جاتا ہے۔ یہ استعمال خاص طور پر گرم آب و ہوا کے ملکوں میں عام ہے، کیوں کہ یہاں گوشت جلد خراب ہوتا ہے۔ مصالحوں میں موجود قدرتی زہر ان جراثیم کے لیے مہلک ثابت ہوتا ہے۔ حاملہ خواتین کے لیے بھی بہتر یہی ہے کہ وہ بغیر مصالحے کے پکے گوشت کے استعمال سے بچیں۔ جنین کے اہم اعضا چھ سے چودہ ہفتے کے دوران بنتے ہیں اور یہی وہ وقت ہوتا ہے کہ جس میں ماں کا نظام مدافعت وقتی طور پر کمزور ہوجاتا ہے۔ اس عرصے میں جنین کو حمل کی دیواروں میں اپنے قدم اچھی طرح جمانے کا موقع مل جاتا ہے، لیکن اسی عرصے میں حاملہ مختلف جراثیم کے حملوں کا شکار بھی ہوسکتی ہے۔ چنانچہ اس دوران جراثیم آلود غذاؤں کا استعمال اس کے لیے خطرہ صحت بن سکتا ہے جن سے اسقاطِ حمل کا خطرہ بھی لاحق رہتا ہے۔ جنین جونہی پہلی سہ ماہی میں مستحکم ہوجاتا ہے، گوشت کے کھانے سے نقصانات کے خطرات بھی کم ہوجاتے ہیں۔ اس سے یہ بھی اندازہ ہوتا ہے کہ گوشت کا خوب اچھی طرح پکا ہوا ہونا بہت ضروری ہے۔ بھوننے، تلنے، ابالنے اور مصالحے شامل ہونے سے گوشت محفوظ ہوجاتا ہے کیوں اس طرح اس کے جراثیم ختم ہوجاتے ہیں۔ مصالحے ہضم کے نظام کو محفوظ رکھتے ہیں اور ان کے استعمال کے معاملے میں حاملہ میں یہ خصوصی صلاحیت بھی پیدا ہوجاتی ہے کہ وہ مختلف طریقوں اور مصالحوں سے اپنی غذا تیار کرتی ہے اور نہ صرف یہ بلکہ دوسری خواتین کو بھی یہ ترکیب بتاتی ہے۔ افریقہ بلکہ ایشیاء کے بعض معاشروں میں بھی خواتین مختلف قسم کی مٹی کھاتی ہیں۔ دراصل ان میں حمل کے ابتدائی مراحل میں لاحق ہونے والی اسہال کی شکایت (باقی صفحہ نمبر 55 پر)

آنکھ شفاء موسمی وبائی اور تمام آنکھوں کے امراض کیلئے
آشوب چشم، موتیا بند، دھندلا پن، سوزش چشم، ضعف چشم، آنکھیں درد کرتی ہوں، صبح کے وقت آنکھیں کیچڑ سے جڑ جاتی ہوں یا بوجھل ہوتی ہوں، آنکھوں کے سامنے پتنگے سے اڑتے ہوں، آنکھوں میں دھندلا غبار یا جالا ہو، آنکھوں میں خارش ہو، نظر دن بدن کمزور ہوتی جارہی ہو، آنکھوں کی جلن، ان تمام امراض کو دور کرتا ہے۔ قیمت 70 روپے

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

www.ubqari.org

# گھر بنانے اور مشکلات ٹلوانے کیلئے آزمودہ آیت

بنت محمد حنیف قریشی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ تو ہمارے گھر کی رونق ہے جس ماہ عبقری رسالہ ذرا دیر سے ملے تو مت پوچھیے وہ دن کیسے کٹتے ہیں۔ عبقری رسالہ سے ہمیں بہت کچھ ملا' اس میں موجود وظائف اور آزمودہ نسخہ جات نے ہماری زندگی آسان بنا دی ہے۔ عبقری میں آنے والے چند وظائف تو میرے بارہا کے آزمودہ ہیں بلکہ ان پر مجھے اتنا یقین ہے کہ میں جیسے ہی پڑھتی ہوں اللہ کریم اپنا کرم فرما دیتے ہیں اور میرا مسئلہ حل ہو جاتا ہے۔

جن میں ایک عمل سورۂ توبہ کی آخری آیت ہے۔ حَسْبِیَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَ هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ہر مشکل کام کے حل کے لیے جب بھی آزمایا مجرب پایا۔ ہمارا گھر کافی پرانا تھا' والد صاحب سے بار بار عرض کیا' چچا نے منت کی مگر والد صاحب اسے گرا کر دوبارہ تعمیر کرنے پر بالکل بھی راضی نہ ہوتے تھے' کچھ بنا بھی ایسے تھا کہ ہمیں بہت پریشانیاں تھیں۔ ایک مرتبہ میرے ابا جی چارپائی پر لیٹے ہوئے تھے اور میں پاس اسی چارپائی پر بیٹھی اپنی کتابوں کا مطالعہ کر رہی تھی' اچانک مجھے خیال آیا کہ کیوں نہ یہ وظیفہ پڑھ کر ابا جی پر آزماؤں' میں نے سات مرتبہ یہ آیت پڑھ کر ابا جی پر پھونک مار دی' نتیجتاً اگلے ہی دن میرے ابا جی حیران کن طور پر خود یہ کہنے لگے: میں اس گھر کو گرا کر نئے سرے سے تعمیر کروا رہا ہوں' تمام گھر والے حیران ہو گئے کہ ابا جی کو اچانک کیا ہوا' کل تک تو کسی صورت مان ہی نہ رہے تھے اور آج اچانک انہیں کیا ہو گیا؟ جبکہ میں پاس کھڑی مسکرا رہی تھی کہ یہ سورۂ توبہ کی آخری آیت کی کرامت ہے۔ جب میں نے اپنے گھر والوں کو بتایا تو سب نے مجھے ''شاباش'' دی۔ الحمدللہ! کچھ ہی عرصہ کے بعد ہم بالکل نئے گھر میں بیٹھے تھے اور تمام میری ہی تعریفیں کر رہے تھے۔ الحمد اللہ میں نے لفظ بہ لفظ اس وظیفے میں اثر پایا۔

نوٹ: یہی عمل اگر شوہر' بھائی' استاد یا کسی افسر کیلئے بھی آزمایا جائے تو سو فیصد کام کرتا ہے۔ کسی سے بھی کوئی جائز چیز منوانی ہو اس عمل کو کیجئے۔ حج و عمرہ پر جانے کے خواہشمند صبح و شام صرف 121 مرتبہ یہ دعا پڑھیں۔ بہت جلد حج و عمرہ کا غیبی انتظام ہو جاتا ہے۔ اس کے علاوہ کوئی مسئلہ ہو صرف 21 مرتبہ ہر نماز کے بعد اپنے مسئلہ کا سخت تصور کرتے ہوئے پڑھیں۔ ان شاء اللہ 41 یا 91 دنوں میں مسئلہ حل ہو جاتا ہے۔ بے شمار نے امراض میں آزمایا الحمدللہ اس کے پڑھنے سے مریض صحت یاب ہوئے۔

رمضان المبارک میں ہر نماز کے بعد صرف 21 مرتبہ پڑھیں اول و آخر ایک مرتبہ درود شریف۔ ان شاء اللہ جو مقصد ہوگا رب کریم پورا فرمائیں گے۔ واللہ اعلم۔

# سورۂ توبہ اور یٰسین کی آخری آیات کے انوکھے کمال

اسی آیت کا ایک اور تجربہ بھی قارئین عبقری کی نذر کرتی ہوں۔ میں مدرسے کی طالبہ ہوں اپنے اسباق کا مطالعہ کرنے کے باوجود اساتذہ کرام کے سامنے پڑھنے اور سنانے میں بہت جھجک محسوس کرتی تھی اب الحمدللہ حَسْبِیَ اللّٰهُ (سورۂ توبہ کی آخری مکمل آیت) کے بکثرت ورد سے میرا اعتماد بحال ہو گیا اور میں خوش اسلوبی کے ساتھ اپنے اساتذہ کرام کو اپنے اسباق سنانے میں کامیاب ہوتی ہوں۔ سورۂ توبہ کی آخری آیت کے فوائد تو بے شمار ہیں جن کو درج کرنا یہاں مشکل ہے مختصر یہ کہ ہر مشکل اور مصیبت کے وقت اس آیت کا ورد آزمودہ وظیفہ ہے۔

**زیورات مل گئے:** ایک مرتبہ میری بھابھی شادی سے واپس آئی تو اس نے اپنے زیورات الماری کے سامنے رکھ دیئے اور لاک کرنا بھول گئی تھوڑی دیر بعد یاد آیا' جا کر دیکھا تو وہاں پر زیورات نہیں تھے وہ پریشان ہو گئی کبھی کسی پر شک کبھی کسی پر' گھر تو گھر پڑوسیوں کے بچوں تک سے پوچھا' پتا نہ لگا۔ ہمارے گاؤں میں ایک اللہ والے تھے ان سے بات کی کہ یہ کیا معاملہ ہے آپ بتائیں کیا کریں؟ تو انہوں نے ہم کو سورۂ یٰسین کی آخری آیت پڑھنے کو دی کہ ہر روز ایک ہزار اکتالیس مرتبہ پڑھو۔ ہم نے یہ عمل پڑھا' تیسرے دن میری والدہ یہ وظیفہ کر رہی تھیں کہ بچوں کی گھر کے کونے میں لڑنے کی آواز آئی کوئی کہہ رہا تھا کہ یہ میری چیز ہے' ان کے چلانے پر ہم گئے تو دیکھا کہ بھابھی کے سونے کے زیورات ان کے ہاتھ میں تھے۔ ہم نے پوچھا کہاں سے لائے تو چھوٹی منی بولی کہ یہ میں نے اپنی گڑیا کے لیے (باقی صفحہ نمبر 55 پر)

# تجرباتِ رومی

رومی احمد پوری

قارئین! السلام علیکم! آج کل دانت درد کی بیماری بہت ہی عام ہے' درد بھی ایسا شدید ہوتا ہے کہ انسان کے بس سے باہر ہو جاتا ہے' اور اس کا مکمل اور سستا علاج دن بدن ناممکن ہوتا جا رہا ہے' بیکری کی غذائیں' میٹھی چیزوں کا زیادہ استعمال اور اور دانتوں کی صفائی اچھے طریقے سے نہ کرنے سے دانتوں کے مسائل میں دن بدن اضافہ ہوتا جا رہا ہے اور دانتوں کے معالج دنیا بھر میں سب سے زیادہ پیسہ کما رہے ہیں مگر آپ گھبرایئے مت میں آپ کو یہاں بالکل مفت میں ایک ایسا روحانی ٹوٹکہ بتا رہا ہوں جس کے آزمانے سے آپ دانتوں کے تمام مسائل سے چند دنوں میں ہی چھٹکارا پا لیں گے۔ تو پھر دیر کیسی' آیئے پڑھیے اور نفع پایئے! ذرا ٹھہریئے! ایک بات مزید پڑھتے جائیں کہ میں آپ کو یہ نفع بخش ٹوٹکہ بتا رہا ہوں آپ جب بھی آزمائیں دوسروں کو ضرور بتایئے اور عبقری میں لکھنا ہرگز نہ بھولیے تاکہ لاکھوں کا بھلا ہو اور آپ کیلئے صدقہ جاریہ۔ تو آیئے وہ روحانی راز آپ کو دیتا ہوں۔ کچھ عرصہ پہلے میری ایک ڈاڑھ میں شدید درد شروع ہوا' درد اتنا شدید تھا کہ میں تڑپ اٹھا اور رونا شروع کر دیا' میں نے اپنے ابا جان دامت برکاتہم سے یہ عمل سن رکھا تھا کہ دانتوں کے مسائل اور درد سے نجات چاہتے ہو تو نماز عشاء کے تین وتروں میں پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ نصر' دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ لہب اور تیسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص پڑھو۔ جب میری ڈاڑھ میں درد شدید ہوا تو میں نے یہی عمل فوراً آزمانے کا سوچا اور اسی رات وتروں میں یہی عمل کیا۔ یقین کیجئے ابھی وتر پڑھ کر فارغ ہی ہوا تھا کہ مجھے محسوس کہ ہوا درد کی شدت میں کافی کمی واقع ہو گئی ہے' حتیٰ کہ اتنی کم ہو گئی کہ میں نے پرسکون نیند لی اور صبح بالکل فریش اٹھا۔ اگلے دن پھر ہلکا ہلکا درد محسوس ہوا مگر اسی رات پھر وتروں میں درج بالا عمل کیا تو ڈاڑھ کا درد بالکل ختم ہو چکا تھا۔ وہ دن اور آج کا دن دوبارہ مجھے کبھی ڈاڑھ اور دانت کا درد نہیں ہوا۔ دوسرا قیمتی سنہری موتی بھی لیتے جائیں جب کبھی بھی آپ کو چھینک آئے تو الحمدللہ علی کل حال کہنے کے بعد صرف تین مرتبہ زبان دانتوں پر پھیر کر یَاشَهِيْدُ پڑھیں' آپ کے دانتوں کے کتنے ہی مسائل ہیں (باقی صفحہ نمبر 55 پر)

خون افزا ٹانک
خون بنانے والی گولیاں
☆ کمی خون کی ہر وجہ کا حل۔ ☆ صالح خون پیدا کرے' جسم کو فربہ اور توانا بنائے ☆ چہرے کا رنگ نکھارے۔ دل کو فرحت اور معدہ و جگر کو تازگی دے۔ ☆ سالہا سال کی تھکاوٹ' اسٹریس' ڈیپریشن کا چند ڈبیوں سے خاتمہ ☆ بھوک بحال اور صحت شاندار بنائے ☆ خواتین کیلئے آب حیات سے کم نہیں۔
قیمت:-/120 روپے

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوایئے۔ 0332-7552382

# شور! آپ کو دماغی مریض بنا رہا!

مس عظمیٰ، لاہور

## شور ایک تکلیف دہ کیفیت

شور نہ صرف یہ کہ انتہائی تکلیف دہ چیز ہے بلکہ وہ نازک کاموں مثلاً ہسپتال کے آپریشن اور سائنسی تحقیق کار کی توجہ منتشر کرتا ہے۔ انسانی ذہن ایک وقت میں صرف ایک خیال پر اپنی توجہ مرکوز رکھ سکتا ہے اگر اس وقت شور کی مداخلت ہو جائے تو توجہ بٹ جاتی ہے اور تناؤ یا خوف پیدا ہونے اور غلطی کرنے کا امکان بڑھ جاتا ہے۔ شور کا مطلب یہ ہے کہ کان کے پردے پر مسلسل ناگوار آوازوں کی بمباری ہوتی ہے مثال کے طور پر بسوں اور ٹرکوں کا شور، ٹیکسیوں اور رکشاؤں کا شور، ہوائی جہازوں کا شور اپنی آواز میں بجائے جانے والے میوزک کا شور ہمارے ذہن کے لیے ناقابل برداشت ہوتا ہے۔ شور اب سماجی مسئلہ بن گیا ہے اس کا علاج ویسے ہی کرنا پڑے گا جیسے ہم پانی اور ہوا کی آلودگی کا کر رہے ہیں ہمارے کان کا پردہ طبعی طور پر کم شور کو برداشت کر سکتا ہے گاڑیوں کی آوازیں، بعض مشینوں کی گڑگڑاہٹ، ہوائی جہاز کی آواز گاڑیوں کے ہارن، سائرن شور کی انتہائی سنگین صورتیں ہیں۔ اس کا نتیجہ یہ ہے کہ انسانی کان کی نزاکت ان کی متحمل نہیں ہو سکتی۔ کان کے بعد شور فوراً دماغی نظام کو متاثر کرتا ہے۔ بعض طبی ماہرین نے تو اسے امراض قلب، ہائی بلڈ پریشر، معدے کے السر تک کے لیے سخت نقصان دہ قرار دیا ہے۔ شور کو ہم غیر ضروری آواز بھی کہہ سکتے ہیں، زیادہ شور بہرہ پن پیدا کر سکتا ہے اور متاثرہ شخص کو پتہ بھی نہیں چلتا کہ وہ بہرہ ہو رہا ہے

## کان کی نزاکت

انسان کے کان کا نظام نہایت نازک ہے ہر تیسرا بہرہ شخص جو آپ کو ملے گا وہ شور کی وجہ سے سماعت سے محروم ہوتا ہے انسانی کان نوے ڈیسی بل کی آواز برداشت کر سکتا ہے اس سے زیادہ شور ہو تو کان میں روئی کی پھریری رکھنی چاہیے زیادہ اونچی آواز کا میوزک بھی 135 ڈیسی بل ہوتا ہے اور کانوں کے لیے سخت نقصان دہ ہوتا ہے ٹیلی ویژن، موبائل، ایم پی تھری یہاں تک کہ کی بورڈ کی آواز بھی ناقابل برداشت ہو جاتی ہے اس شور میں کوئی شخص نہ تو اپنی توجہ مرکوز کر سکتا اور نہ ہی وہ آرام کر سکتا ہے۔

**تخلیقی خیال:** شور تخلیقی خیال کا قاتل ہے۔ صرف ٹیلی فون کی گھنٹی بھی تخلیقی خیال کے سلسلہ کو توڑ سکتی ہے۔ جدید دور میں ایجادات پر توجہ مرکوز کرنا، تخلیقی تحریر لکھنا، پینٹنگ کرنا شور کی وجہ سے مشکل تر ہوتا جا رہا ہے۔ اعصاب کے لیے خاموشی کی ضرورت ہے، خاموشی اعصاب پر مرہم کا کام کرتی ہے یہاں یہ بتانا ضروری ہے کہ یہ ایک ایسی طبعی ضرورت ہے جسے افریقہ کے قبائل بھی جانتے ہیں، سوڈان کا قبیلہ ''ماھان'' ڈھول تک نہیں بجاتا اور اپنے جنگل میں مکمل خاموشی قائم رکھتا ہے یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ ائیرپورٹ کے کنٹرول ٹاور کے اہلکار ہوائی جہازوں کے اترنے چڑھنے کے شور سے متاثر ہو کر بعض اوقات ایسی غلطیاں کر بیٹھتے ہیں جو جہاز کے حادثے کا باعث بن جاتی ہیں مسلسل شور سے اہلکار تھک جاتے ہیں، چڑچڑے ہو جاتے ہیں اور دماغ صحیح کام نہیں کر پاتا۔

## شور کے دیگر نقصانات

شور میں آپ رات بھر سو نہیں سکتے شور میں کام کرنے والے افراد کے عضلات اکڑ جاتے ہیں عمل جذب و ہضم بڑھ جاتا ہے اور آکسیجن زیادہ خرچ ہوتی ہے اس سے وہ روزانہ تھک کر چور ہو جاتے ہیں تجربات سے ثابت ہوا کہ خاموش ماحول کے مقابلے میں پرشور ماحول میں انیس فیصد زیادہ توانائی صرف ہوتی ہے ایک تجربے سے معلوم ہوا ہے کہ شور کو چالیس فیصد کم کیا گیا تو ٹائپنگ میں ایک تہائی غلطیاں کم ہوئیں۔

## نیند پر اثرات

شور کے اندر سونے والوں کے عضلات سکڑ جاتے ہیں اور نصف گھنٹے سکڑے رہتے ہیں غالباً شہروں کے رہنے والوں کی تھکن کی ایک وجہ یہی ہے کہ وہ دن رات شور سنتے ہیں۔ آج کل مکانات ایسے نہیں بنتے کہ وہ بیرونی شور کو روک سکیں اور اوپر والی منزل کی آواز نچلی منزل والے سن سکتے ہیں۔ آرام اور خاموشی پر انسان کی بنیادی ضرورتیں ہیں لیکن شہروں میں ٹریفک، موبائل، ٹیلی ویژن، میوزک اور تقریبات وغیرہ نے سب کی زندگی اجیرن کر رکھی ہے۔ شور کو کم کرنے کا سدباب ہونا بہت ضروری ہے شور کی بڑی وجہ ہماری ٹریفک ہے اگر ٹریفک پولیس موٹر سائیکل کو بغیر سائلنسر کے چلنے کی اجازت نہ دے اس کے علاوہ زیادہ ہارن بجانے پر پابندی عائد کر دی جائے خاص طور پر ہسپتالوں، تعلیمی اداروں اور رہائشی علاقوں میں اس کے علاوہ لوگوں کو بھی چاہیے وہ میوزک ہرگز نہ سنیں۔

# بامقصد زندگی گزارنے کے چند اصول

ابوسفیان آفاقی، رحیم یار خان

ہر انسان میں بہت سی خامیاں ہوتی ہیں جن کی زیادتی کی وجہ سے زندگی میں بے مقصدیت پیدا ہوتی چلی جاتی ہے۔ آئیے اصلاح شروع کیجئے اور آغاز اپنے جسم کے مرکزی حصوں یعنی دل و دماغ سے کریں کیونکہ اگر دل و دماغ کو دنیاوی چیزوں میں مصروف رکھا جائے تو یہ میلے ہو جاتے ہیں۔ ہمیشہ کوشش کریں کہ بزرگوں کی محفل میں بیٹھا جائے اس لیے کہ وہ ہمیشہ آپ کو زندگی کے تجربات کے بارے میں بتائیں گے جن کی روشنی میں آپ اپنی زندگی سنوار سکتے ہیں۔ اگر آپ اپنے ہم عمروں سے ملیں تو کوئی علم کی بات شروع کریں۔ گھر میں فراغت ملے تو اچھی کتاب قلم اور کاغذ سے دوستی کریں۔ اس بات کا خیال رکھیں کہ نفرت برے سے نہیں بلکہ اس کی برائی سے کرنی چاہیے۔ گنہگار سے نہیں اس کے گناہ سے نفرت کرنی چاہیے، آداب زندگی سیکھیں اور اپنے آپ کو ہمیشہ عاجزی و انکساری سے طاقتور بنائیں۔ اللہ کے ساتھ تعلق مضبوط رکھیں اور دنیا سے تعلق کمزور کرنے کے بارے میں ایک لائحہ عمل تیار کریں۔ بالکل اس طرح کہ آپ نے ایک گندے نالے سے گزرنا ہے سوچیں کہ آپ نے اپنے آپ کو اس کے گندے چھینٹوں سے کس طرح بچانا ہے۔ ہر رات سونے سے پہلے جائزہ لیں کہ آپ نے کتنی بار اللہ کو خوش کیا اور کتنی بار ناراض کیا۔ ایک دن جو غلطیاں سرزد ہوں دوسرے دن انہیں مت دہرائیں۔ اپنی زبان سے کبھی کسی کو برا مت کہیں بلکہ اللہ اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تکریم کریں۔ دنیا کی کامیابی پر ہی قناعت نہ کریں بلکہ آخرت کی کامیابیاں بھی حاصل کرنے کی کوشش کریں، اپنی ذات کی تسکین کی خاطر اللہ تعالیٰ کے احکامات اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پیاری سنتوں کو کبھی مت قربان کریں ان اصولوں پر عمل کر کے آپ ایک بامقصد زندگی گزار سکتے ہیں۔

ستر شفائیں
ستر سے زائد لاعلاج، پیچیدہ اور انوکھی بیماریوں کیلئے سو فیصد شفاء
دل کے والو کھولنے میں اتنی لاجواب کہ سرجن حیران
جسم کی ضائع شدہ قوتوں کی فوری بحالی کیلئے ایک انوکھا تریاق
معدے کے تمام امراض میں یکساں مفید
لاعلاج مریض صرف چند ڈبیوں سے ہمیشہ کیلئے صحت یاب
جوڑوں کے ہر قسم کے امراض کا بارہا کا آزمودہ علاج
(قیمت صرف 250 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

# موسم گرما کی حسن افزاء غذائیں

عائشہ ذوالفقار، جہلم

## ہلکا پھلکا کھانا آپ کو سلم اور سمارٹ رکھے

موسم گرما میں ایسی سبزیوں اور پھلوں کا استعمال رکھیں جن میں پانی وافر مقدار میں پایا جاتا ہو۔ کیونکہ ان کے استعمال سے آپ کے جسم میں پانی کی کمی نہیں ہوگی۔ نہ صرف یہ بلکہ اس کے بیرونی مثبت اثرات آپ کی اسکن پر ہوں گے اور وہ جھریوں اور لائنوں سے پاک ہوگی۔ اس کے علاوہ اس موسم میں ہلکا پھلکا اور کم کھانا آپ کو سلم اور اسمارٹ بھی رکھتا ہے۔ گرمیوں کی بہت سی سبزیوں میں سردیوں کی Under Roots سبزیوں کی نسبت کاربوہائیڈریٹ کی مقدار کم ہوتی ہے۔ البتہ ان میں فائبر اچھی خاصی مقدار میں پایا جاتا ہے۔ اسی لیے ان سبزیوں کے استعمال سے آپ کا نظام ہاضمہ بھاری پن کا شکار نہیں ہوتا کیونکہ یہ جلد ہضم ہوجانے والی ہلکی پھلکی سبزیاں ہوتی ہیں اس موسم گرما میں مندرجہ ذیل دی گئی بیوٹی فوڈز کو استعمال کریں جو نہ صرف آپ کو سلم، اسمارٹ رکھیں گی بلکہ اس سے آپ کی صحت پر بھی مثبت اثرات مرتب ہوں گے اور جلد کو بھی ان سے بے حد فائدہ پہنچے گا۔

## اسٹرابریز اور دوسرے پھل آپ کے حسن کے ضامن

موسم گرما کی بیوٹی فوڈز میں پھلوں کا سب سے اہم کردار ہے کیونکہ اس موسم کے بے شمار پھلوں میں وٹامن سی کثرت سے پایا جاتا ہے اور ان تمام پھلوں میں Antioxidant کی صلاحیت بھی موجود ہوتی ہے۔ ان میں سے بہترین مثال اسٹرابیری پھل کی ہے یہ سوئیٹ بیری وٹامن سی حاصل کرنے کا بہترین ذریعہ ہے آپ کے جسم کو روزانہ کی بنیاد پر جتنی وٹامن سی کی ضرورت ہوتی ہے وہ اسٹرابیری کا ایک کپ آپ کو فراہم کرسکتا ہے۔ موسم گرما کے مختلف پھل آپ کو جسمانی طور پر بھرپور توانائی فراہم کرتے ہیں جس سے آپ خود بھی قدرتی طور پر مطمئن اور شاداں محسوس کرتے ہیں۔ پھلوں کو روزانہ اپنی غذا کا حصہ بنانے کا ایک نیا طریقہ یہ بھی ہوسکتا ہے کہ آپ اسے سلاد کے طور پر اپنے کھانوں کے ساتھ استعمال کریں۔

## گھیا، توری سے بھرپور طاقت پانے کا فارمولہ

ان میں کیلوریز کی بہت کم مقدار پائی جاتی ہے۔ یعنی ایک کپ میں صرف بیس کیلوریز ہوتی ہیں۔ آپ ان سبزیوں کو زیادہ بھوننے اور پکانے کی کوشش ہرگز نہ کریں بلکہ انہیں ہلکے پھلکے انداز میں پکائیں تاکہ ان کی غذائیت برقرار رہے انہیں سلائس کی شکل میں کاٹ کر صرف نمک' کالی مرچ کے ساتھ مائیکروویو میں بیک بھی کیا جاسکتا ہے جبکہ انہیں ہلکے تیل میں تل کر بھی کھایا جاسکتا ہے۔ ان سبزیوں کے استعمال کا دوسرا اہم طریقہ یہ ہے کہ آپ انہیں پاستا کے ساتھ تیار کریں اس پاستا میں آپ ادرک اور پیاز کے باریک سلائس اور گھیا توری کی سبزی جو کہ باریک سلائس یا عمودی شکل میں کاٹی گئی ہوں ہلکا سا فرائی کرلیں اور پاستا کے ساتھ ان سب اشیاء کو مکس کرلیں۔ اگر آپ اس میں پنیر اور SHRIMP بھی شامل کرلیں تو ان سبزیوں کا اصل ذائقہ آپ کو ہر طرح سے فائدہ ہی دے گا۔

# دھوپ سے جھلسی جلد اور معدہ کی گرمی کا غذائی علاج

## گرمیوں میں شملہ مرچ سے جلد کو نکھاریئے!

گرمیوں کے کھانوں میں ہری مرچ کے ساتھ سرخ شملہ مرچ کا استعمال بھی بھرپور غذائیت فراہم کرتا ہے اور یہ ہمارے ہاں بہت عام بھی ہے۔ موسم گرما میں تو یہ زیادہ مہنگی بھی نہیں ہوتی۔ سرخ شملہ مرچ کے ایک کپ میں 46 کیلوریز اور تین گرام فائبر پایا جاتا ہے۔ یہ کھانے میں بہت ہلکی اور زود ہضم ہوتی ہے' اس کے علاوہ سرخ شملہ مرچ میں Antioxidants کی بھرپور صلاحیت پائی جاتی ہے۔ اس میں وٹامن سی بھی بھاری مقدار میں پایا جاتا ہے اور یہ وٹامن سی آپ کی اسکن کے لیے انتہائی ضروری تصور کیا جاتا ہے۔ عمر میں اضافہ کے ساتھ ساتھ جسم میں پروٹین کی مقدار بھی کم ہوتی چلی جاتی ہے ایسے میں پروٹین کی مقدار کو جسم میں برقرار رکھنے کے لیے ماہرین غذائیت سرخ شملہ مرچ کے متواتر استعمال کا مشورہ ضرور دیتے ہیں۔ یہ بات ہمیشہ یاد رکھیں کہ وٹامن سی آپ کی جلد کے لیے انتہائی اہم جز ہے اور سرخ شملہ مرچ آپ کو بھرپور وٹامن سی فراہم کرتا ہے جس سے آپ کی جلد نکھرتی ہے۔ اسے پکانے کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ آپ اسے گرل کریں یا پھر عمودی شیپ میں کاٹ کر ہلکا فرائی کرنے کے بعد اس میں اولیو آئل، نمک اور کالی مرچ شامل کرلیں۔ ہلکی روسٹ کی ہوئی شملہ مرچ Grilled چکن یا فش کے ساتھ کھانے کے مزے کو دوبالا کردیتی ہے۔ اس کا استعمال پاستا کے ساتھ بھی کیا جاسکتا ہے۔

## دھوپ سے جھلسی ہوئی جلد کیلئے ٹماٹر

ٹماٹر میں Lycopene اور Beta Carotene کی بھرپور مقدار پائی جاتی ہے۔ دھوپ سے جھلسی ہوئی اسکن کے لیے ٹماٹر کا استعمال بہت مفید ثابت ہوتا ہے۔ ایسی جلد کے لیے ٹماٹر کا کھانا اور اسے چہرے پر ماسک کے طور پر لگانا ہر دو طرح سے فائدہ مند ہے۔ ٹماٹر میں بھی وٹامن سی بھرپور مقدار میں پایا جاتا ہے۔ اس لیے اس کا ہر طرح سے استعمال آپ کے جسم اور جلد کے لیے فائدہ مند ہے۔

## سرخ چائے میں لیموں کا رس! معدہ کی گرمی کا علاج

سرخ چائے: اس سرخ چائے میں وٹامن سی کے ساتھ Antioxidant کی بھی بھرپور مقدار موجود ہوتی ہے۔ آدھے سر درد کے علاج کے لیے یہ سرخ چائے اکسیر کا کام دیتی ہے، اسے اسٹرانگ اور مزید فائدہ مند بنانے کے لیے اس میں چند قطرے لیموں کا رس شامل کرلیں تو یہ نہ صرف معدے کی گرمی کو دور کرے گی بلکہ اس کا براہ راست اثر آپ کی جلد پر بھی ہوگا۔

## غربت، تنگدستی اور فقر کو دور کرنے والا کلمہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اس رمضان المبارک میں' میں قارئین کیلئے ایک تحفہ لایا ہوں' سارا سال اور خاص طور پر رمضان المبارک میں کثرت سے پڑھیں۔ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللہِ 99 بیماریوں کی دوا ہے جن میں سب سے کم درجہ کی بیماری فقر ہے۔ (ترمذی) اگر لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللہِ کے ساتھ لَا مَلْجَأَ مِنَ اللہِ اِلَّا اِلَیْہِ پڑھ لے تو اللہ تعالیٰ اس سے ستر بلائیں دور فرمائیں گے جن میں سب سے کم درجہ کی بلا فقر ہے۔ (مشکوٰۃ بحوالہ ترمذی) (ط، لاہور)

چاند جیسے مکھڑے کے متلاشی عبقری کی چہرہ شفاء کیوں بھول گئے؟
آزمودہ طبی فارمولہ کوئی سائیڈ ایفیکٹ نہیں قیمت 150 روپے
دانے' کیل مہاسے' چھائیاں' داغ' گڑھے' پیپ دار الرجی' رنگت میں تبدیلی ہو یا چہرے کا سیاہ ہوجانا اعتماد سے استعمال کریں۔
چہرہ شفاء صدیوں سے آزمودہ طبی فارمولہ

# رمضان! فاقے، تنگدستی، مایوسی ختم اور خوشحالی شروع

سورۂ کوثر کا یہ عمل سالہا سال سے ہر رمضان المبارک کی نورانی گھڑیوں میں کیا جاتا ہے۔ بے شمار کے تجربات جس نے بھی یقین توجہ اور دھیان سے یہ عمل کیا آج وہ خوشحال ہے۔ عبقری میں بے شمار قارئین کے تجربات شائع ہو چکے ہیں۔

## برکت والی تھیلی نے کمال کر دیا

قارئین! بے شمار خطوط میں سے صرف ایک خط شائع کیا جا رہا ہے۔ محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے شوہر کی فرم نے انہیں نوکری سے نکال دیا' اچانک بیٹھے بٹھائے پریشانی آ گئی' جو کچھ جمع پونجی تھی' چند دنوں بعد ختم ہو گئی' مزید نوکری کیلئے بہت بھاگ دوڑ کی مگر جہاں جاتے ان کے معیار سے بالکل ہلکی اور بہت ہی معمولی تنخواہ پر نوکری ملتی جسے میرے شوہر قبول نہ کرتے۔ پھر معمولی معمولی قرض لینا شروع ہوئے مگر چند ماہ بعد تو بالکل ہی مایوسی چھا گئی۔ گھر میں کھانے کو لالے پڑ گئے' ایک سال گزر گیا' اسی دوران رمضان آ گیا' دو سال پہلے ہم لوگوں کے گھر راشن ڈال کر دیتے ہیں ابھی رمضان آنے والا تھا اور ہمارے گھر کھانے کو کچھ نہ تھا' میرے بڑے جیٹھ کو ہمارے حالات کا معلوم تھا انہوں نے ہمارے گھر رمضان کا راشن بھجوایا' جب وہ راشن دے کر چلے گئے تو راشن دیکھ دیکھ کر میں سسکتی رہی کہ دینے والے آج لینے والے بن گئے۔ اسی دوران تسبیح خانہ کا معلوم ہوا' عبقری رسالہ میں برکت والی تھیلی اور سورۂ کوثر کے عمل کا معلوم ہوا۔ میں نے اور میرے شوہر نے یہ عمل شروع کر دیا' پھر رمضان کا خاص نمبر شمارہ عبقری پڑھا' اس میں سورۂ کوثر کا خاص عمل شائع ہوا' ہم نے رمضان المبارک میں اسی ترتیب سے پڑھا' یقین جانیے لکھتے ہوئے میرے آنسو نکل رہے ہیں کہ عید والے دن جب ہم نے یہ عمل کیا تو ایسے محسوس ہو رہا تھا کہ کوئی میرے کان میں کہہ رہا ہے کہ تیری تنگی کے دن ختم ہو گئے' چھ شوال کو میرے شوہر کو کال آئی کہ ہمیں آپ کی خدمات چاہئیں آپ کل ہمارے آفس آ جائیں' میرے شوہر نے بات کرنے کے بعد آسمان کی طرف دیکھا اور ان کی آنکھوں میں آنسو تھے میں نے پوچھا کیا ہوا؟ تو ان کا کہنا تھا کہ جس فرم میں کام کرتا تھا اس سے تین گنا بڑی فرم سے جاب آفر آئی ہے اور انہوں نے مجھے صبح خود بلایا ہے۔ اگلے دن میرے شوہر سورۂ کوثر کا ورد کرتے ہوئے وہاں پہنچے میرے شوہر کی بتائی تمام شرائط اور تنخواہ پر انہیں نوکری ملی۔ ساتھ گاڑی' پٹرول الاؤنس اور موبائل الاؤنس ملا۔ اس عمل کی برکت سے اللہ کریم نے چند دنوں میں ہمارے حالات بدل دیئے' ابھی پھر رمضان المبارک کی آمد ہے اور ابھی ہم نے تین گھروں میں راشن ڈلوا کر دیا ہے اور رب کریم کا لاکھ لاکھ شکر ادا کیا ہے۔ ہاں قارئین! ایک بات ضرور کہنا چاہوں گی مجھ پر جتنی بڑی تنگی آئی میں نے اتنا زیادہ رب کریم کا شکر کیا اور کبھی ناشکری کے الفاظ منہ سے نہ نکالے اور کبھی کسی سائل کو گھر سے خالی نہیں بھیجا' چاہے پانچ روپے ہی دیئے دیتی ضرور تھی۔ قارئین! اس عمل کو پھیلائیں' میں نے یہ جان بوجھ کے رمضان المبارک سے پہلے یہ مضمون عبقری میں دیا ہے صرف اس لیے کہ آپ رمضان سے پہلے برکت والی تھیلی کی تیاری رکھیں اور اس کے عمل کو ابھی سے شروع کر دیں۔

# رمضان میں سورۂ کوثر اور برکت والی تھیلی کا مکمل عمل

آپ برکت والی تھیلی کا عمل سارا سال کریں مگر جو رمضان کا خاص عمل ہے وہ صرف رمضان میں کرنا ہے۔ برکت والی تھیلی پر 129 مرتبہ سورہ کوثر مع تسمیہ اول و آخر 7 مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ گھر کا ہر فرد پڑھے' جتنے افراد پڑھ سکتے ہیں پڑھیں اور اس پر برکت والی تھیلی پڑھیں۔ دن میں جتنی دفعہ نوٹ ڈالیں یا نکالیں ایک دفعہ سورہ کوثر پڑھ کر دم کر لیا کریں۔ یہ تو عام معمول کی زندگی کا عمل ہے جس سے لاکھوں کروڑوں لوگوں کو فائدہ ہوا اور ہو رہا ہے۔

**رمضان المبارک میں برکت والی تھیلی کا عمل:** 129 دفعہ سورہ کوثر مع تسمیہ صبح و شام اول و آخر 7 مرتبہ درود شریف۔ لیکن پہلی رمضان کو جس وقت رمضان کا چاند نظر آئے تین دفعہ اول آخر درود شریف 313 دفعہ سورہ کوثر رات کے کسی حصے میں اس عمل کو کر لیں اگر آپ مجبوراً رات کے کسی حصے میں نہیں کر سکے تو دن میں بھی کر سکتے ہیں یعنی پہلے روزے والے دن۔ گھر کا ہر فرد کرے ہر فرد اپنی تھیلی رکھ سکتا ہے۔ گھر میں ایک تھیلی رکھیں اس میں دم کریں۔ ہر بندہ اپنی تھیلی دم کر سکتا ہے۔ یہ پہلی رمضان کا عمل ہے۔ پہلا عشرہ جب ختم ہو گا۔ یعنی دس رمضان میں اور گیارہ رمضان المبارک کے دن جب دوسرا عشرہ شروع ہو گا پھر 313 دفعہ پڑھنا اسی طرح پڑھنا ہے' بہتر ہے رات کو تراویح کے بعد پڑھ لیں اگر مجبوراً نہ پڑھ سکیں تو دن کے کسی حصے میں پڑھ لیں۔ پھر تیسرے عشرے 21 رمضان المبارک کو یہی پڑھنا ہے رات کو پڑھ لیں بہت بہتر ہے۔ نامعلوم شب قدر ہو ورنہ دن کو پڑھ لیں۔ اسی طرح پھر عید والے دن عید کی نماز سے فارغ ہو کے پھر 313 دفعہ اس کے اوپر پڑھیں۔ یہ عمل ہو گیا۔ اب ایک عمل صرف ستائیس کی رات کا ہے۔ وہ بھی اسی برکت کی تھیلی پر پڑھنا ہے۔ وہ ستائیس کی رات کا عمل یہ ہے کہ گیارہ سو دفعہ سورہ کوثر' گیارہ دفعہ اول و آخر درود شریف عمل صرف رات کو ہی کرنا ہے یہ عمل دن کو نہیں کر سکتے۔ قارئین! سارا سال آپ سارے وظیفے پڑھیں لیکن جو رمضان کا وظیفہ ہے جو رمضان کی عبادت ہے اس کی فضیلت نہیں مل سکتی۔ **27 ویں شب کا عمل:** 27 ویں شب کو 1100 مرتبہ سارے گھر کے افراد انفرادی طور پر پڑھ سکتے ہیں یا چند افراد مل کے پڑھ لیں اور برکت والی تھیلی پر دم کر دیں اور دعا کر کے پھر سو جائیں۔ یہ عمل صرف ستائیس کی رات کو کرنا ہے' بہت برکت والا عمل ہے' بہت رحمت والا عمل ہے اور بہت فیضان سے بھرا ہوا عمل ہے جتنی زیادہ توجہ دھیان سے گڑگڑا کر کریں گے اتنا اللہ پاک اس عمل کی رحمت فرمائیں گے۔

### کسی نے ''آگ باندھ دی'' جادو کا آزمودہ علاج

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! چند سال پہلے کسی حاسد نے کالے جادو کے ذریعے ہمارے چولہے کی آگ باندھ دی' ہمارے چولہے میں خشک لکڑیاں جلانے کے باوجود بھی آگ کی بجائے دھواں ہی نظر آتا تھا' روٹی پکانے میں بڑی پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا تھا' ہمیں کسی نے روزانہ ایک مرتبہ سورۂ بقرہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے گھر کے چاروں کونوں میں چولہے پر چھینٹیں مارنے کا کہا۔ ہم نے کیا' الحمدللہ! اب دوبارہ سے حالات معمول پر آ گئے ہیں۔ اس جادو کے ذریعے لوگوں کے روزگار باندھ دیئے جاتے ہیں خاص طور پر جن کا کاروبار ہوٹل کا ہو۔ (ثریا جبیں، گوجرانوالہ)

اصلاح معدہ و جگر پیکیج
معدہ اور آنتوں کی کمزوری دور کر کے پیٹ اور آنتوں میں خون کی فراہمی بحال کرے۔
معدے اور جگر کے تمام امراض کا آزمودہ علاج
معدہ کے کینسر کو ختم کرتی ہے معدے کے زخم کی خاص دوا
قیمت صرف -/440 روپے علاوہ ڈاک خرچ



www.ubqari.org

# پہلا عشرہ! حضرت قیوم زمان ابرار ولیؒ کے تجربات

## اللہ والوں کا معمول! چاند دیکھ کر یہ سورہ پڑھیں!

(۱) رمضان المبارک کا مبارک چاند دیکھ کر سورۂ محمد پڑھنا۔ بادشاہ یا تلوار یا باغ سبزہ زار ورنہ اپنے عیال واطفال پر الحمد اللہ کہہ کر نظر ڈالنا مبارک ہے۔(۲) اللہ والوں کا معمول رہا ہے کہ وہ ماہ صیام کا چاند مبارک دیکھتے ہی سورۃ فتح پڑھتے۔تمام سال فراخدلی سے لنگر چلاتے ہیں۔اگراتنی ہمت نہ ہو تو عبادت وریاضت اور ہمدردی خدمت خلق میں ہی کماحقہ توجہ کامل کرنی چاہیے۔صیام وتلاوت وقیام میں پوری طرح مشغول ہوجانا چاہیے۔(۳) رمضان المبارک کی ہر شب اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّیْ یَاغَفُوْرُ بہت کثرت سے پڑھنا چاہیے۔خداوند کریم گناہوں سے معصوم وپاک رکھے گا۔(۴) ہر رات کو آسمان دیکھتے ہوئے یَا وَاسِعَ الْمَغْفِرَۃِ۔ رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ ھٰذَا بَاطِلًا۔ سُبْحٰنَکَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ پڑھنا چاہیے۔

## فتوحات وبرکات کے دروازے کھلوائیے

رمضان کے چاند کو دیکھ کر پڑھیں یَارَبَّ اِسْرَافِیْلَ یَارَبَّ مِیْکَائِیْلَ یَاسَتَّارُ یَاغَفَّارُ اپنا مطلب دل میں رکھ کر 7 بار ورد کریں۔ بعد دعا کریں۔سات دن تک ناغہ نہ کریں۔ چاروں سمت سے دریائے فتوحات وبرکات کھل جائیں گے۔ اگر اس کے بعد ہمیشہ ہر ماہ چاند کے پہلے 7 دنوں میں ایسا عمل کیا جائے تو دوسرے رمضان چاند تک چلہ پورا ہوجاتا ہے۔اس کی برکت سے خدا غنی کرتا ہے۔دولت بے حد بخشتا ہے۔اگر امورِ شرعی میں حقوق میں پابندی رکھے تو لنگر جاری کرے۔

## جو پڑھے اسے مدفون خزانے نظر آئیں گے

اوّل روزے سے ساتویں روزے تک، پابندی نماز پنجگانہ باجماعت پر مستعد ہوکر (باپرہیز) بعد نماز کے بعد کسی سے بات کیے بغیر اسمائے حسنیٰ یَا ھَادِیُ یَا خَبِیْرُ یَامَتِیْنُ یَاعَلَّامَ الْغُیُوْبِ ہزار مرتبہ پڑھ کر سجدہ میں جاکر اَلَا یَعْلَمُ مَنْ خَلَقَ وَھُوَ اللَّطِیْفُ الْخَبِیْرُ تین بار پڑھ لے۔ پس اس شخص پر آسمان وزمین کے خزانے باذن اللہ تعالیٰ کھل جائیں گے اور سائلین کے دلوں کے بھید بلاسوال بتلانے پر قادر ہوگا اور اگر تمام ماہ مکمل صیام قیام سے یعنی تین ہفتے ریاضت پوری کرے تو زمین وآسمان کے ملک منکشف ہوجائیں گے۔ بہت دور دور کی خبریں گویا قلب پر وائرلیس کی مانند آئیں گی۔

## ترقی رزق وبرکت کے لیے

اللہ لطیف

القوی العزیز

| | | |
|---|---|---|
| ۴۳۰ | ۴۲۵ | ۴۳۲ |
| ۴۳۱ | ۴۲۹ | ۴۲۷ |
| ۴۲۶ | ۴۳۳ | ۴۲۸ |

بعبادہ یرزق

من یشاء وھو

ماہ رمضان کے چودھویں روز اس نقش کو لکھنا ہے۔ اگر جمعرات یا جمعہ ہوجائے تو طلائی پر یہ نقش کندہ کرکے انگوٹھی میں محفوظ رکھیں۔ رزق وروزی بے اندازہ برکت وترقی ہو اور جملہ بلیات ومصائب سے محفوظ رہے۔ اس سے عمل استخارہ میں بڑی مدد ملتی ہے۔ یہ نقش خزانہ ربی کی کلید ہے۔ دست غیب کی قوی اُمید ہے۔

## اوّل شب جمعہ، زیارتِ مصطفیٰ ﷺ کیلئے

شب جمعہ اوّل ماہ رمضان المبارک، بعد غسل پاک وصاف، بعد نماز عشاء 12 رکعت نفل ادا کرے۔ ہر رکعت میں سورۃ اخلاص وسورۃ کوثر ہو۔ بعد سورۃ مزمل شریف پڑھے اور درود شریف جو یاد ہو ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر پاک بستر پر سوجائے تو جمال پاک مصطفیٰ ﷺ کی زیارت سے شرف ہو۔

## روزانہ کا وظیفہ

رمضان المبارک کے مہینہ میں ہر نماز کے بعد تین مرتبہ یہ دعا پڑھے اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الْعَظِیْمَ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ تَوْبَۃَ عَبْدٍ ظَالِمٍ لَّا یَمْلِکُ لِنَفْسِہٖ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا وَّلَا مَوْتًا وَّلَا حَیٰوۃً وَّلَا نُشُوْرًا ○ ان شاء اللہ آپ کی ہر دعا پوری' ہر حاجت پوری اور آپ کے تمام مسائل حل ہوں گے۔

## گردے کی تکلیف کا آزمودہ روحانی علاج

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ایک روحانی تجربہ آپ کے سامنے بیان کروں گا میرے گردے میں آج سے دو سال پہلے بہت تکلیف تھی آپریشن بھی ہوا پتھری نکلی پیشاب بند ہونے کی وجہ سے آپریشن ہوا تھا پھر اس کے بعد بھی تکلیف رہتی تھی اور بہت درد ہوتا تھا اب قریباً دو سال سے میں آپ کے درس سن رہا ہوں اور اس وقت میں نے آپ کے بیان میں سورہ فاتحہ کی بہت فضیلت سنی بس میں نے سورۂ فاتحہ پڑھنا شروع کی جب بھی مجھے درد معلوم ہوتا میں سورۂ فاتحہ پڑھ کے گیارہ مرتبہ اس جگہ ہاتھ رکھتا تو اللہ پاک کے فضل وکرم سے آرام آجاتا اور اوّل آخر درود شریف بھی پڑھتا تھا۔ پھر ایک دن بہت درد ہوا اور یہی سورۂ فاتحہ کا عمل کرنے سے پتھری بھی نکل گئی اور مکمل آرام ہوگیا۔اس کے بعد دوبارہ درد نہیں ہوا۔ اللہ پاک آپ کو لمبی زندگی عطا فرمائیں (آمین)۔(محمد عثمان فاروق، دریا گلی مری)

## آئیے! اس رمضان رشتہ داروں کے ذریعے رب کو منالیں اور نسلیں رنگوالیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کے ایک درس میں میں نے سنا تھا کہ رمضان سے پہلے جو بھی رشتے دار ناراض ہے اللہ کی رضا کے لیے معافی مانگوں۔ میری بہن چار سالوں سے ناراض تھی اسکے پاس خود چل کے گیا ہوں اس سے معافی مانگی ہے جو چھوٹے بھائی ناراض تھے ان سے معافی مانگی ہے حالانکہ چھوٹے بھائی نے مجھ پر گولی بھی چلائی تھی اللہ کے کرم سے نشانہ خطا ہوگیا تھا۔ رشتے دار سارے حیران ہیں کہ میں کس طرح سب سے معافی مانگنے آگیا ہوں پھر سب کو کہا کہ مرشد کا حکم تھا سب بہت حیران ہوئے کہ وہ کیسا انسان ہے جس نے اتنا نیک مشورہ دیا جمعرات کے آخری درس میں آپ نے ارشاد فرمایا تھا کہ صلہ رحمی کروں غلطیاں بھائیوں کی تھیں اس کے باوجود بڑا بھائی ہوکہ ان سے معافی مانگی ہے۔ اللہ پاک سے دعا ہے کہ میرے اس عمل کو قبول فرمائیں اور اس عمل کی برکات سے آپ کی نسلوں تک خیر پہنچے۔ الحمدللہ! مجھے اس عمل کے اثرات نظر آنا شروع ہوگئے ہیں۔ میری قارئین سے بھی درخواست ہے کہ اس رمضان المبارک روٹھے رشتہ داروں کو جا کر منالیں' اگر غلطی آپ کی بھی ہے تو دل پر پتھر رکھ کر منالیں دیکھیں پھر رب کیسے برکات' راحتوں' خوشحالی کے در آپ کیلئے کھول دے گا۔ یہ میرے لیے بھی بہت مشکل تھا مگر میں نے کیا اور آج سکون میں ہوں۔ آپ بھی ضرور کیجئے۔ (محمد منشاء)

قوتی گولیاں خود کو شادی کے قابل نہ سمجھنے والوں کیلئے عبقری کا خاص تحفہ شوگر کے مریض استعمال کریں اور قدرت کا کرشمہ دیکھیں۔
بے طاقتی' بے رغبتی کیلئے قوت اور طاقت کا موجیں مارتا ہوا انوکھا سمندر
قوت وشباب کا بے بہا خزانہ خواتین ہوں یا مردان سب کیلئے قوتی گولیاں لاجواب علاج ہیں۔ ایک مرتبہ کا استعمال زندگی بھر کا فائدہ۔
قیمت صرف 500 روپے علاوہ ڈاک خرچ

# کھجور کے شفائی اثرات اور احادیث مبارکہ میں افادیت

حکیم عباس علی، واہ کینٹ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! بندہ کھجور کے بارے لکھ کر آپ سے عبقری میں جگہ پانے کا خواہش مند ہے۔ قبول فرمائیں۔ کھجور کے کئی علاقے‘ کئی رنگ‘ کئی قدو قامت‘ کئی ذائقے اور کئی شکلیں ہیں اس کے فوائد میں بھی اختلاف اور کمی بیشی ہے۔ اس بحث کو چھوڑ کر ہم اس کے فوائد کی بات کریں گے۔ مفہوم حدیث ہے کہ آدم علیہ السلام کے جسم اقدس بنانے کے بعد جو مٹی بچی اس سے اللہ کریم نے درخت کھجور بنادیا‘ اس سے آپ اس کی تکریم وفوائد کا اندازہ لگالیں۔ اس کے بارے میں محدثین اور حکماء صاحبان نے بے شمار فوائد اور واقعات لکھے ہیں۔ یہ مبارک پھل مردانہ کمزوری کی بہترین دوا، بدن کو قوی اور موٹا کرتی ہے۔ مقوی اعصاب ہے جوڑوں کے درد میں شافی، کھجور جی بھر کر کھائیں پیٹ درد نہ ہوگا۔ دودھ میں جوش دے کر کھجور کھالیں دودھ نیم گرم پی لیں۔ گرمیوں میں یہ عمل کم کریں سردیوں میں روزانہ کرلیں۔ کمزوری باہ میں اس کی معجون آردخرما استعمال کریں کمزوری باہ کے علاوہ پورے وجود کو تقویت دے گی۔ مقوی اعصاب ہونے کی وجہ سے بلغمی امراض مثلاً درد کمر‘ ہڈیوں کی کمزوری اور درد میں نافع وشافی ہے۔ بلغم کو دور کرتی ہے۔ سرد مزاجوں میں بے حد مفید ہے۔ 41 گٹھلیاں ایک کلو دودھ میں ہلکے جوش کے لیے آگ پر رکھ دیں۔ جب دودھ آدھا رہ جائے تو نیم گرم رات کو نوش جان فرمالیا کریں چائے یا پانی میں جوش دے کر پینا افادیت کم کردیتا ہے۔ وٹامن اے‘ بی اور فولاد بھی اس میں ہے۔ عجوہ کھجور محدود مقدار میں یا وزن میں مدینہ منورہ میں پیدا ہوتی ہے۔ سورۃ النحل میں ارشاد ہے ترجمہ ”وہ (اللہ کریم) زمین سے تمہارے لیے کھیتیاں اور زیتون اور کھجور اور انگور اور ہر قسم کے پھل اگاتا ہے۔“ کھجور کا متبرک ہونا‘ شافی‘ نافع ہونا‘ افادیت کا حامل ہونا قرآن کریم میں سورۃ الانعام، النحل، اسرائیل، مریم، طٰہٰ، الشعراء، ق، القمر اور سورہ مبارکہ عبس اور ہم نے اگائے تمہارے لیے اجناس‘ انگور‘ ترکاریاں اور زیتون اور کھجوریں کیونکہ باغات گھنے ہوں گے۔ حضرت عائشہ صدیقہؓ بیان فرماتی ہیں نبی کریم ﷺ نے فرمایا جس گھر میں کھجور ہو وہ گھر والے کبھی بھوکے نہ رہیں گے۔ فرمایا نبی کریم ﷺ نے اے عائشہؓ جس گھر میں کھجور نہ ہو اس گھر والے بھوکے ہیں‘ انہوں نے یہ بات دو یا تین بار فرمائی اس گھر والے بھوکے ہیں۔ حضرت سلمیٰؓ فرماتی ہیں: نبی کریم ﷺ نے فرمایا جس گھر میں کھجوریں نہ ہوں وہ گھر ایسا ہے جیسے اس میں کھانا نہ ہو۔ ابن ماجہ میں حدیث مبارک ہے رات کا کھانا ہرگز نہ چھوڑو خواہ اک مٹھی کھجور ہی کھالو کیونکہ رات کا کھانا چھوڑنے سے بڑھاپا طاری ہوجاتا ہے۔

حضرت اسماء بنت ابوبکر صدیقؓ کے بیٹے عبداللہ بن زبیرؓ قبا میں پیدا ہوئے تو حضرت اسماءؓ نے ان کو نبی کریم ﷺ کی گود میں ڈال دیا آپ نے کھجور چبا کر پھر اپنا لعاب مبارک اور کھجور بچے کے منہ میں ڈال کر اس کے تالو سے لگایا پھر بچے کے لیے برکت کی دعا کی یہ وہ پہلا بچہ تھا جو مسلمانوں میں پیدا ہوا۔ حضرت عائشہ صدیقہؓ کے بیان میں (مسلم) فرمایا نبی کریم ﷺ نے اس عظیم کھجور عجوہ میں ہر بیماری سے شفاء ہے اور اگر اسے نہار منہ کھایا جائے تو یہ زہروں سے تریاق ہے۔

# دل‘ شوگر‘ پیٹ کے مریض رمضان اور کھجور کا استعمال

حدیث مبارکہ میں ہے ”جس نے صبح اٹھتے ہی عجوہ کھجور کے سات دانے کھائے اس دن اسے جادو اور زہر بھی نقصان نہ دے سکیں گے“ نہار منہ کھجوریں کھانے سے پیٹ کے کیڑے مرجاتے ہیں۔ حدیث مبارک ہے کہ ”اگر سات دن تک عجوہ کھجور کے سات دانے روزانہ کھائے جائیں تو اس سے کوڑھ میں فائدہ ہوتا ہے۔“

## قارئین میرا آزمودہ نسخہ بھی نوٹ فرمالیں!

کھجور پرانی قبض میں مفید ہے۔ قارئین میرا یہ نسخہ نوٹ فرمالیں جو کہ کمی خون، یرقان کی بیماری میں بہت مفید ہے نسخہ: پہلے روز تین کھجور‘ تین گری بادام‘ تین سبز الائچی رات کو بھگودیں‘ صبح کو گری بادام اور الائچی کا چھلکا اتار کر اس میں دودھ ایک پاؤ ملا کر رگڑ کر پی لیں‘ یہ تین دن کریں‘ پھر تمام اجزاء پانچ عدد کردیں‘ تین دن تک کھائیں پھر تمام اجزاء سات عدد کردیں۔ یہ ایک ہفتہ کرنے کے بعد ایک ہفتہ ناغہ کریں‘ جسم موٹا اور خوبصورت بھی ہوگا۔

## کھجور امراض قلب میں شفاء کا ذریعہ

کھجور دل کی کمزوری کے علاوہ دیگر بیماریوں کے لیے اکسیر مانی گئی ہے۔ جدید تحقیق کے مطابق ڈاکٹروں کی ایک ٹیم نے سقوط قلب (دل کا پھیلاؤ) کے کچھ مریضوں کو عجوہ کھجوریں کھلائیں اور چند ماہ بعد میڈیکل ٹیسٹ سے حیرت انگیز انکشاف ہوا کہ ان کے پھیلے ہوئے دل پھر سے سکڑ گئے اور توانا ہوگئے۔ اس کے بعد سے عرب ملکوں میں دل کے امراض میں مبتلا مریضوں کے لیے سات عجوہ کھجوریں گٹھلیوں سمیت کوٹ کر کھلانے کی تدبیر آزمائی جانے لگی۔

## سینے اور گلے کے امراض

کھجور بلغم ڈھیلا کرکے نکالنے اور سینہ صاف کرنے کی عمدہ صلاحیت رکھتی ہے۔ **پیٹ کے امراض:** قبض جسے ام الامراض کہا جاتا ہے اسی طرح پیچش اور دیگر پیٹ کی بیماریوں حتیٰ کہ بچوں کے پیٹ میں کیڑے ہوجانے پر بھی کھجور کھلانے سے افاقہ ہوتا ہے۔ یہ قبض کشا پھل ہے۔

## کھجور کی کافی

کھجور کی گٹھلیوں کو بھون کر کافی کی شکل میں تیار کیا جاتا ہے یہ گردے، پتے اور آنتوں کی تکالیف میں مفید ہے۔

**زچگی کے درد:** کھجور میں موجود آئرن یعنی فولاد ماں بننے والی خاتون کو بے پناہ توانائی اور زچگی میں آسانی دیتا ہے۔ آپ چاہیں تو بادام کے ساتھ کھجور کھایئے اسی مقصد کے لیے کھجوروں کے تاجروں نے گٹھلیوں کو علیحدہ کرکے ان میں بادام بھر کے ایک اور توانا ذائقہ پیش کیا ہے جو طلباء وطالبات کے علاوہ نحیف ونزار افراد کے لیے بھی اکسیر کا درجہ رکھتا ہے۔

## کھجور کا استعمال ذیابیطس کے مریضوں کیلئے مضر یا مفید؟

ذیابیطس ٹائپ ٹو والے افراد اگر روزہ رکھتے ہیں تو افطار سے پہلے شوگر ٹیسٹ کرنے والے آلے سے اپنی شوگر لیول چیک کریں اگر شوگر 100 یا 110 شوگر ہے تو یہ نارمل ہے۔ ایسے مریضوں کو ڈاکٹر ایک کھجور کھانا تجویز کرتے ہیں۔ علاوہ ازیں کیونکہ کھجور میں قدرتی مٹھاس کی مقدار زیادہ ہوتی ہے تو ذیابیطس کے مریضوں کو اس کے استعمال میں احتیاط کرنی چاہیے۔

خاص الخاص عمل کے بعد **جادوشکن تیل**
کالا جادو‘ جنات‘ نظر بد‘ سفلی عمل‘ بدروحوں کے برے اثرات‘ لاعلاج بیماریاں گھریلو جھگڑے‘ اولاد کی نافرمانی‘ مسلسل ناکامیاں‘ دورے پڑنا اور ایسے روگ جو کسی کی سمجھ میں نہ آتے ہوں حتیٰ کہ جہاں ہر معالج نے آپ کو مایوس کردیا ایسے حالات میں **جادوشکن تیل** کا استعمال مایوسی کو ختم کرکے آس اور امید دلاتا ہے۔ (قیمت 40 روپے)

کالے جادو سے تڑپتے سلگتے انوکھے خط اور شافی علاج | روحانی بیماریوں کا روحانی علاج | کالے جادو سے ڈسی دکھ بھری کہانیاں

قارئین! جب دینی زندگی پر خزاں آتی ہے تو بے دینی اور کالی دنیا کا عروج ہوتا ہے۔ اگر آپ کسی کالی دنیا، کالی دیوی یا کالے جادو کے ڈسے ہوئے ہیں تو لکھیں ہم قرآن وسنت کی روشنی میں اس کا حل کریں گے۔ جسکا معاوضہ دعا ہے۔ براہِ کرم لفافے میں کسی قسم کی نقدی نہ بھیجیں۔ توجہ طلب امور کے لئے پتہ لکھا ہوا، جوابی لفافہ ہمراہ ارسال کریں صفحے کے ایک طرف لکھیں۔ خط لکھتے ہوئے اضافی گوند یا ٹیپ نہ لگائیں۔ خط کھولتے وقت پھٹ جاتا ہے۔ رازداری کا خیال رکھا جائے گا۔ فرد کا نام' موبائل نمبر اور کسی شہر کا نام یا مکمل پتہ خط کے آخر میں ضرور لکھیں۔ جسمانی مسئلے کے لئے خط علیحدہ ڈالیں

## تین جوان بیٹیاں! والد نے افیم کا نشہ شروع کر دیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو مزید عزت دے۔ میں اپنا ایک انتہائی اہم مسئلہ لے کر حاضر ہوئی ہوں' ہم تین بہنیں ہیں' ہمارا کوئی بھائی نہیں' گھر میں غربت کا ڈیرہ ہے' میرے والد افیم کے عادی ہیں' جس دن انہیں نشہ نہ ملے ان کی طبیعت خراب ہونا شروع ہو جاتی ہے' مزید ان کی انتڑیاں خشک رہتی ہیں' میرے والد کا گلہ خشک رہتا ہے' بعض اوقات تو سانس رکنا شروع ہو جاتا ہے۔ ہمارے لیے سب کچھ ہمارے والد ہی ہیں۔ خدارا ہمیں کوئی ایسا وظیفہ' اسم بتائیے کہ میرے والد یہ نشہ چھوڑ کر دوبارہ صحت مند زندگی کی طرف لوٹ آئیں اور ساتھ کوئی دوا یا نسخہ بھی بتائیے۔ اللہ کریم آپ کو اسی طرح لوگوں کے دکھ دور کرنے کا صلہ دے۔ آمین! (رمشا' خانیوال)

جواب: آپ تمام گھر والے اپنے والد کا سخت تصور کرتے ہوئے روزانہ سارا دن سینکڑوں ہزاروں کی تعداد میں صرف یَامَانِعُ پڑھیں۔ اس کے علاوہ صبح وشام گیارہ تسبیح یَاقَهَّارُ اول وآخر سات مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھیں۔

## یااللہ! کوئی اماں کہنے والا بھی دے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! خدا کے واسطے میری مدد کریں' میری شادی کو ساڑھے پانچ سال ہو گئے ہیں اور رب کریم نے مجھے چار بچے دیئے مگر وہ نہ رہ سکے۔ حمل میں میرا بلڈ پریشر ہائی ہو جاتا ہے اور بچہ ٹائم سے پہلے یا تو پیٹ میں فوت ہو جاتا ہے یا اگر پیدا ہو بھی جائے تو تین سے چار روز میں فوت ہو جاتا ہے۔ خدارا مجھے کوئی وظیفہ عنایت فرمائیں کہ اللہ کریم مجھے کوئی اماں کہنے والا بھی دے۔ لوگ کہتے ہیں کہ آپ پر اثرات ہیں' اب سسرال والے بھی منحوس کہتے ہیں اور شوہر کو مشورہ دیتے ہیں ایسی عورت کو طلاق دیدو۔ میں درد اور تکلیف سہہ کر تھک گئی ہوں۔ (ن، سیالکوٹ)

جواب: آپ سارا دن سینکڑوں ہزاروں کی تعداد میں حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ پڑھیں' اس کا چند دنوں میں سوالاکھ مکمل کریں' اسی طرح ایک، تین، پانچ، سات، نو سوالاکھ کریں۔ جتنا زیادہ پڑھیں گے اتنی جلد شفاء یابی میسر ہوگی۔ اس کے علاوہ عبقری دواخانہ کا ''پوشیدہ کورس'' ضرور استعمال کریں۔ دوران حمل پیدائش تک استعمال کر سکتی ہیں۔

## خدارا کچھ بتائیں کہ شوہر خرچہ دینا شروع کر دے

محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! آپ کا رسالہ ماہنامہ عبقری بہت شوق سے پڑھتی ہوں' دو بچے دونوں بیمار ہیں' میں خود بھی ٹھیک نہیں رہتی' اوپر سے خاوند مجھے کچھ بھی خرچہ نہیں دیتے۔ گھر کرائے کا' ٹیچنگ بھی کرتی ہوں' سارا خرچہ خود اٹھایا ہوا ہے' خدارا کوئی وظیفہ عنایت فرمائیں تاکہ میرے شوہر کام کرنا شروع کریں اور مجھے خرچہ دینا شروع کر دیں۔ (پ، اٹک)

جواب: وظیفہ یہ ہے:۔ 1۔ صبح 313 بار اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ۔ 2۔ رات کو 313 بار یَامُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ (بعد نماز عشاء) مقصد کا سخت تصور کر کے آپ اور آپ کے تمام گھر والے روزانہ پڑھیں۔

## جوان بیٹی کا رشتہ طے نہیں ہوتا! پریشان ہوں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم تمام گھر والے بہت سالوں سے عبقری کے قارئین ہیں ہم تمام گھر والے عبقری رسالہ ہر ماہ پابندی سے پڑھتے ہیں اور رسالے میں بتائے ہوئے عمل بھی پابندی سے پڑھتے ہیں' میں اپنے ایک مسئلے لیے حاضر ہوا ہوں' میری بیٹی جس کی عمر 24 سال ہے' میری بیٹی کے رشتے تو بہت آتے ہیں لیکن لوگ دیکھ کر جاتے ہیں اور کوئی جواب نہیں دیتے۔ مہربانی فرما کر میری بیٹی کے مسئلے کیلئے کوئی خاص اور مجرب عمل بتائیں جس کی برکت سے میری بیٹی کی شادی اچھے گھرانے میں خیر وعافیت سے ہو جائے۔ (ش، لاہور)

جواب: رمضان المبارک قریب ہے' آپ' آپ کی بیٹی اور تمام گھر والے خاص طور پر اپنی بیٹی کی شادی کی نیت کر کے یہ 12 نوافل اس طریقے سے ادا کریں۔ ان شاء اللہ اسی سال آپ کی بیٹی کی شادی بہترین جگہ پر ہو جائے گی۔ رشتوں کی رکاوٹ، رزق میں وسعت' برکت' اضافے اور قرضوں سے نجات کیلئے رمضان شریف کے گیارہویں اور بارہویں روزے کی درمیانی رات کو بعد نماز عشاء دو دو رکعت کر کے 12 نفل اس طرح پڑھیں کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ایک بار سورۂ اخلاص پڑھیں۔ 12 نفل پڑھ کر 100 مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ پھر تمام نفل اور درود شریف کا ثواب حضور نبی کریم ﷺ کو پہنچائیں اور پھر حضور نبی کریم ﷺ کے وسیلے سے اللہ تعالیٰ کے حضور گڑگڑا کر خلوص دل' انکساری' عاجزی سے کم از کم 15 منٹ تک دعا کریں۔ یہ نہایت ہی آزمودہ وظیفہ ہے۔ اجازت عام ہے۔

## بڑے بھائی نے زندگی اجیرن بنادی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں آپکا رسالہ بہت شوق سے پڑھتی ہوں' اپنے کچھ مسائل لیکر حاضر ہوئی ہوں' میرے بڑے بھائی اور میں ایک ہی کمرے میں الگ بیڈز پر سوتے ہیں' مگر بھائی بہت زیادہ خراٹے لیتے ہیں اور مجھے ساری رات جاگنا پڑتا ہے' خود تو وہ اپنی نیند پوری کر لیتے ہیں جبکہ میرا جینا حرام کر دیا ہے' میرے یہ بھائی غیر شادی شدہ ہیں' نہ اپنی اور نہ ہی میری شادی ہونے دیتے ہیں۔ ساری رات جاگنے سے میری طبیعت خراب ہو جاتی ہے۔ گھر کے سارے کام کرتی ہوں' گھر والوں کو میری شادی کی کوئی فکر نہیں! میری عمر گزرتی جا رہی ہے' مزید ایک مسئلہ یہ ہے کہ مجھے چار سال سے جسم پر چھپاکی ہے اس کیلئے بھی دوا بتا دیں' میرے مسائل حل فرما دیں آپ کی شکر گزار رہوں گی۔ نام پوشیدہ رکھیے گا۔ (پوشیدہ' حیدرآباد)

جواب: بھائی کو ایک ٹوٹکہ بتائیں کہ جب بھی سونے کیلئے بستر پر لیٹیں ایک ایک قطرہ روغن زیتون ناک کے دونوں نتھنوں میں ڈال کر سو جائے۔ ان شاء اللہ اسے خراٹے نہیں آئیں گے۔ اپنے دیگر مسائل کے حل کیلئے اَحَدٌ سَصَطَعٌ كَلَمُوْه صبح وشام 313 مرتبہ اول وآخر درود شریف 7 مرتبہ وضو بے وضو پڑھیں۔ چھپاکی کیلئے عبقری دواخانہ کی ''خون صفاء'' اور ''ٹھنڈی مراد'' استعمال کریں۔

عبقری کی ادویات کے سو فیصد رزلٹ پر لوگوں کو شبہ ہوتا ہے کہ شاید اس میں اسٹرائیڈ یا انگریزی ادویات پیس کر شامل کی گئی ہیں لیکن الحمدللہ عبقری ادویات خالص دیسی جڑی بوٹیوں سے پوری مقدار اور مکمل نگرانی میں تیار کی جاتی ہیں۔ کئی لوگوں نے اپنے اطمینان کیلئے عبقری ادویات کے لیبارٹری ٹیسٹ بھی کروائے اور الحمدللہ عبقری کی ادویات ہر قسم کے اسٹرائیڈ سے پاک ثابت ہوئی ہیں۔

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

# جسمانی بیماریوں کا شافی علاج ——— طبی مشورے

**پہلے ان ہدایات کو غور سے پڑھیں:** ان صفحات میں امراض کا علاج اور مشورہ ملے گا تو جہ طلب امور کے لئے پتہ لکھا ہوا جوابی لفافہ ہمراہ ارسال کریں۔ لکھتے ہوئے اضافی گوند یا ٹیپ نہ لگائیں کھولتے ہوئے خط پھٹ جاتا ہے۔ رازداری کا خیال رکھا جائے گا۔ روحانی مسائل کے لئے علیحدہ خط لکھیں۔ صفحے کے ایک طرف لکھیں۔ نام‘ موبائل نمبر اور شہر کا نام یا مکمل پتہ خط کے آخر میں ضرور تحریر کریں۔ نوجوانوں کے خطوط احتیاط سے شائع کیے جاتے ہیں ایسے خطوط کے لئے جوابی لفافہ لازم ہے کیونکہ اکثر خطوط اشاعت کے قابل نہیں ہوتے۔

## صرف کمزوری ہی کمزوری ہے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں جسمانی لحاظ سے بہت کمزور ہوں‘ ایک پاؤں سے بھی معذور ہوں‘ تقریباً تین یا چار سال سے بہت زیادہ بیمار رہنا شروع ہوگیا ہوں۔ اسی وجہ سے میں بلڈ پریشر‘ دل اور بواسیر کی بیماری میں مبتلا ہوگیا ہوں۔ براہ کرم مجھے ان بیماریوں سے نجات کیلئے کوئی نسخہ عنایت فرمائیں۔ شکریہ (نیر مقصود‘ لاہور)

مشورہ: آپ عبقری دواخانہ کی ’’دل شفاء‘‘، ’’معجون شفاء یابی‘‘ اور ’’کراماتی تیل‘‘ لکھی گئی ترکیب کے مطابق کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کریں۔ اس کے ساتھ ایک نسخہ ضرور استعمال کریں۔ دو چمچ اسپغول کا چھلکا لیکر اس میں خالص زیتون کا تیل دو چمچ ڈالیں اور مکس کر کے کھالیں۔ ایسے ہی صبح‘ دوپہر شام کھاتے رہیں۔ ان شاء اللہ بہت جلد آپ درج بالا مسائل سے چھٹکارا حاصل کرلیں گے۔

## ٹائیفائیڈ کے بعد گردن ربڑ جیسی ہوگئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! 2016ء میں مجھے ٹائیفائیڈ ہوا تھا‘ مقامی معالجین سے علاج چلتا رہا کچھ بہتر ہوا تو اس کے بعد ہیپاٹائٹس سی ہوا‘ پھر 2017ء میں یرقان ہوا‘ اس کے بعد ٹیسٹ کروائے مگر ڈاکٹر نے کچھ نہیں بتایا۔ اب میری یہ حالت ہے کہ خون کی کمی ہوگئی ہے‘ سر میں درد رہتا ہے‘ سیدھا ہاتھ کپکپاتا ہے‘ زبان موٹی ہوجاتی ہے اور گردن جیسے ربڑ کی ہوجاتی ہے۔ مہربانی فرما کر کے میرے لیے کوئی دوا تجویز کریں تاکہ میں بھی صحت مند زندگی گزار سکوں۔ (ا۔ راجپوت‘ سیالکوٹ)

مشورہ: آپ عبقری دواخانہ کی ’’ہیپاٹائٹس نجات سیرپ‘‘ کی 18 بوتلیں لکھی گئی ترکیب کے مطابق پئیں۔ اس کے ساتھ عبقری دواخانہ کی ’’اکسیر البدن اور فٹنس فولاد ٹانک‘‘ بھی لکھی گئی ترکیب سے چند ہفتے مستقل مزاجی سے استعمال کریں۔ نماز پنج وقتہ ادا کریں‘ صبح کی سیر لازمی کریں چاہے کچھ دیر کیلئے ہی چہل قدمی کریں۔ موسمی پھل کھائیں۔

## بڑی بہن کی حالت دیکھی نہیں جاتی!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ پاک آپ کی عمر دراز کرے اور آپ کی خیر و عافیت ہو‘ آپ کا رسالہ ہمارے گھر کا آئیڈیل ہے۔ آپ کے رسالہ میں بہت سے آزمودہ وظائف ہوتے ہیں جو ہم اکثر آزماتے ہیں۔ میں زندگی میں پہلی مرتبہ کسی ادارہ کو خط لکھ رہی ہوں۔ مسئلہ دراصل میری بڑی بہن کا ہے۔ میری بہن کچھ عرصہ پہلے شدید بیمار ہوگئی تھیں‘ انہیں اعصابی کمزوری ہوئی جس کی وجہ سے وہ بہت کمزور ہوگئی ہیں اور ان کے پورے جسم پر جھریاں اور خاص طور پر چہرہ اور آنکھوں کے نیچے جھریاں بہت نمایاں ہوتی ہیں براہ کرم کوئی نسخہ بتادیجئے۔ بڑی بہن کی حالت دیکھی نہیں جاتی‘ ان کی عمر اس وقت 40 سال ہے۔ (پوشیدہ)

مشورہ: اپنی بہن کو مستقل پھلوں کا استعمال کروائیں‘ تازہ جوس‘ سبزیاں استعمال کروائیں‘ خوبانی خشک اور چھوہارہ ایک ایک عدد رات کو دودھ میں بھگودیں‘ صبح نہار منہ کھلائیں اور دودھ پلادیں۔ اس طرح چند ہفتے استعمال کروائیں۔ خالص مکھن‘ دودھ اور عمدہ دیسی گھی حسب طبیعت تھوڑا تھوڑا استعمال کرانا شروع کریں۔ گوشت شوربے کے ساتھ پکا کر اس میں روٹی (پھلکا) کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے ڈال کر کھلائیں۔ روزانہ صبح و شام تین کھجوریں پکی ہوئیں اچھی طرح چبا کر کھائیں اور اوپر سے ایک گلاس دودھ پی لیں۔ ان شاء اللہ کچھ عرصہ بعد ان کی صحت بحال ہوجائے گی۔

## تین سال ہوگئے! بیٹے کے ہاں اولاد نہیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں اپنے بیٹے کا مسئلہ لے کر حاضر ہوئی ہوں‘ میرے بیٹے کی شادی کو تین سال ہوگئے ہیں مگر اولاد نہیں ہے۔ میرے بیٹے کے سپرم زیرو ہیں‘ بہت جگہ سے علاج کروا چکا ہے‘ مگر نتیجہ صفر ہی نکلتا ہے‘ میری خواہش ہے کہ آپ خاص دعا بھی کریں اور دوا بھی لکھیں۔ اللہ تعالیٰ اس کو سپرم کی نعمت عطا کرے۔ آمین!

(ایک پریشان حال ماں‘ کراچی)

مشورہ: آپ اپنے بیٹے کے علاج کیلئے یہ نسخہ استعمال کریں۔ سبزی منڈی میں بیٹے کو بھیج کر سفید پیاز منگوالیں‘ پھر ان کا پانی نکلوائیں اور اس پانی کے ہموزن خالص شہد لیں‘ اب دونوں کو برتن میں ڈال کر پکائیں۔ جب سفید پیاز کا پانی خشک ہوجائے تو آگ بند کردیں‘ ٹھنڈا ہونے پر بوتل میں بھرلیں‘ صبح و شام ایک کھانے کا چمچ ہمراہ دودھ بیٹے کو کھلائیں‘ کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے کیجئے ان شاء اللہ دوبارہ جب رپورٹ کروائیں گی تو مایوسی نہیں ہوگی۔

## جوان بھائی کی وفات کے بعد۔۔۔!!!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں آپ کے درس بہت شوق سے سنتی ہوں اور رسالہ باقاعدگی سے پڑھتی ہوں۔ میری عمر 19 سال ہے۔ میرے جوان بھائی کی اچانک وفات ہوگئی‘ اس کے بعد میرے دل کو بالکل بھی سکون نہیں‘ ہروقت بے سکونی رہتی ہے‘ ہروقت بے چینی کا شکار رہتی ہوں‘ لگتا ہے جیسے ابھی کچھ ہونے والا ہے‘ کبھی خیال آتا ہے کہ آج یا ابھی کچھ دیر کے بعد میں بھی مرجاؤں گی۔ میں نے بی اے کے پیپرز دینے تھے‘ بھائی کی وفات کی وجہ سے وہ بھی نہ دے سکی‘ خدارا مجھے کوئی دوا اور وظیفہ بتادیں تاکہ میں بھی پرسکون زندگی میں دوبارہ لوٹ سکوں‘ آنکھوں کے گرد حلقے بھی ہیں اور کمزوری بھی بہت ہوگئی ہے‘ نظر بھی کمزور ہوگئی ہے۔ (ن‘ چشتیاں)

مشورہ: آپ نماز پنج وقتہ ضرور پڑھیں۔ صبح اٹھ کر جب سورج نکل رہا ہو تو نکلتے سورج کے سامنے کھڑی ہوجائیں اور لمبی سانس کھینچ کر حسب برداشت روک کر رکھیں‘ جب برداشت ختم ہوجائے پریشر کے ساتھ ہوا باہر نکالیں اور سانس باہر نکالتے ہوئے یَارَحْمٰنُ پڑھیں۔ اسی طرح 9 یا 11 مرتبہ کریں۔ اس کے علاوہ عبقری دواخانہ کا ’’سکون افزا سیرپ‘‘، ’’فٹنس فولاد ٹانک‘‘ اور ’’اکسیر البدن‘‘ لکھی گئی ترکیب کے مطابق کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کریں۔

چہرہ کتنا ہی بدصورت ہو‘ داغ دار ہو یا چہرے کے کیل مہاسے نہ جاتے ہوں بس خون صفاء
☆ جلد کی خرابی‘ پرانی خارش اس کی وجہ خون کی خرابی ہو‘ کسی قسم کا انفیکشن ہو‘ الرجی ہو یا شوگر کی وجہ سے ہو‘ بس خون صفاء کے استعمال سے ہر جلدی امراض سے چھٹکارا۔
(بڑوں‘ بچوں کیلئے یکساں مفید) نکھری بے داغ جلد کو داغدار کرنے کی اصل وجہ کا اصل علاج
خون صفاء
جڑی بوٹیوں کا ایسا لاجواب مرکب ہے جو نہایت بے ضرر اور بغیر کسی سائیڈ ایفیکٹ کے لاکھوں نے آزمایا اور مفید پایا۔ قیمت -/120 روپے

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

یہ کہانی سچی اور اصلی ہے۔ تمام کردار احتیاط سے دانستہ فرضی کردیئے گئے ہیں‘ کسی قسم کی مماثلت محض اتفاقیہ ہوگی۔

# عبقری والے بھی عجیب لوگ ہیں! ہر راز بتائے جارہے

میری زندگی کیسے بدلی؟ (ش، لاہور)

قارئین! حضرت جی کے درس‘ موبائل (میموری کارڈ)‘ نیٹ وغیرہ پر سننے سے لاکھوں کی زندگیاں بدل رہی ہیں‘ انوکھی بات یہ ہے چونکہ درس کے ساتھ اسم اعظم پڑھا جاتا ہے جہاں درس چلتا ہے وہاں گھریلو الجھنیں حیرت انگیز طور پر ختم ہوجاتی ہیں‘ آپ بھی درس سنیں خواہ تھوڑا سنیں‘ روز سنیں‘ آپ کے گھر‘ گاڑی میں ہر وقت درس ہو۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! سلامتی ہو آپ پر‘ آپ کی آل و اولاد پر‘ عمر دراز ہو کہ مخلوق میں یونہی خیر بٹتی رہے، مخلوق خدا فیض پاتی رہے‘ کہنے کو بہت کچھ ہے، نہیں معلوم کتنا کہہ پاؤں۔ آپ کے وقت کے قیمتی ہونے کا احساس بھی ہے اور یقیناً دوسرے لوگوں کا بھی آپ کے وقت پر حق ہے۔ مختصراً عرض کروں گی والد فیکٹری کے مالک تھے‘ ایک مزدور سے مالک بنے‘ اللہ تعالیٰ نے انہیں بڑا نوازا 55 سال کی عمر میں ان کا انتقال ہوگیا۔ ہم نے بہت شاندار وقت گزارا۔ پیسوں کے لحاظ سے۔ والد کے بعد بس قسمت بھی روٹھ گئی‘ ہر رشتہ دار پیسے ہڑپ کرنا چاہتا تھا کیا خالو کیا، کیا چاچا، کیا ماموں سب ایک قطار میں تھے۔ میری والدہ انتہائی سادہ اور حاسدوں اور دشمنوں کا جم غفیر۔ خیر جیسے تیسے کر کے بمشکل اور بھائیوں کی شادیاں ہوئیں۔

اللہ سے باتیں کیسے کرتے ہیں؟ اللہ کو اپنا حال دل کیسے سناتے ہیں‘ نماز‘ روزہ‘ ذکر‘ مصلیٰ کیا ہوتا ہے؟ کچھ علم نہیں تھا‘ بس پہلے گھر میں دولت کی ریل پیل تھی‘ اس میں مگن رہے پھر سب کچھ چھن گیا تو اس پریشانی میں پڑے رہے مگر شکر اور صبر کے جذبہ سے عاری تھے‘ کچھ علم نہ تھا۔ میں زندگی بغیر کسی مقصد کے جی رہی تھی‘ بس صبح اٹھی‘ کھانا کھایا‘ دفتر گئی‘ شام کو واپس، کھانا کھایا‘ ٹی وی دیکھا‘ اور اپنے بستر پر جا کر سوگئی‘ نماز کیا ہوتی ہے؟ کیوں پڑھی جاتی ہے؟ نہ کسی نے بتایا نہ جاننے کی کوشش کی۔ بس پریشانیاں تھیں‘ میں تھی اور میری بے کارسی زندگی۔ پھر تین سال پہلے کسی کے کہنے پر عبقری پڑھا‘ عبقری رسالہ کا ہر لفظ ہر سطر بہت عجیب لگی‘ ارے کیسے لوگ ہیں ہر راز لوگوں کو بتا رہے ہیں جبکہ میں نے تو ہمیشہ یہی سنا اور پڑھا تھا کہ ”دیکھو یہ راز کسی کو نہ بتانا“

مگر عبقری نے تو مجھے حیران اور پریشان کردیا کہ یہ کیوں ہر بات لوگوں کو بتا رہے ہیں مجھے اس وقت اس بات کی بالکل بھی سمجھ نہ لگی۔ میرا آپ کے متعلق تجسس بڑھا‘ عبقری رسالہ سے دیکھ کر یوٹیوب پر آپ کے درس سنے۔ درس سن کر میرے تو رونگٹے ہی کھڑے ہوگئے۔ یہ تو ایک نئی دنیا بلکہ ایک نیا جہان ہے، ایک نئی زندگی، ایک نئی روشنی‘ مجھے تو ایک نئی سمت مل گئی۔ زندگی گزارنے کا ڈھنگ مل گیا۔ بس پھر جب بھی وقت ملتا‘ آپ کے درس موبائل پر لگا کر سننا شروع کردیتی۔ درس سے ہی مجھے معلوم ہوا کہ اللہ کی ذات سے مانگنا کیسے ہے‘ اللہ پر بھروسہ کرنا سمجھ آیا‘ قرآن مجید کی سورتوں‘ اس کے الفاظ میں کیا طاقت چھپی ہے اور ان الفاظ کیا کیا خزانے چھپے ہیں مجھ اب سمجھ آیا۔ خاص طور پر یہ معلوم ہوا کہ قرآن مجید کی سورتوں‘ الفاظ‘ وظائف سے صرف علماء کرام‘ اللہ والے ہی نہیں مجھ جیسی گنہگار بھی فائدہ اٹھا سکتی ہے‘ مجھ جیسی گنہگار جس نے کبھی نماز بھی نہ پڑھی تھی آج وظائف سے اپنے رب کریم کے خزانوں سے لطف اندوز ہورہی ہے۔ دوران درس آپ کے الفاظ نے زندگی بدل دی، سوچ بدل دی، یقین کی طاقت ملی، عمل کی طاقت ملی۔ ایک کامیاب زندگی کے لیے کیسے کیسے نقطے، کیسے کیسے راز کائنات کے، کیسے انوکھے لاجواب موتی آپ نے دیئے۔ شروع میں تو یہ حالت تھی کہ کونسا موتی اٹھاؤں، ایک پکڑتی ایک چھوڑتی، جو درس سنتی بس اسی کی فضیلت کی مداح ہوجاتی ہے۔

## عبقری کی کرامت! اب نماز پڑھتی ہوں‘ زکوٰۃ دیتی اور حجاب کرتی ہوں

آپ نے فرمایا زکوٰۃ نہ دی تو تمہاری نسلیں فقر و فاقہ کا شکار ہو جائیں گی‘ حالانکہ میں نے کبھی زکوٰۃ جیسے فرض کے بارے میں سوچا بھی نہیں تھا کہ کبھی میں بھی زکوٰۃ دوں گی مگر آپ کے لہجے اور بتانے میں وہ اثر ہے کہ دل کانپ گیا‘ پندرہ سال سے زیور میرے پاس ہے‘ میں نے کبھی زکوٰۃ نہ دی تھی‘ بلکہ لکھتے ہوئے بھی شرم آرہی ہے کہ میں نے خود دو مرتبہ زکوٰۃ لی‘ حالانکہ اچھی خاصی سیلری لیتی ہوں‘ کبھی زکوٰۃ نہ دینے کا سوچا اور نہ کبھی کسی کو کچھ دینے کی ہمت ہوئی‘ مگر آپ کے درس سننے کے بعد کانپتے ہاتھوں سے زکوٰۃ دینا شروع کی۔ صدقہ کرنا شروع کیا۔ میرے شوہر بڑے غصہ والے ہیں ان کے غصہ اور ناراضگی کو ختم کرنے کیلئے میں نے عبقری میں یَا رَبِّ مُوسٰی یَا رَبِّ کَلِیْم بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ سارا دن کھلا پڑھنا شروع کیا۔ چند دنوں کے اندر اندر شوہر کے اندر جنم لینے والی تبدیلی دیکھ کر حیران رہ گئی‘ میرے شوہر کا غصہ‘ ناراضگی اور چڑچڑاپن نجانے کہاں چلا گیا اب وہ بالکل ہنستے مسکراتے گھر آتے ہیں اور غصہ والی بات پر بھی اکثر غصہ نہیں کرتے۔ مزید مجھ میں جو تبدیلیاں آئیں وہ یہ ہیں:۔ ☆ کبوتروں کو باجرہ ڈالنا، صدقہ دینے کی عادت بنائی۔ ☆ سورۃ المائدہ کی آیت سے کئی دعائیں قبول ہوئیں۔ ☆ سورۂ توبہ کی آخری آیات مجھے بہت محبوب ہیں۔ جب پہلی مرتبہ پڑھنا شروع کیا تھا تو اس کی عجب تاثیر پائی تھی۔ چھوٹی چھوٹی ضرورت حیران کن طریقے سے پوری ہوجاتی ہے۔ صرف یہ سوچا کہ ڈرائیور کو کہوں ادھر دوسرے راستے سے لے لے، ہمت نہ ہوئی۔ اس نے خود ہی اس راستے پر لے لیا۔ سوچا کہ اس رنگ کا کاغذ چاہیے وہ سامنے پڑا ہوا مل گیا۔ دور دور تک رکشہ نہ تھا ایسا لگا کہ غیب سے کہیں سے اچانک آگیا۔ ☆ اول و آخر تین مرتبہ درود شریف‘ ایک مرتبہ سورۂ فاتحہ اور تین مرتبہ سورۂ اخلاص‘ اس عمل کو درد اور تکلیف میں بہت مؤثر پایا اور اپنے باس کی روح کو ہدیہ کیا اب ان کا رویہ بہت اچھا ہوگیا ہے۔ پہلے تو ہر بات پر ڈانٹ کا خدشہ رہتا تھا اور ہر کسی سے بہت ہی چلا کر بات کرتے تھے۔ مگر اب ایسا نہیں ہے۔ ☆ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ 27 بار ضرور پڑھتی ہوں۔ ☆ والدین کے لیے دعا مانگنا آپ نے سکھایا‘ لفظ متاثرین سے آپ نے متعارف کروایا‘ ان کو ہدیہ کرنا آپ سے سیکھا۔ ☆ پاؤں کے تلوؤں پر تیل ملنے سے بہت فرق پڑتا ہے‘ سارے دن کی تھکن دور ہوجاتی ہے۔ ☆ ربنا ھب لنا نماز میں شامل کیا ہے جس کی وجہ سے گھریلو زندگی میں بہت سکون محسوس ہوا ہے۔ ☆ بسم اللہ ماشاء اللہ آئینہ دیکھتے ہوئے پڑھتی ہوں۔ ☆ کھانے کے بعد تین بار سورۂ قریش پڑھنے کی عادت بنائی ہے‘ الحمدللہ پیٹ کے امراض سے محفوظ ہوگئی ہوں۔

تندرستی ٹانک — جسم و جان کیلئے شاہی ٹانک
تمام اعضاء کیلئے آب حیات
گھر بھر کی ضرورت
چند دنوں کے استعمال سے صحت قابل رشک بنائیں
چند روز کا استعمال اور برسوں کی بھولی باتیں یاد آجائیں
ذہنی اور جسمانی کام کرنے والوں کیلئے بہترین تحفہ
(قیمت 440 روپے)

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

# گمشدہ سونے کی انگوٹھی کیسے ملی؟

مسز سید رحمان حسین شاہ، اٹک

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ویسے تو میں اپنے گھریلو مسائل کیلئے خط لکھتی رہتی ہوں آپ کے ارسال کردہ وظائف بھی پڑھتی ہوں۔ عبقری میں چار ماہ سے باقاعدہ پڑھ رہی ہوں اور آپ کا جمعرات والا درس آن لائن ضرور سنتی ہوں۔ عبقری پڑھ کر مجھے بھی روزمرہ زندگی میں درپیش آنے والے واقعات لکھنے کا شوق ہوا ہے۔ ابھی حال ہی میں میری سونے کی انگوٹھی گم ہوگئی میرے ماموں زاد کی شادی تھی وہاں گئی تو وہاں گم ہوئی۔ میں بہت پریشان ہوئی لیکن اللہ پاک پر بھروسہ تھا کہ انشاء اللہ ضرور ملے گی۔ عبقری رسالہ میں گمشدہ سونے کی زنجیر مل گئی کے نام سے ایک قاری کا مضمون پڑھا جس میں دو رکعت نفل حاجت کے پڑھ کر اللہ پاک کی حمد وثنا کریں اور یَاجَامِعُ یَا مُعِیْدُ کثرت سے پڑھیں میں نے یہ پڑھا اس کے علاوہ میں نے سورۂ یٰسین کا ختم شریف اور ایک دن بارش کے دوران سورۂ التکویر 100 مرتبہ پڑھی۔ (شمارہ 22 میں تھا کہ یہ سورۃ بارش کے دوران 100 مرتبہ پڑھ کر جو دعا مانگی جائے وہ قبول ہوگی)۔ اللہ پاک کے حکم سے مجھے میری انگوٹھی تقریباً ایک ماہ کے اندر اندر ملی اس عرصہ میں مایوس بالکل نہیں تھی مجھے یقین تھا کہ مجھے میری انگوٹھی ضرور ملے گی۔ آپ کو بتاتی چلوں کے مجھے انگوٹھی کیسے ملی' میری خالہ کراچی سے اپنے آبائی گھر آئی ہوئی تھیں۔ میں' میری باجی اور میری ممانی ان سے ملنے ان کے گھر گئے' جب ہم واپس آنے لگے تو میری نظر اچانک ممانی کی انگلی پر پڑی ان کی انگلی میں میری سونے والی انگوٹھی تھی میں نے ان سے انگوٹھی کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے بتایا کہ شادی والے گھر سے گری ہوئی ملی تھی میں نے ان سے کہا کہ میری کھوگئی تھی پھر انہوں نے مجھے میری انگوٹھی دے دی میری آنکھوں سے آنسو جاری ہوگئے اور میں اللہ پاک کا لاکھ لاکھ شکر ادا کرنے لگی۔ حکیم صاحب آپ کا لاکھ لاکھ احسان ہے کہ آپ نے ہم جیسے غریبوں کے لیے عبقری جیسا تحفہ دیا جس سے بلا مبالغہ لاکھوں مسلمان فیضیاب ہورہے ہیں اور آپ کو دعائیں دیتے ہیں۔ میرے دل سے بھی آپ کے لیے اور آپ کی باقی ٹیم کے لیے ہر وقت دعائیں نکلتی ہیں کیونکہ میں نے بھی عبقری سے بہت کچھ پایا ہے۔ آپ میرے اور میرے گھر والوں کے لیے دعا کیجئے گا کہ اللہ پاک ہم سب کو آپس میں پیار و محبت سے رہنے کی توفیق عطا فرمائیں۔ آمین۔

# اپنا گھر پانے کی خاص ساعت دعا مانگی آج اپنا گھر ہے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو ہمیشہ اپنی رحمت کے سائے میں عافیت کے ساتھ رکھے۔ آمین۔ آپ نے 16 درس کا کہا تھا الحمدللہ اس کے ساتھ اور کتنے درس سن لیے حساب نہیں رہا، دل کرتا ہے ہر وقت درس سنتی رہوں۔ ساتھ یہ بھی بتاتی چلوں ہمارے محلے میں بچیوں کو قرآنی تعلیم دینے کیلئے سکول ہے' میں وہاں بچوں کو پڑھاتی ہوں وہاں پر بھی بچوں کو درس کی ہر اہم بات جتنا میرا کمزور ذہن یاد کرپاتا ہے بتاتی ہوں اور انمول خزانہ ہر بڑی بچی کو یاد کروایا ہے الحمدللہ۔ آپ کی دی ہوئی تسبیحات ہیں وہ سب اللہ کا شکر ہے ہوجاتی ہیں۔ سورۂ طارق تین بار، رَبِّ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ 313 بار سورۂ کوثر 129 بار روزانہ کوشش ہوتی ہے۔ سورۂ مزمل گیارہ بار عشاء کے بعد ساتھ یَامُغْنِیُ 1111 بار اوّل آخر درود پاک، سورۂ یٰسین' سورۂ رحمن فجر کے بعد، دو انمول خزانہ نمبر 1 ہر نماز کے بعد صبح شام کو تین تسبیحات کسی ایک وقت میں' اللہ کا شکر ہے تہجد کی نماز بھی اکثر نصیب ہوتی ہے۔ چاشت کی اور اوابین تو روزانہ پڑھتی ہوں اور الحمدللہ آپ کے بیان سے دوسروں کے لیے خیر خواہی کا جذبہ سیکھ لیا ہے۔ دوسروں کے لیے رو رو کر اللہ سے مانگنے کو عادت ہوگئی ہے۔ اپنے دینی سکول کے بیت الخلاء کی صفائی کے لیے خود کو مقرر کرلیا ہے۔ ان کاموں سے بہت سکون ملتا ہے۔ اللہ نے میرے مسئلے بڑے آسان کردیئے ہیں۔ ایک شخص سے سخت پریشان تھی' بڑا سخت دل انسان تھا' سکول اور مسجد کے بیچ میں کھڑے ہوکر مجھے دھمکیاں دیتا تھا' میں حیران ہوں کہ اب مجھے بلا کر مجھ سے معافی مانگتا ہے کہ میں نے بہت غلط کیا تمہارے ساتھ اللہ نے میری آنکھیں کھول دی۔ (باقی صفحہ نمبر 55 پر)

# کوئی چیز مشکل نہیں!

مولانا وحیدالدین خاں

ہیرا ہماری تمام معلوم دھاتوں میں سب سے زیادہ سخت ہے' دنیا کی کوئی چیز ہیرے سے زیادہ سخت نہیں ہوتی' شیشہ کا فریم بنانے والے کو آپ نے دیکھا ہوگا کہ وہ ''قلم'' کی صورت کی ایک چیز شیشہ کے تختہ سے سے گزارتا ہے اور شیشہ کٹ کر دو ٹکڑے ہوجاتا ہے' اس قلم میں ہیرے کا ٹکڑا لگا ہوتا ہے۔ ایسا اس لیے ممکن ہوتا ہے کہ ہیرا انتہائی سخت چیز ہے خواہ وہ قدرتی ہو یا مصنوعی۔ تمام دوسری معدنیات کے برعکس ہیرے پر کسی قسم کا ایسڈ (تیزاب) اثر نہیں کرتا۔ آپ ہیرے کو خود کسی بھی تیزاب میں ڈالیں وہ ویسا ہی باقی رہے گا مگر اسی سخت ترین ہیرے کو اگر ہوا کی موجودگی میں خوب گرم کیا جائے تو وہ ایک بے رنگ گیس بن کر اڑ جائے گا اور یہ گیس کاربن ڈائی آکسائیڈ ہوگی۔ اسی طرح ہر چیز کا ایک ''توڑ'' ہوتا ہے اگر آپ کسی مشکل کا مقابلہ وہاں کریں جہاں وہ اپنی سخت ترین حیثیت رکھتی ہے تو ممکن ہے کہ آپ کی کوشش کامیاب نہ ہو مگر کسی دوسرے مقام سے آپ کی یہی کوشش انتہائی حد تک نتیجہ خیز ہوسکتی ہے۔ جب بھی آپ کا مقابلہ کسی مشکل سے پیش آئے تو سب سے پہلے یہ معلوم کیجئے کہ اس کا کمزور مقام کون سا ہے اور جو اس کا کمزور مقام ہو وہیں سے اپنی جدوجہد شروع کردیجئے' ایک چیز کسی اعتبار سے ناقابل شکست ہوسکتی ہے مگر وہی چیز دوسرے اعتبار سے آپ کیلئے موم ثابت ہوگی۔ ایک شخص جس کو آپ کڑوے بول سے اپنا موافق نہ بنا سکے اس کو آپ میٹھے بول سے اپنا موافق بنا سکتے ہیں۔ اپنے جس حریف کو آپ لڑائی کے ذریعہ دبانے میں کامیاب نہ ہوسکے اس کو آپ اخلاق اور شرافت کے ذریعہ دبانے میں کامیاب ہوسکتے ہیں۔ ایک ماحول جہاں آپ مطالبہ اور احتجاج کے ذریعے اپنا مقام حاصل نہ کرسکے وہاں آپ محنت اور لیاقت کے ذریعے اپنا مقام حاصل کرسکتے ہیں۔ ہیرا تیزاب کیلئے سخت ہے مگر وہ آنچ کیلئے نرم ہوجاتا ہے یہی معاملہ انسان کا بھی ہے۔ ایک آدمی اگر ایک اعتبار سے سخت نظر آئے تو اس کو ہمیشہ کیلئے سخت نہ سمجھ لیجئے اگر وہ ایک اعتبار سے سخت ہے تو دوسرے اعتبار سے نرم بھی ہوسکتا ہے۔ ہر چیز کا یہ حال ہے کہ وہ کسی اعتبار سے سخت ہے اور کسی اعتبار سے نرم۔ ایک شخص ایک انداز سے معاملہ کرنے میں بے لچک نظر آتا ہے مگر وہی دوسرے انداز سے معاملہ کرنے میں ہر شرط پر راضی ہوجاتا ہے یہی وہ حقیقت ہے جس کو جاننے میں زندگی کی تمام کامیابیوں کا راز چھپا ہوا ہے۔

**عبقری جب نہ ملے تو۔۔۔؟؟؟**

کچھ عرصہ سے بعض مقامات سے یہ شکایات مل رہی ہیں کہ قارئین کو عبقری رسالہ دیر سے ملتا ہے یا ملتا ہی نہیں ہے! ایجنسی ہولڈر کی کارکردگی بہتر بنانے کیلئے ہماری گزارش ہے کہ عبقری نہ ملنے یا دیر سے ملنے کی صورت میں ادارے کو خط یا فون کے ذریعے مندرجہ ذیل معلومات فراہم کریں۔ 1۔ بک سٹال جہاں رسالہ نہ ہو تو سٹال کا فون یا موبائل نمبر ہمیں درج بالا معلومات درج ذیل نمبرز پر فوری دیں تا کہ آپ کو ماہنامہ عبقری بروقت اور مسلسل ملتا رہے۔

042-37552384-042-37425801-3

یا اس پتہ پر خط لکھیں: دفتر ماہنامہ عبقری' عالمی مرکز روحانیت وامن عبقری اسٹریٹ نزد قرطبہ مسجد مزنگ چونگی لاہور

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوایئے۔ 0332-7552382

# استقبال رمضان! اب ہوگا مہارت کا امتحان

آپ رمضان میں اضافی کام سے بچنا چاہتی ہیں تو پھر نئے سرے سے گھر کا جائزہ لیجئے۔ ہر چیز تو بدلنی نہیں ہوگی یا واقعی جھاڑ پونچھ ہی کافی نہیں۔ کیا کشنز بدلنا ہوں گے؟ کیا پردے صرف دھلائی کے بعد قابل استعمال ہو جائیں گے؟ یا نئے سلوانے پڑیں گے؟ یا تیار پردے خریدنے کا تجربہ کریں گی؟ اگر آپ روزانہ کی صفائی کے معمولات میں جالے صاف کرنا شامل کرلیں گی تو بہت زیادہ کام ایک دن نہیں کرنا پڑے گا۔ پورے گھر اور خصوصاً چھت پر، الماریوں کے کونوں پر کہیں جالے ہوں تو انہیں صاف کرلیجئے۔

فرش چمکانے کے لیے خاص ڈٹرجنٹ اور لیکوئڈ شکل میں ایسا میٹریل دستیاب ہو رہا ہے جو پرانے فرش کو قطعی نیا نہ سہی نیا جیسا ضرور بنا دیتے ہیں۔ اگر آپ گھر ہی پر مونگ اور ماش کی دال کے بھلے بنانا پسند کرتی ہیں تو ان دالوں کو باریک پیس لیں اور چند دانے کاجو اور بادام بھی پیستے ہوئے شامل کرلیں یہ پکوڑیاں یا بھلے بنا کر فریزر میں محفوظ کئے جاسکتے ہیں جس روز جیسا جی چاہا دہی بڑے تیار کرلئے۔ تھوڑا سا کالا نمک ان پر چھڑک کر کھانے کا لطف آجاتا ہے۔

پیاز براؤن کر کے سکھا کر رکھی جاسکتی ہے اور اگر آپ پسند کریں تو بازار میں تلی ہوئی پیاز بھی دستیاب ہے۔ اسی طرح لہسن ادرک پیس کر کانچ کی بوتلوں میں محفوظ کیا جاسکتا ہے۔ ٹماٹر مہنگے نہ ہو جائیں اس لیے سستے داموں میں دستیاب ٹماٹر لے کر ان کی پیوری بنا کے محفوظ کرلیجئے۔ سفید زیرہ بھون کر ایک علیحدہ شیشی میں رکھ لیجئے۔ یہ آپ کو مختلف چاٹ اور کھانوں پر چھڑکنے کے کام آتا ہے۔ کچھ کام رمضان ہی میں کرنے کے ہوں گے مثلاً بیسن گھول کر رکھنا، آلو، پیاز، گوبھی اور بینگن کے قتلے کاٹ کر نمک کے پانی میں بھگو دینے سے یہ کالے نہیں پڑتے۔ سحری کے لیے کچھ سالن پکا کے فریز کئے جاسکتے ہیں جیسے آپ کی فیملی پسند کرے مثلاً لوکی گوشت، قورمہ، کوفتوں کا سالن بھی اور کچے کوفتے پانی میں ابال کر یا تل کر ایک کنٹینر میں ذخیرہ کئے جاسکتے ہیں۔ ماہ رمضان سے پہلے بدلتی ہوئی موسمی کیفیت' اپنی قوت استطاعت اور توانائی کو دیکھتے ہوئے وقت کی مناسب تقسیم کرلیں۔ کبھی بھی چاندرات تک کپڑوں یا کھانوں کی تیاری اور انتظامات کو نہ ٹالتی رہیں ورنہ سادہ سی مہارتوں کے لیے ناکامی کا منہ دیکھنا پڑے گا۔ آپ سگھڑ اور معاملہ فہم ہیں یہ بات آج ثابت کر دکھائیں۔

## کچن میں سحر و افطار کے لوازمات کا ذخیرہ کیسے کیا جائے؟

افطاری کا مینیو تبدیل بھی ہوتا رہے تب بھی سیاہ اور سفید چنوں، چائنیز رول، سموسے، کباب یا بوٹی رول، شامی کباب، چپلی کباب یا آلو کے کٹلس ہمارے روایتی دسترخوانوں کی زینت بنتے ہی ہیں۔ سحری کے لیے کوفتوں کے سالن کا اہتمام کم و بیش ہر دوسرے گھر میں ہوتا ہے۔ ماہ صیام شروع ہونے سے دو ہفتے قبل چھولوں کو ابال کے ان کے پیکٹ بنا کے رکھ لیں۔ اندازہ کرلیں کہ گھر میں کتنے افراد ہیں۔ افطار کی دعوت کے لیے کیا کچھ درکار ہوسکتا ہے۔ چنے اسی حساب سے خریدیں اور انہیں گلا کر ٹھنڈا کر کے فریز میں چھوٹے چھوٹے پیکٹ رکھ لیں۔ رول بھی اسٹور کئے جاسکتے ہیں اسی طرح کچے سموسے فریز کئے جاسکتے ہیں۔ سموسہ پٹی اور رول پٹی اچھی بیکریوں سے کسی بھی وقت لئے جاسکتے ہیں۔

سپر مارکیٹوں میں مونگ اور ماش کی دال پسی ہوئی ملتی ہے۔ آپ اپنے پسندیدہ مصالحے کے ساتھ بڑے بنا کے فریز کرسکتی ہیں اور بوقت ضرورت دہی پھینٹ کر ان بڑوں کو گرم پانی میں ڈبو کے نرم ہاتھوں سے دبائیں اور دہی میں شامل کرلیں۔ چاٹ مصالحہ، ہرا دھنیا، پودینہ یا ہری مرچ کی گارنشنگ کے بعد یہ دہی بڑے گھر کے تمام افراد کو پسند آتے ہیں۔ رمضان میں بیسن کی بوندیوں کے پیکٹ بھی دستیاب ہوتے ہیں۔ کبھی کبھار منہ کا ذائقہ تبدیل کرنے کے لیے دہی بوندی کی ڈش تیار کی جاسکتی ہے۔ خیال رہے کہ دہی بھلوں کا مصالحہ علیحدہ ہوتا ہے اور فروٹ چاٹ والے مصالحے کا ذائقہ قدرے مختلف ہوتا ہے۔

# سارا سال رحمت برکت چاہتے ہیں تو مل جل کر کھانا کھائیں

اگر ہم یہ چاہیں کہ خاندان میں اتفاق و اتحاد ہو، اس پر برکت اور رحمت کی بارش ہو تو ہمیں خاندان بھر کے افراد کو کھانے کی میز پر اکٹھا کرنا چاہیے اور مل جل کر دن کا کم از کم ایک کھانا اکٹھے کھانا چاہیے۔ اگرچہ آج کل کی زندگی اتنی مصروف اور تھکا دینے والی ہے کہ خاندانوں کو ایک ساتھ مل بیٹھنے کے لیے بہت زیادہ تگ و دو کرنی پڑتی ہے۔ کچھ گھرانوں میں ہفتہ واری تعطیل یا کسی تہوار کا انتظار کرنا پڑتا ہے پھر کہیں قریبی عزیز مل بیٹھ کر تبادلہ خیال کر پاتے ہیں اور کچھ خاندان روزگار اور ایک دوسرے سے دور سکونت اختیار کرنے کے سبب ایک شہر میں ہوتے ہوئے بھی ہر روز تو کیا کئی کئی ہفتوں تک مل نہیں پاتے۔ ایسی مصروفیات اور طرز زندگی انسانی زندگی میں جذباتی مسائل پیدا کرنے کے چند اسباب ہیں، گو کہ لوگوں کو ایک میز کے گرد بیٹھ کر کھانے کی افادیت معلوم ہے۔ اس کے باوجود کئی خاندان یہ اعتراف کرتے ہیں کہ اس صحت مند سرگرمی کے لیے واقعی وقت نہیں نکل پاتا۔ اکٹھے سیر و تفریح کے لیے جانا، والدین کے لیے ایک اچھی کافی میکر مشین لینا اور گھر میں متعدد ٹی وی سیٹس کا ہونا، آرام دہ فرنیچر کا ہونا اور گھر کی صفائی میں ہر کسی کا حصہ ہونا یعنی جھجک محسوس نہ کرنا گھر والوں کی خوشی کے لیے خوب ہنسنا ہنسانا، اجتماعی عبادات میں شریک ہونا، گھر والوں میں سلامتی اور تحفظ کا احساس ہونا، ایک دوسرے سے معانقہ کرنا، بات چیت کے لیے وقت نکالنا، پڑوسیوں سے ملنا جلنا اور تحائف کا تبادلہ کرنا، بچوں کے ہوم ورک میں بڑوں کا مدد کرنا، اپنے گھر میں بچوں کی بنائی ہوئی تصاویر آویزاں کرنا اور باغبانی جیسے صحت مند مشغلے میں چھوٹوں اور بڑوں کو مل جل کر شریک کرنا نہایت اہمیت رکھتا ہے۔ غرضیکہ دل کا اطمینان ایسی متاع گراں ہے، جس کی تلاش میں ہر شخص رہتا ہے۔ انسان زندگی بھر دل کے اطمینان کے لیے کوشاں رہتا ہے اور اس کے مل جانے کے بعد دنیا کی ہر دولت سے خود کو بے نیاز سمجھتا ہے۔ اگر کسی کو دنیا کی تمام نعمتیں حاصل ہوں، ہر قسم کی سہولتیں میسر ہوں لیکن اطمینان قلب حاصل نہ ہو تو وہ کسی نعمت سے لطف اندوز نہیں ہوسکتا اور ہر سہولت اس کے لیے بے فائدہ ہے۔ اسلام نے ہمیں ایک ایسا نظام زندگی عطا کیا ہے جس میں انسان کے روحانی اور نفسانی دونوں پہلوؤں کی تسکین کا سامان موجود ہے۔ شریعت محمدی ﷺ کی پیروی کر کے آداب معاشرت اختیار کرلئے جائیں اور کھانے سے ہی اس کی ابتداء کرلی جائے تو ڈیپریشن، مایوسی اور تفکرات جیسے اعصابی عارضوں سے محفوظ رہا جاسکتا ہے۔ ہمارے پیارے نبی ﷺ صحابہ کرامؓ کے ساتھ مل کر کھانا تناول کرتے اور گھر پر ہوتے تو افراد خانہ کے ساتھ کھانے میں شریک ہوتے۔ جدید طرز زندگی میں اسلامی قدروں اور آداب کو شامل کر کے ہم ایک نہیں متعدد الجھنوں سے محفوظ رہ سکتے ہیں۔ خوش نصیب ہیں وہ مسلمان کہ جنہوں امسال رمضان المبارک کی بابرکت ساعتیں نصیب ہو رہی ہیں اور اس بابرکت موقع پر ہمارے دسترخوانوں پر افطار اور سحر کے وقت سارا کنبہ اکٹھے ہو کر کھانا تناول کرے گا۔

**کمر، جوڑوں اور پٹھوں کا درد وبال کیوں؟**

معاشرے میں پائے جانیوالے ان امراض کا صدیوں سے آزمودہ حیرت انگیز نسخہ

اس کورس کا کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال آپ کو معاشرے کا ایک صحت مند اور تندرست شخص بنا دیگا۔ اس کے علاوہ "کمر درد جوڑوں کا درد کورس" آپ کے جسم کو ہر قسم کی توانائی' طاقت دے گا۔ جن کے ہاتھ پاؤں ٹیڑھے ہو چکے وہ بھی اعتماد سے استعمال کریں۔ (قیمت 800 روپے + ڈاک خرچ)



www.ubqari.org

# خواتین کا رمضان! چند مفید مشورے اور تیاری

رمضان المبارک کی بابرکت گھڑیاں ہمارے درمیان ہیں۔ ہم چاہتے ہیں کہ نہایت خشوع وخضوع سے طاق راتوں کی عبادات بھی کرلیں اور ہماری سماجی زندگی بھی متاثر نہ ہو۔ زندگی کے بکھیڑے بھی نبٹتے رہیں اور عید کی تیاری بھی ساتھ ہی ساتھ ہوتی رہے۔ پھر بھی بیشتر افراد کہتے ہیں ''ہماری نیند پوری نہیں ہوتی'' جبکہ دفتری اوقات کار میں نرمی برتی جاتی ہے۔ حکمت عملی یہی ہے کہ ہم منظم ہوجائیں اور اپنے وقت کو مناسب تقسیم اور ترتیب دے لیں تب کوئی آرام اور وقت کی کمی کی شکایت نہیں کرسکے گا۔ ذیل میں چند مشورے شائع کئے جارہے ہیں جن کی مدد سے ہم تطہیر کے عمل سے گزر کر اپنے شب وروز بہتر انداز میں گزار سکیں گے۔

## موبائل فون کا استعمال انتہائی کم کردیں

رابطہ کی یہی ایک اہم سبیل ہے جب ہم گھر سے کوسوں دور ہوں یا جب کبھی کسی کو اہم پیغام دیا جانا مقصود ہو' ہماری غیرضروری اور طویل گفتگو یا پیغام رسانی سے وقت کا ضیاع ہوتا ہے۔ یہ خیال رہے کہ یہ تربیت کا مہینہ ہے۔ ہمیں انسانیت کے بھولے ہوئے اسباق کو بھی ایک بار پھر یاد کرنا ہے تو پھر موبائل کا زیادہ استعمال کیوں کیا جائے؟

## کھانا پکانا ہے تو توازن کے ساتھ

رمضان المبارک کے بابرکت مہینے کی آمد کا مطلب ہرگز یہ نہیں کہ ہمارا پورا دن باورچی خانے ہی کی نذر ہوجائے اور ہم یہ جواز دیتے رہ جائیں کہ ہمیں سحری سے افطار اور پھر اگلی سحری تک کے لیے لوازمات تیار کرنے ہیں اس کیلئے نماز کا وقت نکل گیا یا سپارہ نہیں پڑھا جاسکا۔ آپ کا کچن اگر کشادہ ہے تو ایک کرسی کچن ہی میں ڈال لیں اور اگر یہاں بیٹھے بیٹھے اپنا سپارہ پڑھ سکیں تو ضرور پڑھ لیں۔ اسلام آسانیاں چاہتا ہے۔ اپنے دسترخوانوں کو بھی سادہ رکھنے ہی میں عافیت ہے۔ تلنے تلانے والا کام بھی نمازِ عصر کے بعد ہی شروع ہوتا ہے لہٰذا آرام بھی کرلیں۔

## رمضان عید کی شاپنگ کے لیے نہیں آتا

یہ کیا کہ روزہ اس لیے نہیں رکھ سکیں کہ دوپہر کو عید کی شاپنگ کے لیے جانا ہے۔ یہ عمل تو سراسر فرائض سے غفلت کی نشاندہی کرتا ہے۔ ابھی جب آپ یہ تحریر پڑھ رہے ہیں شعبان کا مہینہ ہے' ابھی آپ کے پاس بہت وقت ہے' اپنی اور اپنے بچوں کی بھرپور شاپنگ کیجئے اور رمضان المبارک میں اپنے آپ کو بالکل فری رکھیں تاکہ بھرپور عبادات سے لطف اندوز ہوسکیں۔

## لیلۃ القدر کو تلاش کرنا ہے

آخری عشرے کی عبادت بانصیب لوگوں کے حصے میں آتی ہیں، لہٰذا انہیں پردوں کی دھلائی، برتنوں کی خریداری یا کپڑوں کی سلائی کے لیے درزیوں کے چکر لگاتے ہوئے نہ گزاریں۔ رمضان المبارک میں وقت کا ہدف متعین ہونا ضروری ہے اور اسی طرح زندگی میں انتظامی امور انجام دینے آسان ہوتے ہیں۔ ہمیشہ ایک ماہ قبل خریداری کی منصوبہ بندی کرلیا کریں اسی طرح اپنے لیے آسانیاں مہیا ہوسکتی ہے ورنہ آپ ہمیشہ الجھی اور الجھاتی رہیں گی۔

# اے خاتون خانہ غور کر! رمضان سونے کا مہینہ نہیں

## روزہ کشائی اور دعوت افطار متبرک محافل مگر

چھوٹے بچے روزہ رکھیں تو ان کی حوصلہ افزائی ضرور کریں۔ وہ اسی صورت ممکن ہے کہ آپ ان کے کزنز اور دوستوں کے ہمراہ دیگر عزیز واقارب کو افطار پر مدعو کریں۔ بچے کے لیے تحائف خریدیں اور جتنا اہتمام دوسری تقریبات وغیرہ آراستہ کرنے میں صرف کرتے ہیں اس سے بڑھ کر ان مذہبی اجتماعات اور افطار دعوتوں پر توجہ دیں، بچے کو ہار، پھول اور اس کے پسندیدہ اور اچھے لباس پہنائیں۔ اس کی پسندیدہ ڈشز کا اہتمام کریں اور اگر ممکن ہو تو اس یادگار موقع کو کیمرے میں محفوظ بھی کرلیں۔ یہ زندگی کا خوبصورت ترین لمحہ ہوتا ہے جو تصویروں اور یادوں کی صورت میں ذہن ودل میں ہمیشہ کے لیے محفوظ ہوجاتا ہے۔ اس روزہ دار بچے کی دیکھا دیکھی دوسرے چھوٹے بچوں کو بھی روزہ رکھنے کی تحریک کے ساتھ ساتھ مذہبی شعائر اور اخلاقی تربیت سے اچھے مسلمان بننے کی ترغیب بھی ملتی ہے اور ہاں افطار پارٹیوں میں کھانے کا ضیاع اور نماز کا ضیاع ہرگز نہ ہو۔

## اے خاتون خانہ غور کر! رمضان سونے کا مہینہ نہیں

نیند میں کمی کی شکایت کرکے زیادہ تر وقت سوتے ہوئے گزارنے کی عادت بھی نازیبا کہلاتی ہے۔ مسلمان کو اپنے فرائض کی تکمیل کے لیے شخصی اور ذاتی آرام کم کرنا ضروری ہے۔ یہ خدا کے سوا کوئی نہیں جانتا کہ یہ ماہِ صیام زندگی کے اگلے برس میں دوبارہ نصیب ہوسکے گا یا نہیں۔

## نماز کا اوّل وقت ہی سعد ہوتا ہے

پانچ وقت کی نمازوں کے علاوہ نماز تراویح کا اہتمام کرنا جس قدر ضروری ہے اتنا ہی اوّل وقت یعنی اذان ہونے کے بعد اور قضا کے وقت سے پہلے نماز ادا کرنا افضل ہوتا ہے۔ کوشش کیجئے کہ اس ماہ فرضوں کے ساتھ سنت اور نوافل کی ادائیگی بھی بروقت ہوتی رہے تراویح میں طویل دورانیے کا قیام جسم اور روحانی طہارت کا وسیلہ ہوتا ہے اس نماز کو باقاعدہ اور باجماعت ادا کیا جاتا ہے اس کا اہتمام ضرور کرلیا کریں۔

## نماز تہجد کی ادائیگی کسی نعمت سے کم نہیں

سحری میں صرف آدھا گھنٹہ پہلے بیدار ہوکر تہجد کے نوافل کی ادائیگی ہوجائے اور آپ اپنے رب سے گڑگڑا کر دعائیں مانگ لیں، کہتے ہیں کہ ابتدائے سحر کی یہ دعائیں خالی نہیں جاتیں۔ عرش بریں سے انعامات کی ایسی بارشیں شاید ہی کسی اور ماہ ہوں گی۔ معتبر جانئے اس ماہِ صیام کو!

## زکوٰۃ وخیرات کی فضیلت

ہمارا مذہب بھائی چارے اور اخوت کو فروغ دیتا ہے لیکن ساتھ ہی ساتھ مال ودولت کی منصفانہ تقسیم کا بھی خیال رکھنے پر زور دیتا ہے۔ زکوٰۃ اپنے سفید پوش رشتے داروں اور پڑوسیوں سے شروع ہوکر چیدہ چیدہ مستحقین تک پہنچانا دین کے اہم ستون کی تکمیل کرنا ہے۔ بچوں کو بھی خیرات کے اس عمل میں اپنے ہمراہ شریک کرلیں اور انہیں اپنے شہر کے خیراتی اداروں میں لے جائیں۔ ان کے ہاتھ سے صدقات کی تقسیم کروائیں تاکہ انہیں دھرتی سے جڑے رہنے اور عام آدمی کے دکھوں اور مصائب کا بھرپور اندازہ ہوسکتے۔

## آخری عشرہ تلاش کرنے سے کیا ملتا ہے

جاگنے والی راتوں کی تاریخوں کو یاد رکھیں اور اپنی پیاری نیند کو قربان کرکے ذکر الٰہی میں کچھ وقت صرف کریں یقیناً آپ ہی وہ خوش نصیب انسان ہیں جسے زندگی کی نوید ملی تو کیوں نہ اسے نیک اور صالح مسلمانوں کی طرح گزارا جائے۔

**کیا آپ موبائل پر فری ٹوٹکے پانا چاہتے ہیں؟**

مشکلات جتنی بھی ہوں' الجھنیں حد سے زیادہ ہوگئی ہوں' فری بالکل فری' بس اپنے موبائل پر Follow لکھ کر سپیس دے کر ubqari لکھیں اور 40404 پر میسج کریں اور روزانہ دفتر ماہنامہ عبقری لاہور سے انوکھے' حیرت انگیز وظیفے اور ٹوٹکے بالکل فری پائیں۔ نوٹ: 40404 ٹویٹر کی ایک فری SMS سروس ہے' کوئی بھی ادارہ اس سروس کو اپنی سہولت کیلئے اپنے نام سے شروع کرسکتا ہے۔ 40404 سے عبقری کے نام کے بغیر آنے والے میسج عبقری کی طرف سے نہیں ہیں۔ صرف وہی میسج عبقری کے ہیں جن کے شروع میں عبقری لکھا ہوگا۔

# رمضان میں فریج اور دیگر اشیاء کی حفاظت اور استعمال

## فریج کی حفاظت کے آزمودہ ٹپس

ہماری غذاؤں کی کوالٹی اور حفاظت کا دارومدار بہترین فریج کے علاوہ اس بات پر ہوتا ہے کہ ہم انہیں کیسے اسٹور کرتے ہیں۔ ذیل میں ہم کچھ ٹپس دے رہے ہیں تاکہ رمضان میں فریج اور اپنی اشیاء کی دیکھ بھال مناسب طریقے سے محفوظ رکھ سکیں۔

☆ غذاؤں کو مضبوط ڈھکن والے کنٹینرز میں رکھیں یا انہیں خشک ہونے سے بچانے اور تازہ رکھنے کے لیے پلاسٹک کی تھیلیوں میں رکھیں۔

☆ جلدی فریز کرنے کے لیے فریزر میں کھانے پینے کی اشیاء کم مقدار میں رکھنا بہتر ہے۔

☆ کھانے پینے کی گرم اشیاء کو فریج یا فریزر میں رکھنے سے پہلے باہر کے ماحول کے مطابق ٹھنڈا کرلیں یعنی عام کمرے کے درجہ حرارت کے مطابق ٹھنڈا کر کے فریج میں کھانا رکھیں۔

☆ فریج کے اندر چیزوں کو اس طرح ترتیب دیں کہ شیلفوں کے درمیان ٹھنڈی ہوا کا آسانی سے گزر ہوسکے۔شیلفوں میں پلاسٹک کی شیٹس نہ رکھی جائیں تو بہتر ہے کیونکہ اس طرح کولنگ متاثر ہوتی ہے۔

☆ گوشت، سبزیوں اور پھلوں کو دھونے کے بعد فریج میں رکھنے سے پہلے خشک کرلیں۔ چھلنی پران اشیاء کو رکھ کر اضافی پانی علیحدہ کیا جاسکتا ہے۔

☆ جو چیزیں پہلے اسٹور کی گئی ہوں انہیں پہلے اور جو نسبتاً بعد میں رکھی گئی ہوں انہیں اسی ترتیب سے بعد میں استعمال کریں۔

☆ کبھی کوئی ایسی چیز استعمال میں نہ لائیں جو دیکھنے یا سونگھنے پر عجیب سی لگے یا جس غذا سے جھاگ اٹھتے ہوئے دکھائی دیں۔انہیں ضائع کردینا بہتر ہے۔

☆ فریز کئے گئے گوشت کو ڈی فراسٹ کرنے کے بعد دوبارہ فریز نہ کریں تاوقتیکہ یہ پگھل چکا ہو۔ اس لئے جب فریزر صاف کرنا مقصود ہو تو اپنی اسٹور کی ہوئی غذاؤں کو کسی دوسرے کے فریزر میں بطور امانت فریز کروادیں۔

☆ تھرموسٹیٹ میکس پوزیشن پر ہونے کا مطلب یہ ہے کہ کمپریسر کو مسلسل کام کرنا پڑے گا جس سے آپ کے فریج کی کارکردگی متاثر ہوسکتی ہے۔ ایسا صرف انتہائی ضرورت کے وقت کریں۔

## فریج کی بیرونی صفائی

فریج کی باہر سے صفائی کے لیے نرم کپڑا اور نیم گرم پانی استعمال ہوگا اور فوراً ہی خشک سوتی کپڑے سے پونچھ ڈالئے۔ آج کل سیاہ اور سرخ رنگوں کے فریج مارکیٹ میں دستیاب ہیں۔ ان پر پانی کے دھبے پڑے ہوں تو بہت برا تاثر دیتے ہیں۔ بہتر ہے کہ انہیں ہاتھ کے ساتھ سوتی کپڑے سے صاف کیا جاتا رہے۔

## فریج کی اندرونی صفائی

فریج کی صفائی کے لیے تمام کھانے پینے کی اشیاء باہر نکال کر ڈش واشنگ ڈٹرجنٹ اور نرم کپڑے کے ساتھ نیم گرم پانی استعمال کریں۔

## کنڈنسر کی صفائی

فریج کے کنڈنسر کو ہر چھ ہفتے بعد برش یا ویکیوم کلینر یا بلوئر سے صاف کرلیں۔ اس سے فریج کی کولنگ کی صلاحیت بہتر ہوتی ہے مگر صفائی سے پہلے اسے OFF کردینا چاہئے۔

## لوڈشیڈنگ ہونے پر کیا کیا جائے؟

فوری طور پر آپ بھی فریج کا سوئچ آف کردیں۔ اس دوران کوئی نئی یا گرم چیز نہ رکھیں اور اگر ممکن ہو تو بار بار دروازہ بھی نہ کھولیں۔ اس طرح کم ازکم گھنٹے بھر کے لیے کولنگ برقرار رہ سکتی ہے۔ جب لائٹ آجائے تو بھی پانچ سے سات منٹ انتظار کرلیں۔ اس کے بعد سوئچ آن کریں۔ اس طرح کمپریسر پر غیرضروری دباؤ نہیں پڑتا۔

# آئیے! فریج میں کھانوں کو محفوظ رکھنے کی تدابیر سیکھتے ہیں!

## کھانوں کو محفوظ رکھنے کی تدابیر

| اشیاء | فریج میں محفوظ کرنے کی مدت | فریزر میں اسٹوریج کا مجوزہ وقت |
|---|---|---|
| بڑا گوشت | تین دن | دس ماہ |
| چھوٹا گوشت | تین دن | آٹھ ماہ |
| مچھلی | دو دن | چھ ماہ |

نوٹ: تازہ گوشت کو صاف کرنے کے بعد ایلومینیم فوائل یا پلاسٹک بیگ میں لپیٹ کر فریز کریں۔ اس طرح تازگی اور لذت دونوں برقرار رہتے ہیں۔

## دیگر کھانے

| اشیاء | فریج میں محفوظ کرنے کی مدت |
|---|---|
| مکھن | چھ ہفتے |
| پنیر | دو ہفتے |
| انڈے تازہ | بارہ ماہ |
| انڈے ابلے | ایک ہفتہ |
| دہی | چار دن |

## سبزیاں

| اشیاء | فریج میں محفوظ کرنے کی مدت |
|---|---|
| کارن، پالک | پانچ دن |
| مٹر، کھیرے، سلاد | دو ہفتے |
| سبز مرچیں | تین ہفتے |
| گاجر، گوبھی، مولی | ایک ماہ |
| بند گوبھی، لہسن، آلو | تین ماہ |
| ادرک | چھ ماہ |

نوٹ: سبزیوں کو ٹھنڈے پانی سے دھوکر چھلنی میں پانچ نچوڑ لیا جائے اس کے بعد شاپر یا ہوا ایئر ٹائٹ باکس میں رکھا جائے۔ سبزیاں رنگ بدلنے لگیں تو انہیں ضائع کردیں۔ کوشش کریں تازہ سبزی استعمال کریں' رمضان المبارک میں دو تین دن سے زیادہ سبزی سٹور نہ کریں۔

## پھل

| اشیاء | فریج میں محفوظ کرنے کی مدت |
|---|---|
| اسٹرابیریز | تین سے پانچ دن |
| تربوز | چھ دن |
| خوبانی، چیری، پپیتا | دو ہفتے |
| امرود، آم، ناشپاتی | تین ہفتے |
| لیموں | ایک ماہ |

شفائے حیرت سیرپ
ہر قسم کی کھانسی، دمہ، الرجی کیلئے خوش ذائقہ اور فوری اثر سیرپ
گلے کی سوزش ریشہ اور دیگر علامات کو جڑ سے ختم کرتا ہے
نزلہ و زکام تپ دق اور بخار کو دور کرنے کیلئے بہترین ٹانک ہے
پھیپھڑوں کو طاقت دے کر پھیپھڑوں کے زہر کو ختم کرتا ہے
"شفائے حیرت" چھاتی میں موجود بلغم کو ختم کرتا ہے
دورے والا دمہ ختم
بچوں، بوڑھوں، جوانوں و خواتین سب کیلئے یکساں مفید
قیمت 120 روپے علاوہ ڈاک خرچ
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

# انوکھا خاندانی راز! دو اسم پڑھنے سے ہر بیماری ختم!

محسن انصاری' لاہور

محترم قارئین السلام علیکم! میرا تسبیح خانہ سے تعلق گزشتہ پندرہ سال سے ہے' الحمدللہ! میں نے یہاں سے بہت فیض پایا ہے۔ چونکہ تسبیح خانہ سے پرانا تعلق ہے تو یہاں آنے اور خدمت کرنے والے احباب سے بھی اچھی سلام دعا ہے۔

آج میں ایک انوکھا واقعہ آپ کی نذر کررہا ہوں یقیناً لاکھوں قارئین اس سے مستفید ہوں گے اور میرے لیے صدقہ جاریہ۔ قارئین! حضرت حکیم صاحب کے پاس ایک خدمت والے اکثر آیا کرتے تھے' ان کا نام انصار تھا' ان سے اکثر ملاقات ہوتی رہتی تھی' ان کے ذمے پودوں کی خدمت تھی' پودوں کی دیکھ بھال کرتے' ان کو پانی وغیرہ دینا' کانٹ چھانٹ وغیرہ کرتے۔ ایک دن اپنی خدمت سے فارغ ہوکر میرے پاس آگئے' اور مختلف اعمال اوران کے فوائد پر بات شروع ہوئی بات چیت کے دوران انہوں نے بتایا کہ ان کے پاس ایک خاندانی راز ہے' میں نے حیرانگی سے پوچھا وہ کیا؟ کہنے لگے: جو شخص وہ پڑھے گا جتنا چاہے بیمار ہو اللہ پاک اسے صحت کاملہ عطا فرمادیتے ہیں۔ جب میں نے یہ سنا تو اپنی نشست سے اٹھ کر کھڑا ہوگیا' میں نے پوچھا وہ کیا عمل ہے؟' انہوں نے کہا اسم الٰہی یَاعَظِیْمُ یَاحَیُّ 1038 مرتبہ جو پڑھے گا اگر وہ بیمار ہے تو اللہ پاک اس کو صحت کاملہ عطا فرمائیں گے۔

میں نے اسی وقت یہ وظیفہ اپنے پاس لکھ لیا' اس کی بات میرے دل کو لگی اور اس وظیفہ کو جلد از جلد کسی پر آزمانے کا ارادہ کرلیا۔ انہی دنوں میرے گھر میں مستری' مزدور کام کررہے تھے' ایک دن میں گھر پر ہی تھا کہ دوپہر 12 بجے ایک مستری نے کہا کہ میں گھر جارہا ہوں' کچھ ایمرجنسی ہے۔ میں نے پوچھا کہ بھائی کیا ہوا؟ کیا ایمرجنسی ہوگئی تمہیں؟ اس نے استفسار پر بتایا کہ میرے والد صاحب شدید بیمار ہیں ان کو ہسپتال لے کر جانا ہے۔ وہ کافی دنوں سے بیمار ہیں علاج کروارہے ہیں مگر وقتی فائدہ ہوتا ہے' جیسے ہی دوائی کا اثر ختم ہوا طبیعت دوبارہ بگڑ جاتی ہے۔

اسی وقت مجھے انصار صاحب کا دیا ہوا وظیفہ یاد آگیا' میں نے جلدی سے جیب ٹٹولی تو اس کے اندر سے ایک پرچی نکلی' جس کے اوپر یہ وظیفہ لکھا ہوا تھا' میں نے اس کو وہ پرچی تھمائی اور کہا کہ گھر جاکر اسے پڑھو اور اگر والد صاحب پڑھ سکتے ہیں تو انہیں کہو کہ یہ عمل کریں ان شاء اللہ وہ بالکل ٹھیک ہوجائیں گے۔ اس بندے نے میری بات کو یقین سے لیا اور پرچی جیب میں ڈال کر جلدی سے گھر سے باہر نکل گیا۔ اس کے جانے کے بعد میں نے دعا کی یااللہ! میں نے اس کو تیرا نام دیا ہے تو اپنے نام کی لاج رکھ اور اس کے والد کو صحت کلی عطا فرما۔ کچھ دنوں بعد وہ مجھے دوبارہ ملا' تو چہرہ ہشاش بشاش تھا اور آتے ہی مجھے گلے سے لگالیا' میں نے ہنستے ہوئے کہا بھائی کیا ہوا؟ کوئی خوشخبری ہے؟ تو مسکراتے ہوئے جواب دیا کہ آپ نے مجھے یَاعَظِیْمُ یَاحَیُّ کا عمل دیا تھا۔ ہم تمام گھر والوں نے والد صاحب کی نیت کرکے صرف ایک ایک مرتبہ ہی کیا' اس وظیفہ کی بدولت آج میرے والد صاحب بالکل ٹھیک ہیں' ان کی صحت بحال ہوچکی ہے' حالانکہ وہ کئی ہفتوں سے شدید بیمار تھے۔ اب کسی قسم کی کوئی دوائی نہیں کھاتے۔ اس کے علاوہ میں نے دو سے تین بندوں کو مزید یہ عمل بتایا' الحمدللہ! کسی نے آکر مجھے یہ نہیں کہا کہ مجھے فائدہ نہیں ہوا۔ قارئین! آپ بھی یہ عمل ضرور آزمائیے اور بذریعہ عبقری تمام قارئین کو اس کا کمال بتائیے۔

## دنیاوآخرت میں آفات و مشکلات سے بچنے کے گر

پیٹ سے بڑھ کر کوئی بدترین برتن نہیں۔ (آقائے دو جہاں حضرت محمد ﷺ) علم بغیر عمل اور عمل بغیر علم گمراہی ہے۔ (آقائے دو جہاں حضرت محمد ﷺ) توبہ بوڑھے سے خوب اور جوان سے خوب تر ہے۔ (حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ)۔ مصیبت کی جڑ کی بنیاد انسان کی گفتگو ہے۔ (حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ)۔ نفس کی مخالفت تمام عبادتوں کا سرچشمہ ہے۔ (حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ)۔ جب تک کسی شخص سے بات چیت نہ ہو اسے حقیر نہ سمجھو۔ (شیر خدا حضرت علی رضی اللہ عنہ) جو برے آدمی پر رحم نہیں کرتا وہ اس سے بھی برا ہے۔ (حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ)۔ سچا ایمان یہ ہے کہ خدا کی تقسیم پر راضی رہے۔ (خیرالتابعین حضرت اویس قرنی رضی اللہ عنہ)۔ خدا سے غافل ہونا آگ میں جانے سے زیادہ سخت ہے۔ (حضرت جنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ) (ش، ط۔ سلطان پور)

# کامیابی کا صدیوں پرانا فارمولہ

(ن، ج۔ واہ کینٹ)

بنی اسرائیل میں ایک عبادت گزار تھا۔ اس نے پہاڑ کی کھوہ میں اپنا مسکن بنا رکھا تھا۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو اس عبادت گزار کی خبر ہوئی تو آپ ایک دن اس کے پاس پہنچے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کہا: کیا آپ کی کوئی حاجت ہے؟ عبادت گزار نے جواب دیا: آپ میرے لیے پروردگار سے اس کی رضا وخوشنودی کی دعا کردیں اور میری یہ التجا بھی پہنچا دیں کہ وہ مجھے زندگی بھر صرف اپنی ہی خوشنودی کے کاموں میں مشغول رکھے حتیٰ کہ میں اس سے جا ملوں۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام دعا و مناجات میں مشغول ہوگئے اور اپنے رب سے لذتِ کلام میں اس قدر ڈوب گئے کہ عبادت گزار کی باتیں یاد ہی نہ رہیں۔ اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام سے پوچھا: آپ سے میرے عبادت گزار بندے نے کیا کہا؟ موسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا: میرے پروردگار! تو ہی زیادہ جانتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام سے فرمایا: اے موسیٰ! اس عبادت گزار کے پاس جائیے اور کہیے کہ رات دن جتنی عبادت چاہے کرلے، وہ بہرحال جہنمی ہے کیونکہ میرے صحیفے میں اس کا نام گنہگاروں کی فہرست میں درج ہے، موسیٰ علیہ السلام اس عابد کے پاس گئے اور پروردگار کے فیصلے سے اسے آگاہ کیا تو عابد نے کہا: سبحان اللہ! میں اپنے پروردگار کے فیصلے کو خوش آمدید کہتا ہوں۔ پھر کچھ دیر بعد بولا: اے موسیٰ میرے پروردگار کے جاہ وجلال اور عزت وشان کی قسم! میں اس کے در سے پلٹنے والا نہیں اور اس فیصلے کو سن کر ہرگز مایوس نہیں بلکہ اب اپنے پروردگار سے میری محبت دوبالا ہوگئی ہے۔ اس کے بعد جب موسیٰ علیہ السلام دوبارہ اپنے پروردگار سے دعا ومناجات میں مشغول ہوئے تو عرض کیا: میرے رب! جو کچھ تیرے عبادت گزار بندے نے کہا ہے اس سے تو اچھی طرح واقف ہے۔ اللہ نے فرمایا: اے موسیٰ میرے اس بندے کو یہ خوشخبری سنا دیجئے کہ وہ جنتی ہے۔ میری رحمت نے اسے جا لیا ہے۔ اسے یہ بھی بتا دیجئے کہ اس نے میرا یہ خوش کن فیصلہ اپنے صبر و رضا کے عوض حاصل کیا ہے۔ کیونکہ میرا سابقہ فیصلہ سن کر بھی وہ چیں بہ جبیں نہ ہوا۔ (باقی صفحہ نمبر 55 پر)

خالص جڑی بوٹیوں کا کمال دیسی کریم
نام دیسی اور کام ولائتی کریموں سے کہیں زیادہ
ہر گھر میں ہر وقت اور ہر تکلیف کیلئے
کیل، مہاسے، چھائیاں، داغ دھبے دور کرنے کا آزمودہ قدرتی علاج
جلد کی تمام بیماریوں کیلئے دیسی کریم پر بھروسہ کریں
قیمت:۔ 500/ روپے
علاوہ ڈاک خرچ

# انسان اور جانور کی زچگی کیلئے دم شدہ گڑ کا آزمودہ عمل

## کسانوں کے روزمرہ مسائل اور عبقری کے آسان ٹوٹکے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں ایک گاؤں کا رہائشی ہوں‘ ہمارے اپنے جانور ہیں‘ الحمدللہ! دیکھ کر بڑی خوشی ہوتی ہے کہ ہمارے شہر اور گاؤں میں لوگ عبقری رسالہ کو پڑھتے بھی ہیں اور عبقری کی ادویات‘ نسخہ جات‘ وظائف پر بھرپور یقین بھی رکھتے ہیں۔ چونکہ میرا تعلق دیہات سے ہے لہٰذا میرے پاس کسان بھائیوں کیلئے دو آزمودہ عمل ہیں‘ ایک بات کی وضاحت کرتا چلوں کہ یہی عمل انسانوں کیلئے بھی لاجواب ہے‘ یقیناً جنہوں نے جانور رکھے ہیں انہیں بھی اس سے بہت فائدہ ہوگا۔

**انسان وحیوان کی زچگی کیلئے:** یہ عمل میں نے کئی مرتبہ آزمایا ہوا ہے‘ ہمارے ہمسائے کی گائے تھی‘ اس کے پیٹ میں ہی بچہ مرگیا تھا‘ گائے شدید تکلیف میں تھی اور لیٹی ہوئی تھی‘ ڈاکٹر کو بلایا اس نے کہا کہ اس کے پیٹ میں بچہ مرگیا ہے اب یہ اسی صورت باہر آسکتا ہے کہ یہ گائے کھڑی ہو‘ مگر گائے لاکھ کوشش کے باوجود تکلیف کی وجہ سے کھڑی نہ ہورہی تھی اور دوسری صورت اس کو ذبح کرنا ہی تھی اگر ذبح نہیں کریں گے تو گائے مرجائے گی۔ میرے والد تک جب یہ بات پہنچی تو میرے والد نے فوراً اکتالیس مرتبہ دو الفاظ ”الحمد آمین“ اول و آخر تین یا سات مرتبہ درود شریف پڑھ کر گڑ پر دم کرکے دیا۔ میں وہ گڑ لے کر ہمسائے کے گھر گیا اور انہیں کہا کہ یہ گڑ اپنی گائے کو کھلادیں‘ ہمسائے نے پریشانی کے عالم میں جلدی سے وہ گڑ گائے کو کھلایا‘ میرے دیکھتے ہی دیکھتے دو سے تین منٹ کے اندر اندر گائے نے بیٹھے بیٹھے ہی مردہ بچہ باہر نکال دیا۔

اسی طرح دوسرا مشاہدہ میں نے یہی عمل کرکے گڑ اپنے کزن کو دیا اس کی بیوی کی ڈیلیوری نہیں ہورہی تھی‘ اس نے اپنی بیوی کو ہسپتال میں کھلایا‘ کچھ ہی دیر میں ڈیلیوری ہوگئی۔ یہی عمل میں نے اپنی ہمشیرہ پر بھی آزمایا‘ الحمدللہ! آج میرا بھانجا آٹھ دن کا ہوگیا ہے۔ قارئین! انتہائی آزمودہ اور تیر بہدف روحانی ٹوٹکہ ہے۔ جنہوں نے جانور رکھے وہ بھی آزمائیں اور انسان بھی آزمائیں۔

**بھڑ یا بچھو وغیرہ کے کاٹے کیلئے:** ہمارے گاؤں میں کسی کو بھی بھڑ یا بچھو کاٹ لے تو اسے ایک سانس میں سات مرتبہ یہ آیت پڑھنے کا کہتے ہیں: وَاِذَا بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِیْنَ۔ فوراً تکلیف‘ درد اور جلن ختم ہوجاتی ہے۔ میرے اپنے اس عمل کے تین مشاہدات ہیں تینوں مرتبہ بھڑ نے کاٹا‘ دم کرنے سے نہ سوجن ہوئی اور نہ تکلیف‘ درد اسی وقت رک گیا ایک مرتبہ تو کاٹنے کے کچھ دیر بعد کیا کچھ سوجن ہوچکی تھی وہ بھی جلد ہی اتر گئی۔ (غلام مصطفےٰ‘ دنیاپور)

### کسان دوست عبقری کا ساتھ دیں

قارئین! آپ نے کوئی ٹوٹکہ روحانی ہو یا طبی جانوروں‘ فصلوں کی بیماری میں آزمایا ہو یا سنا ہو یا آپ نے گھر میں پودے لگائے ہیں یا گھر میں پرندے یا کوئی پالتو جانور رکھا ہے تو اپنے آزمودہ ٹوٹکے ضرور بھیجیں۔ بیماری کا نام اور دوائی کا نام واضح لکھیں تاکہ دوسرے بھی آسانی سے پہچان سکیں۔ آپ کے چھوٹے سے ایک ٹوٹکے سے لاکھوں کا بھلا ہوگا اور آپ کیلئے قیامت تک کیلئے صدقہ جاریہ اس عمل میں غفلت نہ کریں۔

**جانور شفاء:** سالہا سال کے مسلسل تجربات کے بعد عبقری کی جانور شفاء جانوروں کیلئے اور ان کی تمام بیماریوں کیلئے ہے۔ جانور کو موٹا تازہ صحت مند‘ سدا بہار رکھنے کیلئے جانور شفاء مویشی پال حضرات کیلئے بہت ضروری ہے۔ (قیمت -/130 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

# عبقری حویلی گیا اعمال کیے اور گھر میں رزق کی چہل پہل ہوگئی

**گھر میں رزق کی چہل پہل اور نمازی بن گیا:** محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں احمد پور شرقیہ کی قریبی بستی میں رہائش پذیر ہوں‘ پہلے ہم بہاولپور رہتے تھے مگر پانچ سال پہلے میری شادی ادھر ہوئی اور پھر کاروبار بھی احمد پور شرقیہ میں شروع کیا تو رہائش کا انتظام بھی سسرالی گھر کے قریب ہی کرلیا۔ شادی کے بعد بے شمار مسائل کا سامنا کرنا پڑا‘ قرض لیکر کاروبار شروع کیا جو نہ چل سکا‘ گھر میں فاقے شروع ہوگئے‘ قریب ہی سسرال کا گھر تھا اکثر سالن روٹی ادھر سے آجاتی اور ہم دونوں کھالیتے‘ میری ہمسائی نے میری بیوی کو ”عبقری حویلی“ کے متعلق بتایا جو کہ میرے گھر سے صرف آٹھ کلو میٹر دور تھی‘ میری بیوی نے مجھ سے بات کی اور اگلے دن ہم دونوں اپنے مسائل کے حل کیلئے عبقری حویلی روانہ ہوگئے۔ میں یہ بتاتا چلوں کہ مجھے یاد نہیں میں نے کبھی زندگی میں نماز جمعہ بھی ادا کی ہوگی‘ مگر پھر بھی عبقری حویلی پہنچا‘ وہاں جاکر بتائے گئے اعمال کیے‘ میری بیوی پڑھی لکھی ہے اس نے نوافل وغیرہ ادا کیے جبکہ میں دوسرے اعمال کرتا رہا‘ واپس آتے ہوئے اپنے مسائل کے حل کیلئے گیارہ کیل والا عمل کیا۔ اللہ کے ہاں دعا کی اور واپس آگئے‘ نجانے وہاں کیا بات تھی بہت سکون تھا‘ دل مطمئن تھا‘ اس سے پہلے بھی مختلف جگہوں پر گئے مگر وہاں بے سکونی تھی اور وہ لوگ پیسے مانگتے تھے مگر عبقری حویلی میں ہمیں بہترین لنگر دیا تھا‘ واپسی پر دم شدہ پانی اور نمک ملا‘ گیارہ کیل کا عمل کیا اور کسی قسم کی رقم کا ہدیہ نذرانہ‘ شکرانہ کا تقاضا نہ ہوا۔ میں ہر اتوار کو عبقری حویلی جانا شروع ہوا‘ اب الحمدللہ وہاں ہلکی پھلکی خدمت بھی کرتا ہوں‘ ذکر بھی کرتا ہوں‘ سب سے بڑھ کر مجھے نماز مل گئی‘ ذکر مل گیا‘ اللہ سے مانگنا آگیا اور ہاں گھر میں رزق کی چہل پہل ہوگئی۔ پہلے کرائے کے مکان میں تھا اب چھ ماہ کے اندر اندر اپنا تین مرلے کا پلاٹ بھی لے چکا ہوں ان شاء اللہ بہت جلد تعمیر کرکے ادھر شفٹ ہوجاؤں گا۔ محترم حکیم صاحب میرا نام اور محلے یا علاقہ کا نام شائع ہرگز نہ کیجئے گا۔ (پوشیدہ)

**بیمار شوہر صحت مند ہوگیا:** میرے شوہر گزشتہ 8 سال سے بیمار تھے‘ کاروبار تباہ کرچکے تھے‘ اب تو یہ حال تھا کہ گھر میں ہیں تو ٹھیک جیسے ہی گھر سے باہر نکلے طبیعت خراب‘ ہمارے چچا کے بیٹے نے عبقری حویلی کے متعلق تفصیل سے بتایا‘ میں نے اپنے بیٹے کو تیار کیا اور شوہر کو لے کر عبقری حویلی گئے‘ ہم تقریباً تین مہینے ہر جمعرات کو وہاں جاتے رہے‘ مغرب سے پہلے واپس آجاتے‘ اللہ کا شکر ہے وہاں کرنے والے اعمال کی وجہ سے میرے شوہر بالکل ٹھیک ہوگئے اور آٹھ سال پرانی بیماری اور جادو ختم ہوگیا۔ (ج‘ دنیاپور)

عبقری حویلی احمد پور شرقیہ میں ہونے والے مکمل اعمال کی تفصیلات صفحہ نمبر 63 پر ملاحظہ کیجئے!

جوہر شفاء مدینہ موت کے علاوہ ہر مرض کا علاج

شفاء کا ایسا بیش بہا خزانہ جس کا انتخاب بیشتر نبوی جڑی بوٹیوں سے کیا گیا
سالہا سال کے تجربات نے اسے خود گارنٹی اور کسوٹی بنادیا ہے

معدہ کا مسئلہ‘ بلڈ پریشر‘ جگر‘ گردے یا دل کے امراض صرف چند ڈبیاں آپ کو ان امراض سے نجات دلا سکتی ہیں

بڑی سے بڑی قیمتی ادویات جہاں ناکام ہوجاتی ہیں وہاں یہ دوا کام کرتی ہے۔

قیمت 150 روپے علاوہ ڈاک خرچ

# پاکستان کے مشہور ڈاکٹر کا علاج ٹوٹکے سے

چوہدری محمد فیاض، لاہور

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا تسبیح خانہ سے تعلق گزشتہ 14 سال سے ہے' الحمدللہ! ہر عبقری رسالہ میری نظر سے لازمی گزرتا ہے' جب تک عبقری نہ پڑھوں میرے دل کو چین نہیں ملتا۔ زندگی کی بے شمار اونچ نیچ میں عبقری ہی میرے کام آیا' عبقری کے وظائف نے ہی میرے بگڑے کام سنوارے اور بنائے۔ اگر میں عبقری سے نہ جڑتا یا مجھے عبقری نہ ملتا تو میں بھی دنیا کے بھیڑ میں کہیں ٹھوکریں کھا رہا ہوتا مگر نہیں! عبقری نے مجھے بنایا بھی سنوارا بھی جینے کا سلیقہ دیا' گفتگو کا طریقہ دیا۔ آج میں ایک کامیاب زندگی گزار رہا ہوں اور اس کے پیچھے عبقری کے وظائف اور قارئین کے تجربات و مشاہدات ہیں۔ میرا الحمدللہ! اپنا بزنس ہے' اندرون بیرون ممالک سفر رہتے ہیں' اکثر تجربات و مشاہدات ملتے رہتے ہیں اور میں عبقری میں وقتاً فوقتاً لکھتا رہتا ہوں تاکہ میرا بھی اس کارخیر میں حصہ ملتا رہے اور میرا اور میری نسلوں کیلئے صدقہ جاریہ رہے۔ گزشتہ دنوں سسرال سے میرے گھر مہمان آئے ہوئے تھے جن میں میرے سسر صاحب بھی تھے' ان سے کافی دیر مختلف ٹوٹکوں' نسخہ جات اور وظائف کے فوائد پر سیر حاصل گفتگو ہوتی رہی۔ گفتگو کرتے کرتے انہوں نے اپنی زندگی کا ایک انوکھا تجربہ بتایا' چونکہ رمضان کی آمد آمد ہے لہٰذا میں نے جلدی جلدی یہ واقعہ لکھا تاکہ لاکھوں قارئین رمضان المبارک میں بھرپور فائدہ اٹھاسکیں۔

**چلیے واقعہ انہی کی زبانی پڑھتے ہیں:۔** یہ آج سے تیس سال پرانا واقعہ ہے لاہور میں جیل روڈ پر ایک بہت بڑے ڈاکٹر پریکٹس کیا کرتے تھے' ان سے اپوائنٹمنٹ لینا جان جوکھوں کا کام تھا' اس وقت ایلیٹ کلاس طبقہ بھی بمشکل ہی وقت لیتا تھا۔ ان کے پاس انگریز (امریکہ' کینیڈا' انگلینڈ) سے لوگ وقت لے کر اپنا علاج معالجہ کرواتے تھے۔ میں نے بھی جب ان کی دھوم سنی تو میں بھی بمشکل ان سے وقت لے کر جا پہنچا۔ میرے کچھ طبی مسائل تھے' دو چار مرتبہ ملاقاتیں ہوئیں تو ان سے اچھی سلام دعا ہوگئی۔ ایک مرتبہ ان سے وقت لے کر ان کے پاس پہنچا تو ان کیلئے بہترین اعلیٰ قسم کی کھجور کا ہدیہ لے گیا' انہوں نے ہدیہ بہت خوشی کے ساتھ قبول کیا اور جب دیکھا کہ اس میں کھجور ہے تو مسکرا کر کہنے لگے: آپ کا بہت شکریہ آپ میرے لیے اتنا بہترین اور اچھا ہدیہ لے کر آئے مگر میں کھجور نہیں کھا سکتا۔ میں بڑا حیران ہوا اور حیرانگی کے عالم میں ان کی طرف دیکھتے ہوئے پوچھا: کیوں ڈاکٹر صاحب' کیا وجہ ہے کہ آپ اس جنتی میوے کو کھا نہیں سکتے۔

ڈاکٹر صاحب نے کھجور کو حسرت سے ہاتھ میں پکڑتے ہوئے کہا کہ دراصل مسئلہ یہ ہے کہ میں اگر کبھی غلطی سے بھی کھجور کھالوں تو میرے منہ میں چھالے بن جاتے ہیں' پھر اس کے لیے مجھے اینٹی بائیوٹک کھانی پڑتی ہے اور کم از کم دو سے تین دن میں سوائے لیکویڈ کے کچھ بھی نہیں کھا سکتا۔

میں بڑا حیران ہوا اور دل میں سوچا کہ اتنا بڑا ڈاکٹر ہو کر یہ کیسی مشکل میں گرفتار ہے۔ میں نے ڈرتے ڈرتے کہا کہ ڈاکٹر صاحب آپ ٹوٹکوں پر یقین کرتے ہیں۔ انہوں نے کھجور کو ایک طرف رکھتے ہوئے میری طرف حیرانگی سے دیکھا اور اپنی عینک اتار کر ٹیبل پر رکھ دی اور کہنے لگے کیا مطلب؟ میں نے کہا کہ میرے پاس ایک ٹوٹکہ ہے اگر آپ وہ آزما لیں تو آپ کو کھجور کچھ نہیں کہے گی جتنی مرضی کھالیں کبھی منہ میں چھالے نہیں بنیں گے بلکہ یہ کھجور آپ کی صحت' جسمانی فٹنس اور قوت کو چار چاند لگادے گی۔ میری بات سن کر انہوں نے ایک قہقہہ لگایا اور ٹیبل پر زور سے ہاتھ مارا اور اپنی ہنسی بمشکل روکتے ہوئے کہا: بھائی! کس دور کی بات کررہے ہیں؟ میں اتنا بڑا ڈاکٹر' میری اتنی فیس' مجھ سے ملنے کیلئے وزیر مشیر تک لائنوں میں لگے ہوئے ہیں' یورپ تک میری دھوم ہے' میں اس مرض کا علاج نہ کرسکا اور آپ مجھے ایک ٹوٹکہ بتارہے ہیں۔

# دس دن یہ ٹوٹکہ آزمائیے! مرض گارنٹی سے ختم

میں نے کہا: میں مانتا ہوں آپ بہت بڑے ڈاکٹر ہیں مگر میرے کہنے پر صرف دس دن یہ ٹوٹکہ استعمال کرلیں میں گارنٹی دیتا ہوں کہ آپ کا مرض ختم ہوجائے گا اور آپ کی صحت مزید نکھر جائے گی۔ میری سنجیدگی دیکھتے ہوئے ان کا مزاج ذرا دھیما ہوا اور بولے: اچھا بتائیں کیا ٹوٹکہ ہے؟ میں نے کھجور کو پکڑا اور کہا: آپ ہمیشہ کھجور اس طریقے سے کھائیں کہ جب بھی کھجور منہ میں ڈالیں ساتھ کھیرا کھائیں۔ (یعنی کھجور کو دانتوں سے آدھا کھائیں اور ساتھ کٹے ہوئے کھیرے کا ایک ٹکڑا کھائیں) آپ جتنی مرضی کھجوریں اس طریقے سے کھالیں آپ کو کبھی کوئی مسئلہ نہیں ہوگا بلکہ بہترین طاقت' فٹنس اور خوبصورتی کا لاجواب راز ہے۔ سارا دن آپ کو کبھی تھکاوٹ' الجھن' چڑچڑاپن' جسم کا ٹوٹنا' سستی' کاہلی' کمزوری ہرگز نہیں ہوگی۔ ہروقت چست' تازہ دم رہیں گے۔ میری بات کو انہوں نے سنجیدگی سے لیا اور مجھے کہنے لگے: میں آپ کے مشورے پر ضرور عمل کروں گا آپ گیارہویں دن میرے پاس آیئے گا۔ میری کچھ مصروفیات تھیں میں پندرہ دن بعد ان کے پاس حاضر ہوا' میری حیرانگی کی انتہا نہ رہی' وہ ڈاکٹر جو کسی سے سلام نہ لیتا تھا مجھے دیکھتے ہی اپنی کرسی سے اٹھا اور گلے لگایا۔ بیٹھتے ہی کہنے لگا: جناب! زندگی میں پہلی مرتبہ ہوا کہ کھجور کھانے سے میرے منہ میں چھالے نہیں ہوئے' میں نے جی بھر کر کھجور آپ کے بتائے ہوئے طریقے کے مطابق کھائی' میں کھجور کے بے پناہ فوائد جانتا تھا مگر اس سے محروم تھا' آج میرے ہاتھوں میں جو جان ہے' میرے قدموں میں جو جماؤ ہے وہ پہلے ایسے نہ تھا۔ اب میں چلتا ہوں کمر بالکل سیدھی رہتی ہے' کمر میں درد' جھکاؤ' سستی' جھنجھلاہٹ سب ختم ہوچکا ہے۔ میں آپ کا انتہائی مشکور ہوں۔ میں نے ان کی بات کاٹتے ہوئے کہا کہ آپ میرا نہیں بلکہ آقائے دوجہاں حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا شکریہ ادا کیجئے کیونکہ یہ ٹوٹکہ میرا نہیں بلکہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی احادیث کے الفاظ ہیں۔ میری بات سن کر ان کی آنکھوں میں آنسو آگئے۔ میں نے انہیں پھر حدیث مبارک سنائی: آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا ارشاد پاک ہے ''کھجور کے ساتھ ککری (کھیرا) کھائیں تو گرمی کی تاثیر ٹھنڈا کردیتی ہے۔'' میں نے حدیث مبارکہ سنائی اور ان سے اجازت لی اور وہاں سے واپس آگیا۔

## ایک تسبیح صبح وشام پڑھی رب نے رنگ دیا

حالات کے ہاتھوں تنگ رمضان المبارک میں ایک تسبیح صبح وشام پڑھیں اور زندگی میں کمال دیکھیں۔ ایک قاری کا انوکھے مشاہدات پر مبنی خط مکمل مئی 2020 رمضان خاص نمبر میں ضرور پڑھیں!۔

**دردی ہربل بام**

خصوصی رعایتی پیکیج بڑی ڈبی کم قیمت' کئی ہفتے چلے

پٹھوں کا درد ہو یا کوئی اعصابی درد ہو' بدن کے کسی بھی جوڑ میں درد ہو' فالج' لقوہ' رعشہ' کمر کا درد' پانی میں بھیگنے سے سردی لگ جائے' کسی عضو کا پھڑکنا' پنڈلیوں کا درد' نقرس' لاغری' ہاتھ پاؤں کا سوکھ جانا' موچ آجانا' بجلی کا شاک لگنا' کمر میں ڈسک پرابلم ہو یا کسی ہڈی کا ٹوٹ جانا' جوڑ جوڑ درد کرتا ہو بس دردی ہربل بام کا استعمال کریں۔ قیمت:=/80 روپے

ایسا بام جو جسم کے انگ انگ سے درد نکال پھینکے

# رمضان میں ایک مشروب بنا کر لطف دیکھیں!

قارئین! آپ کیلئے قیمتی موتی چن کر لاتا ہوں اور چھپاتا نہیں‘ آپ بھی سخی بنیں اور ضرور لکھیں (ایڈیٹر: شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی)

## کیا وہ انسان نہیں تھے؟

آج سے پہلے گرمی بھی بہت تھی اور اس سے بچنے کا کوئی سامان ہی نہیں تھا‘ فریج کو کون جانتا تھا؟ برف کہاں ہوتی تھی؟ گلی گلی برف کے بلاک اور بکتی برف‘ ٹھنڈے مشروبات‘ اے سی‘ روم کولر ان سب چیزوں کا گمان‘ خیال اور تصور ہی نہیں تھا‘ لوگ رمضان میں گندم کی کٹائیاں بھی کرتے تھے‘ کھیتوں میں کام‘ کھدائیاں‘ درختوں پر چڑھ کر پھلوں کی چنائی‘ گلیوں‘ بازاروں میں پھر کر سامان بیچنا‘ اتنی اونچی آوازیں لگانا کہ تین آوازوں کے بعد انسان کا حلق خشک ہوجائے اور بول نہ سکے لیکن وہ لوگ روزے بھی رکھتے تھے اور زندگی کا کاروبار بھی کرتے تھے اور تھکتے نہیں تھے‘ گھبراتے نہیں تھے‘ کیا وہ انسان نہیں تھے؟ کیا وہ کسی اور مٹی کے بنے ہوئے تھے؟ ان کے پاس زندگی کا کون سا ایسا میٹریل اور مواد تھا جسے وہ روزے کے دوران خرچ کرتے رہتے تھے‘ مانا کے اونٹ کے اندر ایک پانی ہوتا ہے جسے وہ ذخیرہ کرلیتا ہے اور سات دن تک مسلسل اس ذخیرے کو استعمال کرتا رہتا ہے لیکن انسان میں تو ایسا کوئی نظام نہیں‘ اس کی بنیاد دراصل وہ ایسی دیسی اور فطری غذائیں اور مشروب استعمال کرتے تھے جو انسانی فطرت کے قریب بلکہ قریب تر تھے اور انسانی فطرت کو صحت مند رکھنے کے لیے اور زندگی کو تنومند رکھنے کے لیے ان کا بہت بڑا کردار تھا۔ آیئے! آپ کو ایک مشروب بتاتے ہیں وہ مشروب کم ٹانک زیادہ‘ ٹانک کم زندگی زیادہ اور زندگی کم طویل عمری زیادہ اور طویل عمری کم سدا بہار حسن و جمال‘ کمال‘ صحت وتندرستی‘ چستی زیادہ سے کہیں زیادہ۔

## مغل بادشاہ ہمایوں کے زیر استعمال مشروب

یہ وہ مشروب ہے جو آج کی ایجاد نہیں صدیوں پہلے کی ایجاد ہے بلکہ وہ میری بھی ایجاد نہیں میں تو بحیثیت ڈاکیا آپ تک امانتیں پہنچاتا رہتا ہوں کوشش کرتا ہوں کہ کوئی بھی امانت ایسی نہ ہو جو میں اپنے ساتھ قبر میں لے کر چلا جاؤں بلکہ یہ وہ امانت ہے کہ ہمایوں بادشاہ جب راجھستان‘ جھیسل میر‘ چولستان اور تھر کو پار کرتا ہوا اپنی منزل کی طرف جارہا تھا لیکن اس کی کوئی منزل نہیں تھی اس سے اقتدار چھن چکا تھا اس وقت اس کے وقائع نگار جوہر آفتابچی نے تاریخ کا انوکھا باب لکھا جو آج بھی کتابوں میں موجود ہے اس نے لکھا کہ ہم سفر میں تھے اور ہمیں قلعہ عمرکوٹ سندھ تک جانا تھا وہاں کچھ ہمایوں کے محسن تھے جنہوں نے اسے پناہ دینی تھی اسی دوران رمضان آگیا‘ ہمایوں نے فوراً اسی ٹوٹکے کا طریقہ اپنے شاہی طبیب کے ذریعے ہمیں بتایا‘ اب کوئی شاہی طبیب نہیں تھا چند لوگوں کا قافلہ تھا نہ حکومت‘ نہ اقتدار‘ نہ ہٹو بچو‘ نہ چوبدار‘ نہ بلند آوازیں کچھ بھی نہیں تھا بس ایک قافلہ تھا جو چھپتا چھپاتا چل رہا تھا۔

## بابر نے اپنے شاہی معالجین اور طبیبوں سے سیکھا

یہ وہ ٹوٹکہ تھا جو مغل بادشاہوں کو ہندوستان کی سلطنت حاصل کرنے کے بعد ملا تھا‘ ہمایوں نے بابر سے سیکھا تھا اور بابر نے اپنے شاہی معالجین اور طبیبوں سے سیکھا تھا‘ ایسا کمال‘ ایسی تاثیر‘ سخت گرمی تھی‘ لُو کے تھپیڑے تھے‘ ہمارے چہرے سیاہ ہوگئے تھے‘ جلد جل گئی تھی‘ جسم مرجھا گئے تھے‘ پانی کی کمی کی وجہ سے ہمارے کئی ساتھی صحرا میں مرگئے تھے‘ ہم نے جب یہ ٹوٹکہ بنایا اور تھوڑا تھوڑا اس کو استعمال کیا کیونکہ ہمارے پاس وسائل نہیں تھے اور ہم بے بس اور مجبور تھے جس نے بھی یہ ٹوٹکہ کیا وہ روزانہ میلوں چلتا تھا روزے کے ساتھ کیونکہ پیاس بھوک کی وجہ سے ہماری بہت ساری سواریاں بھی مرگئی تھیں لیکن جس نے بھی اس مشروب کے چند گھونٹ پیے تھے‘ وہ صحت مند‘ تندرست اور نہایت توانا تھا۔ قارئین! یہ تحفہ میں آپ کو دینا چاہ رہا ہوں‘ میں چاہتا ہوں کہ گرمیوں میں یہ تحفہ بنائیں اپنے دوستوں کو تحفہ ہدیہ دیں‘ گفٹ دیں خود بنائیں‘ اس میں چینی میٹھا ہرگز نہ ڈالیں بلکہ اسی میں سب کچھ ہے گھونٹ گھونٹ پئیں‘ گھونٹ گھونٹ اس کو صبح پئیں اور شام پئیں یعنی سحری افطاری میں پئیں‘ روزے کے علاوہ بھی آپ یہ مشروب اپنی زندگی کا معمول بنالیں۔

## اب اس مشروب کے فوائد پڑھیں!

اس کے فوائد پڑھ کر آپ دنگ رہ جائیں گے: ہائی بلڈ پریشر‘ ذہنی ٹینشن‘ اعصابی کھچاؤ‘ تناؤ‘ معدہ کی تیزابیت‘ پرانی قبض‘ جلن‘ غذا کی نالی کی سخت جلن‘ ہاتھ پاؤں میں گرمی‘ پیشاب سڑ کر‘ جل کر آنا‘ خواتین میں لیکوریا اور مردوں میں پیشاب کے بعد قطرے‘ جن کو گرمی بہت زیادہ لگتی ہو جو ٹھنڈے کپڑے لپیٹ لپیٹ کر تھک گئے ہوں یا اے سی بہت زیادہ استعمال کرنے پر مجبور ہوگئے ہوں‘ ٹھنڈے مشروبات سے اکتا گئے ہوں اور رمضان کے روزے چاہتے ہوں‘ انہیں اس کی شدت محسوس نہ ہو‘ ایسے تمام نظام کو اگر ہم چاہتے ہیں کہ بہترین ہوجائے تو اس کے لیے ہمارے پاس یہ مشروب ہے اور اس مشروب کا کمال سوفیصد ہے۔ آپ جب استعمال کریں گے اس کے اور فوائد مزید بہت پائیں گے‘ میں نے اس کے تھوڑے فوائد بتائے ہیں۔ آیئے! ہم مشروب کا طریقہ سیکھتے ہیں: ھوالشافی: گل قند ایک کلو (تازہ ہو گلاب کے پھولوں کی) چھوٹی الائچی 50 گرام‘ بڑی الائچی 100 گرام‘ چھوٹی الائچی اور بڑی الائچی بہت باریک پیس لیں اور اس کو گل قند میں ملا کر ہاتھوں سے خوب ملیں‘ اتنا ملیں‘ اتنا ملیں کہ پھول گل قند‘ الائچی کچھ نظر نہ آئے۔ پھر اس میں تین کلو پانی ڈال کر اس کو خوب ابالیں‘ ہلکی بالکل آنچ پر جب یہ گاڑھا ہوجائے اس کو محفوظ رکھیں‘ مشروب تیار ہے بالکل نہ چھانیں اور نہ اس کو فلٹر کریں۔ بس! دو سے پانچ بڑے چمچ گلاس پانی میں گھول کر پئیں اس کی تاثیر اور کمال دیکھیں کیونکہ اس میں زیادہ میٹھا بھی نہیں ہوگا اور آپ چاہیں تو اس میں میٹھا ڈال سکتے ہیں لیکن یہی سب کچھ ہے۔


### فالج کے مریضوں کے لیے دیسی نسخہ

ایک قاری نے لاکھوں قارئین کیلئے بھیجا انوکھا آزمودہ فارمولہ‘ بس وہ فارمولہ تیار کریں اور بتائے گئے طریقے سے استعمال کریں۔ فالج کا مریض چند ہفتوں میں اپنے قدموں پر کھڑا ہوتا دیکھیں۔ مئی 2020 رمضان شمارہ پڑھنا ہرگز نہ بھولیے!

### رمضان میں لیجئے مالدار بننے کا آزمودہ فارمولہ

کرائے کا گھر‘ تنگدستی‘ فاقے‘ انکم انتہائی کم‘ عبقری سے ملا انوکھا عمل! مالدار بننے کا راز لیجئے اور رمضان المبارک میں ضرور کیجئے اور کرائے کے گھر اور تنگدستی سے نجات پایئے۔ فالج کا فارمولہ اور مالدار بننے کا راز مئی 2020ء رمضان المبارک خاص نمبر میں ضرور پڑھیے اور شفاء پایئے!

بے شمار کا آزمودہ! شوگر کورس
شوگر سے پیدا شدہ تمام عوارضات ہمیشہ کیلئے ختم
آج ہی سے استعمال شروع کریں اور مردہ زندگی میں جان ڈالیں
قدرتی خالص اجزاء پر مشتمل ہر سائیڈ ایفکیٹ سے پاک
شوگر کا خاتمہ ممکن ہے
قیمت 800 روپے
علاوہ ڈاک خرچ

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوایئے۔ 0332-7552382

# پریشان اور بدحال گھرانوں کے الجھے خطوط اور سلجھے جواب

## رات بھر جاگتے ہیں

آج کل امتحان کی تیاری کر رہا ہوں۔ سارے دوست رات بھر جاگ کر پڑھتے ہیں اور میں دن میں پڑھتا ہوں۔ دوپہر کے بعد سے یہ خیال آنے لگتا ہے کہ رات کو نیند نہیں آئے گی کیونکہ واقعی مجھے رات کو نیند نہیں آتی۔ پڑھنے میں بھی دل نہیں لگتا (کاشف' بنوں)

**مشورہ:** بے خوابی اور پڑھنے میں دل نہ لگنا دو الگ مسائل ہیں۔ اگر پڑھنے میں دل لگے گا تو بے خوابی کی شکایت ختم ہو جائے گی۔ آج سے نیند نہ آنے کا خیال ذہن میں لانا چھوڑ دیں۔ بلکہ پڑھے جانے والے مضامین کو تقسیم کرلیں اس طرح کہ ایک حصہ صبح پڑھا جائے اور دوسرا حصہ شام کو پڑھیں۔ رات کو سونے سے قبل پڑھے جانے والے مضامین کو دہرانا شروع کریں، اس طرح اطمینان کا احساس ہوگا۔ ذمہ داریوں کو بہتر طریقے سے انجام دینے والے پرسکون اور قدرتی نیند سے محروم نہیں رہتے۔

## پانچ سالہ بچے کے ساتھ نفسیاتی مسئلہ

اس وقت میرا بیٹا پانچ سال کا تھا مجھے اس کی شرارت پر غصہ آتا اور میں اس کو تھپڑ مار کر ایک کونے میں بٹھا دیتا۔ وہ نظر بچا کر کسی بھی وقت کونے سے نکل کر بھاگ جاتا۔ میں دیکھتا کہ کونا خالی ہے تو مسکرا دیتا۔ آج صورتحال مختلف ہے۔ اب وہ پندرہ سال کا ہے۔ اگر اسے سست، کاہل یا نکما کہہ دوں تو منہ بنالیتا ہے، کتنے گھنٹے تک بات نہیں کرتا حالانکہ میری اس سے دوستی ہے۔ اس کے ساتھ ضرور کوئی نفسیاتی مسئلہ ہے۔ (جواد' حیدرآباد)

**مشورہ:** نوعمر بچوں میں نفسیاتی مسئلہ نہیں بلکہ نفسیاتی مسائل ہوتے ہیں۔ وہ بچپن کی حدود سے نکل کر جوانی کی منزلوں میں قدم رکھتے ہیں۔ ایسے موقع پر والدین کو چاہیے کہ ان کا خاص خیال رکھیں۔ تھپڑ کی تکلیف سے زیادہ اثر منفی الفاظ کا ہوتا ہے لیکن اس کا یہ مطلب نہیں کہ آپ بچے کو دوبارہ تھپڑ مارنا شروع کردیں بلکہ ضرورت اس بات کی ہے کہ اس کو سخت الفاظ نہ کہیں۔ وہ بری باتیں جو غصے میں کہی جائیں عرصہ گزرنے کے بعد بھی بچوں کو یاد رہتی ہیں، خاص طور پر اپنے والدین کے الفاظ کو کبھی اپنے ذہن سے نہیں نکال سکتے۔

## دراصل اس کو خود پر اعتماد نہیں

میری چھوٹی بہن پڑھنے میں بہت اچھی ہے۔ گھر میں سب ہی کی رائے ہے کہ اس کو اس بار چھٹی جماعت کا امتحان پاس کرنے کے بعد ساتویں کے بجائے آٹھویں جماعت میں پروموٹ کروادیں مگر وہ اپنی ذہانت کا یقین نہیں کرتی۔ ڈرتی ہے کہ مشکل ہوگی۔ دراصل اس کو خود پر اعتماد نہیں۔ (ش، لاہور)

**مشورہ:** بچی اپنی ذہنی صلاحیتوں کے بارے میں دوسروں سے زیادہ واقف ہے اس کا ڈر فطری ہے نفسیاتی نہیں لہٰذا بہتر یہی ہے کہ اس کو چھٹی کے بعد ساتویں جماعت پڑھنے کا موقع دیا جائے۔ ماہرین تعلیم کے مطابق بچوں کو آسان سے مشکل کی طرف لایا جاتا ہے۔ اس کی مثال یہ بھی ہے کہ ایک ایک سیڑھی چڑھنے والے پوری سیڑھیاں آسانی سے چڑھ لیتے ہیں، اگر ایک ساتھ کئی سیڑھیاں چڑھنا چاہیں تو گرنے کا خطرہ ہوتا ہے۔

## بیرون ملک گئی تو یہ تنگ گلیاں ہی یاد آئیں گی

اونچی عمارات اور تنگ و تاریک گلیاں مجھے عجیب سی گھٹن کا احساس دلاتی ہیں۔ میری ایک بہت گہری سہیلی ہے وہ ایسی ہی جگہ پر رہتی ہے۔ میں اس کے گھر نہیں گئی۔ وہ ہی میرے گھر آتی ہے۔ اب ایک بڑا مسئلہ آن کھڑا ہوا جس لڑکے سے میری شادی ہورہی ہے وہ یورپ میں پڑھ رہا ہے لیکن اس کا گھر ایسی ہی جگہ پر ہے۔ والدین اس رشتے پر بے حد خوش ہیں مگر میں پہلے دن سے پریشان ہوں۔ کچھ کہہ بھی نہیں سکتی کہ واقعی لڑکا تو اچھا ہے۔ میری دوست کہتی ہے تمہارے ساتھ نفسیاتی مسئلہ ہے، تم خود کو ٹھیک کرو جبکہ بڑی بہن کا کہنا ہے کہ تمہیں یہاں نہیں رہنا تم باہر رہوگی۔ (ع۔ قصور)

**مشورہ:** کسی ناگوار تجربے، ناول یا فلم نے تنگ گلیوں اور اونچی عمارات کے حوالے سے دماغ میں ناپسندیدگی کا احساس پیدا کردیا۔ یہی وجہ ہے کہ اس صورتحال میں گھٹن محسوس ہوتی ہے۔ یہ بڑا مسئلہ جس سے پریشان ہیں اس کا حل آسان ہے۔ اپنی دوست کے گھر جایا کریں اس کے گھر کیلئے گلیوں سے گزرتے ہوئے ہونے والی گھبراہٹ پر قابو پائیں اور اپنی توجہ کا مرکز اس کی والدہ، بہنوں وغیرہ سے ملاقات کو بنائیں۔ اِدھر اُدھر کی باتیں کریں، دیکھیں کہ یہاں لوگ رہتے ہیں۔ جب کبھی ملک سے باہر رہنے کا موقع ملے گا تو اپنے ملک کی یہ تنگ گلیاں بھی یاد آئیں گی۔

## وہ لڑکی ہو کر نہیں ڈرتی اور تم مرد ہو کر گھبراتے ہو

مجھے اپنی کزن کو یونیورسٹی پہنچاتے ہوئے آفس جانا ہوتا ہے۔ جب حالات خراب ہوتے ہیں، میں چھٹی کرلیتا ہوں حالانکہ چھٹیوں کا اثر میری جاب پر پڑ رہا ہے مگر میں ڈرتا ہوں۔ کہیں دھماکہ ہوا یا راستے میں کسی جگہ سے فائرنگ کی خبر سن لوں تو دل کانپتا ہے پھر میں وہاں سے نہیں گزر سکتا۔ لیکن کزن کو خوف نہیں ہوتا، وہ اکیلی چلی جاتی ہے۔ گھر والے کہتے ہیں دیکھو وہ لڑکی ہو کر نہیں ڈرتی اور تم مرد ہو کر گھبراتے ہو۔ یہ طعنہ بھی برداشت نہیں ہوتا۔ صرف برے حالات کا سن کر میں رکتا ہوں۔ شام کو معلوم ہوتا ہے کہ سب کچھ ٹھیک ہی تھا اور دفتر میں بھی لوگ آئے تھے۔ (ن۔ع، کراچی)

**مشورہ:** حقیقی خطرے میں خوف زدہ ہونا فطری ہے، ایسے موقع پر بہادر بننے والے بے وقوف ہوتے ہیں کیونکہ وہ جان بوجھ کر خود کو خطرے میں ڈالتے ہیں۔ خراب حالات میں ایک لڑکی کا تنہا جانا اور خاص طور پر فائرنگ ہوتی ہوئی جگہ سے گزرنا خطرہ ہے۔ اگر خراب حالات کی افواہ ہو اور راستے ٹھیک ہوں تب چھٹی کرنا اور گھر پر رہنا اپنا نقصان کرنا ہے۔ آپ اپنے خوف کو پہچانیں کہ کب پریشانی ہوتی ہے اور کیا اس وقت واقعی حالات خراب ہوتے ہیں یا صرف آپ محسوس کرتے ہیں۔ خطرے کے بغیر خطرناک صورتحال کا تصور کر کے گھبراہٹ ہوجانا ذہن کی پیداوار ہے۔

## میں مہنگے موبائل فون اور گاڑی سے محروم کیوں ہوں؟

میں نے ایک نجی یونیورسٹی میں داخلہ لیا۔ یہاں اکثر لڑکوں کے پاس مہنگی گاڑیاں ہیں، قیمتی موبائل فون ہیں، کئی تو نشہ کرتے ہیں۔ ان کی بے فکری اور لاابالی پن کو دیکھ کر حسرت ہوتی ہے کہ مجھے تو اپنی فیس کے لیے ہی کتنی بار کہنا پڑتا ہے۔ گھر والوں کو یہ رقم زیادہ لگتی ہے۔ احساس محرومی ہوتا ہے کہ میں ان چیزوں سے محروم کیوں ہوں؟ (محمد عظیم' اسلام آباد)

**مشورہ:** محرومی اور احساس محرومی میں فرق ہے۔ شاید ہی ایسا کوئی فرد ہوگا جو کبھی نہ کبھی قیمتی چیزوں سے محروم ہونے کے بارے میں اپنے دل میں خیال نہ لاتا ہو۔ کم یا زیادہ، چھوٹا یا بڑا، عارضی یا دائمی اس خیال کا شکار ہونا فطری سی بات ہے۔ اس کے ساتھ ہی خود کو مثبت انداز میں سمجھانا اور حاصل نعمتوں پر شکر کرنا سکونِ قلب و ذہن کا سبب بنتا ہے۔ آپ نے احساسِ محرومی کا ذکر کیا۔ یہ وہ احساس ہے جو جسم تو جسم روح کو بھی اپنی لپیٹ میں لے لیتا ہے اور اس کے لیے کسی مادی شے سے محروم ہونا بھی ضروری نہیں، گھر والوں کی محبت کا اندازہ لگائیں کہ وہ مشکلات کے باوجود آپ کی فیس دے رہے ہیں۔ مادی چیزوں سے توجہ ہٹا کر تعلیم حاصل کریں۔ وقت کے ساتھ سب کچھ حاصل ہوجاتا ہے۔

عبقری تلبینہ

عورتوں' بچوں اور مردوں کے تمام امراض کیلئے نبوی ٹانک

عبقری تلبینہ نا صرف مریضوں بلکہ صحت مندوں کیلئے بہت بہترین چیز

ٹینشن' ڈپریشن' تھکان' جسمانی' کمر' ٹانگوں کا درد' پٹھوں کا کھچاؤ' ہر کمزوری کا علاج

قیمت 100 روپے علاوہ ڈاک خرچ

بچوں' بڑوں' بوڑھوں اور گھر بھر کے افراد کیلئے غذا' ٹانک بھی' دوا بھی شفاء بھی اور عطا بھی

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگواسکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

# رات کو عمل کیا! صبح کوئی پاؤنڈز سے بھرا لفافہ دے گیا

محمد عبدالحی کھیڑا قادری، خوشاب

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے بیٹے نے اے سی سی اے لاہور میں داخلہ کی خواہش کی تو میں نے کہا کہ بیٹا اتنی رقم میں کہاں سے لاؤں؟ بچے نے ضد کی میں بہت پریشان ہوا آخر میرے دل میں یہ وظیفہ پڑھنے کا شوق پیدا ہوا۔ سخت گرمیوں کا موسم تھا میں نے بعد نماز عشاء دو رکعت نماز نفل (حاجت) کے پڑھ کر خلوت میں یَالَطِیۡفُ 16641 مرتبہ پڑھا (129 تسبیح) اور ہر تسبیح کے بعد اَلَا یَعۡلَمُ مَنۡ خَلَقَ وَھُوَ اللَّطِیۡفُ الۡخَبِیۡرُ (سورۂ ملک) تین دفعہ پڑھ کر پھر یَالَطِیۡفُ کا وظیفہ پڑھتا رہا' سحری کے وقت وظیفہ ختم ہوا۔ صبح اذان کے بعد نماز فجر پڑھ کر سوگیا کیونکہ ساری رات کا جاگا' دن گیارہ بجے اٹھا' غسل کیا اور بازار سبزی لینے گیا' واپسی پر گھر آیا تو گھر بچوں نے کہا کہ یہ لفافہ دروازے پر کوئی دے گیا ہے' میں نے جب لفافہ کھولا تو پاکستانی کرنسی کے مطابق (ایک لاکھ پچاس ہزار روپے) کے بدل برطانیہ کے پاؤنڈ تھے بچے کو جتنی فیس کی ضرورت تھی اللہ نے اتنے پاؤنڈ عنایت فرمادیئے۔ میں نے پوچھا جو دروازے پر گئی اس نے کہا کوئی موٹر سائیکل پر آدمی آیا اور اس نے پوچھا کہ عبدالحیٔ کا مکان ہے میں نے کہا ہاں؟ پوچھا: وہ کدھر ہیں؟ بچی نے جواب دیا بازار سبزی لینے گئے ہیں' اور وہ یہ لفافہ دے کر چلا گیا کہ ان کو دے دینا۔ میں لفافہ پکڑے کافی دیر سوچتا رہا کہ کون ہوسکتا ہے مگر میں نے آج تک نہ کسی سے ادھار لیا تھا نہ کسی کو دیا تھا۔ پھر ایک ہی خیال بار بار آئے کہ اللہ کریم نے غیبی مدد فرمائی ہے۔ سبحان اللہ!

### پیپرز میں کامیابی کا لاجواب وظیفہ

میرا بیٹا برطانیہ کے کالج میں داخلہ ملنے کے بعد جب پہلا پیپر دینے لگا تو فون کیا کہ ابو پیپر کی کامیابی کے لیے اس رات والا وظیفہ یَالَطِیۡفُ پڑھیں میں نے فون پر جواب دیا کہ بیٹا ساری رات میں اب جاگ نہیں سکتا طبیعت خراب ہوجاتی ہے آپ یہ وظیفہ بارہ دن پڑھیں انشاء اللہ کامیابی ہوگی بعد نماز عشاء 1200 مرتبہ 12 دن پڑھیں یَا بَدِیۡعَ الۡعَجَائِبِ بِالۡخَیۡرِ یَا بَدِیۡعُ۔ 14 پیپر تھے بچے نے ہر پیپر کے کامیابی کے لیے مندرجہ بالا وظیفہ پڑھا اللہ نے کامیابی عطا فرمائی۔ الحمدللہ!

## گھریلو مسائل کا انسائیکلوپیڈیا

### ہر بیماری/الجھن کیلئے آزمودہ دم

ہر قسم کے درد کیلئے سینے میں' جوڑوں میں' دانت میں' سر میں درد، ہر پریشانی' بیماری/الجھن کیلئے میرے والد درج ذیل دم کیا کرتے تھے اور ان کے بعد میں بھی کرتا ہوں تو لوگوں کو لاجواب فائدہ ہوتا ہے۔ اس کا صرف ایک واقعہ درج کررہا ہوں۔ میرے پاس ایک پٹھان بھائی آئے' گردے کے مرض میں مبتلا تھے' میرے پاس دوائی لے کر آیا کہ اس پر دم کردیں' میں نے اس کو کہا کہ دوائی لے جاؤ لیکن وہ نہ مانا اس کے اصرار پر پانی پر دم کردیا اور کہا کہ وہ خود بھی سارا دن مسلسل اور لاتعداد پڑھ کر پانی پر دم کرکے پیے اس عمل سے اس کی پتھری نکل گئی۔ دم یہ ہے: اَللّٰھُمَّ اَنۡتَ الۡبَاسِطُ

**ہر مقصد کے حل کیلئے آسان عمل:** نماز فجر کی سنت اور فرض کے درمیان 41 مرتبہ الحمد شریف وصل بسم اللہ کے ساتھ پڑھیں اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف آخری مرتبہ اِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَاِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ کو 41 بار تکرار کریں پھر دعا کریں۔ (اللھم، ص186) بعد نماز عشاء دو نفل پڑھ کر گیارہ سو مرتبہ درود شریف پڑھیں اور اپنے مطلوبہ کام کے حل کیلئے دعا کریں۔ روزانہ کسی بھی وقت یَارَحۡمٰنُ پانچ ہزار مرتبہ پڑھ کر دعا کریں۔

### ہاضمے کا لاجواب ٹوٹکہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے عبقری میں سے دیکھ کر ایک ٹوٹکہ ہاضمہ کیلئے بنایا۔ مجھے اس سے اتنا فائدہ ہوا کہ میں بتا نہیں سکتا۔ میرا سالہا سال سے ہاضمہ کا مسئلہ تھا جو اس ٹوٹکہ سے بالکل ٹھیک ہوگیا۔ ٹوٹکہ صرف یہ ہے کہ میں نے سونف اور چینی ہموزن لے کر سفوف بنالیا اور کھانے کے بعد آدھا چمچ چائے والا استعمال کیا۔ اس کے علاوہ جس کسی کو لیموں راس نہ آئے تو وہ لیموں کھا کر تھوڑا سا لہسن کھالے لیموں نقصان نہ دے گا۔ (بحوالہ عبقری جلد نمبر 11)

# رمضان میں شدید پیاس سے نجات کا آزمودہ عمل

محمد طاہر اسلام، لاہور

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! یہ دسویں یا گیارہویں روزے کی بات ہے' تسبیح خانہ میں صبح سحری کی نماز فجر ادا کی درس کے بعد گھر گیا' سونے کے لیے لیٹا تو اچانک پیاس کی شدت محسوس کی' یہ پیاس کی شدت اتنی تھی کہ اس کی وجہ سے نیند بھی نہیں آرہی تھی یا یوں کہہ لیں شدید گرمی میں دوپہر کو بائیک پر بندہ لاہور کی شاہ عالم مارکیٹ کا چکر لگائے تو پیاس کی جو حالت ہوتی ہے اس سے بھی کہیں زیادہ' پھر مجھے عبقری کا رمضان المبارک کا خاص شمارہ میں آنے والا ٹوٹکہ یاد آیا اور میں نے سات بار یَامُقِیۡتُ پڑھ کر ہاتھوں پر دم کرکے چہرے پر پھیر لیے تھوڑی دیر میں نیند آگئی۔ بعد میں جب جاگا تو بالکل فریش تھا' بلکہ افطاری کے وقت میں بیٹھا سوچ رہا تھا کہ اگر سارا دن میں ویسی ہی پیاس رہتی تو میرا روزہ میں نجانے کیا حال ہوتا جبکہ افطاری کا وقت ہے اور پیاس کا ابھی دور دور تک خیال نہیں۔ قارئین! رمضان المبارک مئی میں آرہا ہے' آپ کو جب بھی پیاس محسوس ہو آپ بھی یہی عمل کیجئے۔

### اہلیہ کی بیماری میں دعا کا کمال

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ الَّذِیۡ عَافَانِیۡ مِمَّا ابۡتَلَاکَ بِہٖ وَ فَضَّلَنِیۡ عَلٰی کَثِیۡرٍ مِّمَّنۡ خَلَقَ تَفۡضِیۡلًا (مشکوٰۃ) میری اہلیہ کو پھنسی دانے نکلے تو دیکھ کر میں نے یہ دعا پڑھی کیونکہ میری یادداشت میں تھا کہ کسی بیمار کو دیکھ کر یہ دعا پڑھنے سے بندہ اس بیماری سے محفوظ رہتا ہے (بحوالہ حدیث)۔ گھر میں میری بیٹی اور ابو کو بھی بعدازاں وہ دانے نکلے اور فی کس میڈیسن کا خرچہ تقریباً تین ہزار ہوا۔ الحمدللہ! میں اس بیماری سے محفوظ رہا اب مختلف بیماریوں کو دیکھ کر یہ دعا پڑھتا ہوں خاص طور پر کبھی ہسپتال جانا پڑجائے تو ہر آنے جانے والے کو دیکھ کر پڑھ لیتا ہوں۔


**عبقری کی سابقہ فائلوں سے موتی چنیں**

استفادہ کیلئے عبقری کے گزشتہ سالوں کے تمام رسالہ جات مجلد دیدہ زیب فائل کی صورت میں دستیاب ہیں۔ یہ رسالہ جات آپ کی نسلوں کیلئے روحانی' جسمانی' نفسیاتی معالج ثابت ہونگے۔

**قیمت فی جلد -/500 روپے علاوہ ڈاک خرچ**

گھریلو ناچاقیوں' رزق کی تنگی' پریشانیوں سے نجات کیلئے اور صدیوں سے چھپے صدری رازوں اور طبی معلومات سے مکمل طور پر

**نورتن شفاء**

بواسیر' الرجی' بڑھا پیٹ' اٹھرا' خون کی خرابی' پھوڑے پھنسی' شوگر کے زخم' رسولی چاہے کینسر کی ہی ہو' دائمی قبض اور گیس کیلئے انوکھی دوا ہے اس کے علاوہ بھی **لاعلاج بیماریوں کا آزمودہ شافی علاج**

150 روپے

بچوں کا صفحہ

# ظالم بادشاہ سے وزیر کیسے بچا؟ انوکھی داستان

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ ایک ملک کا باشاہ بہت ظالم تھا۔ ہر وقت عجیب وغریب فرمائشیں کرتا رہتا تھا۔ اس کی عوام اور خاص طور پر اس کا وزیر اس سے بہت تنگ تھا۔ وزیر ایک نیک دل اور عقلمند انسان تھا جس کی وجہ سے ملک کے حالات کافی بہتر تھے۔ ایک دن باشاہ کو ایک عجیب و غریب خواہش سوجھی۔ اس نے اپنے وزیر کو حکم دیا کہ مجھے ایک ایسا محل بنا کر دو جس کی تعمیر اوپر سے نیچے کی طرف کی جائے اور اگر وزیر دس دن کے اندر یہ کام شروع نہ کر سکے تو اس کا سر قلم کر دیا جائے۔ وزیر بیچارا بہت پریشان ہوا کہ اب کیا کرے۔ بہر حال جب وہ اپنے گھر پہنچا تو اس نے اپنی بیوی کو سارا قصہ سنایا۔ بیوی نے مشورہ دیا کہ تم اللہ کے حضور مدد طلب کرو۔ وزیر کو مشورہ بہت پسند آیا اس نے فوراً وضو کیا اور دو نفل پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے دعا کی۔ دعا کرتے کرتے اس کو نیند آ گئی' خواب میں کیا دیکھتا ہے کہ وہ جنگل میں جا رہا ہے کہ اس کو کوئی چمکتی ہوئی چیز ملتی ہے جسے لے کر وہ بادشاہ کو دے دیتا ہے اور بادشاہ بہت خوش ہوتا ہے۔ وزیر کو جب جاگ آئی تو اس نے اپنی بیوی کو سارا خواب سنایا تو بیوی نے فوراً کہا کہ جنگل کی طرف جاؤ وہاں سے تمہیں مدد ملے گی۔ وزیر نے اگلے دن اپنا رخت سفر باندھا اور سفر کو نکل پڑا۔ وہ تھوڑا بہت آرام کرتا اور پھر چل پڑتا۔ چلتے چلتے اس کو پانچ دن ہو گئے تو اس نے سوچا کہ چلو اب واپس چلتے ہیں اس مسئلے کا کوئی حل نہیں۔ جب وہ واپس مڑنے لگا تو اچانک اس کی نظر ایک خرگوش پر پڑی جو بیچارا شکنجے میں پھنسا ہوا تھا۔ نیک دل وزیر نے فوراً شکنجے سے خرگوش کو آزاد کرایا اور پھر واپس مڑنے ہی لگا تھا کہ اس کو ایک آواز آئی' اے نیک دل انسان تمہارا بہت شکریہ۔ وزیر حیرت سے مڑا تو کیا دیکھتا ہے کہ ایک چھوٹا سا بونا کھڑا ہے جو بول رہا ہے۔ وزیر کے پوچھنے پر اس نے بتایا کہ اس کو ایک جادوگر نے خرگوش بنایا ہوا تھا۔ اور شکنجہ کھولتے ہی جادوگر کا اثر زائل ہو گیا۔ وزیر نے اسے اپنی مشکل بتائی تو بونے نے اسے اپنے ساتھ چلنے کو کہا۔ چلتے چلتے وہ وزیر کو ایک غار کے پاس لے آیا اور اسے اندر جانے کو بولا۔ وزیر اندر گیا تو دیکھا کہ اندر ایک بزرگ عبادت کر رہے ہیں۔ اس نے انہیں سلام کیا اور اپنی مشکل بتائی۔ بزرگ مسکرائے اور کہا بیٹا کوئی مسئلہ نہیں اور ساتھ ہی وزیر کو ایک طوطا دیا کہ اس کو اپنے ساتھ لے جاؤ یہ تمہاری مدد کرے گا۔ وزیر نے ان کا شکریہ ادا کیا اور واپس اپنے گھر چل دیا۔ اپنے گھر جا کر اس نے اپنی بیوی کو سارا ماجرا سنایا تو وہ بھی بہت خوش ہوئی۔ اگلے دن وہ بادشاہ کے محل گیا اور بادشاہ کو کہا آپ میرے ساتھ چلیں اور دیکھیں میں کیسے اوپر سے نیچے کی طرف محل تعمیر کرتا ہوں۔ وزیر بادشاہ کو ایک کھلی جگہ لے آیا جہاں بادشاہ نے نیا محل بنانے کو کہا تھا۔ اس جگہ مزدور اور مستری موجود تھے اور تعمیراتی سامان بھی پڑا ہوا تھا۔ وزیر نے طوطے کو ہوا میں چھوڑا اور کہا چلو میاں مٹھو اب اپنا کام دکھاؤ۔ طوطا اڑتا ہوا کافی اونچائی پر چلا گیا اور آوازیں لگانی شروع کر دیں کہ ''اینٹیں پکڑاؤ اینٹیں پکڑاؤ'' بادشاہ یہ سن کر غصہ میں آ گیا اور وزیر کو کہا بھلا اتنی زیادہ اونچائی پر کوئی اینٹ کیسے پہنچائے گا۔ وزیر یہ سن کر بولا حضور والا اگر اتنی اونچائی پر اینٹیں نہیں پہنچائی جا سکتی تو اوپر سے نیچے تعمیر کیسے کی جا سکتی ہے۔ بادشاہ نے وہاں کھڑے ہو کر کافی دیر سوچا اور اس نے وزیر کے سمجھانے کے انداز کو بہت پسند کیا۔ بادشاہ وزیر کی عقلمندی دیکھ کر بہت خوش ہوا اور اس نے اپنی غلط کاموں کی معافی مانگی اور وہ بھی ایک نیک دل اور اچھا انسان بن گیا۔ نوٹ: پیارے بچو! جب بھی کوئی مشکل آن پڑے سب سے پہلے اللہ کے حضور سجدہ ریز ہوں' اس کی حمد وثناء کریں اور پھر اس سے مدد مانگیں دیکھیں پھر آپ کے مسئلہ کا حل آپ کو کیسے غیبی طریقے سے ملے گا۔

# آج کا کام کل پر چھوڑنے والے کا انجام

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ کسی گاؤں میں ایک چوہدری رہتا تھا۔ اس کے ساتھ حویلی میں ایک ملازم خاص بھی رہائش پذیر تھا۔ مالک اور نوکر ایک ایسی سست الوجود قوم سے تعلق رکھتے تھے جو ٹھہرے ہوئے، پرسکون مزاج کی مالک تھی اور آج کا کام کل پر چھوڑنے کی عادی تھی۔

ایک دن چوہدری پکوڑے کھانے کے بعد اخبار سے بنے لفافے کے مطالعہ میں مصروف تھا کہ اس نے خبر پڑھی کہ محکمہ زراعت نے جدید پیوندکاری کے ذریعے گندم کا ایسا بیج ایجاد کیا ہے جو دگنی فصل دیتا ہے۔ چوہدری نے ملازمین کو اکٹھا کر کے نئے بیج کے متعلق صلاح مشورہ شروع کیا۔ صلاح مشورے کی مختلف نشستیں جاری رہیں' مشورے ہوتے رہے' بڑے بڑے زمیندار آتے رہے اور اپنے مشورے چوہدری صاحب کو دیتے رہے مگر بات مشوروں سے آگے نہ بڑھی اور آج کا کام کل پر ڈالا جاتا رہا اسی طرح بوائی کا سیزن گزر گیا۔ جب سیزن گزرا تو مشورے منسوخ ہوئے اور اگلے سال کیلئے مشورے رکھ لیے گئے۔ اسی طرح اگلا سال بھی آ گیا' چوہدری نے اپنے خاص ملازم کو بیج لانے کیلئے شہر بھیجنے کا فیصلہ کیا اور بالآخر خاص ملازم شہر لاری پر طویل سفر طے کر کے شہر پہنچا تو تھکاوٹ سے چُور تھا۔ اس ملازم میں ایک برائی چوہدری کی طرح اور بھی تھی وہ انتہائی سست تھا۔ ملازم نے چند دن آرام کر کے سفر کی تھکاوٹ دور کرنے کا سوچا۔ ملازم روزانہ رات کو سوچتا کہ صبح منڈی جا کر بیج خریدوں گا مگر صبح اٹھ کر کام پھر اگلے دن پر ڈال دیتا ہے' اور اسی طرح وہ سیزن بھی گزر گیا۔ جب سیزن گزرا تو ملازم نے سوچا کہ اب اگلے سیزن پر ایک ہی بار بیج خرید کر گاؤں جاؤں گا اتنی دیر شہر کی سیر کرتا ہوں اور رشتہ داروں کے گھر دعوتیں کھاتا ہوں۔ آخر جب تیسری مرتبہ فصل کاشت کرنے کا موسم آیا تو چوہدری کو ملازم کی یاد آئی۔ اس نے ایک اور نوکر کو شہر بھیجا تاکہ اس ملازم کو ڈھونڈ کر لائے۔ نوکر نے بڑی مشکل سے چوہدری کے ملازم کو شہر میں تلاش کیا اور چوہدری کا پیغام پہنچایا۔ بالآخر ملازم جب بیج کی بوری کمر پر اٹھائے گاؤں پہنچا تو بارش کے باعث ہر طرف کیچڑ ہی کیچڑ تھا۔ وہ حویلی کے گیٹ سے داخل ہوا تو اس کا پاؤں پھسلا اور وہ دھڑام سے بوری سمیت گر گیا۔ بوری پھٹ گئی اور سارا بیج کیچڑ میں بکھر گیا۔ چوہدری نے آگے بڑھ کر ملازم کو اٹھانا چاہا تو وہ کیچڑ میں لیٹے لیٹے ہاتھ کھڑا کر کے بولا ''بس رہنے دیں چوہدری صاحب! جلد بازی میں کام کروائیں گے خراب تو ہو گا؟ دیکھا بچو آپ نے' آج کا کام کل پر ڈالنے سے انسان کبھی بھی کامیاب نہیں ہوتا۔ لہٰذا انسان وہی کامیاب ہے جو آج کا کام آج ہی کرے' کل پر ہرگز نہ ڈالے۔

جوشِ جوشاندہ
الرجی کھانسی' ناک بہنا یا بند ہونا' جسم میں درد' دماغی بوجھ' سستی کاہلی' بخار' ناک کی ہڈی کا بڑھ جانا' بالوں کا قبل از وقت سفید ہونا جیسے امراض کا شافی علاج (قیمت: 10 روپے)
ابالنے کی تکلیف سے نجات فوری حل

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

# جنات نے نعلین پاک دیکھتے ہی چلانا شروع کردیا

توصیف ارشاد، ایبٹ آباد

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو اور آپ کے اہل وعیال کو خیریت عافیت وسلامتی عطا فرمائے اور آپ کے وسیلے سے ہمیں بھی۔ اللہ تبارک وتعالیٰ تاحیات آپ کا سایہ ہم جیسوں پر قائم ودائم رکھے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو دنیا اور آخرت میں اتنی خوشیاں عطا فرمائے کہ آپ وہ خوشیاں لوگوں میں بانٹتے پھریں۔ آپ کے وسیلے سے اللہ تعالیٰ نے ہماری بہت سی پریشانیوں کو دور فرمایا ہے بلکہ ہماری ہی نہیں نہ جانے کتنے ہزاروں‘ لاکھوں لوگوں کی پریشانیوں کو اللہ تعالیٰ نے آپ کے وسیلے سے دور فرمارہا ہے۔ کچھ عرصہ پہلے میری ملاقات آپ سے کلینک میں ہوئی‘ آپ نے مجھے ایک وظیفہ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ پڑھنے کے لیے دیا تھا اور ہم سب گھر والوں نے اکتالیس دن میں تقریباً سوا لاکھ مرتبہ پورا کیا ہے اور اب بھی میری امی روز 313 مرتبہ پڑھتی ہیں۔ اس وظیفہ نے ہمیں بہت کچھ دیا ہے (آمین)۔ ایک واقعہ جو اس وظیفہ پورے ہونے کے کچھ ہی دنوں بعد ہی پیش آیا وہ کچھ یوں تھا کہ میں اپنے استاد کے جگہ ان کی مسجد میں امامت کرانے گیا ہوا تھا کہ جب میں مغرب کے بعد گھر آیا تو میرے بھائی پر اچانک جنات ظاہر ہوگئے اور اسے بہت تکلیف دے رہے تھے‘ دوسرا بھائی اس کے قریب تھا‘ اس نے اس کو بہت سنبھالا‘ چیخ وپکار سن کر دو پڑوسی آگئے‘ جب میں بھائی کے پاس آیا تو اسے دائیں بازو سے پکڑ کر یَاقَھَّارُ پڑھنا شروع کردیا اور وہ مسلسل یہی کہہ رہا تھا کہ ہم اسے مار ڈالیں گے‘ اسے نوکری نہیں کرنے دینگے اور عجیب سی آوازیں نکال رہا تھا اور سب کو کاٹنے کی کوشش کررہا تھا‘ ہم نے تو بہت کوشش کی لیکن جب معاملہ سیدھا نہ ہوا تو پھر رات تقریباً آٹھ بجے اپنے بہنوئی جو کہ عالم ہیں کو فون کیا کہ ہم اسے آپ کے پاس لارہے ہیں تو انہوں نے کہا کہ آپ اسے یہاں لے کر نہ آئیں بلکہ میں خود آتا ہوں اور وہ تقریباً بارہ بجے گھر پہنچے لیکن یہ گھنٹے بہت مشکل سے گزرے تقریباً سات گھنٹے ہوگئے تھے میرے بھائی کو چار بندوں نے پکڑا ہوا تھا لیکن پھر بھی وہ سنبھالا نہیں جارہا تھا‘ میں نے اس کے ماتھے پر اور دل پر حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا نعلین مبارک رکھ دیا۔ اس کے بعد وہ چلانا شروع ہوگیا کہ میرے سامنے سے یہ ہٹاؤ۔ بہت تکلیف ہورہی ہے۔

## جنات بولے: ہم آپ کے بھائی کو مارنے آئے ہیں

جب اسے بتایا کہ بہنوئی آرہے ہیں تمہارا علاج کرنے تو کہنے لگا میں انہیں ہرگز نہیں آنے دوں گا۔ پھر میں نے بیت الخلاء کی دعا پڑھنا شروع کردی‘ ایک بات میں نے نوٹ کی کہ بیت الخلاء کی دعا سے اسے بہت تکلیف ہورہی تھی۔ جب بہنوئی آئے تو وہ ہلکا ہلکا سا رونے لگا‘ جب بہنوئی نے سختی سے پوچھا تو پھر بھائی کے اندر موجود جنات نے بتایا کہ پہلے نعلین مبارک ہم سے دور کریں‘ نعلین دور کیے تو کہنے لگے: ہم خود نہیں آئے بلکہ بھیجے گئے ہیں اور جب انہوں نے نام بتایا کہ کس نے بھیجا ہے تو مجھے یقین نہ آیا کیونکہ وہ میرے ابو کے بہت کے قریبی تھے ہماری ان سے کبھی کچھ ایسی بات نہیں ہوئی جس کی وجہ سے وہ ایسا کرتے‘ یہ فقط حسد کے وجہ سے ایسا کررہے ہیں اور انہوں نے بتایا کہ وہ کالا علم کرتے ہیں‘ اس کا بیٹا اور بہو بھی اس کے ساتھ ملی ہوئی ہے‘ وہ آپ کو بھو کا مارنا چاہتی ہے‘ آپ کے والد صاحب کو بھی اسی نے کالے علم کے ذریعے گھر سے نکلوایا اور آپ کے بڑے بیٹے کو بھی نوکری نہیں کرنے دے گی اور پروموشن نہیں ہونی دے گی‘ میرے دو بھتیجے ہیں‘ ان کے بارے میں بتایا کہ انہیں بھی مارنا چاہتی ہے اور جنات نے بتایا کہ ہمیں آج آپ کے بھائی کو مارنے کے لیے بھیجا گیا تھا لیکن عین وقت میرا دوسرا بھائی اوپر سے آگیا۔ انہوں نے بتایا کہ آپ کے مالی حالات خراب کرنے کے لیے وہ کالا علم کرتی ہے۔ حضرت یہ وہ ہیں جن پر ہمیں کبھی شک نہ تھا کہ یہ ایسا کرسکتے ہیں۔ بہرحال میرے بہنوئی (جو کہ عامل ہیں) انہوں نے ذرا سختی کی تو ان میں سے ایک جننی بولی کہ میں اسلام قبول کرنا چاہتی ہوں‘ بہنوئی نے اسے دائرہ اسلام میں داخل کیا ایک جن اور بھی غیرمسلم تھا وہ بھی دائرہ اسلام میں داخل ہوگیا۔ یہ سارا واقعہ ذکر اس لیے کیا کہ یہ چیزیں کبھی بھی ظاہر ہوکر یوں سارا راز نہیں کھولتی میرا یقین ہے کہ یہ بھی آپ کے دیئے ہوئے وظیفہ کی بدولت اللہ تعالیٰ نے ہمیں سب کچھ دکھلا دیا۔

# رمضان اور بے نمازی

صاحب دارۃ الناصحین نے لکھا ہے کہ ایک شخص جنگل میں چل رہا تھا کہ شیطان اس کا رفیق سفر بن گیا۔ اس شخص نے اس دن نمازِ فجر، ظہر، عصر، مغرب اور عشاء نہیں پڑھتی تھی، جب سونے کا وقت ہوا تو اس آدمی نے چاہا کہ میرا ساتھی (شیطان) میرے پاس سوئے لیکن شیطان نے اس سے بھاگنا چاہا۔ اس شخص نے کہا تو مجھ سے کیوں بھاگتا ہے، شیطان نے کہا کہ میں نے ساری عمر میں اللہ جل جلالہ کی ایک مرتبہ نافرمانی کی تھی جس کی وجہ سے میرے اوپر لعنت کی گئی مگر تو نے ایک دن میں اللہ تعالیٰ کی پانچ مرتبہ نافرمانی کی مجھے ڈر ہے کہ اللہ تعالیٰ ناراض ہوکر تجھ پر کوئی عذاب بھیج دے تو تیری نافرمانی کی وجہ سے میں بھی مارا جاؤں گا۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا کہ مسلمان اور کافر کے درمیان فرق کرنے والی چیز نماز چھوڑنا ہے۔ اور فرمایا کہ جو شخص جان بوجھ کر نماز چھوڑ دے اللہ تعالیٰ کا ذمہ اس سے بری ہوجاتا ہے۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا کہ نماز دین کا ستون ہے پس جس شخص نے قائم کیا نماز کو پس تحقیق قائم کیا اس نے دین کو اور جس نے ترک کیا نماز کو پس گرادیا اس نے دین کو۔

عبادات میں سب سے بڑا درجہ اور اہم ترین عبادت نماز ہے، قرآن شریف میں بے شمار جگہ اس کے قائم کرنے کا حکم ہے اور اسے ایسی عبادت قرار دیا جو برائی، بے حیائی اور برے کاموں سے روکنے والی ہے۔ قیامت کے روز سب سے پہلے اس کے بارے میں سوال ہوگا۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے سوال کیا گیا کہ کونسا عمل افضل ہے؟ فرمایا وقت پر نماز پڑھنا۔ حضرت عبداللہ بن شقیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ صحابہ اکرم رضوان اللہ علیہم اجمعین نماز کے ترک کرنے کو کفر کا عمل سمجھتے تھے۔ بے نمازی چاروں آئمہ کے نزدیک سخت سزا کا مستحق ہے۔ (بحوالہ ذخیرہ آخرت)۔ (ابراہیم پاریکھ، کراچی)


**مئی 2020ء رمضان خاص شمارہ میں پایئے!**

ایک قاری کا آزمودہ در آزمودہ عمل! بالکل آسان اور چند سیکنڈ میں چلتے پھرتے‘ اٹھتے بیٹھتے کرسکتے ہیں۔ وہ قاری لکھتے ہیں کہ میں نے گزشتہ رمضان کیا اور اس کی بدولت‘ عزت اور صحت میں قابل رشک کامیابی ملی۔ مئی 2020ء کا شمارہ ضرور پڑھیے اور وہ عمل پالیجئے۔

مشروب عبقری افزا
بوند بوند خالص
باہر کی گرمی باہر ہی رہنے دے
گرمی کی لو میں ٹھنڈی ٹھنڈی پھوار
نبوی اور فطری جڑی بوٹیوں کے سو فیصد خالص کشید شدہ عرقیات سے تیار شدہ
نوجوانوں اور خواتین کی جملہ گرمی کی بیماریوں کا آخری علاج
چند سالوں میں اعلیٰ کوالٹی کے سبب ہر گھر کی رونق بننے والا مشروب
قیمت 200 روپے علاوہ ڈاک خرچ

# باپ کی بددعا! ڈاکٹر بیٹا پاگل ہو کر مرا

مطلوب احمد باجوہ' بہاولپور

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا عبقری رسالہ سے تعلق 14 سال پرانا ہے' اس دوران میں نے اس رسالہ سے بہت کچھ سیکھا ہے' اس کی تحریروں نے مجھے بُرے راستے پر جانے سے بچایا اور میرے ضمیر کو جھنجھوڑا ہے' اس میں بتائے وظیفہ جات نے مجھے مسائل و مشکلات کے قریب بھی نہیں جانے دیا اور اس میں آئے نسخہ جات و ٹوٹکوں نے مجھے اور میرے گھر والوں کو ہمیشہ بڑی بیماریوں سے بچایا اور صحت یاب کیا ہے۔ آج میں بھی قارئین عبقری کیلئے مکافات عمل' دعا و بددعا کے اثرات پر مبنی تین سچے واقعات لے کر حاضر ہوا ہوں' یقیناً قارئین ان تین واقعات سے بہت کچھ سیکھیں گے اور سکھائیں گے۔

تحصیل ہارون آباد کے ایک گاؤں میں حاجی صاحب نامی نیک سیرت انسان تھے باشرع باعمل شخصیت کے مالک تھے جن کے چھ بیٹے تھے حاجی صاحب 175 ایکڑ زرعی رقبہ کے مالک' آسودہ حال تھے جنہوں نے اپنے بیٹے (س) کو قرآن پاک حفظ کرایا بعدازاں طبیہ کالج دہلی تعلیم کیلئے بھجوا دیا۔ ڈاکٹر (ص) 1947ء میں طبیہ کالج دہلی سے ایک کامیاب ڈاکٹر بن کر واپس آیا اور اپنا کلینک شروع کیا۔ اس وقت چشتیاں تا ہارون آباد چوبیس گھنٹے میں صرف ایک بس جاتی تھی جو روزانہ ڈرائیور کھڑی کر کے ڈاکٹر صاحب کے سفر کا شیڈول معلوم کرتا اور بسا اوقات دیر تک انتظار کرتا۔ علاقہ کی باثر شخصیات ڈاکٹر صاحب سے ملاقات کرنا اپنے لیے باعث فخر خیال کرتیں۔ چونکہ دولت کی ریل پیل تھی دوست احباب بھی بڑے لوگ تھے بری صحبت کے نتیجہ میں بھنگ اور شراب نوشی کی عادت ہوگئی۔ ایک روز گھر میں نشہ کی حالت میں دیکھ کر حاجی صاحب نے ڈانٹا اور ان کا بھنگ والا برتن توڑ دیا۔ تو ڈاکٹر (ص) نے اپنے والد صاحب سے بدتمیزی کی اور رہائشی کمرہ سے اپنی بندوق اٹھانے گیا کہ میں اپنے باپ کو قتل کردوں گا۔ اسی اثناء میں اہل خانہ نے باہر سے کمرہ کا دروازہ بند کر دیا۔ اس روز حاجی صاحب کے صبر کا پیمانہ لبریز ہوگیا اور انہوں نے اپنے بیٹے ڈاکٹر (ص) کو بددعا دی کہ پاگل ہو کر سڑکوں پر ذلت کی موت مرے گا۔ چنانچہ کچھ ہفتوں بعد ہی ڈاکٹر (ص) پاگل ہوگیا۔ کبھی کسی کے سامان کو آگ لگا دی۔ کبھی کہتا پھرتا کے پولیس میرے پیچھے لگی ہوئی ہے۔ بھائیوں نے کافی عرصہ زنجیروں میں باندھے رکھا۔ میں نے خود اپنی آنکھوں سے اسے حواس باختہ ایک کمرہ میں الگ تھلگ تنہائی کی عبرت ناک زندگی گزارتے دیکھا ہے جس کی بیوی، بیٹے، بیٹیاں موجود تھے۔ مگر وہ دنیا سے کٹ چکا تھا صرف وقت پر اس کے کمرہ میں کھانا رکھ دیتے تھے۔ جو چند سال قبل فوت ہو چکا ہے۔ ڈاکٹر صاحب کے عروج کی داستان میرے والد صاحب بتاتے ہیں۔ البتہ میں نے بچپن میں حاجی صاحب کو خود بھی دیکھا جو خود خواتین سے نقاب کرتے تھے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں والدین کا ادب اور خدمت کی توفیق عطا فرمائے اور ہمیشہ والدین کی دعائیں لینے والا بنائے کیونکہ والدین کی دعائیں بھی تعاقب کرتی ہیں اور بددعائیں بھی۔ (آمین)۔

# سرکاری افسر اولاد کی دنیا بناتے بناتے نشان عبرت بن گیا

اسی طرح ایک اور واقعہ ہے کہ میرے ایک دوست نے مجھے بتایا کہ (س) نامی ایک سرکاری افسر نے ریٹائرمنٹ کے بعد دوستوں کے سامنے اپنا حال دل بیان کیا کہ اس کی تعلیم کے دوران والدین کی مالی پوزیشن نارمل تھی بہر حال تعلیم مکمل ہونے کے بعد جاب مل گئی اور شادی کے بعد مجھے شدت سے احساس ہوا کہ دوران تعلیم مجھے سہولیات میسر نہ آسکی ہیں۔ میں اپنی اولاد کو تمام سہولیات فراہم کروں گا۔ چنانچہ میں نے بیوی اور اولاد کو ہر قسم کی آسائش فراہم کی اور ان کی ہر فرمائش پوری کرنے کے لیے جائز و ناجائز ہر طریقہ اختیار کیا۔ ان کے لیے عالیشان گھر کا انتظام کیا کئی گاڑیاں خرید کر دیں۔ ریٹائرمنٹ پر جب مجھے اہل خانہ کی توجہ اور محبت کی ضرورت تھی تو کیا دیکھتا ہوں کہ بیٹی علیحدہ والدہ کو گاڑی میں لیکر شاپنگ اور سیر و سیاحت کے لیے چلی جاتی ہے اور بیٹا علیحدہ گاڑی پر دوستوں کے ہمراہ آوارہ گردی میں مصروف رہتا ہے۔ میں نے اہل خانہ سے اس قدر بے مروتی کا سبب پوچھا تو جواب ملا کہ تمام زندگی تو نے انہیں بہت تنگ کیا ہے اب ہماری باری ہے تجھ سے گن گن کر بدلے لیں گے۔ یوں اپنی داستانِ غم سنا کر وہ افسر زار و قطار رونے لگا۔ قارئین! شیخ الوظائف حضرت حکیم صاحب اکثر اپنے درس میں فرماتے ہیں کہ وہ شخص بہت خسارے میں ہے جو دوسروں کی دنیا بناتے بناتے اپنی آخرت برباد کرلے۔

# اللہ نے بخت دیا اور سنبھال نہ سکا! آج نشان عبرت ہے

مکافاتِ عمل اور دعاؤں یا بددعاؤں کا تعاقب ایک حقیقت ہے۔ میرے واقف (م) نامی شخص کو اللہ تعالیٰ نے بخت دیا تھا مگر سنبھال نہ پایا۔ میرا ذاتی مشاہدہ ہے کہ دیہات میں تقریباً تیس سال قبل اس کے پاس زرخیز زرعی رقبہ، بھٹہ خشت، ٹریکٹر، زرعی آلات، سواری کے لیے اچھی کار اور ویسپا سکوٹر، ملازموں کی بہتات، مال مویشی اور رہائش کے لیے شاندار گھر موجود تھا۔ دولت کی ریل پیل تھی مگر اس کے ساتھ نحوست، رعونت اور تکبر کی بھی فراوانی تھی۔ غرباء اور رشتہ دار اس کی شفقت اور صلہ رحمی سے محروم تھے۔ رشتہ داروں میں صلح کرانے کی بجائے انتشار پھیلانے کو ترجیح دیتا تھا اور اس خوش فہمی کا شکار تھا کہ دولت اور ٹھاٹھ باٹھ اس کی باندی ہے اس دوران بہت معصوم اور مظلوم لوگوں کی آہیں اور بددعائیں بھی سمیٹنے لگا۔ پھر موسم بدلا ہواؤں کا رخ تبدیل ہوا نہایت مختصر عرصہ میں غبارے سے ہوا نکل گئی۔ بھٹہ خشت، ٹریکٹر، آلات، کار، سکوٹر سے محروم ہوا۔ مال مویشی فروخت ہوئے۔ حتیٰ کہ زرعی اراضی اور رہائشی مکان سے بھی محروم ہونا پڑا۔ بالآخر اولاد بھی نافرمان ثابت ہوئی اور یوں نشان عبرت بن گیا۔ بظاہر تو یہ مکافات عمل اور مظلوم لوگوں کی بددعاؤں کا نتیجہ ہے۔ اللہ رب العزت ساری امت مسلمہ کے حال پر رحم فرمائے اور کامل ہدایت عطا فرمائے۔ آمین۔

نوجوان شفاء!
- قیمتی نایاب جڑی بوٹیوں کے قدرتی کیلشیم کا انمول خزانہ
- خواتین کے امراض کا بھی بہترین علاج
- کھوئی ہوئی طاقتوں کو واپس دلائے
- نوجوانوں کے تمام روگوں کا آزمودہ شفائی علاج
- شادی شدہ اور غیر شادی شدہ کیلئے فائدہ مند
- منہ چھپاتے نوجوانوں کیلئے امید کی کرن

قیمت صرف -/120 روپے علاوہ ڈاک خرچ

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

| | | |
|---|---|---|
| جسمانی و دماغی کمزوری کیلئے | نارمل ڈیلیوری کیلئے دس قطرے | جادو کا آزمودہ علاج |
| بیٹی کا پریشان باپ | بچپن سے ڈرپوک | رمضان اور معدہ کا مسئلہ |

قارئین! زیر نظر سلسلہ دراصل قارئین کے سوالات کیلئے ہے اور اس کا جواب بھی قارئین ہی دیں گے۔ آزمودہ ٹوٹکہ‘ تجربہ‘ کوئی فارمولہ آپ صفحے کے ایک طرف ضرور تحریر کریں۔ یہ جوابات ہم رسالہ میں شائع کریں گے‘ کوشش کریں کہ آپ کے جوابات 20 تاریخ سے پہلے پہنچ جائیں۔

## مارچ کے جوابات

1۔ دماغی جسمانی کمزوری اور بالوں کی سفیدی روکنے کیلئے آپ یہ نسخہ استعمال کریں۔ ھوالشافی: بادام‘ پستہ‘ کالے چنے بھنے ہوئے‘ خشخاش‘ کالی مرچ‘ چھوٹی الائچی‘ سونف‘ مصری۔ تمام چیزیں ہم وزن لے کر گرائنڈ کرلیں اور سب چیزوں کے وزن کے برابر اس میں شہد مکس کر کے صبح و شام ایک ایک چمچ چائے والا استعمال کریں۔ یہ نسخہ نظر کی کمزوری اور دماغی کمزوری کی شاندار ہے۔ اس کے علاوہ آپ اٹھتے‘ بیٹھتے‘ چلتے پھرتے ہر وقت درود شریف پڑھتے رہا کریں۔ (کامران شہزاد‘ گوجرانوالہ)

2۔ نارمل ڈیلیوری آپ اپنی اہلیہ کو روزانہ رات کو ایک گلاس دودھ میں دس قطرے خالص روغن بادام کے ڈال کر پلائیں۔ اس کے علاوہ سورۂ انشقاق کی آیت نمبر چار اور پانچ مسلسل سارا دن کھلا پڑھیں۔ ان شاء اللہ نارمل ڈیلیوری ہوگی۔ یہ روحانی اور طبی ٹوٹکہ بہت کمال ہے‘ بے شمار کی اس عمل سے نارمل ڈیلیوری ہوئی ہے اور سہولت کے ساتھ ہوئی ہے۔ بعض کو تو ڈاکٹر نے آپریشن کا کہہ دیا تھا اور انتظامات بھی مکمل تھے مگر اس آیت اور اس ٹوٹکے سے نارمل ڈیلیوری ہوئی۔ (ن، لاہور)

3۔ آپ نے سخت ترین جادو کا بتایا‘ آپ اور آپ کے تمام گھر والے سارا دن کھلا دوانمول خزانہ نمبر دو پڑھیں‘ اور ہر نماز کے بعد دوانمول خزانہ نمبر ایک پڑھنے کی عادت ڈال لیں۔ دوانمول خزانہ نمبر دو کے ایک سوالاکھ‘ تین سوالاکھ‘ پانچ سوالاکھ‘ سات سوالاکھ مکمل کریں اور گھر کا ہر فرد اپنا الگ کرے۔ ان شاء اللہ آپ کے تمام مسائل کا حل یہی وظیفہ ہے۔ (دوانمول خزانہ عبقری کی ہر ایجنسی اور دفتر ماہنامہ عبقری لاہور سے بھی مل جاتا ہے اور عبقری ویب سائٹ پر بھی موجود ہے۔ پرنٹ نکال لیں یا منگوالیں) (شازیہ‘ اٹک)

4۔ رب کریم نے جس حال میں رکھا اس کا شکر ادا کریں‘ رنگت نکھارنے کیلئے موسمی پھل اور سبزیاں کھائیں‘ عبقری دواخانہ کی خون صفاء اور چہرہ شفاء چند ڈبیاں لکھی گئی ترکیب کے ساتھ استعمال کریں۔ انشاء اللہ چند ہفتوں میں ہی آپ کی رنگت نکھرنا شروع ہوجائے گی۔ (اصغر علی‘ کوئٹہ)

## اپریل کے سوالات

**بیٹی کا باپ ہوں! انتہائی پریشان ہوں:** محترم قارئین! میں آپ کی خدمت میں ایک مسئلہ (پریشانی) لیکر حاضر ہوا ہوں‘ میں شوگر مل میں جاب کرتا ہوں‘ عبقری رسالہ کا قاری ہوں‘ میری بیٹی کی عمر تقریباً تین سال ہے‘ وہ بول نہیں سکتی۔ اوں‘ آں کی آوازیں نکالتی ہے کبھی کبھی واضح الفاظ میں ”مما“ یا ”پاپا“ یا ”بابا“ کہتی ہے اس کے علاوہ کچھ نہیں بولتی‘ میں نے بہترین چائلڈ اسپیشلسٹ کو چیک کروایا انہوں نے کہا کہ سب ٹھیک ہے‘ کچھ بچے لیٹ بولتے ہیں‘ میں بہت پریشان ہوں‘ بیٹی کا معاملہ ہے‘ قارئین! سے مؤدبانہ گزارش ہے کہ کوئی ایسا نسخہ یا وظیفہ عنایت فرمائیں جس سے میری بیٹی بولنے لگ جائے‘ جتنا بھی مجھ سے ہوسکا‘ میں کروں گا بس میری بیٹی بولنے لگ جائے‘ دکھی دل کیساتھ آپ کو خط لکھ رہا ہوں۔ (ثمر اقبال‘ بھکر)

2۔ قارئین! میں بچپن سے بہت ڈرپوک ہوں‘ ہر چیز سے ڈرتی ہوں‘ عمر 17 سال ہے اور اب تو میرے اندر خود اعتمادی بالکل بھی نہیں ہے‘ میں ہر کسی سے بات کرتے ہوئے ڈرتی ہوں‘ اگر کوئی مجھ سے پوچھے کہ آپ کا نام کیا ہے تو میرے دل کی دھڑکن تیز ہوجاتی ہے‘ بول نہیں پاتی۔ میرے لیے کوئی عمل بتائیے۔ (پ، برنالہ آزاد کشمیر)

3۔ قارئین السلام علیکم! میرا بیٹا جس کی عمر سات سال ہے‘ پانچ سال تک وہ بالکل ٹھیک ٹھاک تھا لیکن دو سال پہلے اسے چکن پاکس نکلے جس کی وجہ سے اس کی سماعت متاثر ہوئی‘ اسے ایک کان سے بہت کم سنائی دیتا ہے اور دوسرے کان سے بالکل بھی سنائی نہیں دیتا۔ ڈاکٹر کہتے ہیں اس کا حل آلہ سماعت ہے‘ میں حد سے زیادہ پریشان ہوں۔ (ش، ساہیوال)

4۔ مئی میں رمضان المبارک آرہا ہے‘ مگر میرا مسئلہ یہ ہے کہ دوران روزہ میری ریح بہت زیادہ خارج ہوتی ہے‘ وضو قائم رکھنا مشکل ہوجاتا ہے‘ قارئین سے گزارش ہے کہ کوئی ایسا آسان نسخہ بتائیے جسے کھا کر میرا سارا دن پیٹ بالکل ٹھیک رہے۔ (عمر کمبوہ‘ لاہور)

## مناقب اہل بیت اطہار رضی اللہ عنہم

انتخاب: علامہ ابوعون حیدر نقوی

المعروف کمی احمد پوری

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا: ”کیا تو راضی نہیں کہ میں نے تیرا نکاح امت میں سب سے پہلے اسلام لانے والے، سب سے زیادہ علم والے اور سب سے زیادہ بردبار شخص سے کیا ہے۔“ (امام احمد)۔ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میں علم کا شہر ہوں اور علی اس کا دروازہ ہے۔ لہٰذا جو اس شہر میں داخل ہونا چاہتا ہے اسے چاہیے کہ وہ اس دروازے سے آئے۔ (امام حاکم)۔ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ سے عرض کیا گیا: آپ کو اہل بیت میں سے سب سے زیادہ کون محبوب ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: حسن اور حسین (رضی اللہ عنہم) اور آپ ﷺ حضرت فاطمہؓ سے فرمایا کرتے تھے کہ میرے بیٹوں کو بلاؤ پھر آپ ﷺ انہیں چومتے اور انہیں اپنے ساتھ لپٹا لیتے۔“ (ترمذی‘ ابویعلی)

## معدہ کے السر‘ زخم‘ پیٹ میں درد کیلئے اکسیر نسخہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! قارئین کی خدمت میں ایک ایسا نسخہ لے کر حاضر ہوا ہوں جو شاید انہیں کسی حکیم کی کتاب میں نہ ملے۔ یہ ایک راز ہے جو میں شیخ الوظائف کے حکم پر بخل شکنی کرتے ہوئے عبقری قارئین کی نذر کر رہا ہوں‘ قارئین اسے عام نسخہ ہرگز نہ سمجھئے اگر یہ کسی کے پاس ہو تو وہ اپنے بیٹے کو بھی نہیں بتاتا۔ کاروباری راز ہے۔ ضرور بنائیے اور دوسروں کو بھی بتائیے۔ یہ نسخہ معدہ کے زخم‘ معدہ کے السر‘ پیٹ میں مروڑ‘ درد‘ قے کیلئے انتہائی اکسیر ہے۔ ھوالشافی: اسپغول کا چھلکا ایک پاؤ‘ زیرہ سفید ایک پاؤ‘ ملٹھی ایک پاؤ‘ اجوائن دیسی ایک پاؤ‘ پودینہ سفید ایک پاؤ۔ اسپغول کے چھلکے کے علاوہ تمام چیزیں کوٹ پیس کر سفوف بنا کر مکس کرلیں۔ بعد میں اسپغول کا چھلکا اس سفوف میں ملالیں۔ صرف آدھا چمچ چائے والا صبح‘ دوپہر‘ شام تازہ پانی کے ساتھ کھائیں۔ (حکیم ظفر اقبال‘ کمڑیال)

خون روک شفاء

حیض اور جسم کے کسی بھی حصہ سے خون روکنے والی

خون روک شفاء حیض کو باقاعدہ مقررہ وقت اور مقررہ مقدار پر لائے جسم کے کسی بھی حصہ میں خون آرہا ہو مثلاً زخمی ہوجانا‘ پیچش میں خون آرہا ہو‘ نکسیر کیلئے بھی لاجواب ہے۔

لیکوریا‘ رحم کی تقویت کیلئے اور کمر درد کا بہترین علاج ہے۔ (قیمت صرف 120 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

# ہم شفاء یاب کیسے ہوئے؟

دکھیاروں کے قلم سے بے ربط تحریریں لیکن لفظ لفظ اجلی کرنیں!

# رمضان کا شمارہ تقسیم کرنے سے کیا ملا؟ خوشیوں بھرا خط

## آیئے بتاتی ہوں رسالہ تقسیم سے کیا ملتا ہے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! جب سے آپ کا عبقری رسالہ پڑھنا شروع کیا اور تسبیح خانہ سے جڑے ہیں زندگی میں خوشیاں اور سکون کے رنگ بکھرے پڑے ہیں۔ آج قارئین کے نام اپنے زندگی کا سچا اور جیتا جاگتا مشاہدہ لائی ہوں۔ یقیناً قارئین اس سے بہت کچھ پائیں گے۔ میں نے عبقری رسالہ پڑھنے اور تقسیم کرنے سے بہت کچھ پایا ہے۔ آپ سوچ رہے ہوں گے وہ کیسے؟ تو آیئے! آپ کو بتاتی ہوں۔ میری شادی ہوئی' اللہ کا شکر اللہ نے بڑا اچھا سسرال دیا' شوہر انتہائی محبت اور عزت دینے والے ملے۔ شادی کے بعد یکے بعد دیگرے تین بیٹیاں ہوئیں تو شوہر کچھ پریشان رہنا شروع ہوگئے' مجھے بھی وقتی پریشانی ہوئی مگر پھر ہمارے گھر عبقری آنا شروع ہوا' اس میں بہت اچھے اچھے وظائف' نسخہ جات اور کام کی باتیں تھیں' سو فیصد مخلوق کی بھلائی ہی بھلائی نظر آئی۔ مجھے یاد ہے اس کے اس شمارے کے بیک ٹائٹل پر رمضان المبارک میں عبقری رسالہ تقسیم کرنے کے فوائد بتائے گئے تو میں نے سوچا کہ میں تو ایک شمارہ لے کر صرف اپنا ہی بھلا کرتی ہوں کیونکہ اپنے شہر میں رسالہ تقسیم کروں اور دوسروں کا بھی بھلا سوچوں اللہ تعالیٰ میرے مسائل بھی حل فرمادے گا۔

## بس اسی سوچ نے میری زندگی بدل دی

قارئین! بس یہی سوچ تھی جس نے میری زندگی بدل دی۔ اس سے اگلا شمارہ رمضان المبارک کا خاص شمارہ تھا' میں نے اپنے شوہر سے بات کی انہیں میری یہ تجویز بہت پسند آئی' ہم نے رمضان المبارک کی وجہ سے پانچ سو رسالہ محلہ' مختلف مساجد کے باہر' سکولوں' کالجز' اکیڈمیز میں کہیں پچاس' کہیں سو اور کہیں بیس جتنی تعداد تھی اسی حساب سے تقسیم کیا۔ جب تقسیم کیا تو میری سب سے بڑی خواہش اور دعا یہی تھی کہ اللہ تعالیٰ اب مجھے بیٹے سے نوازے۔

## بیٹے کے علاوہ جو کچھ ملا گمان نہیں کر سکتی

قارئین! بیٹے کی تو صرف خواہش تھی اور اللہ تعالیٰ نے وہ پوری فرمائی' مگر اس کے علاوہ مجھے جو کچھ ملا اس کا تو گمان ہی نہیں' عزت ملی' راحت ملی' زندگی کا سکون ملا' آپ شاید یقین نہ کریں مگر میں سچ کہہ رہی ہوں میں دنیا کے ان خوش قسمت انسانوں میں ہوں جن کی زندگی میں خوشیاں ہی خوشیاں ہیں اگر کوئی وقتی مصیبت' بیماری یا پریشانی آبھی جائے فوراً نیت کر کے رسالہ تقسیم کر دیتی ہوں لوگ پڑھتے ہیں' وظیفے اور نسخہ جات ان کو ملتے ہیں' ان کا مسئلہ حل ہوتا ہے اور ادھر میری قسمت سنور جاتی ہے۔ آج اللہ کا شکر ہے کہ مجھے کوئی مسئلہ نہیں ہے۔ جو لوگ بھی عبقری پڑھ کر تسبیح خانہ سے منسلک ہوتے ہیں' وہ نسلوں تک دعائیں دیتے ہیں اور مجھے محسوس ہوتا ہے کہ مجھے ہی نہیں میری نسلوں کو بھی دعائیں لگ رہی ہیں۔

## اولاد نرینہ ملی' پانچ سال بعد نوکری ملی

جوں جوں میرے تقسیم کیے ہوئے رسائل سے لوگوں کی زندگی سے پریشانیاں ختم ہوتی ہیں اور سکون آتا ہے اسی طرح میری زندگی میں خود بخود سکون اور اطمینان آتا چلا جاتا ہے۔ اب الحمدللہ زندگی میں تسبیح خانہ سے توجہ اور فیض محسوس ہوتا ہے' اپنی کزن کو رسالہ دیا' اس نے اولاد نرینہ کیلئے سورۂ بقرہ کا عمل پڑھا۔ اللہ تعالیٰ نے اسے چاند سا بیٹا عطا کیا۔ محلے میں کسی کو رسالہ دیا' اس نے سورۂ والضحیٰ کا عمل کیا' اس کو اللہ نے پانچ سال بعد دوبارہ جاب عطا کی اور بہترین جاب عطا کی ہے۔ وہ تمام جھولیاں اٹھا اٹھا کر مجھے اور ادارہ عبقری کو دعائیں دیتے ہیں۔ بس اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اللہ اپنی محبت اور نبی پاک ﷺ کا عشق مجھے اور میری قیامت تک آنے والی نسلوں تک کو عطا کرے اور ہمیں تسبیح خانہ سے جوڑے رکھے اس کی قدر دانی عطا کرے۔ آمین۔ (سلمیٰ عروج، کوٹلی آزاد کشمیر)

# لیڈی ہیلتھ ورکر کا پاگل خاوند اس اسم سے ٹھیک ہوا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ گزشتہ چند سالوں سے مسلسل پڑھ رہی ہوں' اس میں موجود وظائف اور نسخہ جات خود بھی آزماتی ہوں اور دوسروں کو بھی بتاتی رہتی ہوں' عبقری شمارہ اور آپ کے مختلف چھوٹے چھوٹے کتابچے لے کر تقسیم بھی کرتی ہوں جس سے مخلوق خدا کو بہت زیادہ فائدہ ہوتا ہے اور جہاں مخلوق خدا کو فائدہ ہوتا ہے وہیں میرے مسائل حل ہونا شروع ہوجاتے ہیں' الحمدللہ عبقری رسالہ تقسیم کرنے سے دل کو سکون اور روح کو چین ملتا ہے کہ میں نے خیر کو پھیلایا ہے' اس کو پڑھ کر بے شمار لوگ ذکر پر لگ جائیں گے' کسی کو نماز نصیب ہوجائے گی' کسی کی بیماری دور ہوجائے گی۔ کسی کی اس کو الجھن اور پریشانی کا حل مل جائے گا۔ ابھی گزشتہ ماہ میں نے عبقری کا ایک کتابچہ ''یا قہار کے کرشمات'' لے کر اپنے محلے میں تقسیم کیا' آیئے اسی حوالے سے ایک واقعہ قارئین عبقری کی زینت کرتی ہوں:۔ ہمارے محلے میں ایک ہیلتھ ورکر آتی ہیں۔ ان کی فیملی کافی مسائل کا شکار تھی اور خاوند کا کاروبار بھی ختم ہوچکا ہے اور خاوند کی حالت ایسے ہوگئی جسے پاگل ہوگیا ہو۔ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ اسے ٹینشن ہونے لگی کہ اب بچوں کے رشتے کیسے ہوں گے کہ ہمارے پاس تو کچھ بھی نہیں۔ اس کو جب ''یا قہار کے کرشمات'' کتابچہ ملا تو اس نے اسم یا قہار کو پڑھنا شروع کر دیا اور پاگل ہوکر پڑھا۔ اس نام کی برکت سے ان کے معاملات میں ایسی بہتری آئی کہ چند ہفتوں میں ہی دو بچوں کے رشتے ہوگئے ہیں اور تیسرے کے لیے تلاش کر رہے ہیں اور شوہر دن بدن بہتر ہورہے ہیں۔ عبقری میں بھی تقسیم کرتی ہوں مگر ان کو کسی اور نے عبقری دیا تھا اور درس کے بارے میں بھی انہیں کسی اور نے ہی آگاہ کیا' اس نے یہ عہد کیا کہ میں درس روز سنا کروں گا بلکہ اب وہ روز درس سنتا بھی ہے۔ ان پر یہ بات واضح ہوگئی ہے کہ اللہ تعالیٰ جب چاہے آپ کے کام ایسے بنادے کہ عقل بھی حیران رہ جائے۔ (عبیرہ علی، گجرات)

دیسی ادویات کی معیاد کبھی ختم نہیں ہوتی
جتنی پرانی اتنی انمول

اکسیر البدن کامیاب بچپن' لاجواب جوانی بے مثال بڑھاپا

بے رونق جسم' پچکے گال' آنکھیں دھنسی ہوں یا نسوانی حسن کی شدید کمی ہو علاج صرف اکسیر البدن ☆ کمزور حافظہ ہو' امتحان کا خوف یا دماغی و جسمانی کام کرنے والے صرف اکسیر البدن کو اپنا ساتھی بنائیں اور ہر میدان میں کامیابی

چند خوراکوں سے ہی مردانہ طاقت بحال دل و دماغ، اور جگر کی طاقت پائیں

قیمت صرف -/300 روپے

# پتے کا آپریشن تاریخ فائنل! مگر 90 روپے میں شفاء مل گئی!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ عزوجل آپ اور آپ کی نسلوں کو تاقیامت شاد و آباد رکھے اور آپ ہمیشہ ہم جیسے دکھی لوگوں کی مدد کرتے رہیں۔ (آمین)

میرے شوہر کو عرصہ چھ سات سال پہلے پتہ میں درد ہوا درد بہت شدید تھا ڈاکٹروں کے آپریشن کا مشورہ دیا۔ اتنی زیادہ تکلیف تھی کہ میو ہسپتال لاہور کی ایمرجنسی میں لے کر گئے انہوں نے داخل کرلیا اور آپریشن کا کہا ہم سب بہت پریشان میرے بچے چھوٹے ہیں اور ابھی پڑھتے ہیں وہ میرے شوہر واحد کفیل ہیں۔ جب کوئی پریشانی آتی ہے تو سب سے پہلے اپنے ہی ساتھ چھوڑتے ہیں۔ ہمارا کریانہ سٹور تھا وہاں پر ایک شخص آیا اور اس نے عبقری رسالے کے بارے میں بتایا اور کہا اس میں ایک دوائی ہے "پتہ پتھری شفاء" آپ وہ استعمال کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اللہ تعالیٰ شفاء عطا کرے گا۔ اس شخص نے ہمیں وہ رسالہ دیا اور ہم نے وہ دوائی منگوائی بلکہ خود جا کر آپ کے عبقری دواخانہ مزنگ چونگی لاہور سے لائے' ہم لاہور میں ہی رہتے ہیں۔ میرے شوہر نے وہ دوائی اس کے طریقہ استعمال جو اس پر لکھا تھا اس کے مطابق کھائی اللہ تعالیٰ نے ان کو شفاء عطا کی اب تقریباً وہ دو تین ماہ بعد احتیاطی طور پر وہ دوائی ایک مرتبہ پھر استعمال کرلیتے ہیں اللہ تعالیٰ کا بڑا کرم ہے کہ ان کو اب کبھی پتہ کی ایسی درد نہیں ہوئی اب ماشاء اللہ وہ ہر چیز کھالیتے ہیں پہلے ہر چیز کا پرہیز کرتے تھے۔ چاول نہیں کھانے، گوبھی نہیں کھانی، پالک، میتھی نہیں کھاتے تھے بڑا گوشت نہیں کھاتے تھے' ہم نے آپ کے دواخانہ سے روحانی پھکی بھی منگوائی اور اس کے بھی بڑے فوائد پائے۔ روحانی پھکی کے بے شمار فوائد ہیں' ہم ان کو پھکی کی طرح کھاتے ہیں' کھانے کے بعد جب کسی کے معدہ میں درد ہو گلے میں درد ہو یہی پھکی استعمال کرتے ہیں لیکن میں اپنے شوہر کو روحانی پھکی کا قہوہ بنا کر دیتی ہوں ایک کپ پانی گرم کرکے اس میں روحانی پھکی چنے کے دانے کے برابر ڈال دیتی ہوں اور چینی یا شہد ملا دیتی ہوں اور وہ رات کو سوتے وقت یہ قہوہ ضرور پیتے ہیں۔ گیس معدہ کا درد، پتہ کا درد، بدہضمی، قبض اور بہت سے پیٹ کے مسائل حل ہوتے ہیں۔ میرے گھر میں کسی کو بھی کوئی مسئلہ ہو میں انہیں روحانی پھکی کا مشورہ دیتی ہوں اور کہتی ہو کہ اس پر اسم اعظم کا دم ہے' اللہ کے ناموں میں بڑی شفاء ہے' میرا شروع سے ہی عقیدہ تھا اللہ کے ناموں پر اور قرآن پاک کی ہر آیت میں اللہ تعالیٰ نے شفاء رکھی ہے' مجھے کوئی بھی مشکل آتی میں فوراً قرآن پاک کی سورۃ سے رابطہ کرتی' قرآن پاک کی سورتوں میں اللہ تعالیٰ نے شفاء رکھی ہے۔ گھر سے باہر نکلتے وقت کی دعا بِسۡمِ اللّٰهِ تَوَكَّلۡتُ عَلَى اللّٰهِ لَا حَوۡلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ پڑھنا' آیۃ الکرسی پڑھنا، سفر کی دعا پڑھنا یہ میرا معمول ہے اور گھر سے نکلتے وقت بچوں اور شوہر کو بھی ہدایت کرتی ہوں کہ یہ پڑھ لو اللہ تعالیٰ بہتر کرے گا۔

**کوئی چیز گم ہوجائے تو:** کوئی چیز گم ہوجائے تو بِسۡمِ اللّٰهِ اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيۡهِ رَاجِعُوۡنَ پڑھتی ہوں چیز فوراً آنکھوں کے سامنے آجاتی ہے۔ اللہ تعالیٰ کا بڑا کرم ہے کہ اس نے مجھے عبقری کے ساتھ جوڑ دیا' اب تقریباً ہر ماہ رسالہ ہمارے گھر آتا ہے اور میں بے چینی سے رسالے کا انتظار کرتی ہوں۔ رسالہ پڑھ کر بڑا سکون ملتا ہے اور اس میں سے بہت سے وظائف میں کرتی رہتی ہوں۔ صبح فجر کی نماز پڑھ کر يَاحَفِيۡظُ يَاسَلَامُ کی تسبیح کرتی ہوں۔ حٰمٓ لَا يُنۡصَرُوۡنَ کی 313 بار تسبیح کرتی ہوں۔ يَاحَيُّ يَاقَيُّوۡمُ کی تسبیح کرتی ہوں، 129 مرتبہ سورۂ کوثر پڑھتی ہوں اور شام کو بھی پڑھ کر اسم اعظم کی دم شدہ برکت والی تھیلی پر دم کرتی ہوں' اللہ تعالیٰ نے بہت آسانی پیدا کی ہے انشاء اللہ وہ اور بھی آسانیاں پیدا کرے گا۔ آپ دعا کریں کہ اللہ عزوجل مجھے اور میرے گھر والوں کو استقامت اور قرآن پاک پڑھنے کی توفیق عطا کرے' میں اپنے بچوں کو بھی نماز' قرآن پاک پڑھنے کی ہدایت کرتی رہتی ہوں' آپ ان کے لیے دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ ان کو اور مجھے صحیح طور پر نماز کا پابند کرے اور اپنے دربار میں حاضر ہونے کی توفیق عطا کرے اور میرے گھر کو دین کا گہوارہ بنائے اللہ تعالیٰ آپ کے تسبیح خانہ کو آباد رکھے' آپ کے دواخانہ کو یونہی شفاء کا ذریعہ بنائے رکھے۔ حکیم صاحب کو ہمارے سروں پر سلامت رکھے اور ان کی نسلوں کو شاد و آباد رکھے۔ آمین۔ (افشین، مندر بھگت رام)

## رمضان میں قرآن یاد رکھنے کا انوکھا فارمولہ تراویح سنانے والے قراء حضرات متوجہ ہوں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں آپ کا عبقری رسالہ ہر مہینے پڑھتا ہوں اور مجھے بہت فائدہ مند لگا ہے۔ میں نے اپنے باقی دوستوں کو بھی اس کی عادت ڈال دی ہے۔ میں حافظ قرآن ہوں اور پہلی بار آپ کو لکھ رہا ہوں۔ میں رمضان میں قرآن پاک یاد کرنے کا طریقہ بتانا چاہتا ہوں جو کہ ان حفاظ قرآن کیلئے نہایت فائدمند ثابت ہوگا جو رمضان کے مبارک مہینے میں قرآن پاک سناتے ہیں۔ **طریقہ درج ذیل ہے:** رمضان المبارک میں عشاء کی نماز (تراویح) کے بعد اگلا پارہ کا ناظرہ کرلیں۔ پھر فجر کے وقت تہجد کی نماز پڑھ کر اللہ سے دعا مانگ لیں۔ رات کو نیند میں اللہ رب العزت آپ کے دماغ میں خاکہ بٹھا چکے ہوں گے۔ سحری کرنے کے بعد نماز سے پہلے دوبارہ ایک بار ناظرہ کرلیں۔ نماز فجر کے بعد زبانی پڑھنا شروع کریں ان شاء اللہ آپ کو یاد ہوگا۔ دن کو اگر وقت ملتا ہے تو بہتر ہے ورنہ افطار کے بعد لازمی پڑھ کر کسی کو سنادیں۔ ایسا کرنے سے آپ کو صحیح یاد ہوجائے گا اور غلطی کی گنجائش بھی نہیں رہے گی۔ (حافظ بلال اظہار، صوابی)

## دل کی تمام بیماریوں کیلئے آزمودہ عمل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آزمودہ عمل عبقری کیلئے تحریر کررہا ہوں امید ہے قارئین بھرپور استفادہ حاصل کریں گے۔ دل کے درد، والو میں رکاوٹ اور دل کی **تمام بیماریوں کیلئے آزمودعمل:** سینے پر دل کی جگہ پر شہادت والی انگلی سے اللہ لکھیں پھر انگلی کا اگلا سرا دل کے تقریباً درمیان میں دبا کر رکھیں ساتھ سورۃ رعد کی آیت نمبر 28 "اَلَا بِذِكۡرِ اللّٰهِ تَطۡمَئِنُّ الۡقُلُوۡبُ" سات مرتبہ پڑھ کر دم کردیں۔ یہ عمل آپ دل کی تکلیف کے دوران بھی کرسکتے ہیں اور صبح اور مغرب کی نماز کے بعد روزانہ کریں۔ بہت سے دل کے مریضوں نے آزمایا اور بہت فائدہ مند بتلایا' یہ عمل اگر مریض خود تین دن نہ کرسکے تو کسی دوسرے سے کروالیں۔ تقریباً پندرہ سال پہلے مجھے یہ عمل ایک اللہ والے سے ملا تھا جب مجھے دل کے بہت سے مسائل تھے' میں نے آزمایا الحمدللہ اللہ پاک نے شفاء عنایت فرمائی اب میں یہ عمل ہر ملنے والے دل کے مریض کو بتاتی ہوں جو بھی آزماتا ہے ہمیشہ اس کا فائدہ ہی بتاتا ہے۔ قارئین آپ بھی آزمائیے اور دوسروں کو بھی بتائیے۔ (ص۔م، گوجرخان)

ہیپاٹائٹس نجات سیرپ
سائیڈ ایفیکٹ سے پاک
موذی ترین مرض کا مؤثر ترین علاج۔ صرف چند بوتلیں پئیں اور اپنا ٹیسٹ کروائیں۔ بے شمار صحت پاچکے۔ ہر عمر ہر فرد کیلئے یکساں مفید۔ جگر کو طاقت دے' خون بڑھائے' چہرے پر رونق لائے۔ (بڑی بوتل 320' چھوٹی 120 روپے میں)

**یہ صفحہ خواتین کے روزمرہ خاندانی اور ذاتی مسائل کیلئے وقف ہے۔ خواتین اپنے روزمرہ کے مشاہدات اور تجربات ضرور تحریر کریں۔ نیز صاف صاف اور صفحے کے ایک طرف مکمل لکھیں۔ چاہے بے ربط ہی کیوں نہ ہوں**

## کمزور دل کو طاقتور بنانے کا ٹوٹکہ

میری عمر تیس سال ہے چند ماہ سے دل زیادہ دھڑکنے لگا ہے۔ خصوصاً صبح کو دھڑکن تیز ہو جاتی ہے۔ ڈاکٹر کی دوا کھا رہی ہوں لیکن کوئی خاص فائدہ نہیں۔ آپ کے پاس کوئی ٹوٹکہ ہو تو بتایئے۔ (بیگم عاشق حسین، کراچی)

مشورہ: طب میں ایسی دوائیاں ہیں جو دل کو قوت بخشتی ہیں۔ ٹوٹکہ تو یہ ہے کہ اکیس دانے کشمش کے لیں، اسے نصف پیالی عرق گلاب میں رات کو بھگو دیں۔ صبح کا نٹے سے اٹھا کر ایک ایک دانہ کھالیں اور عرق پی لیں۔ پہلے زمانے میں لحاف سینے والی لمبی موٹی سوئی سے کشمش کا ایک ایک دانہ اٹھا کر کھانے کو کہا جاتا تھا۔ چند دنوں میں دل کی دھڑکن اعتدال پر آجاتی تھی۔ آملے یا سیب کا مربہ نہار منہ کھانے سے دل مضبوط ہوتا تھا۔ یہ ٹوٹکے برسہا برس سے آزمائے جارہے ہیں۔

## کیا میں سونے سے پہلے دودھ پی سکتی ہوں؟

میں سعودی عرب میں رہتی ہوں۔ میری عمر 18 سال ہے۔ عبقری بڑے شوق سے پڑھتی ہوں۔ میری نظر کمزور ہے۔ آنکھوں کے گرد حلقے بھی پڑ رہے ہیں۔ کیا میں سونے سے پہلے دودھ پی سکتی ہوں۔ دودھ کے بارے میں ضرور لکھیے۔ (م، جدہ)

مشورہ: بیٹی! آپ کی عمر ابھی بیس سال بھی نہیں تو آنکھوں کے گرد حلقے کیوں پڑ رہے ہیں۔ صبح منہ دھو کر آپ دودھ میں تھوڑی سی روئی بھگو کر آنکھوں کے نیچے آہستہ آہستہ ملیں، اس سے خاصا فرق پڑے گا۔ گائے کا دودھ جلد ہضم ہوتا ہے، دماغ کو طاقت دیتا ہے اور آنکھوں کی بینائی تیز کرتا ہے۔ اسی طرح یہ قد بھی بڑھاتا ہے۔ انسانی صحت برقرار رکھنے کے لیے روزانہ غذا میں دودھ شامل کرنا چاہیے۔ آپ کو چاہیے کہ روزانہ دو گلاس دودھ پئیں۔ ہمارے پیارے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو دودھ بے حد پسند تھا۔ جب بھی دودھ پیتے تو فرماتے اے اللہ اس میں برکت ڈال اور ہمیں زیادہ دے۔ اونٹنی، بکری، گائے کے دودھ کو پسند فرماتے۔ گائے کے دودھ میں شفا ہے، کیونکہ گائے ہر قسم کے پودے کھاتی ہے۔ دودھ میں ایک چمچ شہد ملا کر پیا جائے تو جسم کو بھرپور توانائی ملتی ہے۔ یہ ایک قسم کا غذائیت بخش اور مقوی شربت بن جاتا ہے۔ چٹکی بھر پسی ہوئی دار چینی ملائی جائے تو طاقت میں بے پناہ اضافہ ہوتا ہے۔

## امیر تو بیوٹی پارلر جاتی ہیں؟ ہم کہاں جائیں

میری جلد چکنی ہے۔ چہرے پر دانے نکلتے رہتے ہیں۔ امیر گھرانوں کی لڑکیاں تو باہر بیوٹی پارلر جا کر فیشل کراتی ہیں۔ ہم لوگ سفید پوش ہیں۔ ایسا خرچہ نہیں اٹھا سکتے۔ ہم چار بہنیں ہیں۔ گھر میں آسانی سے بننے والا ماسک بتایئے جسے ہم تیار کرسکیں، آپ کی بڑی مہربانی ہوگی۔ گھریلو طور پر تیار ہونے والی چیزوں کا بتایئے گا۔ بڑی امید کے ساتھ خط لکھ رہی ہوں۔ (زینب، کھڑیانوالہ)

مشورہ: زینب بی بی! ہمارے ہاں یہ بہت بڑا مسئلہ ہے۔ جو لڑکیاں بیوٹی پارلر جاتی ہیں وہ سہیلیوں میں مہنگے مہنگے میک اپ کا ذکر کرتی ہیں جس سے متوسط گھرانے کی لڑکیاں پریشان ہو جاتی ہیں چہرے پر دانے چکنائی کی وجہ سے نکلتے ہیں۔ آپ بیسن سے منہ دھویا کریں۔ صبح اٹھ کر تازہ پانی پئیں۔ تھوڑی تھوڑی دیر ٹھہر کر آپ چار گلاس پانی پی سکتی ہیں۔ (باقی صفحہ نمبر 54 پر)

## بے شمار بیماریوں سے نجات کا ایک غذائی ٹوٹکہ

میری عمر 35 سال ہے شادی شدہ ہوں۔ سب سے پہلے پیٹ میں تکلیف شروع ہوئی، پھر بدہضمی کی شکایت اور بعدازاں پیشاب کی کمی، جوڑوں کے درد، نزلہ زکام نے آن گھیرا، کھانس کھانس کر ایسا لگتا ہے جیسے سینے میں سوجن ہوگئی ہے، فشارِ خون بھی اونچا نیچا رہنے لگا۔ ایک دوا کھاتی ہوں تو دوسری تکالیف سامنے آتی ہیں۔ اب گلے کے غدود بھی تنگ کرنے لگے ہیں۔ عبقری کی پرانی قاریہ ہوں خدارا کوئی مشورہ دیجئے۔ (عالیہ عمران، فتح جنگ)

مشورہ: آپ نے بہت ساری تکالیف کا ذکر کیا ہے، مگر اپنی غذا کا نہیں۔ گلے کا غدود جب بڑھتا ہے تو آیوڈین کی کمی ہوتی ہے۔ آیوڈین ٹھیک رہے تو یہ بیماری ختم ہو جاتی ہے۔ میں جب بھی عمرے یا حج پر گیا تو ایک خاص بات محسوس کی۔ وہاں ملائیشیا اور ترکی کی خواتین بس میں انناس کے ڈبے پکڑے ہوتی تھیں۔ ان کا ناشتہ یہی ہوتا تھا۔ شاید یہی وجہ تھی کہ وہ خواتین تمام دن طواف کرتیں اور ذرا نہ تھکتیں۔ موٹاپا ہونے کے باوجود انکی ٹانگوں میں درد بھی نہ ہوتا۔ ان کی دیکھا دیکھی میں نے بھی دو چار بار انناس کا ڈبا خریدا۔ اسے کھانے سے دل کو بہت فرحت ہوئی اور میں تھکی بھی نہیں۔ گھر آکر انناس کے بارے میں پڑھا تو بے حد حیرت ہوئی۔ انناس بے شمار خوبیوں کا مرقع ہے۔ اس کے کھانے سے ٹھنڈک اور فرحت کا احساس ہوتا ہے۔ گلے کے غدود بھی ٹھیک رہتے ہیں۔ نیز آیوڈین کی کمی بھی دور ہوتی ہے۔ کھانے کو ہضم کرنے میں مدد دیتا ہے۔ اسے کھانے سے بھوک لگتی ہے اور پیشاب بھی کھل کر آتا ہے۔ نیز نزلہ زکام بھی جاتا رہتا ہے۔ جوڑوں کے درد میں بھی فائدہ مند ہے۔ فشارِ خون بھی قابو میں رہتا ہے۔ آپ اپنی غذا میں انناس شامل کریں۔ ڈبوں میں بند انناس عام طور پر ہر جگہ دستیاب ہے۔

## زبان کی لکنت ختم روحانی اور گھریلو ٹوٹکہ

میں کالج میں پڑھتی ہوں۔ لکنت کی وجہ سے از حد پریشانی ہے۔ کلاس میں لڑکے لڑکیاں مذاق اڑاتے اور پیٹھ پیچھے توتلا کہتے ہیں۔ اکثر فقرہ پورا ہونے سے پہلے ہی ہنستے ہیں جس سے میں گھبرا کر چپ ہو جاتی ہوں۔ میرے دادا اور چچا بھی لکنت کے شکار تھے۔ کیا یہ تکلیف مجھے وراثت میں ملی ہے؟ احساس کمتری کی شکار ہوں۔ بال بھی تیزی سے سفید ہو رہے ہیں۔ آپ امید کی آخری کرن ہیں۔ (م۔ع، لاہور)

مشورہ: بعض دفعہ زبان کے نیچے تار سا ہوتا ہے جسے تانتوا کہتے ہیں۔ وہ زبان سے جڑا رہ جائے تو بچے بولنے میں ہکلاتے ہیں، اسے کاٹ دیا جائے تو مسئلہ ٹھیک ہو جاتا ہے۔ پیدائش طور پر بھی خرابی ہوتی ہے جس میں زبان کے پٹھے کمزوری کے باعث کام نہیں کرتے۔ جو لوگ ہکلاتے ہیں وہ گھبراہٹ میں جلدی جلدی بولنے کی کوشش کرتے ہیں اس سے بھی زبان اٹک جاتی ہے۔ ایک دعا رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ o وَیَسِّرْ لِیْٓ اَمْرِیْ o وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِیْ o یَفْقَهُوْا قَوْلِیْ (طٰهٰ) بزرگوں نے اس دعا کی بہت تعریف کی ہے۔ خصوصاً لکنت کے لیے اسے بار بار پڑھنے کی تاکید فرماتے ہیں۔ چار گرام مرچ سیاہ، چار گرام عقرقرحا باریک پیس کر دو بڑے کھانے کے چمچے شہد میں ملا کر رکھیے جب بھی دن میں موقع ملے زبان کے نیچے اور اوپر انگلی سے مل لیں۔ عقرقرحا تیز ہوتا ہے، منہ سے رال بہے گی۔ دن میں پانچ چھ دفعہ لگایئے۔ تنہائی میں زور زور سے کتاب پڑھیے یا تقریر کریں۔


**معذور شفاء ٹانک** ہر قسم کی معذوری۔ فالج۔ لقوہ۔ دماغی کمزوری۔ ڈیپریشن۔ مرگی۔ بچوں کا سوکھا پن یا پیدائشی معذوری ان تمام امراض کیلئے صرف چند ماہ استعمال کریں۔ (قیمت 500 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوایئے۔ 0332-7552382

# مئی کے رمضان میں ٹھنڈے ٹھار دھنیے کا کمال

نصر عباسی، راولپنڈی

دھنیا ایک مشہور خوشبودار پودا ہے چونکہ اس کے پتوں میں اعلیٰ درجہ کی خوشبو اور مزہ ہوتا ہے اس لیے یہ سالن میں خوشبو پیدا کرنے میں بکثرت استعمال ہوتا ہے۔ اس کے بیج مصالحہ میں شامل کئے جاتے ہیں۔ سالن میں ذائقے کے ساتھ دھنیا مرچوں کی تیزی کو بھی ختم کرتا ہے۔ دھنیا کا استعمال پاکستان کے اکثر و بیشتر گھروں میں روزانہ ہوتا ہے۔ گھر میں استعمال ہونے والا یہ دھنیا بہت سی خصوصیات کا حامل ہے اور بیماریوں میں بھی یہ دوا کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ ادویاتی فوائد ذیل میں درج ہیں: ☆ دماغی کمزوری اور گرمی کی وجہ سے بعض اوقات چلتے چلتے یا دیر تک بیٹھے رہنے کے بعد کھڑے ہونے پر سر گھومتا محسوس ہوتا ہے اور چکر آنے لگتے ہیں اس کو دور کرنے کے لیے اگر سبز دھنیا ہو تو اس کا پانی نکال کر تین ماشہ چینی یا مصری ملا کر پئیں یا خشک دھنیا چھ ماشہ پانی میں گھوٹ کر مصری یا چینی ملا کر استعمال کریں۔

☆ اگر گرمی کی وجہ سے مستقل سر چکراتا ہو اور آنکھوں کے سامنے اندھیرا اچھا جاتا ہو تو خشک دنیا چھ ماشہ اور چھوٹی الائچی پانچ عدد کو کوٹ کر رات بھر پانی میں بھگوئیں اور صبح پانی صاف کر کے پئیں۔ چند روز میں سر چکرانا بند ہو جائے گا۔ ☆ اکثر اوقات گرمی میں بخارات اٹھنے سے مرگی کے دوروں میں شدت آجاتی ہے اس کے لیے دھنیے کی چٹنی باسی روٹی سے استعمال کراتے رہیں تو بخارات بننا بند ہو جاتے ہیں اور دورہ کے وقفے میں اضافہ ہو جاتا ہے چٹنی بنانے کے لیے دھنیا آدھا پاؤ لے کر کوٹ لیں اور آدھ سیر پانی میں ڈال کر پکائیں جب پانی جل کر آدھا پاؤ رہ جائے تو اس کو چھان کر مصری ملا کر تھوڑی دیر پکائیں جب گاڑھا قوام بن جائے تو اتار لیں چٹنی تیار ہو جائے گی۔

☆ نیند نہ آنے کی صورت میں سبز دھنیا کوٹ کر پانی نکال لیں اور پانی کے ہم وزن مصری یا شکر ملا کر پکائیں اور گاڑھا کر لیں۔ روزانہ ایک یا دو چمچہ پانی میں ڈال کر استعمال کریں بہت میٹھی نیند آنے لگے گی۔

# گرمیوں میں منہ کے چھالوں سے یقینی نجات

☆ بکری کے دودھ میں خشک دھنیا باریک پیس کر ملا لیں اور کپڑے کو اس سے تر کر کے آنکھوں پر رکھیں اس سے بھی آنکھیں دکھنا بند ہو جاتی ہیں۔ ☆ منہ میں چھالے ہو جانے پر مریض کو گرم اور ثقیل اشیاء سے پرہیز کرانا چاہئے اور علاج کے طور پر دھنیے کے بیج باریک پیس کر منہ میں چھڑکتے رہیں۔ ☆ ٹانسلز میں دھنیا ابال کر اس کے پانی سے غرارے کرنا مفید ہوتا ہے۔

☆ بچوں کی کھانسی میں دھنیا ایک ماشہ چاولوں کے پانی میں ملا کر مصری سے میٹھا کر کے پلائیں۔

☆ معدہ کی کمزوری دور کرنے کے لیے دھنیا ایک چھٹانک، سیاہ مرچ آدھی چھٹانک اور نمک لاہوری آدھی چھٹانک پیس کر چورن بنا لیں اور کھانے کے بعد آدھا چمچہ استعمال کریں۔ ☆ پیاز کھانے کے بعد جو منہ سے بدبو آتی ہے اس کو دور کرنے کے لیے دھنیے کے پتے چبا لیں بدبو فوراً دور ہو جائے گی۔

## رمضان کا چاند دیکھتے ہی یہ سورۃ پڑھیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے میری بہن نے عبقری دے کر اسکے بارے میں بتایا کہ اس سے تم فائدہ اٹھا سکتی ہو میں نے پڑھا تو واقعی ہی یہ سب رسالوں سے جدا ہے میرے حالات بہت خراب تھے۔ اس میں سے کچھ وظائف کرنا شروع کر دیئے اور **یَاقَهَّارُ** کا وظیفہ لاجواب ہے۔ میرے پاس بھی ایک روحانی ٹوٹکہ ہے اور یہ ہمارا آزمودہ ہے جس شام رمضان کا چاند نظر آئے سورۃ فتح تین بار پڑھیں اور درمیان میں چاند کو دیکھتے ہوئے سیدھے ہاتھ کی شہادت والی انگلی سے چاند کی طرف اشارہ کریں اور تین بار پڑھنے کے بعد جو بھی دعا مانگیں وہ ضرور ملے گا۔ **چھپاکی کیلئے:** مجھے ایک دفعہ چھپاکی ہو گئی تھی اس سے بہت خارش ہوتی ہے میرے ابو کالے رنگ کی پہاڑی بکری کے بالوں سے بنی ہوئی چوٹی کو چھپاکی والی جگہ پر تھوڑی دیر ملتے رہے تو تھوڑی دیر میں آرام آ گیا۔ (ام شیث، کراچی)

# روزانہ 150 افراد کی افطاری

(شاہد علی، مچن آباد)

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ کریم آپ کو سرسبز و شاداب رکھے‘ ہر آفت اور مصیبت سے اپنی پناہ میں رکھے۔ یقیناً یہ ہم عوام پر بلکہ عام و خاص پر رب کریم کا فضل ہے کہ جس نے آپ جیسا مخلص بندہ میسر کیا۔ اصل موضوع کی طرف آتا ہوں۔ محترم حضرت حکیم صاحب! آپ کا ایک بیان سنا تھا جس میں آپ نے صدقہ وخیرات کرنے کے فضائل اور پھر انعامات ربی کا خوب چرچا کیا‘ دل کو لگا اور اس دن سے دل میں یہ تڑپ شروع ہو گئی کہ میں بھی ایسے تقسیم کروں‘ حسب استطاعت شروعات کیں‘ ایک عجب لذت ملنے لگی اب تو ماشاء اللہ ایک لت سی پڑتی جا رہی ہے اور آپ نے خصوصاً رمضان میں صدقہ وخیرات پانی کی طرح بہانے کے فضائل بیان کیے محترم رمضان آنے والا ہے اور میں نے ارادہ کیا ہے کہ ان شاء اللہ ہر جمعۃ المبارک کو افطاری کرانی ہے‘ ان شاء اللہ اور افطاری پھل فروٹ وغیرہ اور اچھی طرح کرانے کا ارادہ ہے اور ساتھ یہ ارادہ ہے کہ میں رب سے اس بار مانگ لوں کہ یا کریم اگلے رمضان تک مجھے اتنا عطا کر اپنے غیبی خزانوں سے کہ میں پورا رمضان کم از کم 100 سے 150 لوگوں کی روزانہ افطاری کراؤں‘ تیری رضا کیلئے۔ اس رمضان‘ اللہ کریم نے واقعی میری سنی ہے اور ان شاء اللہ میں انتظامات میں لگا ہوا ہوں کہ مخلوق خدا کو افطاری کراؤں۔ ایک نسخہ جو کہ آزمودہ ہے قارئین کی نذر کرتا ہوں:۔

**احتلام کیلئے کامیاب نسخہ:** ھوالشافی: تخم بھنگ، تخم جوز ماثل، تخم کوکنار اور پوٹاشیم برومائید ہر ایک 50،50 گرام تمام کو باریک پیس کر 2 رتی دن میں تین بار کھانے کے بعد کسی سفوف مغلظ یا سفوف مفرح میں ملا کر کھلائیں اگر مریض کا بلڈ پریشر کم ہوتا ہو یا مریض کمزور ہو تو نمکین پانی کے ساتھ یہ دوا کھلائیں جو احتلام کسی بھی دوا سے ٹھیک نہ ہوتا ہو اس سے شرطیہ ٹھیک ہو جاتا ہے۔ اس سے زیادہ مقدار نہ دیں۔ انتہائی سستا اور بے ضرر ٹوٹکہ ہے‘ خاص طور پر ان لوگوں کیلئے جن کے کپڑے اکثر رمضان المبارک میں زیادہ ناپاک ہوتے ہیں۔

خاتون شفاء حیض کی بے قاعدگی کا آخری علاج
جوانی کی دہلیز پر قدم رکھتی لڑکیوں کے امراض کا آزمودہ علاج
چہرے پر بال ہوں یا داغ دھبے خاتون شفاء سے نئی زندگی پائیں
ایام درد سے آئیں تو اعتماد سے استعمال کریں اور درد سے چھٹکارا پائیں
حیض کی بے قاعدگی کی شکار خواتین کیلئے خوشی کی نئی کرن
شادی کے بعد جسم موٹا ہو رہا ہو تو خاتون شفاء استعمال کریں
داغ دھبے چھائیوں کا آزمودہ علاج
صرف 120 روپے علاوہ ڈاک خرچ

| | | |
|---|---|---|
| رمضان کی مصروفیات سے پہلے لیجئے خوبصورتی کا راز | یہ پڑھا! اب بیوی عزت کرتی ہے اور بچے بات مانتے ہیں | اچھے اعمال سے خوشی اور اعمال بد سے پریشانی مقدر |
| شوگر، کینسر اور چنبل کے زخم کیلئے | یہ پڑھ لیجئے آپ کا کام ہو جائیگا | کچے پکے پپیتے کے انوکھے کمال |

قارئین! آپ بھی بخل شکنی کریں آپ نے کوئی روحانی، جسمانی نسخہ، ٹوٹکہ آزمایا ہو اور اس کے فوائد سامنے آئے ہوں یا آپ نے کوئی حیرت انگیز واقعہ دیکھا یا سنا ہو تو عبقری کے صفحات آپ کیلئے حاضر ہیں، اپنے معمولی سے تجربے کو کبھی بیکار نہ سمجھئے، یہ دوسرے کیلئے مشکل کا حل ثابت ہوسکتا ہے اور آپ کیلئے صدقہ جاریہ۔ چاہے بے ربط ہی لکھیں صفحات کے ایک طرف لکھیں، نوک پلک ہم خود ہی سنوار لیں گے۔

## کچے پکے پپیتے کے انوکھے کمال

کچے پپیتے کے دودھیا رس میں موجود معاون ہضم انزائم پاپائن، پیٹ اور انتڑیوں کے کیڑوں کو ہلاک کرتا ہے۔ تازہ رس ایک کھانے کا چمچہ، اسی مقدار میں شہد اور تین یا چار کھانے کے چمچے گرم پانی، بالغ فرد کیلئے ایک وقت کی خوراک ہے۔ اس خوراک کے دو گھنٹے بعد 30 سے 60 ملی لیٹر کیسٹر آئل کو 250 سے 375 ملی لٹر نیم گرم دودھ میں ملا کر پینا چاہئے۔ یہ عمل اگر ضروری ہو تو دو دن دہرانے پر پیٹ کے کیڑے ہلاک کر کے خارج کر دیتا ہے۔ سات سے دس سال کے بچوں کو مذکورہ نسخہ آدھی مقدار میں دینا چاہیے۔ تین سال سے کم عمر بچوں کیلئے چائے کا ایک چمچہ ہی کافی ہے۔

اس مقصد کیلئے پپیتے کے بیج بھی مفید ہیں۔ ان میں ایک مادہ کیریسین پایا جاتا ہے جو پیٹ کے کیڑے خارج کرنے میں بہت مؤثر دوا ہے۔ اس کے پتوں میں موجود الکلائیڈ کارپین بھی پیٹ کے کیڑوں کو ہلاک یا خارج کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ پتے، شہد کے ساتھ کھلائے جاتے ہیں۔ شراب نوشی یا غذائیت کی کمی وغیرہ کے سبب سے جگر کا سکڑ جانا، تصلب جگر کہلاتا ہے۔ اس مرض کے تدارک کیلئے پپیتے کے بیج زبردست اثر دکھاتے ہیں۔ بیجوں کو کچل کر حاصل کیا جانے والا جوس ایک کھانے کا چمچہ، دس قطرے تازہ لیموں کا جوس ملا کر ایک ماہ تک روزانہ ایک یا دو دفعہ پینا شافی علاج ثابت ہوتا ہے۔ پکا ہوا پپیتا، تلی بڑھ جانے کی حالت میں موثر علاج بالغذا ہے۔ پپیتے کو چھیل کر چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں میں کاٹ کر ایک ہفتہ تک سرکہ میں پڑا رہنے دیں۔ بعدازاں اس محفوظ کئے ہوئے پھل میں سے 20 گرام دوپہر اور رات کے کھانے کے ساتھ استعمال کریں۔

## اچھے اعمال سے خوشی اور اعمال بد سے پریشانی مقدر

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! رمضان المبارک کی آمد آمد ہے‘ میرے پاس امت مسلمہ کیلئے ایک پیغام ہے جو میں عبقری کے ذریعے لاکھوں قارئین کی نذر کررہا ہوں۔ قارئین ل سے گزارش ہے کہ اللہ تعالیٰ کے ہو کر رہیں میں نے اکثر نوٹ کیا ہے کہ جو لوگ اللہ سے دوری اختیار کرتے ہیں وہ پریشانیوں اور مصائب میں مبتلا رہتے ہیں۔ ایک مصیبت سے نکلتے ہیں تو دوسری میں پھنس جاتے ہیں۔ مال و دولت ہونے کے باوجود زندگی میں سکون نہیں ملتا۔ اس کے برعکس جو لوگ نماز پڑھتے ہیں۔ نیک کام کرنے کی کوشش اور برائی سے بچنے کی کوشش کرتے ہیں اللہ انہیں اپنے حفظ و امان میں رکھتا ہے اور ہر پل ان کی مدد کرتا ہے۔ ان کی زندگی میں سکون رہتا ہے ان کے اردگرد کے لوگ‘ بیوی، بچے، دوست احباب سب اس کی عزت کرتے ہیں۔ اس لیے اگر آپ لوگ چاہتے ہیں کہ دنیا و آخرت اچھی گزرے تو پانچ وقت کی نماز پڑھیں اور حقوق العباد کا خیال رکھیں اور کوشش کریں کہ کسی کی دل آزاری نہ ہو اور کسی کا حق نہ مارا جائے اور کسی کے ساتھ ظلم و زیادتی نہ ہو۔ ورنہ یہ دنیا آپ کے لیے عذاب بن جائے گی پھر آپ مارے مارے پھریں گے کبھی بیماریوں کی وجہ سے ڈاکٹروں کے پاس اور کبھی پریشانیوں کی وجہ سے عاملوں کے پاس۔ اصل بات یہ ہے کہ انسان کی زندگی کی خوشیاں اور غم انسان کے اعمال ہی کی وجہ سے آتے ہیں اگر اعمال ایسے ہوں تو آنے والی پریشانیاں بھی ختم ہو جاتی ہیں اور اگر اعمال برے ہوں گے تو نہ آنے والی پریشانیاں بھی آجائیں گی۔ آیئے! اسی رمضان کی آمد سے پہلے اپنا محاسبہ کریں اور اعمال بد سے اعمال نیک پر آجائیں گی۔ (محمد آصف، جہانیاں)

## رمضان کی مصروفیات سے پہلے لیجئے خوبصورتی کا راز

چار انڈوں کی سفیدی لیکر اسے گلاب کے عرق میں ابالیں پھر اس میں آدھا اونس پھٹکری اور آدھا اونس میٹھے باداموں کا تیل ڈالیے اس کے بعد خوب ہلایئے یہاں تک کہ ایک گاڑھا لعاب بن جائے رات کو بستر پر جانے سے پہلے لگایئے اور صبح اٹھ کر کسی اچھے صابن سے منہ دھوائیں۔

**حکایت سعدی:** ایک شخص نے اپنے پیر و مرشد کے پاس جا کر کہا کہ میں دنیا والوں سے تنگ آ گیا ہوں ہر وقت مجھے گھیرے میں لے لیتے ہیں اور میرا وقت خراب کرتے ہیں پیر صاحب نے جواب دیا۔ آنے والوں میں سے جو غریب اور نادار ہوں تم ان کو کچھ قرض دے دیا کرو اور جو متمول ہوں ان سے کچھ قرض مانگ لو پھر دیکھنا کہ ان میں سے کوئی بھی تمہارے پاس لوٹ کر نہیں آئیگا۔ حکیم لقمان سے کسی نے پوچھا ''حکمت'' کس سے سیکھی؟ لقمان نے جواب دیا اندھے سے کیونکہ وہ زمین کو اچھی طرح ٹٹول ٹٹول کر قدم بڑھاتا ہے۔ ایک مرتبہ شیخ سعدیؒ نے ایک درویش سے پوچھا مجھے کوئی ایسی نصیحت کریں کہ میری جہالت مٹ جائے درویش نے جواب دیا اگر تم بڑے عالم ہو تو بھی انکساری سے کام لو ورنہ اپنے علم کو مٹی میں دفن کردو۔ بے وقوف کے لیے چپ رہنا سب سے بڑی عقل مندی ہے لیکن اگر وہ اتنی سی بات سمجھ لے پھر وہ بے وقوف ہی کیوں ہو۔ (حمیرا کنول، کھوئیاں)

## یہ پڑھ لیجئے آپ کا کام ہو جائے گا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! چند ذاتی تجربات اور جو لوگوں کو بتائے یا مریضوں کو بتائے گئے اعمال اور ادویات ان کا ذکر کرتا ہوں۔ (1) میرے جاننے والے دو آدمیوں کے شناختی کارڈ گم ہو گئے‘ پولیس کو گمشدگی کی درخواست دی۔ میں نے ان آدمیوں سے کہا کہ میں آپ کو ایک عمل بتاتا ہوں آپ وہ کریں انشاء اللہ آپ کے شناختی کارڈ مل جائینگے۔ میں نے انہیں افحسبتم اور اذان کا عمل اور یَارَبِّ موسٰی یَا رَبِّ کَلِیْم بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ

الرجی‘ چھینکیں‘ دائمی نزلہ‘ ناک کی ہڈی کا بڑھنا (کورس)
ناک کی ہڈی کا بڑھنا ناک کا بند رہنا جلدی مسائل حتی کہ الرجی
دائمی نزلہ‘ الرجی کے شکار افراد کیلئے تیر بہدف لاتعداد کا آزمودہ کورس سفید اور گرتے بال‘ دماغ کمزور‘ حافظہ ضعیف ہو تو یہ کورس آپ کو ناامید نہ کرے گا کچھ عرصہ مستقل مزاجی کا استعمال درج بالا بیماریوں سے ہمیشہ کیلئے چھٹکارا
قیمت صرف -/600 روپے

الرَّحِیْمِ والا عمل بتایا۔ چند دن بعد دونوں سے ملاقات ہوئی تو انہوں نے بتایا کہ ہمارے شناختی کارڈ مل گئے ہیں۔

## یہ پڑھا! بیوی عزت کرتی ہے اور بچے بات مانتے ہیں

میرے ایک جاننے والے ہیں وہ اپنی بیوی اور بچوں کے رویہ سے انتہائی پریشان تھے' بیوی نے کبھی ان کو عزت نہ دی تھی' جس کی وجہ سے تو وہ ڈیپریشن میں چلے گئے تھے' اس کے علاوہ جب بیوی چلاتی تو بچوں نے بھی دیکھا دیکھی ان کو کبھی احترام نہ دیا۔ وہ اپنا مسئلہ بیان کرتا ہوا میرے سامنے رو پڑا' میں نے اس کو بھی اَفَحَسِبْتُمْ اور اذان کا عمل اور یَارَبِّ مُوْسٰی یَارَبِّ کَلِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کا عمل بتایا۔ چند دن کے بعد اس نے بتایا کہ اب ماشاء اللہ سے بیوی' بچے تمام گھر والے اس کی عزت کرتے ہیں اور ان کی ہر بات مانتے ہیں۔ بعض اوقات تو میں ڈرتے ڈرتے کوئی بات کرتا ہوں تو وہ بھی میری پوری ہو جاتی ہے۔

## 15 دن میں پنشن کے معاملات ٹھیک

(3) ایک شخص کو ریٹائرمنٹ کے بعد کاغذات بنوانے میں بے حد دشواریاں تھیں۔ پنشن لگوانے کے لیے جگہ جگہ دفتروں کے دھکے کھا رہے تھے۔ وہ بہت پریشان تھا تین چار ماہ سے فاقہ کشی کا شکار تھا تو میں نے اس کو اَفَحَسِبْتُمْ اور اذان والا عمل بتایا اس نے عمل کیا تو پندرہ دن کے اندر اندر اس کے پنشن کے معاملات حل ہو گئے۔ **اَفَحَسِبْتُمْ اور اذان کا عمل:** سورۂ مومنون کی آخری چار آیات اور اذان سات سات مرتبہ پڑھ کر دونوں کندھوں پر دم کریں۔ اول و آخر تین مرتبہ درود شریف لازمی پڑھیں' دن میں چند بار کریں۔

## رمضان کیلئے لاجواب قہوہ

آج کل دودھ کھلا ہو یا خشک ناقابل بھروسہ اور نقصان دہ ہے۔ میری عوام سے اپیل ہے کہ دودھ چاہے ڈبے والا ہو یا پاؤڈر والا کتنا ہی مہنگا ہو مشکوک ہے۔ آپ کا دل چائے پینے کو کرتے تو آج ہم آپ کو ایک لاجواب قہوہ بتاتے ہیں' ایسا کریں کہ جب دل چاہے قہوہ بنائیں' بہت ذائقہ دار اور لاجواب قہوہ ہے۔ اپنے لیے بنائیں' مہمانوں کیلئے پیش کریں۔ ترکیب یہ ہے: دارچینی، لونگ، ادرک، سونف، پودینہ چند دانے کلونجی ڈالیں اس کو خوب جوش دے کر چھان کر پی لیا کریں۔ شوگر، جوڑوں کے درد، قبض کے لیے بہترین نسخہ ہے' خاص طور پر رمضان المبارک میں افطاری کے بعد چند گھونٹ ہی آپ کو فرحت کا انوکھا جہاں دیں گے۔ چند دن کے استعمال چہرے کی رنگت نکھر آئے گی۔

## یہ منجن گھر میں تیار کریں اور بہترین دانت پائیں

گھر میں منجن تیار کریں۔ نمک 250 گرام، لونگ 50 عدد، سونٹھ پسی 50 گرام، کالی مرچ 50 گرام، میٹھا سوڈا 250 گرام، کیکر کے خشک پتے یا چھلکا کیکر سفوف 50 گرام الگ الگ پیس لیں کپڑ چھان کر لیں' کھل کی ہوئی پھٹکری 50 گرام بھی ملالیں ماس خورہ اور دانت درد میں مل کر دس منٹ رکھیں آدھا گھنٹے میں دانت درد ختم۔

## کان سے پیپ یا خون کا آنا بالکل ختم

کان سے پیپ یا خون آنا' چاہے بیس سالہ پرانا مرض ہو' ٹھیک ہو جائے گا۔ اس کے لیے تیل سرسوں یا زیتون آدھا کلو لیں اس میں برگ سرس 100 عدد، برگ سبز کیکر 30 گرام، برگ پھلاوہ 30 گرام، پھلاوہ اور کیکر کے پھول 50 گرام، رتن جوت 5 گرام اس تیل میں ڈال کر انتہائی ہلکی آنچ پر رکھیں۔ جب تمام اشیاء جل جائیں تو ٹھنڈا کر کے 4 تہہ والا سوتی کپڑے سے پن لیں۔ یہ تیل سال بھر بھی خراب نہ ہوگا۔ مریض کے کان میں پانچ سات قطرے ڈالیں اس کو بیس منٹ لٹائیں صبح و شام۔ دو دن کے بعد ایک دن ناغہ کر لیں۔ کچھ دن ایسا کریں شفاء ہوگی۔ (حکیم عباس علی چوہدری، واہ کینٹ)

## شوگر' کینسر اور چنبل کے زخم کیلئے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ پڑھتے ہوئے تقریباً چار سے پانچ سال ہو گئے' بے شمار نسخہ جات آزمائے الحمدللہ لاجواب پائے۔ میرے پاس بھی ایک انتہائی کامیاب نسخہ ہے جو میں قارئین عبقری کی نذر کرنا چاہتا ہوں۔ قارئین ضرور آزمائیے بہت لاجواب چیز ہے۔ یہ میرا بھی آزمودہ ہے۔ ھوالشافی: دارچکنا 6 گرام، پارہ 6 گرام، رس کپور 6 گرام، ہڑتال ورقیہ 6 گرام، گندھک آملہ سار 100 گرام، باپچی 300 گرام، اجوائن دیسی 300 گرام، آب مولی ایک کلو۔ **ترکیب:** پارہ اور گندھک کی کجلی بنانی ہے۔ کجلی بنانے کے بعد دارچکنا' رس کپور اور ہڑتال ورقیہ ڈال کر اچھی طرح پیس لیں۔ پھر آب مولی ڈال کر رگڑ رگڑ کر سارا پانی ختم کرنا ہے۔ پاؤڈر بنانے کے بعد باپچی اور اجوائن دیسی گرائنڈ کر کے اس میں ملا دیں۔ **طریقہ استعمال:** اگر جسم کے کسی حصے پر زخم ہو تو پاؤڈر ویزلین میں ملا کر لگائیں اگر پورے جسم پر خارش ہو تو پاؤڈر تیل میں ملا کر لگائیں۔ **فائدہ:** یہاں سعودیہ میں ایک شخص کے سر پر زخم بنا وہ زخم بڑھتے بڑھتے پورے سر کے بال بھی اتر گئے اور زخم اتنا زیادہ کہ سر پر ایک رومال رکھتا تھا وہ رومال خون سے بھر جاتا پھر دوسرا رومال بدل لیتا اس طرح دن میں تین رومال تبدیل کرتا۔ اس نے بہت علاج کروائے لیکن کوئی افاقہ نہ ہوا اب مایوس ہو چکا تھا۔ زخم کینسر کے بہت قریب تر پہنچ چکا تھا۔ ایک دن کوئی چیز لینے میرے دواخانے پر آیا میں نے دیکھا تو کہا میں آپ کا علاج کروں تو اس نے کہا کہ کوشش کر کے دیکھ لیں مجھے تو کوئی امید نظر نہیں آتی۔ میں نے اسے ایک ہفتے کی دوائی دی اور کہا کہ اللہ تعالیٰ نے چاہا تو تمہیں ضرور فائدہ ہوگا ایک ہفتے بعد دوبارہ آیا تو بہت خوش تھا اس کے زخم سے خون رسنا بند ہو گیا۔ چھ ماہ کے علاج کے بعد اب وہ بالکل ٹھیک ہے۔ **احتیاط:** یہ ساری دوائیاں زہریں ہیں۔ اس دوائی کو تجربہ کار ہی تیار کر سکتا ہے اگر دوائی کی تیاری میں کوئی کمی بیشی رہ گئی تو الٹا نقصان ہو سکتا ہے۔ کسی مستند حکیم سے تیار کروائیں۔ (حکیم محمد شفیق، سعودیہ)

## کیا یہ بھی حقیقت ہے؟ چاند دیکھ کر مسنون دعا ضرور پڑھیں

محترم قارئین! مجھے نہیں معلوم درج ذیل باتیں شاید آپ کو مذاق لگیں یا آپ میرے دماغ کا وہم سمجھیں مگر یہ باتیں ہمارے خاندان میں بارہا تجربہ شدہ ہیں۔ (1) نیا چاند پہلی بار دیکھ کر اگر شیرخوار بچے کو دیکھا جائے تو پورا ماہ بچہ اکثر گرتا رہتا ہے۔ (2) نیا چاند جس قسم کے فرد کے چہرے پر دیکھا جائے مہینہ اسی طرح گزرتا ہے۔ لڑاکا بندہ ہو تو اکثر لڑائی کا خدشہ رہتا ہے۔ کھلے خرچ والا ہو تو پیسے کی فراوانی اور اگر کسی بازار یا کہیں آتے جاتے میں نظر پڑے تو پورا مہینہ اکثر باہر جانا پڑتا ہے۔ یہ تجربہ شدہ بات آپ کو بتا رہا ہوں آپ بھی تجربہ کر کے دیکھ لیں۔ سب کچھ کرنے والا اللہ ہے یہ صرف ایک ٹوٹکہ ہے اس میں شرک وغیرہ نہ کیا جائے چاند دیکھ کر ہمیشہ مسنون دعا ضرور کریں آپ جیسا چاہیں گے مہینہ ویسا ہی ہوگا۔

**عبقری ٹوٹکہ سیکشن:** قارئین! بعض اوقات لاعلاج بیماریوں میں جہاں بڑی بڑی ادویات اور مہنگے علاج ناکام ہو جاتے ہیں وہاں چھوٹے چھوٹے ٹوٹکے کارگر ثابت ہوتے ہیں جنہیں بظاہر کوئی اہمیت نہیں دی جاتی تو قارئین آپ مستقل بڑے بوڑھوں کے وہ ٹوٹکے سنے یا آزمائے ہوئے ضرور لکھیں' عبقری نے ایک ٹوٹکہ سیکشن قائم کیا ہے تاکہ مخلوق کی خدمت ہو اور انسانیت کو نفع پہنچے۔ **نوٹ:** ایسے ٹوٹکے بھیجیں جن میں ادویات کا استعمال نہ ہو اور کہیں ایسا نہ ہو کہ ٹوٹکوں والی کتاب اٹھا کر سارے ٹوٹکے لکھ کر بھیجیں ایسا ہرگز نہ کریں۔ صرف آزمودہ اور سینے کے راز ٹوٹکے ہی بھیجیں۔

طب اسلامی کے پاکیزہ اصولوں کے مطابق تیار کیا گیا
معدہ کا السر (کورس)
معاشرے میں پائے جانے والے خطرناک مرض کا شافی علاج
بلڈ پریشر اور ہاضمہ کی پریشانی سے ستائے صرف یہ کورس آزمائیں
معدہ کے تمام امراض کا علاج
معدہ کو صحت مند اور ہشاش بشاش بنایئے
معدہ میں درد ہو' معدہ کا کینسر ہو' تیزابیت ہو یا اپنڈی سائٹس ابھی لائیں کمال پائیں
(قیمت صرف/-400 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

# لسوڑہ! دوا بھی غذا بھی اور لاجواب شفاء بھی

لسوڑہ پنجاب میں بکثرت پایا جانے والا ایک لیسدار پھل ہے جسے دیہاتی بچے اکثر بڑے شوق اور رغبت سے کھاتے ہیں۔ پختہ لسوڑے کا ذائقہ شیریں اور لیسدار، رنگ گلابی حجم چھوٹے بیر سے لے کر بڑے بیر تک ہوتا ہے۔ لسوڑے کی شکل گول ہوتی ہے خام حالت میں اس کا رنگ اکثر پھلوں کی مانند سبز ہوتا ہے اور اس کے بیچ میں ایک گٹھلی ہوتی ہے جو لسوڑے کے گودے اور لیسدار مواد کو نگلنے کے بعد پھینک دی جاتی ہے۔ بازار میں موسم گرما میں خام لسوڑے فروخت ہوتے ہیں جن سے اچار تیار کرتے ہیں اور چھوٹے لسوڑے کے پھل کو خشک کر کے بطور دوا استعمال کرتے ہیں۔ اطباء حضرات کے اکثر نسخہ جات میں بالخصوص ان میں جو پھیپھڑوں، حلق اور ناک کے امراض سے متعلق ہوتے ہیں۔ سپستان (لسوڑہ) کو شامل کیا جاتا ہے۔

**افعال وخواص:** چنانچہ جمہور اطباء حضرات کے مطابق لسوڑہ کا مزاج گرمی اور سردی کے اعتبار سے درجہ اعتدال پر ہے جبکہ اپنی فاضل رطوبت کی وجہ سے تر بھی ہے۔ لسوڑہ میں پائی جانے والی لیسدار رطوبت کا ہی اصل کام ہے جس کے باعث گلے میں ہونے والی خراش، پھیپھڑوں سے اٹھنے والی خشک کھانسی اور ذات الجنب میں یہ نسبتاً فائدہ مند ہے۔ ایسا نزلہ وزکام جس میں بار بار چھینکیں آرہی ہوں اور ناک سے رطوبت بہہ رہی ہو یا حلق میں سوزش پیدا کرنے والا مواد گر رہا ہو ناک کی اندرونی جھلی متورم ہو اور اس میں جلن ہو رہی ہو تو پختہ لسوڑہ کا کھانا بہت نافع ہے اگر پختہ لسوڑے میسر نہ ہوں تو 12 عدد خشک سپستان لے کر ان کو نیم کوفتہ کر کے پانی میں جوش دیں مل چھان کر مصری یا قند سفید سے شیریں کر کے پلائیں۔ اس سے تمام علامات میں تخفیف ہو کر دو تین دفعہ استعمال کرنے سے صحت بحال ہو جائے گی۔ سپستان کے جوشاندہ میں مصری اور دیسی گھی تیس تیس گرام کا اضافہ کر کے نیم گرم پلانے سے ذات الجنب، نزلہ وزکام اور حلق کی خشونت (خراش) ورم نیز خشک کھانسی اور دمہ میں بہت فائدہ حاصل ہوتا ہے۔ اس کے جوشاندہ کے استعمال سے سینہ میں جما ہوا غلیظ بلغم آسانی سے خارج ہونے لگتا ہے۔

## موسم گرما کے امراض کیلئے لسوڑہ بہت بڑی نعمت

اپنی لیس کے باعث سپستان امعا اور دیگر اعضا کے سوزش اور خراش کن امراض میں بھی بہت مفید ہے۔ چنانچہ آنتوں کی خراش، پیچش، گرمی کے بخار، پیاس کی شدت، سوزاک اور پیشاب کی جلن میں یہ اپنے لعاب کی مدد سے فائدہ مند ثابت ہوتا ہے۔ لعاب کے باعث امعاء کے اندرونی حصہ پر استر کرتا اور خراش کن واذیت ناک مواد کو پھسلا کر خارج کر دیتا ہے۔ اس لئے مسہل ادویہ کی خراش دار تاثیر کو کم کرنے اور دافع فضلات فعل کو تقویت دینے کے لیے سپستان کو ان کے ہمراہ استعمال کرتے ہیں۔ لسوڑہ بلغم، خون اور صفراء کے فساد کو اعتدال پر لاتا ہے۔ اس کی نرمی اور تری کی وجہ سے اعضاء اور طبیعت میں سکون پیدا ہو جاتا ہے جبکہ بکثرت استعمال معدہ اور جگر کے لیے رطوبت کی زیادتی کے باعث نقصان دہ ہے۔ لسوڑہ کا پھل اپنے مخصوص اثرات کی وجہ سے جریان اور احتلام میں بھی بہت فائدہ مند ہے۔ چنانچہ وہ تمام افراد جن کے مادۃ الحیات میں گرمی کی زیادتی اور اس سے پیدا شدہ رقیق مادہ ہو ان کے لیے لسوڑہ بہت بڑی نعمت ہے۔ صبح نہار روزانہ پندرہ بیس یوم تک اس کے پختہ پھل کلاں دس سے پندرہ عدد تک کھا لینے سے احتلام کے موذی اور اذیت ناک مرض سے چھٹکارہ مل جاتا ہے۔ اسی طرح اگر سخت گرمی کے باعث جریان کی تکلیف ہو تو بھی لسوڑہ کے استعمال سے مفید اثرات نمایاں ہوتے ہیں۔ لسوڑہ کو منہ میں رکھ کر چوسنے سے قلاع دہن کو بھی بہت فائدہ حاصل ہوتا ہے۔ خام لسوڑہ سے تیار شدہ اچار جو مزاج کے اعتبار سے چونکہ سرد ہوتا ہے اس لیے وہ صفراوی اور دموی مزاج افراد کے لیے موسم گرما میں خصوصی طور پر بہت فائدہ مند ہوتا ہے۔ کیمیاوی تجزیہ سے معلوم ہوا ہے کہ اس میں پروٹین، کاربوہائیڈریٹس، گوند اور مختلف لعابی مادے پائے جاتے ہیں۔ اس کا مشہور ومعروف مرکب لعوق سپستان ہے جسے امراض حلق اور سینہ میں سالہا سال سے اطباء مریضوں کے لیے استعمال کرواتے آرہے ہیں۔

## اسم اعظم کا روحانی دم کروایا

### والدہ تندرست، فرسٹ پوزیشن اور وساوس ختم

**دل کو سکون ملا اور بوجھ اتر گیا:** محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے دماغ میں الٹے گندے خیالات وساوس آتے تھے ہر چیز کے بارے میں، جب سے اسم اعظم کا دم کروایا ہے اب نہیں آتے، اب ہر چیز کے بارے میں اچھی سوچ آتی ہے۔ دل ہلکا پھلکا رہتا ہے جو جسم پر بوجھ رہتا تھا اب نہیں ہے۔ یہ سب اسم اعظم کے دم کے نتیجہ ہے۔ جب سے میں نے یَابَاعِثُ یَانُوْرُ رات کو دل پر ہاتھ رکھ کر گیارہ مرتبہ اوّل آخر درود شریف کے ساتھ پڑھنا شروع کیا ہے پہلے ہارٹ اٹیک کی ہر وقت ٹینشن تھی اب نہیں ہے۔ (حق نواز، نوشہرہ)

**بیمار والدہ تندرست:** محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری والدہ کی طبیعت ہر وقت خراب رہتی تھی بہت علاج کروایا لیکن کوئی فرق نہیں پڑا۔ ہمیں کسی نے عبقری تسبیح خانہ کے بارے میں بتایا میں اپنی والدہ کو تسبیح خانہ لے کر آیا آپ نے ایک وظیفہ بتایا اور ساتھ دم کروانے کا حکم دیا۔ میں اپنی والدہ کو ہر ماہ اسم اعظم کے روحانی دم پر لے کر حاضر ہوتا ہوں، اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ پہلے سے ان کی طبیعت کافی بہتر ہے۔ (الف، لاہور)

**امتحان میں فرسٹ پوزیشن کیلئے دم کروایئے:** محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو ہمیشہ سلامت رکھے، میں ہر ماہ اسم اعظم کا روحانی دم (باقی صفحہ نمبر 55 پر)

مئی 2020ء میں بوجہ رمضان المبارک اسم اعظم کا روحانی دم تسبیح خانہ لاہور میں نہیں ہو سکے گا۔ ان شاء اللہ اسم اعظم کے روحانی اور شفائیہ دعا کی تاریخ کا اعلان مئی 2020ء کے شمارہ میں کر دیا جائے گا۔

تسبیح خانہ میں ہونے والے اسم اعظم کے روحانی دم میں بچے، بوڑھے، جوان، خواتین سب شرکت کر سکتے ہیں۔ خواتین ہر حال میں شامل ہو سکتی ہیں۔ پہلے وقت لینے کی ضرورت نہیں اجازت عام ہے۔ 7 یا 14 یا 21 اسم اعظم کے روحانی دم میں لازماً شرکت کریں۔ اگر زندگی کا معمول بنالیں تو ساری زندگی ہر پریشانی، بیماری، گھریلو الجھن، کاروباری مسائل کا سوفیصد حل ہے۔

**اسم اعظم کا روحانی دم کروایا، فائدہ ہوا۔ ضرور لکھیے!**
**لاکھوں کا فائدہ آپ کیلئے صدقہ جاریہ**

ناک شفاء
دائمی نزلہ، الرجی، چھینکیں، ناک کی ہڈی کا بڑھ جانا کیلئے ناک میں ڈالنے والے قطرے
نزلہ کی وجہ سے دماغی کمزوری بال سفید ہونا۔ نیند کا نہ آنا موسمی تبدیلی کی وجہ شدید الرجی کا ہونا
قیمت -/100 روپے
الرجی سے پیدا بیماریوں کیلئے ناک شفاء کا کچھ عرصہ استعمال ہمیشہ کیلئے نجات کا سبب بنتا ہے۔

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

# جائیداد بے اولاد بیوی کے نام لگوا دی؟ انوکھا سچا واقعہ

(ج۔ب، چیچہ وطنی)

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ کافی عرصہ سے پڑھ رہی ہوں' بے شمار ایسے واقعات اس شمارے کی وجہ سے نظر سے گزرے کہ جنہیں پڑھ کر میں بے شمار مشکلات اور مصائب سے بچ گئی' کچھ قارئین کی ایسی تحریریں پڑھیں کہ زندگی میں کیا کام کرنا ہے اور کیا نہیں کرنا سب سیکھ گئی اور زندگی گزارنے کا ڈھنگ مجھے عبقری سے ہی ملا ہے۔ اب اگر معاشرے میں کوئی ایسا واقعہ نظر سے گزرتا ہے تو فوراً عبقری کے واقعات یاد آجاتے ہیں' آج میں اپنا آنکھوں دیکھا ایک واقعہ قارئین عبقری کی نذر کرنا چاہتی ہوں انشاء اللہ یہ تحریر بے شمار کو جینے کا ایک نیا رخ فراہم کرے گی۔ قارئین! یہ واقعہ سوفیصد سچا ہے۔ ہم اپنے شہر کے گنجان آباد علاقے میں رہتے ہیں' الحمدللہ! تمام محلہ ایک دوسرے کے دکھ' سکھ' خوشی غمی میں شامل ہوتا ہے اور محلے کے کسی ایک گھر کا دکھ تمام محلے کا دکھ اور کسی ایک گھر کی خوشی تمام محلے کی خوشی ہوتی ہے۔ ہمارے گھر سے تین گھر چھوڑ کر ایک گھر میں ایک بڑھیا اپنے شوہر کے ساتھ رہتی تھیں' سارا محلہ ان کو ''بُوا جی'' کے نام سے مخاطب کرتا تھا' بُوا جی بے اولاد تھیں' بہت علاج کروائے' پیروں فقیروں کے پاس دم کروائے' عملیات کروائے' دو، دو تین تین دن کے سفر کیے مگر بات وہی آخری کہ جب رب کو منظور نہ ہو' تب چاہے دنیا جہان کی خاک چھان لیں' کچھ نہیں ملتا اور جب رب کو منظور ہو تو گھر پڑی مٹی کی چٹکی بھی لے لیں تو رب کریم شفاء عطا فرما دیتے ہیں۔ واپس اپنی کہانی کی طرف آتی ہوں' بوا جی کے تین دیور تھے' جو اپنے گھروں میں خوش باش اور مطمئن تھے' ان کی شادیاں ہو چکی تھیں اور اولادیں بھی جوان تھیں۔ بوا جی کے شوہر (جنہیں سارا محلہ پھوپھا جی کے نام سے پکارتا تھا) کے پاس اٹھارہ ایکڑ زمین تھی' ان کے ذہن میں یہ بات بیٹھ گئی کہ میری اولاد نہیں ہے میں مرگیا تو میری ساری جائیداد میرے بھائی آپس میں تقسیم کرلیں گے انہوں نے اپنی ساری جائیداد اپنی بیگم (بوا جی) کے نام لگا دی' اس کے علاوہ کاروبار بھی چھپ کرتے کہ کوئی بھائی مجھ سے رقم کا تقاضا نہ کرلے کہ اس کے پاس اتنی دولت ہے۔

## کاش! حق داروں کو حق دے دیتی! آج سسک کر نہ مرتی!

پھوپھا جی اگر کاروبار کے سلسلے میں شہر سے باہر ہوتے اور بوا جی سے پھوپھا جی کے متعلق کوئی پوچھ لیتا تو بوا جی جھوٹ بول کر کہتی ہیں کہ وہ کسی شادی میں گئے ہیں جبکہ وہ دوسرے علاقوں سے بھیڑ' بکریاں خریدنے جاتے تھے۔ ایک مرتبہ ایسے ہی کسی راہگیر نے بوا جی سے پوچھا کہ پھوپھا جی کہاں ہیں؟ بوا جی نے جھوٹ بولتے ہوئے کہا کہ وہ شہر میں کسی عزیز کی تعزیت کرنے گئے ہیں' جبکہ سچ یہ تھا کہ وہ جانوروں (بکروں) کے بیوپار کے سلسلے میں مختلف شہروں کی منڈیوں میں گئے تھے۔ اسی رات وہی شخص اپنے گروہ کے ہمراہ ان کے گھر آ گیا اور بُوا جی کو خوب مارا کہ پیسے نکالو' گھر میں پیسے ہوتے تو دیتی' خیر وہ چور خالی ہاتھ واپس لوٹ گئے۔ اس واقعہ کے بعد بوا جی نے محلہ چھوڑ دیا اور دوسرے شہر میں جا کر آباد ہوگئیں۔ کاروبار کرتے رہے اور بوا جی پیسے چھپاتی رہیں' کسی دیور نے نہ مانگا نہ انہوں نے ہوا لگنے دی' پھوپھا جی نے بھی زندگی میں کبھی کسی غریب کی مدد نہ کی' بس لوگوں سے چھپاتے رہے۔ پھر وہ ہوا جو ہوتا ہے جس کو بوا جی اور پھوپھا جی دونوں بھول چکے تھے' ایک شام پھوپھا جی کاروبار کر کے گھر پہنچے کھانا کھایا' رات کو سوئے صبح اٹھنا نصیب ہی نہ ہوا' ساری دولت' سارا کاروبار زمین دھری کی دھری رہ گئی۔ نہ کوئی وارث نہ سنبھالنے والا۔ بُوا جی بالکل اکیلی رہ گئی' وہاں دولت چھننے کا خوف ہوا تو تمام دولت اور جائیداد کے کاغذات سمیٹ کر اپنے بھتیجوں کے پاس چلی گئیں' بھتیجوں نے ساری جائیداد پر قبضہ کیا' کچھ عرصہ بعد بیچ دی اور بوا جی کو گھر کے ایک کونے میں چھوٹا سا کمرہ اور اٹیچ باتھ بنوا دیا' ملازم صبح اور شام کو جا کر کھانا دے آتا۔ پندرہ سال وہ اسی کمرے میں فقیروں کی طرح روتی رہیں' کبھی دو دو دن کھانا نہ ملتا' اپنی دولت کو یاد کر کے روتی کہ نہ میری دنیا میں کام آئی اور نہ ہی آخرت میں۔ دنیا میں اس لیے کہ خود استعمال نہ کرسکی اور آخرت میں یوں کہ کبھی زکوٰۃ نہ دی' صدقہ نہ دیا' کسی سفید پوش کی مدد نہ کی۔ ہم نے تو یہاں تک سنا کہ خود بُوا جی اپنے آخری وقت میں خود کہتی تھیں کہ میں نے اپنے شوہر کے بھائیوں اور ان کے بچوں کا حق کھایا ہے مجھے اس کی سزا مل رہی ہے۔

حلقہ کشف المحجوب

# ہمارے پاس اسم اعظم ہے

**ہر ماہ توحید و رسالت سے مزین مشہور عالم کتاب کشف المحجوب سبقاً حضرت حکیم صاحب مدظلہٗ پڑھاتے ہیں اور مراقبہ بھی کرواتے ہیں۔ قارئین کی کثیر تعداد اس محفل میں شرکت کرتی ہے۔ تقریباً دو گھنٹے کے اس درس کا خلاصہ پیش خدمت ہے۔**

پیر علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ نے اس باب میں استعانت یعنی مدد کو بیان کیا ہے۔ استعانت کیا ہے؟ وہ یہ ہے کہ ہر پل، ہر سانس، ہر لمحہ اور ہر لحظہ ہمیں مدد کی ضرورت ہے۔ حفاظت مدد ہے اور مدد کے بغیر حفاظت نہیں ہوسکتی۔ کفایت! یعنی ضرورتوں کا پورا ہو جانا مدد ہے۔ کفالت! دن اچھا گزرے، رات اچھی گزرے، سہولت سے گزرے، سکھ میں گزرے، مدد ہے۔ حفاظت بھی مدد ہے، کفایت بھی مدد ہے اور کفالت بھی مدد ہے۔ حادثات و بلیات سے بچے رہنا، دشمن کے شر سے بچے رہنا، جادو جنات کی شرارت اور اسکے نقصانات سے بچے رہنا یہ بھی مدد ہے۔ ہر پل اور ہر سانس مدد کے بغیر ہمارا گزارا نہیں۔ اور کس کی مدد؟ اللہ جل شانہٗ کی مدد کیونکہ اللہ جل شانہٗ کی مدد کے بغیر ہمارا گزارا نہیں۔ بندے کا اللہ کے سوا کوئی مددگار نہیں۔ لَا مَلْجَأَ وَلَا مَنْجَا مِنَ اللّٰہِ اِلَّا اِلَیْہِ یہ صرف اور صرف اللہ کی مدد ہے۔ اے اللہ! تو ہے اور تیرے سوا میرا کوئی ساتھی ہے ہی نہیں، میرا کوئی مددگار ہے ہی نہیں۔

**اسم اعظم:** خواجہ قطب الدین بختیار کاکی رحمۃ اللہ علیہ نے جبکہ ایک دفعہ خدام اور مریدین ان کی خدمت میں بیٹھے ہوئے تھے۔ ان سے فرمایا تمہیں اسم اعظم بتاؤں؟ تو سارے خوش ہو گئے کہ ہم نے سنا ہے کہ ہمارے حضرت کے پاس اسم اعظم ہے اور اسم اعظم اس اسم کو کہتے ہیں جس کو پڑھ کے اسی وقت جو مانگو جس طرح مانگو، جتنا مانگو، جو من میں آئے اسی وقت قبول ہو جائے اس کو اسم اعظم کہتے ہیں۔ تو سب نے پوچھا حضرت اسم اعظم عنایت فرمائیں۔ تو شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ دل کو ماسوا اللہ سے خالی کردو، مکمل طور پر خالی کردو۔ اللہ کی ذات کے علاوہ سب سے دل کو خالی کردو۔ پھر اس دل کو اللہ کی طرف متوجہ کرکے جو مانگو گے مل جائے گا اور پھر فرمایا کہ دل کو اللہ کے غیر سے خالی کر کے تو دو نفل پڑھ ایسے دو نفل کائنات کے وہ فیصلے کرا دیں گے جو تو چاہتا ہے۔ خواجہ قطب الدین بختیار کاکی رحمۃ اللہ علیہ نے مزید فرمایا کہ دل میں اللہ کا غیر ہے تو چاہے سو نفل پڑھ لے کوئی فائدہ نہ ہوگا، کوئی نفع نہ ہوگا۔ کیوں؟ اللہ سے بڑا غیرت والا کوئی نہیں ہے۔

تصوف و معرفت کی زندہ و تابندہ کتاب کشف المحجوب کے خزانوں سے اور انمول موتیوں پر مشتمل حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کے خطبات کے مجموعہ ''حلقہ کشف المحجوب'' کا آج ہی مطالعہ کریں۔

تمام بدن کیلئے شاہی ٹانک — جسمانی دردوں سے آزاد زندگی
جسم میں انقلابی قوت پیدا کرنے والا لاثانی نسخہ — زرغوانی نقرائی
ایسی نعمت جو وجود کے بال بال کو روحانی اور جسمانی شفاء بخشے لاغر انسان کو بھی قابل فخر صحت مند انسان بنا دیتی ہے
فالج، رعشہ، لقوہ کا یقینی علاج — شوگر کے مریض مایوس کیوں؟
بچے، بوڑھے، جوان، خواتین سب کیلئے یکساں مفید — شاہی ٹانک
بادشاہ، نواب، روساء اور امراء کیلئے خاص طور پر بنایا نسخہ اب آپ کیلئے بھی
قوت خاص کیلئے حیرت انگیز طور پر موثر قیمت صرف 2200 روپے

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

www.ubqari.org

علامہ لاہوتی پراسراری

سلسلہ وار آپ بیتی
قسط نمبر 124

# جنات کا پیدائشی دوست

ایک ایسے شخص کی سچی آپ بیتی جو پیدائش سے اب تک اولیاء جنات کی سرپرستی میں ہے اس کے دن رات جنات کے ساتھ گزر رہے ہیں۔ قارئین کے اصرار پر سچے حیرت انگیز دلچسپ انکشافات قسط وار شائع ہورہے ہیں لیکن اس پُراسرار دنیا کو سمجھنے کیلئے بڑا حوصلہ اور حلم چاہیے

## غریب جن کے ہاں دعوت

دھواں ہٹا' دھول ہٹی' گڑگڑاہٹ' خطرناک شور کہ شاید کانوں کے پردے ہی پھٹ جائیں اور اچھا خاصا آدمی غش کھا کر گرجائے' وہ کیا خطرناک نظام تھا لیکن یہ سب ہوا آناً فاناً۔ ہم سب بیٹھے کھانا کھارہے تھے' ایک غریب فقیر جن کے گھر کھانا تھا' اس کی چاہت تھی اور وہ چاہت میں کچھ ایسا آگے بڑھا کہ اس کی چاہت میں حد سے زیادہ خلوص تھا یہ سب کچھ اس کھانے کے دوران ہوا لیکن سمجھ آگئی کہ کسی طاقت ور اور بہت ہیبت ناک جن کی آمد آمد ہے!

## اچانک ایک طاقتور جن نمودار ہوا

اسی ہی لمحے ایک بہت بڑا پردہ نیچے پڑا ہوا تھا اور وہ پردہ جب ہٹا تو فوراً ایک طاقتور جن نمودار ہوا اور طاقتور جن سلام کرکے ہمارے ساتھ بیٹھ گیا' میں اسے نہیں جانتا تھا لیکن دوسرے جنات اسے اچھی طرح جانتے تھے وہ فوراً خوش ہوئے' گلے ملے' ایک دوسرے کا حال احوال لیا' اسی حال احوال لیتے ہوئے مجھ سے تعارف کروایا کہ یہ ایک بہت بڑے قبیلے کے سردار ہیں جو کہ افریقہ میں ہے۔ آج اچانک آئے ہیں' خود ہمیں بھی پتہ نہیں کہ کیسے آئے ہیں؟ لیکن حیرت ہوئی کہ یہ آئے ہیں۔ آپ ان کے آنے کی وجہ پوچھیں؟ لیکن فوراً ہی ان کو کھانے میں شامل کرلیا گیا چونکہ ان کے ساتھ کچھ جنات اور تھے' ان کو بھی ساتھ کھانے میں شامل کیا' کھانا فوراً آگیا مجھ سے ان حضرات نے ان کا مزید تفصیلی تعارف کروایا لیکن وہ کہنے لگے: میں آپ کو جانتا ہوں اور اچھی طرح جانتا ہوں کیونکہ رمضان کے لمحات جہاں اور بے شمار جنات گزارتے ہیں میں بھی آپ کے پاس رمضان گزارتا ہوں' ہمارے جنات کا مزاج ہے کہ رمضان میں ان کے لیے ہر دن' ہر رات عیدالفطر ہوتی ہے اور ہر دن ہر رات میں ہر جگہ ختم القرآن کی مجالس اور محافل ہوتی ہیں' بہت قرآن پڑھا جاتا ہے' پڑھایا جاتا ہے' سنا جاتا ہے' سنایا جاتا ہے' قرآن پڑھنے والے بہت زیادہ جذبے اور شوق سے قرآن پڑھتے ہیں اور بڑی بڑی ہستیوں کو قرآن کے پڑھنے' پڑھانے اور سننے سنانے میں باقاعدہ مدعو کیا جاتا ہے اور حقیقت یہی ہے کہ جب ان کو مدعو کیا جاتا ہے تو وہ وہاں خود بھی بعض اوقات قرآن پڑھ کر سناتے ہیں' وہ قبیلے کے سردار جن کہنے لگا: میں سارا دن میں قرآن کی مجالس اور محافل میں شرکت کرتا ہوں لیکن مجھے پتہ ہے کہ میں نے رات تراویح میں آپ کے پاس شریک ہونا ہے اور آپ کے پاس ہی شریک ہوتا ہوں اور پھر جو مفہوم' معنی' تفسیر اور نکات قرآن پاک کے بیان کیے جاتے ہیں اور اس کی تشریح اور تفسیر میں جتنی توجہ سے ادائیگی ہوتی ہے وہ پھر اور کہیں نہیں ہوتی' دل کہتا ہے کہ ساری رات اسی تفسیر اور تشریح میں گزر جائے اور ساری رات اسی کیفیت میں گزر جائے اور اس کیفیت کے لمحات بہت زیادہ بہترین ہوتے ہیں۔

## ہر عید نئی جگہ کرتا ہوں!

میرا ایک اصول ہے کہ میں ایک عید مکہ مکرمہ میں کرتا ہوں' ایک عید مدینہ منورہ میں کرتا ہوں' ایک عید بیت المقدس میں کرتا ہوں اور ایک عید آپ کے پاس کرتا ہوں' میں حیرت سے بیٹھا اس کی باتیں سن رہا تھا' کتنا مجمع ہوتا ہے کتنے لوگ ہوتے ہیں کس کس کو پہچانیں' کس کس کو یاد رکھیں' کس کا چہرہ شناسی کریں' کوئی خبر نہیں' انسانوں کا آنا جانا لگا رہتا ہے' جنات کا آنا جانا لگا رہتا ہے اور جنات بہت زیادہ آتے جاتے ہیں' ان کا ذہن جہاں منفی کی طرف بھرپور جاتا ہے وہاں اگر وہی جنات مثبت راستے کی طرف جائیں تو ان کا ذہن بہت وسیع ہوتا ہے' جنات کی زندگی میں قرآن اور تسبیح سے بہت زیادہ تعارف اور تعلق ہے' جنات کی زندگی میں ذکر' اعمال' تسبیحات ان چیزوں کی بہت زیادہ لگن ہے' شوق ہے' جذبہ ہے' ولولہ ہے' رمضان کا شوق جنات میں بہت زیادہ میں نے دیکھا ہے بعض جنات ایسے ہیں جو تین دن میں ختم قرآن' بعض سات دن میں ختم قرآن' بعض دس دن میں ختم قرآن اور دس دن میں ختم قرآن کرنے والے جنات بہت زیادہ ہیں۔ تین دن میں ختم قرآن ہر رات میں دس سپارے پڑھتے ہیں پھر اس کے بعد ان کے ختم قرآن کی نسبت سورۂ رحمٰن' سورۂ یٰسین پر ہوتی ہے۔

## نسلوں کی بخشش اور عذاب قبر سے محفوظ

ایک جن نے بتایا ایک بزرگ جنہوں نے ساری زندگی حرمین میں گزاری' وہاں مجھے ایک صحابیؓ جن ملے' انہوں نے بتایا کہ کوئی شخص اگر زندگی میں سوا لاکھ مرتبہ سورۂ ملک پڑھ لے اس کی بخشش' اس کی نسلوں کی بخشش وہ عذاب قبر سے محفوظ رہے گا اس کی نسلیں عذاب قبر سے محفوظ رہیں گی اس کی زندگی میں ہمیشہ خیریں اور برکات رہیں گی۔ پھر ہمارے ہاں یہ ترتیب ہوتی ہے کہ ہم جنات مل کر سوا لاکھ مرتبہ سورہ ملک کرتے ہیں اس کی مثال انہوں نے مجھے یوں دی کہ بعض جگہوں پر جنات سوا لاکھ مرتبہ سورہ ملک اکٹھے ہوکر پڑھتے ہیں یعنی ساری بستی کے جنات جمع ہوکر ایک ہی وقت میں ایک ہی رات میں سوا لاکھ مرتبہ سورۂ ملک پڑھتے ہیں' آج اس کے گھر یہ محفل ہوئی' کل اُس کے گھر یہ محفل ہوئی' پرسوں اس کے گھر اسی طرح محفل چلتی رہتی ہے اور جمتی رہتی ہے اور اب تک ہماری زندگی میں کروڑوں بار سورۂ ملک پڑھی جاچکی ہے بالکل یہی صورتحال سورۂ رحمٰن کی ہے ہم ہمیشہ سوا سوا لاکھ مرتبہ سورۂ رحمٰن پڑھتے ہیں۔

## سورۂ رحمٰن کے دم کیے ہوئے پانی کا فیض

مجھے اس جن نے ایک مٹی کا ڈھیلا دکھایا جو ایسے محسوس ہوا تھا کہ جیسے کسی نے اس کو چاٹا ہے' کہنے لگے کہ یہ مٹی کا ڈھیلا وہ ہے جس پر ہم نے سوا لاکھ مرتبہ سورۂ رحمٰن پڑھی اور اس پر دم کیا' اس طرح وہی دم ہم پانی پر بھی کرتے ہیں' میٹھے پر بھی کرتے ہیں' نمک پر بھی کرتے ہیں' یہ استعمال کرتے ہیں اور کہا کہ دنیا کا آخری سے آخری مریض جس کا دنیا میں کوئی علاج نہ ہو' چاہے وہ انسان ہو یا جن اور جس کی زندگی میں مسلسل تکالیف' بیماریاں' دکھ' مسائل اور مشکلات ہوں وہ یہ صرف چاٹ لے اور بس! اس کے چاٹتے ہی اس کا بہترین حل شروع ہوجاتا ہے اور علاج معالجہ شروع ہوتا ہے اور علاج معالجہ میں بہت زیادہ بہتری ہوتی اور کامیابی ہوتی ہے۔ ہمارے پاس کبھی بھی کوئی مایوس نہیں ہوا' موت سے لڑ نہیں سکتے' تقدیر ہمیشہ غالب رہی لیکن کوئی مریض مایوس نہیں رہا' وہ ہمیشہ مایوس اس وقت ہوتا ہے جب اس کو سورہ رحمٰن کا پانی یا میٹھا یا نمک یا یہ مٹی چاٹنے کو نہ دی جائے' ہمارے ہاں زیادہ تجربہ سورۂ رحمٰن کے دم کیے ہوئے پانی کا'

موتی مسجد اور تسبیح خانہ میں دھوکہ فراڈ

حضرت علامہ لاہوتی نے موتی مسجد کو اعمال اور عبادات کیلئے متعارف کرایا' نہ کہ دھوکہ اور فریب کیلئے۔ مرد' عورتیں وہاں خود کو حضرت علامہ اور حضرت حکیم صاحب سے اجازت یافتہ ظاہر کرکے لوگوں کو دونوں ہاتھوں سے لوٹ رہے ہیں۔ براہ کرم! ان لوگوں کے فریب سے بچیں۔ اگر ایسا کوئی فرد پائیں تو ادارہ کو خط یا درج 0343-8710009 نمبر پر صرف میسج کرکے اطلاع ضرور دیں بلکہ اس اعلان کو لوگوں میں عام کریں تاکہ کوئی دھوکہ نہ کھائے۔ نیز وہاں آثار قدیمہ کے قوانین کی خلاف ورزی نہ کریں۔ مزید: دوران درس تسبیح خانہ لاہور میں بعض خواتین خود کو حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کی نمائندہ ظاہر کرتی ہیں ایسا ہرگز نہیں ہے۔

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

نمک کا یا میٹھے کا ہے۔ میٹھے میں گڑ‘ شکر‘ چینی یا شہد شامل ہوتی ہے۔ وہی چیز استعمال کے لیے دیتے ہیں۔ ہمارا ایک تجربہ یہ بھی ہے وہ جن بہت یقین سے بتانے لگا کہ کوئی جن کتنا ہی مایوس ہو وہ صرف ان جنات سے جا کر سورۂ رحمٰن کا دم کروا لے جو کہ سوا لاکھ مرتبہ سورۂ رحمٰن کے دم میں موجود تھے‘ بس ان کا دم کرواتے ہی وہ سو فیصد ٹھیک ہوتا ہے کیونکہ ان سب نے سوا لاکھ مرتبہ سورۂ رحمٰن نہیں پڑھی ہوتی لیکن وہ سورۂ رحمٰن کے دم میں شامل ہوتے ہیں اور ہر فرد اسی دم کی تاثیر کو پالیتا ہے اور وہ دم واقعی اثر کرتا ہے۔

## رمضان! سورۂ رحمٰن کی تلاوت اور جن کا انکشاف

ویسے بھی عام انسان سورۂ رحمٰن کو پڑھے بہت زبردست رزلٹ اور فائدہ ملتا ہے لیکن سورۂ رحمٰن ہو‘ سوا لاکھ مرتبہ پڑھی ہو‘ رمضان کے مبارک دن اور راتیں ہوں‘ ساعتیں ہوں‘ پڑھنے والے مخلص اور خلوص دل سے پڑھنے والے ہوں۔ رمضان تو خود شفاء ہے‘ سورۂ رحمٰن میں طاقت‘ راحت اور برکت ہے۔ یہ ساری شفائیں‘ راحتیں‘ برکات آپس میں مل جاتی ہیں اور یہ ساری شفائیں جب مل جاتی ہیں تو جنات کو سو فیصد خیر‘ برکات اور راحت ملتی ہے اور نسلوں کی نسلیں آباد اور شاد ہوتی ہیں۔ ایک اور انکشاف اس جن نے کیا کہ جب بھی ہمارے جنات ایک دوسرے پر جادو کرتے ہیں اور جنات کا جادو وہ جادو ہوتا ہے جس جادو کا توڑ کوئی بہت بڑا جن ہی کر سکتا ہے‘ باقی دنیا کی کوئی طاقت نہیں کر سکتی‘ اس وقت جب سب مایوس ہو جاتے ہیں تو سب کہتے ہیں کہ اب اس کا دنیا میں کوئی حل‘ کوئی علاج نہیں‘ پھر آخری حل ہمارے پاس سورۂ رحمٰن کا ہوتا ہے اور ہم سورۂ رحمٰن کو اپنے لیے بہت بڑی سعادت سمجھتے ہیں پھر ہم مل بیٹھ کر اس مریض پر سورۂ رحمٰن پڑھتے ہیں‘ اسے سورۂ رحمٰن کا دم کیا ہوا نمک‘ دم کیا ہوا پانی اور دم کیا ہوا میٹھا استعمال کرواتے ہیں‘ ایک مریض کا واقعہ سنایا کہ ایک دفعہ اس پر سخت جادو تھا ہم اس پر دم کر رہے تھے وہ جن تھا اور ایک طاقتور جن نے اس پر جادو کیا تھا اور باقاعدہ علی الاعلان کیا تھا اور ساتھ یہ بھی کہا تھا کہ دنیا کی کوئی طاقت اگر ہے تو اس جادو کو توڑ کر دکھائے‘ ورنہ یہ جادو وہ ہے جس کو کوئی توڑ نہیں سکتا‘ آخر کار ہم نے اس پر سورۂ رحمٰن پڑھی‘ ابھی چند بار ہی پڑھی تھی کہ اچانک اس کو قے آئی اور اس کی قے میں سے چھوٹے چھوٹے چوہے‘ کتے‘ خنزیر‘ بلیاں‘ بندر اور لومڑیاں ایسے نکلیں جیسے چھوٹے چھوٹے لوتھڑے ہوتے ہیں اور واضح ان کی شکلیں یہی تھیں‘ ہم حیرت سے یہ دیکھ رہے تھے اور ہمیں محسوس ہو گیا کہ یہ جناتی جادوئی چیزیں ہیں یہ اس کے اندر داخل کی گئیں تھیں کہ جس کی وجہ سے یہ بیمار اور معذور ہو گیا۔

## بندش کا سو فیصد حل کر دیا گیا ہے!

ابھی ہم سوچ ہی رہے تھے کہ اچانک طاقتور پرندے آئے اور جھپٹ کر ساری چیزیں اٹھا کر لے گئے اور ان کو نوچ نوچ کر کھانے لگے اور ہمیں اس بات کی دلیل دی گئی کہ اس کا جادو‘ اس کی طاقتور بندش سو فیصد توڑ دی گئی ہے اور اس کی بندش کا سو فیصد حل کر دیا گیا ہے اور واقعی ایسا ہوا کہ دیکھتے ہی دیکھتے وہ جن صحت مند ہو گیا لیکن ایک انوکھا واقعہ یہ بھی ہوا کہ یہ جن تو صحت مند ہو گیا لیکن وہ جادوگر جن جو جنات کا بہت بڑا جادوگر تھا جو چیلنج کر کے اور اعلان کر کے جنات پر اپنا جادو کا وار کرتا تھا وہ اچانک بیمار ہو گیا۔

## میرے جادو کا حل میرے پاس نہیں!

اب اس کا وار اسی پر پلٹ آیا اور وہ چیخ چیخ کر ایک بات کہہ رہا تھا کہ کوئی شخص میرے جادو کا وار مجھ پر پلٹا چکا ہے اب میرے پاس اس نکلے ہوئے تیر کا کوئی حل نہیں ہے کوئی جن ایسا ہے جو میرے اس تیر کو واپس پلٹا سکے‘ اس نے خود بڑے بڑے جادوگروں سے رابطہ کیا وہ سمجھتا تھا کہ میرے جادو کا وار میرے پاس نہیں ہے‘ میرے اوپر واپس پلٹ چکا ہے‘ میرے پاس اس کا کوئی حل نہیں ہے اور وہ اب چیخ رہا تھا‘ جادو اسے اپنی لپیٹ میں لے رہا تھا اور وہ جکڑا جا رہا تھا اور جکڑے جکڑے اس کے ساتھ حیرت انگیز طور پر مشکلات اور مسائل آرہے تھے‘ صرف اس کی چیخ و پکار تھی‘ باقی اس کا کچھ نظر نہیں آیا اور اس کی چیخ و پکار ہر جن سن رہا تھا‘ کوئی اس کے قریب جانے کو تیار نہیں تھا اور حیرت انگیز طور پر اس کے پاؤں ٹیڑھے ہو گئے‘ اس کا منہ ٹیڑھا ہو گیا اور ہونٹ نیچے لٹک گئے‘ ہاتھ مڑ گئے اور آنکھیں اوپر کو چڑھ گئیں اور یکا یک وہ ایک لوتھڑا بن گیا۔ بس اس کے اندر تھوڑی سی زندگی باقی تھی اور کچھ بھی نہیں اور وہ اپنی زندگی سے بیزار ہو چکا تھا چند ہی دنوں کے بعد وہ چاہت کرنے لگا کہ مجھے موت آجائے لیکن موت اس کو ابھی تک نہیں آئی سالہا سال ہو گئے۔ سورۂ رحمٰن کی طاقت اور جو ہم نے سورۂ رحمٰن کو یقین‘ اعتماد اور پورے جذبے سے پڑھا تھا وہ یقیناً اعتماد اور جذبہ ایسا غالب ہوا کہ خود اس کا کیا جادو اس پر پلٹ گیا۔

## سورۂ رحمٰن کا مقابلہ کوئی نہیں کر سکتا

وہ جن ٹھنڈی سانس لے کر مزید کہنے لگا: یہ اتنا بڑا جادوگر تھا کہ اس کا جادو آج تک واقعی کوئی نہیں پلٹا سکا تھا اور واپس بھیج سکا تھا اور کوئی جن جرأت نہیں کر سکتا تھا کہ اس کے جادو کو وہ واپس بھیجے اور کسی کی جرأت نہیں تھی لیکن ایسا ہوا اور آج وہ نشان عبرت ہے‘ کیوں کہ اس نے سورۂ رحمٰن کا مقابلہ کرنے کی کوشش کی تھی اور سورۂ رحمٰن کا مقابلہ کوئی نہیں کر سکتا کیونکہ سورۂ رحمٰن مکمل طاقت اور تسخیر رکھتی ہے اور سورۂ رحمٰن کے اندر مکمل کمال ہے اور طاقت ہے۔ اصل چیز یقین ہے جو یقین کے ساتھ چلتا ہے وہ یقین کی سو فیصد تاثیر پاتا ہے اور اسے یقین کی برکت ملتی بھی ہے اور جو یقین سے ہٹتا ہے وہ قرآن سامنے رکھ کر بھی کچھ حاصل نہیں کر سکتا اور اس کو کچھ نہیں ملتا۔

## تین سورتوں کے دل اور ان کا سوا کروڑ ورد

پھر اس طرح ہمارا سوا لاکھ مرتبہ سورۂ یٰسین کا چلتا ہے جب ہم سورۂ یٰسین سوا لاکھ مرتبہ کر لیتے ہیں پھر ہم تینوں سورتوں کے دل کا سوا لاکھ مرتبہ کرتے ہیں۔ سورۂ یٰسین کا دل سَلٰمٌ قَوۡلًا مِّنۡ رَّبٍّ رَّحِیۡمٍ ﴿یٰسین ۵۸﴾ ہے اور سورۂ رحمٰن کا دل فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ اور سورۂ ملک کا دل اَلَا یَعۡلَمُ مَنۡ خَلَقَ وَ ہُوَ اللَّطِیۡفُ الۡخَبِیۡرُ ہے۔ پھر اس کا ہم سوا سوا کروڑ کرتے ہیں کیونکہ ہر چیز کا دل ہے قرآن کا دل سورۂ یٰسین ہے تو پھر سورۂ یٰسین کا بھی تو دل اسی طرح سورۂ رحمٰن کا دل تو اس کا دل اسی طرح سورۂ ملک اور اس کا دل پھر اس کے دل کو ہم تکرار سے پڑھتے ہیں بہت زیادہ طاقت اور یقین سے پڑھتے ہیں تو اس کا دل ہمیں بہت زیادہ تاثیر دیتا ہے اس کی وجہ سے ہمیں حیرت انگیز طاقت توانائی اور تاثیر ملتی ہے۔ جو بھی شخص سورۂ یٰسین‘ سورۂ رحمٰن اور سورۂ ملک کے دل سے محبت کرتا ہے وہ ناقابل تسخیر ہوتا ہے دنیا کا کوئی جادو جنات‘ اثرات‘ بندشیں‘ مشکلات مسائل اور پریشانیاں اس کا کچھ نہیں بگاڑ سکتیں۔ (جاری ہے)

**حضرت علامہ صاحب بتائیں گھریلو الجھنوں کا حل**

اپنی گھریلو الجھنیں رسالے کے صفحہ نمبر 64 پر دیا گیا کوپن پُر کر کے بھجوا دیں۔ کوپن کے بغیر خطوط کا جواب نہیں دیا جائے گا۔ جوابی لفافہ کے ذریعے جواب نہیں بذریعہ رسالہ ہی ہوگا۔

**اس سے بھی زیادہ پر اسرار واقعات اور لاجواب وظائف اور سابقہ اقساط پڑھنے کیلئے "جنات کا پیدائشی دوست" کتاب پڑھیے۔**

ایسے والدین جن کے بچوں کی شادی صرف اس بیماری کی وجہ سے نہیں ہو رہی ان کی پریشانی ہوئی ختم

برص پھلبہری کورس

برص‘ خارش‘ چنبل‘ کوڑھ‘ جذام سمیت جلد کے تمام امراض کا شافی علاج

500

# فاقے' بیروزگاری اور قرض کا مارا ہوا آج خوشحال کیسے؟

## فاقے ختم' دولت، عزت اور برکت کیسے ملی؟

اس سلسلے میں قارئین کی آزمودہ تحریریں ''ان کی مشکلات' فاقے' بے روزگاری' بیماری کیسے ختم ہوئی؟ کیسے ایک فاقوں میں مبتلا' دولت مند ہوا'' شائع کی جائیں گی۔ آپ بھی اپنا یا اپنے کسی عزیز کا آنکھوں دیکھا واقعہ یا سنا ہوا ضرور لکھیں۔ لاکھوں کا بھلا اور آپ کا صدقہ جاریہ

### رمضان میں سورۂ کوثر کا عمل کیجئے! فاقے ختم' دولت اور عزت پائیے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہر نماز کے بعد آپ کے لیے اور آپ کی نسلوں کے دعا کرتی ہوں اور عبقری کے تمام تر نظام کے لیے کہ اللہ غیب کے خزانوں سے آپ کی مدد اور حفاظت فرمائے (آمین)۔ میرے شوہر کی انکم انتہائی کم اور اخراجات بہت زیادہ تھے مہینے کی دس تاریخ کو ہی پیسے ختم ہوجاتے اور پورا مہینہ کیسے گزارتے یہ ہم ہی جانتے ہیں۔ جب عبقری رسالہ پڑھنا شروع کیا تو ہمیں تنگدستی اور غربت کو ختم کرنے کیلئے سورۂ کوثر اور برکت والی تھیلی کا عمل ملا۔ ہم نے فوراً دفتر ماہنامہ عبقری سے اسم اعظم کی دم شدہ برکت والی تھیلی منگوا اور اسی میں پیسے رکھنا شروع کر دیئے اور اس پر صبح و شام 129 مرتبہ سورۂ کوثر بھی پڑھتے ہیں اور جب پیسے رکھتے اور نکالتے ہیں تو ایک مرتبہ سورۂ کوثر پڑھ کر دم کر دیتے ہیں۔ اس کی برکت سے اللہ رب العزت غیب کے خزانوں سے ہماری مدد کر رہے ہیں۔ غربت ختم اور خوشحالی پانے کا انوکھا راز ہے۔ (رباب' پشاور)

### فاقے' بیروزگاری اور قرض کا مارا ہوا آج خوشحال کیسے؟

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ پڑھتے ہوئے تین سال ہو گئے ہیں' چند سال پیچھے جاؤں تو میرے پاس کچھ بھی نہیں تھا' گھر میں فاقے' بیروزگاری اور قرض کا مارا ہوا تھا۔ دردر کی خاک چھانی مگر حاصل کچھ نہ ہوا' کسی نے تسبیح خانہ کا بتایا' لاہور آنے کا کرایہ نہیں تھا' کسی سے کچھ پیسے ادھار لیے' اللہ نے سبب بنایا اور میں لاہور تسبیح خانہ میں آ گیا' اتفاق سے اسی اتوار کو اسم اعظم کا روحانی دم بھی تھا' میں نے تسبیح خانہ میں چند دن ٹھہرنے کا پروگرام بنایا' اتوار والے دن دم کروایا' عجب روحانی تقویت حاصل ہوئی' جسم میں اکثر درد رہتا تھا' دم کروانے کے بعد وہ درد بالکل ختم ہو گیا۔ عبقری رسالہ میں ایک وظیفہ پڑھا حَسْبِیَ اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ یَاوَارِثُ یَانَصِیْرُ 500 مرتبہ صبح و شام اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف' میں نے پڑھنا شروع کر دیا۔ تسبیح خانہ سے واپس گھر آیا مگر یہ وظیفہ نہ چھوڑا۔ اللہ کریم نے غیب سے ایسے مدد کی کہ میں حیران رہ گیا' میرے گھر چل کر ایک پرانا ساتھی آیا' اس نے مجھے کچھ رقم دی اور کچھ مال ادھار دیا کہ اس رقم سے کاروبار شروع کرو اور اس مال کو بیچ کر مزید مال ڈال لو اور جب تمہارے پاس ہو مجھے میرے مال کے پیسے دے دینا۔ میں حیران پریشان کھڑا اس کی باتیں سن رہا تھا اور دل ہی دل میں اپنا وظیفہ پڑھ رہا تھا۔ اللہ کریم نے اس مال اور پیسوں میں اتنی برکت دی کہ اب میں اپنا کاروبار چلا رہا ہوں' گھر کا خرچہ بہترین چل رہا ہے' پرسکون زندگی جی رہا ہوں جبکہ پہلے میرے بچے میرے سامنے روتے رہتے تھے کہ ہم نے فلاں چیز کھانی ہے جبکہ میری جیب بالکل خالی ہوتی تھی اور میں دل ہی دل میں مانگ رہا ہوتا تھا کہ یا اللہ کوئی سبب پیدا فرما دے اور اللہ نے تسبیح خانہ کا سبب پیدا فرمایا' وظیفہ ملا' پڑھا اور اللہ تعالیٰ نے میری ساری پریشانیاں دور فرما دیں۔ (عبدالجبار، سرگودھا)

### بچوں کی فیس کیلئے ہمارے پاس پیسے نہ تھے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے دو بچوں کی سکول کی فیس کیلئے ہمارے پاس پیسے نہیں تھے' تقریباً چھ ہزار فیس اور 600 جرمانہ تھا۔ میں نے سورۂ المائدہ کی 114 نمبر آیت گیارہ مرتبہ اوّل و آخر تین بار درود شریف پڑھ کر آسمان کی طرف پھونک ماری' شام کو شوہر کا فون آیا کہ میرا دوست جرمنی سے آیا ہوا ہے' وہ ملا اس نے میرے شوہر کا بہت پرانا ادھار چکا دیا اور پیسے مل گئے۔ اللہ کریم نے وہاں سے مدد کی جس کا گمان بھی نہ تھا۔ میں نے لاکھ بار اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا۔ بیٹی کے پیپرز تھے' اگر فیس نہ جاتی تو انہوں نے پیپرز نہ لینے تھے۔ (ج، لاہور)

قسط نمبر 144

اسلام اور رواداری

# پیغمبر اسلام ﷺ کا غیر مسلموں سے حسن سلوک

ابن زیب بھکاری

بحیثیت مسلمان ہم جس بااخلاق نبی ﷺ کے پیروکار ہیں انکا غیر مسلموں سے کیا مثالی سلوک تھا' آپ نے سابقہ اقساط میں پڑھا اب ان کے غلاموں کی روشن زندگی کو پڑھیں۔ سوچیں! فیصلہ آپ کے ہاتھ میں

حضرت بایزید بسطامی رحمۃ اللہ علیہ کے پڑوس میں ایک یہودی رہتا تھا۔ ایک رات ساتھ والے مکان میں ایک بچہ مسلسل روتا رہا۔ آپ نے صبح اس یہودی کے دروازے پر کھڑے ہو کر دستک دی۔ اندر سے ایک عورت کی آواز آئی کہ گھر میں کوئی مرد نہیں ہے۔ حضرت بایزید بسطامی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنا تعارف کرایا اور خیریت دریافت کی۔ یہودی عورت نے بتایا کہ میرا شوہر کئی ماہ سے سفر پر گیا ہوا ہے اور اس عرصہ میں میرے ہاں بچے کی ولادت ہوئی ہے اور رات بھر وہی بچہ روتا رہتا ہے۔ آپ نے بچے کے رونے کا سبب پوچھا تو عورت نے بتایا کہ گھر میں اندھیرا رہتا ہے کوئی تیل لانے والا نہیں ہے اور نہ ہی پیسے ہیں۔ میرے شوہر جاتے وقت گھر میں اناج رکھ کر گئے تھے اسی پر گزراوقات کر رہی ہوں۔ حضرت فوراً اپنے گھر گئے اور ضرورت کی ہر چیز اس عورت کو مہیا کی اور پھر شام ہونے سے پہلے وہ اللہ کا بندہ جسے دنیا بایزید بسطامی رحمۃ اللہ علیہ (باقی صفحہ نمبر 55 پر)

''پیغمبر اسلامؐ کا غیر مسلموں سے حسن سلوک'' اب تمام واقعات کتابی شکل میں ضرور پڑھیں' گفٹ کریں اور ''غیر مسلموں کی عبادت گاہیں' ان کے حقوق اور ہماری ذمہ داریاں'' ''امن اور عبقری'' انسانیت اور رواداری'' کتب اردو اور انگلش میں پڑھنا ہرگز نہ بھولیں!

### گھٹنوں کا اذیت ناک درد ختم

قارئین! میرے اور میرے شوہر کے جوڑوں بالخصوص گھٹنوں میں شدید درد رہتا تھا' میں نے عبقری سے یہ نسخہ پڑھا' بنایا اور استعمال کیا' درد بالکل ختم ہو گیا۔ ھوالشافی: سونٹھ اور دارچینی ہموزن پسوا کر رکھ لیں' پانی' دودھ یا چائے کیساتھ آدھا چمچ چائے والا لیں۔ اب بالکل بھی درد نہیں ہے۔ ورنہ میرے شوہر تو سیڑھیاں بھی نہیں چڑھ پاتے تھے۔ (م، لاہور)

بے پناہ امراض گھیر لیں تو صرف (شوگر والے حضرات استعمال نہ کریں)
ٹھنڈی مراد
شفاء کا انوکھا فرحت بخش ٹھنڈا خزانہ ہے
ہاتھ پاؤں میں جلن' سر چکرانا' منہ کی خشکی' آنکھوں کے سامنے اندھیرا' جگر و مثانے کی گرمی، یورک ایسڈ' قبض' ہائی بلڈ پریشر' زنانہ و مردانہ پوشیدہ امراض کیلئے آخری حل
عورتوں مردوں اور بچوں کیلئے یکساں مفید ہر موسم میں بہترین
جسم ٹوٹے' دل گھبرائے یا پتھری ستائے
صرف ٹھنڈی مراد سے چین پائیں
قیمت -/120 روپے علاوہ ڈاک خرچ

# تین بڑی بیماریوں سے بالکل مفت نجات! بارہا کا تجربہ شدہ

رشید الدین احمد، لاہور

یہ دور حاضر کے تین خاص امراض ہیں۔ ان سے بچاؤ اور نجات کا طریقہ بہت آسان ہے۔ بس اپنے ایک پاؤں کے آگے دوسرا پاؤں رکھیے اور یوں ہی چلتے رہیے۔ کہنے کو یہ بہت سادہ سا عمل ہے، لیکن یہ وقت اور تجربے کی کسوٹی پر پرکھا ہوا ایک یقینی شفا بخش عمل ہے۔ دوائیں بھی اس کے مقابلے میں ہیچ ہیں۔ دواؤں کا غلام بننے سے بہتر ہے کہ ''پیر پیدل شاہ'' کی غلامی قبول کرلی جائے اور روزانہ باقاعدہ چلنے کو زندگی کا ایک لازمی جز بنالیا جائے۔ ایک مسلمان کی حیثیت سے ہرنمازی کے لیے مسجد سے گھر اور گھر سے مسجد تک لازماً پیدل چلنا ہوتا ہے۔ بڑے نادان ہیں وہ لوگ جو قریبی فاصلے کے باوجود کار یا موٹر سائیکل پر مسجد یا بازار آتے ہیں۔ ہاں اس مقصد کے لیے سائیکل کا استعمال یقیناً بہتر ہوتا ہے۔ مضمون کے عنوان کے لحاظ سے تین امراض ڈپریشن، گنٹھیا اور ذیابیطس سے بچاؤ بلکہ نجات کے لیے چلنا بہت مفید ہے تو پھر کمر ہمت باندھیے اور یہ سلسلہ شروع کردیجئے۔

یہ بات یقیناً آپ کے علم میں ہے کہ پیدل چلنا جسے ہم واک (Walk) بھی کہتے ہیں، صحیح معنوں میں ایک مکمل ورزش ہے۔ واک یا چہل قدمی کرنے سے ایک گھنٹے میں 340 حرارے (کیلوریز) جل جاتے ہیں۔ اس کے لیے چار میل فی گھنٹہ کی رفتار درکار ہوتی ہے۔ واک سے عضلات (پٹھے) بنتے ہیں، جوڑ مضبوط اور مستحکم ہوتے ہیں اور اس کی باقاعدگی سے قوتِ برداشت میں اضافہ ہوتا ہے۔ آج کل کم از کم ترقی یافتہ ملکوں میں واک کو کئی امراض کے علاج کے طور پر فروغ حاصل ہورہا ہے اس میں ڈپریشن، گنٹھیا اور ذیابیطس قابل ذکر ہیں۔

**ڈپریشن سے نجات:** بیس برس کی تحقیق نے ثابت کردیا ہے کہ محض اپنے صحن یا قریبی باغیچے میں مٹرگشت کرنے سے بھی معمولی قسم کے ڈپریشن سے نجات مل جاتی ہے۔ ایک ماہر کے مطابق روزانہ صرف دس منٹ کی واک بھی بہت مفید ثابت ہوتی ہے۔ اس سلسلے میں ایک محقق ڈاکٹر رابرٹ ای تھائر کے مطابق خراب موڈ محض ایک مزاجی کیفیت نہیں ہوتی بلکہ یہ کئی خرابیوں اور تکالیف کا مجموعہ ہوتی ہے۔ یہ دراصل متعدد نفسیاتی الجھنوں اور احساسات کا مرکب ہوتی ہے مثلاً اس کی وجہ سے کام کا دن خراب لگتا بلکہ ضائع ہوجاتا ہے، عزت نفس کم اور مجروح محسوس ہوتی ہے۔ ان دو عوامل کے علاوہ مزاج کی اس کیفیت میں نیند کا بھی دخل ہوتا ہے۔ کیا پچھلی رات آپ اچھی نیند سوئے تھے؟ نیند اچھی گہری اور بھرپور ہوتو معمول کے گھنٹوں سے ایک دو گھنٹے پہلے بھی آپ چست اور توانا بیدار ہوسکتے ہیں۔ دن کے کس حصے میں آپ خود کو پست و بے ہمت محسوس کرتے ہیں؟ جسمانی اعتبار سے آپ کی سرگرمی کی سطح کیا رہتی ہے؟ اس کے علاوہ آپ کی عادات کیا ہیں؟ کیا تمباکو اور کیفین (کوفی، کولا مشروبات) کے آپ غلام ہیں؟ ان تمام عوامل کے مجموعی اثر کو موڈ یا مزاجی کیفیت کہنا چاہیے۔ ڈاکٹر تھائر کے مطابق یہی خراب موڈ رفتہ رفتہ ڈپریشن اور ذہنی دباؤ اور کشیدگی کا مرض بن جاتا ہے۔ کشیدگی کا یہ عالم ہوتا ہے کہ آپ خود محسوس کرتے ہیں کہ آپ کے عضلات سخت کشیدہ ہیں۔ شیشے کے سامنے کھڑے ہوکر چہرے کے پٹھوں کا جائزہ لیجئے اور پھر تھوڑا سا مسکرا کر جائزہ لیجئے، آپ محسوس کریں گے کہ مسکرانے سے چہرے اور پیشانی کا رنگ ہی بدل گیا ہے۔ مسکراہٹ آپ کے چہرے کو 5-10 سال کم عمر بنادے گی۔ اس کشیدہ ذہنی اور پستی کے ساتھ اگر تھکن بھی شامل ہوجائے تو آدمی خود کو بالکل کھنڈر محسوس کرتا ہے۔ ڈاکٹر تھائر کے مطابق اوسط قسم کے ڈپریشن کی ایک خاص علامت تھکن کا احساس ہے۔ تھکن ڈپریشن کی ایک خاص نشانی ہوتی ہے لیکن خود یہ تھکن اس ڈپریشن کا سبب بھی ہوسکتی ہے۔ اب سوال یہ ہے کہ اس تھکن کو کس طرح دور کرکے آپ خود کو توانا محسوس کریں؟

# بگڑا ہوا موڈ ٹھیک چند سیکنڈ میں خوشگوار کرنے کا ٹوٹکہ

ڈاکٹر تھائر کے مطابق اس کا ایک ہی آزمودہ علاج ہے اور وہ ہے جسمانی سرگرمی۔ اپنے اس خیال کی تائید کے لیے انہوں نے اس مقصد کے لیے واک کو آزمایا، کیوں کہ ان کے بقول یہ وہ جسمانی سرگرمی ہے کہ جسے ہر شخص بڑی آسانی سے اپنے معمولات حیات کا حصہ بنا سکتا ہے۔ انہوں نے یہ بات دریافت کی کہ محض دس منٹ کی تیز چہل قدمی سے جسم میں توانائی کروٹیں لینے لگتی ہے اور پورے ایک گھنٹے کے لیے ڈپریشن بالکل غائب ہوجاتا ہے۔ اس واک کے بعد مایوسی کے گھپ اندھیرے سے نجات مل جاتی ہے اور مریض کی فکر کا انداز مثبت اور تعمیری ہوجاتا ہے۔ قنوطیت رخصت ہوجاتی ہے۔ نیویارک کی واکنگ کی ماہر ڈاکٹر سوکی منسل نے مشورہ کرنے پر بتایا کہ ڈپریشن کے مریض کو واک اس وقت کرنی چاہیے کہ جب وہ خود کو توانا محسوس کرے اور ذہنی کشیدگی اور دباؤ بھی بڑھ رہا ہو۔ اس وقت واک کرنے سے توانائی میں مزید اضافہ ہوگا اور ٹینشن یعنی کشیدگی بھی نمایاں طور پر کم ہوگی۔

**موڈ ٹھیک کرنے کا پروگرام:** موڈ ہر قسم کی چہل قدمی سے ٹھیک ہوسکتا ہے۔ روزانہ دس منٹ کی ڈیڑھ میل تیز رفتار واک کرکے آپ ہر ہفتے گیارہ میل چلیں گے اور اس ڈپریشن کی کیفیت میں نمایاں کمی آجائے گی۔ اس واک کے لیے یہ ضروری ہے کہ آپ جسم کو درست انداز (پوسچر) میں رکھ کر واک کریں اور رفتار میں بھی یکسانیت برقرار رہے۔ زمین پر نظریں گاڑ کر جاگنگ کرنا درست انداز نہیں۔ آپ کا سر اٹھا ہوا اور سیدھا رہنا چاہیے۔ اس طرح آپ پستی کے احساس سے محفوظ رہیں گے۔ بہتر یہ ہے کہ اپنے کسی دوست کو بھی واک میں شریک کرلیا جائے۔ اس طرح ڈپریشن کا بوجھ اور بھی کم محسوس ہوگا۔ **رفتار:** نفسیاتی علاج کی ماہر سارا ڈیننگ اپنے مریضوں کا علاج واک سے کرتی ہیں۔ ان کے مطابق واک مختلف رفتار سے کی جاسکتی ہے۔ دھیمی چال سے بھی، معتدل انداز سے بھی اور تیز قدمی کے ساتھ بھی۔ ہر انداز اور رفتار کی واک مریض کے مسئلے کا حل ثابت ہوتی ہے۔ یہ مریض کا کام ہے کہ وہ اس رفتار سے واک کرے جو اسے سب سے زیادہ بھاتی ہو اور لطف دیتی ہو۔ **دھیمی چال:** ڈاکٹر سارا ڈیننگ کے مطابق دھیمی چال کے دوران انسان کے خیالات دروں یا باطنی سمت میں سفر کرتے ہیں۔ دروں بینی کے ذریعے سے اپنے خیالات اور احساسات سے تعلق جوڑنا اور انہیں مستحکم کرنا ہوتو پھر دھیرے دھیرے چلیے۔

**معتدل چال:** میانہ روی یا معتدل چال کے ذریعے سے آپ اندرونی جذباتی بندھن سے آزاد ہوجاتے ہیں اور مزاج عملی اقدامات کی طرف مائل اور متوجہ ہونے لگتا ہے۔ جب بھی کوئی عمل یا اقدام کرنا ہو، مسائل کا عملی حل مطلوب ہوتو واک کے لیے درمیانی یا معتدل چال اختیار کیجئے۔ **تیز رفتار چال:** یہ عملی اقدام کرگزرنے کی (باقی صفحہ نمبر 55 پر)

نامراد بیماری کا تیر بہدف علاج
بستر پیشاب شفاء
اچانک پیشاب کا نکل جانا سب کے سامنے شرمندہ کردیتا ہے
بار بار پیشاب یا بستر پر پیشاب کا نکل جانا بہت بڑا مسئلہ! مگر اب نہیں!
قیمت 120 روپے علاوہ ڈاک خرچ

# شیرینی میں گندھا ماں اور بیٹی کا رشتہ

بنت میمونہ' لاہور

بعض کتب میں اولیاء کرام نے لکھا ہے ''جب کوئی لڑکی پیدا ہوتی ہے تو اللہ فرماتے ہیں ''اے لڑکی! تو زمین پر اتر، میں تیرے باپ کی مدد کروں گا''۔ ایسے گھر میں اللہ تعالیٰ فرشتے بھیجتے ہیں جو آکر کہتے ہیں ''اے گھر والو! تم پر سلامتی ہو، اور وہ لڑکی کو اپنے پروں کے سائے میں لے لیتے ہیں پھر اس کے سر پر ہاتھ رکھتے ہوئے کہتے ہیں کہ ''یہ کمزور جان ہے، جو کمزور جان سے پیدا ہوئی ہے۔ جو اس بچی کی نگرانی اور پرورش کرے گا، قیامت تک خدا کی مدد اس کے ساتھ شامل حال رہے گی''۔ عورت کے کئی روپ ہو سکتے ہیں۔ ماں، بیٹی، بہن، بھابھی، بھتیجی، بھانجی، سہیلی، نانی، دادی، بہو اور ہر روپ میں صبر و ایثار، مہر و وفا اور عفت و عصمت کا پیکر ہوتی ہے۔ ماں کی بردباری اور سنجیدگی سے بیٹی بھی سبق سیکھتی ہے۔ صدمات ہوں یا خوشیاں ماں حوصلے کی چٹان بنی رہتی ہے۔ اچھی مائیں صرف اپنے رب کے سامنے سربسجود ہو کر اپنی پریشانیوں کا حل چاہتی ہیں۔ اچھی بیٹیاں بھی اپنے منہ سے کسی کی غیبت یا حسد کے جذبات سے بھرپور لفظ نہیں کہتیں۔

# یہ چار چیزیں کسی بیٹی پر نہیں جچتیں! جان لیجئے! کام آئینگی

پچھلے وقتوں میں مائیں بیٹیوں کو تلقین کیا کرتی تھیں کہ کم بولا کرو، دھیمے اور ٹھہرے ہوئے لہجے میں گفتگو کرو، خاموشی بھی ایک زیور ہوتی ہے۔ چڑچڑاپن، بدگوئی، بدتمیزی اور غصہ عورت پر نہیں جچتا۔ اپنا نقطہ نظر بیان کرنے کے لیے نرم روی اور صلح جوئی کا انداز اختیار کرنا اچھا ہوتا ہے۔ آج کل بھی بہت سے گھرانوں میں بیٹے کا رشتہ طے کرتے وقت بڑی بوڑھیاں بیٹی کے ساتھ ساتھ ماں کے اخلاق، کردار، گفتگو، انداز رہن سہن اور رویوں کو مدنظر رکھتی ہیں، کبھی آپ نے سوچا کہ ایسا وہ کیوں کس لئے کرتی ہیں؟

اس لئے کہ ماں ہی وہ ستون ہے جس پر خاندان کی تہذیبی عمارت کھڑی ہوتی ہے۔ بچوں کی تعلیم وتربیت کی ذمہ داری اسی کے ناتواں کاندھوں پر منتقل کی جاتی ہے۔ وہ کمزور ہو تو بھی اولاد کے لیے زمانے کے سامنے سینہ سپر ہوتی ہے۔ اولاد کو جہاں جہاں ضرورت پڑے چٹان کی طرح آہنی بازوؤں میں سمیٹ کر رکھتی ہے۔ خود سختیاں سہہ لیتی ہیں، دھوپ میں زندگی گزار لیتی ہیں مگر نسلیں سنوار دیتی ہیں۔ اولاد کے آرام، ترقی کے خواب، ترقی کے وسیلے ڈھونڈنا اور اپنی ذات کی نفی کر کے بچوں کو پروان چڑھانا اور بیٹیوں کو سگھڑاپے کی دولت سے نوازنا اسی ماں کو ودیعت ہوتا ہے۔ آج کی تعلیم یافتہ ماں اس صدی کا بیش بہا انعام ہے۔ وہ ٹیکنالوجی کی مدد سے بھی بچوں کی تربیت کا بیڑا اٹھا رہی ہے۔ وہ کام کر کے چاہے وہ ملازمت ہو یا تجارت اپنے بچوں کی مالی کفالت بھی کر رہی ہے۔ اسے وقت کی بہتر تقسیم کا ہنر آتا ہو تو اولاد خاص کر بیٹیوں سے قربت اور بھی بڑھ جاتی ہے۔

# بیٹیاں پھول! اللہ کی رحمت! شفقت سے پیش آئیے!

بیٹیاں پھول ہوتی ہیں۔ اللہ کی رحمت ہوتی ہیں۔ ان سے محبت اور شفقت سے پیش آنا بہت ضروری اس لئے بھی ہے کہ ہمارے معاشرے میں ایسے لوگ بھی ہیں جو بیٹیوں کے حقوق کے معاملے میں بالکل ان پڑھ ہیں' انہیں کچھ معلوم نہیں۔ اس کے باوجود اپنے مردانہ وار کام سے دنیا بھر میں اپنے وطن کا نام روشن اور سبز ہلالی پرچم بلند کرنے والی پاکستانی ماؤں اور بیٹیوں کی کمی نہیں۔ تاریخ اسلام اور پاکستان میں ایسی بے شمار بیٹیاں ہیں جو اپنے کردار اور عمل سے رہتی دنیا تک کے لیے خود کو امر کر چکی ہیں۔ دین اسلام کی چادر اوڑھ کر شریعت کے مطابق زندگی گزاریں۔ ایسی خواتین کامیاب بھی ہوتی ہیں جو رشتوں کے تقدس کو برقرار رکھ کر اپنی شناخت خود بناتی ہیں۔ جب ہم بیٹی کو ماں کا پرتو اور ماں کو اس کی پرچھائیں کہتے ہیں تو واضح ہے۔ یہ رشتہ شیرینی میں گندھ کر ماں اور بیٹی کے تعلقات کو وضع کرتا ہے۔ زندگی ختم بھی ہو جائے تب بھی یہ محبت، یہ التفات اور روحانی تعلق سدا استوار رہتا ہے۔

# مراقبے سے علاج

اس ماہ کا نورانی مراقبہ

مراقبے کے جب کمالات کھلیں گے تو حیرت کا انوکھا جہان اور مشکلات کا سو فیصد حل خود آپ کو حیرت زدہ کر دے گا۔

Meditation یعنی مراقبہ جہاں ازل سے روحانیت کی ترقی اور مشکلات کے حل کا علاج رہا ہے وہاں جدید سائنس نے اسے امراض کا یقینی علاج بھی قرار دیا ہے۔ ہزاروں تجربات کے بعد عبقری کے قارئین کے لئے مراقبے سے علاج پیش خدمت ہے۔ سوتے وقت اگر باوضو اور پاک سوئیں تو سب سے بہتر ورنہ کسی بھی حالت میں صرف 10 منٹ بستر پر بیٹھ کر بلاتعداد مسلسل یَاغَفُوْرُ یَاوَدُوْدُ پڑھیں' اول و آخر 3 بار درود شریف پڑھیں پھر لیٹ جائیں۔ جس مرض کا خاتمہ یا الجھن کا حل چاہتے ہوں اس کو ذہن میں رکھ کر یہ تصور کریں کہ '' آسمان سے سنہرے رنگ کی روشنی میرے سر سے سارے جسم میں داخل ہو کر اس مرض کو ختم یا الجھن کو حل کر رہی ہے اور اس وظیفے کی برکت سے میں سو فیصد اس پریشانی سے نکل گیا/گئی ہوں'' یہاں تک کہ اس تصور کو دہراتے دہراتے نیند آجائے۔ شروع میں تصور بناتے ہوئے آپ کو مشکل ہو گی لیکن بعد میں آپ پر جب اس کے کمالات کھلیں گے تو حیرت کا انوکھا جہان اور مشکلات کا سو فیصد حل خود آپ کو حیرت زدہ کر دے گا۔ مراقبے کے تجربات ہمیں لکھنا نہ بھولیں۔

## بارش کا پانی پیا' والدہ کے اندر سے ایک چڑیل نکلی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ میں بارش کے پانی کا عمل اور اس کے فوائد پڑھے۔ میری والدہ عرصہ دراز سے علیل تھیں مگر جب بارش کے پانی کا عمل کیا تو پہلے ہی دن میری والدہ نے پانی پیا' رات کو سوئیں تو میری والدہ بتاتی ہیں کہ رات کو میری ناک میں جلن جیسے کسی نے ناک میں سرخ مرچیں ڈال دیں اور شدید جلن شروع ہو گئی میں نے آیۃ الکرسی پڑھنا شروع کر دی' پڑھتے پڑھتے محسوس کیا کوے کی چونچ والی بلا جسے چڑیل کہوں' نکل کر بھاگی اور کھڑکی کے باہر جا کر کھڑی ہو گئی۔ استعمال جاری ہے' میری والدہ اب بالکل تندرست ہیں۔ عمل یہ ہے: بارش کے پانی پر 70 مرتبہ' سورۂ فاتحہ، آیت الکرسی 70 مرتبہ' معوذتین 70 مرتبہ پڑھنی ہے۔ پھر یہ پانی پینے' آٹا گوندھنے اور ہنڈیا میں استعمال کریں۔ (ج' اسلام آباد)

جوانی گولیاں

سمجھدار والدین نسلوں کو ضرور استعمال کروائیں

جب جوانی بے لگام ہو جائے اور اپنے پرائے کی پہچان ختم ہو جائے خواہشات اور چاہتیں اپنا رخ موڑ لیں تو مندرجہ ذیل علامات شروع ہو جاتی ہیں۔ چہرے پر دانے' داغ دھبے۔ خواتین کا مسلسل ناپاکی کی حالت میں رہنا۔ جنسی جذبات اور خیالات کا سوار رہنا۔ غصہ' چڑچڑاپن۔ ڈپریشن' ٹینشن۔ لیکوریا۔ احتلام۔ مادہ تولید کا پتلا ہو جانا۔ ایسی تمام حالتوں میں ''جوانی گولیاں'' استعمال کریں۔ قیمت صرف 150 روپے

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

# قارئین لائے انوکھے اور آزمودہ ٹوٹکے

## قارئین نے بار بار آزمایا پھر عبقری کیلئے سینے کے راز کھولے اور لاکھوں لوگوں کی خدمت کیلئے آپ کی نذر میں

## اس رمضان میرے آزمودہ ٹوٹکے آزمائیے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ماہنامہ عبقری بہت ہی خوبصورت پلیٹ فارم ہے جس کے ذریعے لوگ اپنے آزمودہ ٹوٹکے، عمل عوام الناس کے فائدے کے لیے لوگوں تک پہنچاتے ہیں۔ میں چند سال سے عبقری کی قاریہ ہوں۔ میرے پاس آپ کی بہت ساری تصانیف بھی موجود ہے۔ میں ہر ماہ باقاعدگی سے عبقری کا مطالعہ کرتی ہوں۔ محترم حضرت حکیم صاحب! میرے پاس بہت وظائف اور آزمودہ عمل ہیں جو عرصہ دراز سے میری زندگی کا حصہ ہیں اور بہت سے عبقری کے آزمودہ عمل بھی ہیں جن کے فوائد و کرامات میرے دل کی دنیا کو روشن کیے ہوئے ہیں' بہت سارے ٹوٹکے ہیں میری دادی اماں کے جو میں حسب ہمت تحریر کر کے بھیجتی ہوں' الحمدللہ! رمضان المبارک آ رہا ہے تو اس لیے آج بھی کچھ ایسے ہی ٹوٹکے آپ کے عبقری رسالہ کے لیے لکھ رہی ہوں تاکہ رمضان المبارک میں کام آسکیں۔

**انار کے چھلکے کا نسخہ:** انار کا چھلکا خشک کر کے پیس لیں صبح و شام پانی کے ساتھ ایک چمچ استعمال کرنے سے بستر پر پیشاب کرنے کی عادت ختم ہو جاتی ہے۔ مثانے کی گرمی دور ہوتی ہے ہاضمہ درست ہوتا ہے۔ خاص طور پر افطاری کے بعد ہونے والے بھاری پن کا لاجواب علاج ہے۔ **دنداسہ کے فوائد:** دانت میں درد ہو تو کڑوا دنداسہ منہ میں کم از کم پندرہ سے بیس منٹ چبا کر پھینک دیں' کلی صبح اٹھ کر کرنی ہے۔ دانت کے درد اور حساسیت میں سکون آتا ہے۔ گلے میں درد ہو تو دنداسہ چبا کر پانی نگلتے جائیں اور اس کے بعد پانی استعمال نہ کریں صبح تک آرام ہوگا۔

**رمضان المبارک میں پھٹکڑی کا کمال:** رمضان المبارک میں اکثر معدہ میں شدید گرمی ہو جاتی ہے اور اس کی وجہ سے اکثر لوگوں کے منہ میں چھالے بن جاتے ہیں' پھٹکڑی سفید منہ کے چھالوں اور منہ کے پکنے میں مفید ہے تھوڑی سی پھٹکڑی چوستے رہیں گلے اور منہ کے زخموں کو آرام آجاتا ہے' رمضان المبارک میں افطاری کے بعد اور صبح سحری سے پہلے کریں' علاوہ رمضان دن میں تین بار کریں منہ ٹھیک ہو جائے گا۔ شرطیہ ٹوٹکہ ہے۔ **جوتے کی بدبو ختم:** سفید پھٹکڑی کا پاؤڈر گرمیوں میں شوز میں دو تین دن بعد تھوڑا سا ڈالا کریں جوتوں کی اور موزوں کی بدبو ختم ہو جاتی ہے۔ نہانے کے بعد پھٹکڑی ملا پانی بغلوں میں لگانے سے بدبو سے نجات ملتی ہے۔ پانی میں پھٹکڑی ملا کر چہرے پر لگانے سے چہرے کے دانے خشک ہونا شروع ہو جاتے ہیں۔ چہرے کا چکنا پن کم ہوتا ہے۔ وضو کے پانی میں پھٹکڑی ملا کر وضو کرنے سے خارش اور پیشاب کے انفیکشن سے فائدہ ہوتا ہے۔ پھٹکڑی کھانے یا لگانے سے کوئی نقصان نہیں ہوتا ہم گھروں میں بچپن سے استعمال کرتے آئے ہیں مفید ہے اور کوئی سائیڈ ایفکٹ نہیں۔ اگر لیڈیز چہرے پر تھریڈنگ کے بعد پھٹکڑی بھگو کر لگائیں بالوں کی جڑیں ختم ہونے لگتی ہیں۔ دانے نہیں نکلتے۔ (رابعہ اسد، راولپنڈی)

### ماہ رمضان! صبح و شام سورۂ یٰسین ضرور پڑھیے!

حضور نبی کریم حضرت محمد ﷺ نے فرمایا: ہر چیز کا دل ہوتا ہے۔ قرآن مجید کا دل سورۂ یٰسین ہے۔ علمائے کرام نے فرمایا: جو آدمی صبح و شام سورۂ یٰسین پڑھے گا۔ اس کی (80) ضروریات پوری ہوں گی اور ادنیٰ ضرورت فقر و محتاجی کی ہے۔ قضائے حاجات کے لیے نماز جمعہ کے بعد قبلہ کی طرف ہو کر سورۂ یٰسین تین بار اس طریقہ پر پڑھے۔ پہلے "مبین" پر پہنچے تو سورۂ اخلاص تین بار پڑھے۔ دوسرے "مبین" پر پہنچے تو سورۂ کوثر تین بار پڑھے۔ تیسرے "مبین" پر پہنچے تو سورۂ الم نشرح تین بار پڑھے۔ چوتھے "مبین" پر پہنچے تو سورۂ الفاتحہ تین بار پڑھے۔ پانچویں "مبین" پر پہنچے تو آیت الکرسی تین بار پڑھے۔ چھٹے "مبین" پر پہنچے تو اَللّٰهُ لَطِيْفٌ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ تین بار پڑھے۔ ساتویں "مبین" پر پہنچے تو درود شریف تین بار پڑھے اور یہ دعا سات بار کرے۔ اَللّٰهُمَّ وَسِّعْ رِزْقِیْ الخ "یا اللہ میری روزی میں اتنی وسعت فرما کہ میں تیری مخلوق میں کسی کا محتاج نہ رہوں" پھر سورۂ مکمل کرے۔ اس کے بعد دعا کیجئے۔ اس میں اپنے احباب کے علاوہ مومنین اور بندہ ناچیز کو بھی شامل کر لیجئے۔ (مفتی مولانا عبیداللہ، کوئٹہ)

### رمضان کی آمد اور میرا پسندیدہ نفع بخش مصالحہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ ہمارا بہت ہی پیارا اور محسن رسالہ ہے ترقی کی راہ پر گامزن ہے بہت دعائیں ہیں۔ آج ہلدی کے بارے میں اس لیے لکھ رہی ہوں کیونکہ رمضان شریف کی آمد آمد ہے۔ خواتین پکوانوں میں اچھے مصالحے ہی ڈالنا پسند کرتی ہیں۔ میں نے ڈیڑھ کلو ثابت ہلدی منگوائی' اس کو کھلے پانی میں دھو کر کھلے پانی میں پانچ دن بھگوئے رکھا پھر ایک دن ابال کر پھر رکھا تاکہ صحیح نرم ہو جائے میں نے سوچا کہ کافی لمبا کام ہے کیونکہ اس کو میں ہمیشہ نرم کرنے کے بعد سل بٹہ پر پیستی ہوں پھر دھوپ میں سکھاتی ہوں کیونکہ پھر جلدی خشک ہو جاتی ہے تو گرائنڈر میں پیس لیتی ہوں۔ ذہن میں آیا کہ کیوں نہ قیمہ کی مشین میں سے اس کو گزار کر قیمہ کی طرح نکال لوں' مجھے بہت خوشی ہوئی کہ قیمہ کی مشین میں ڈال کر جب ساری ہلدی قیمہ بن کر نکل آئی سٹیل کی ٹرے میں خشک ہونے کیلئے رکھ دیا تیز دھوپ ہو تو بہت جلد دوسرے دن تک بہت اچھی خشک ہو جاتی ہے پھر اس کو چاہیں تو ذرا سا گرائنڈر میں پیس کر استعمال کریں یا لنگری پتھر والی میں ڈنڈے سے رگڑ کر استعمال کریں۔ **رمضان المبارک اور ہلدی کے فوائد:** خون کی کمی، جوڑوں کا درد، دمہ سوزش اندرونی زخم اور چوٹ کھانسی زکام انفلوئنزا، ناک کا ورم، خارش' کھجلی آنکھوں میں دکھن ہو' گلے کا انفیکشن ہو پیٹ کے کیڑوں کیلئے بہت کارآمد چیز ہے ہلدی کا سفوف لسی یا سادہ پانی میں آنتوں کا مسئلہ ہو تو بہت بہترین ہے ہلدی آنتوں میں بیکٹیریا کی نشوونما کی روکتی ہے۔ کچی ہلدی کو ایک شہد کے چمچ میں مکس کر کے کھانا خون کی کمی دور کرتا ہے۔ یرقان میں چٹکی بھر سفوف ہلدی گرم پانی کے ایک گلاس کے ساتھ پینا دو یا تین بار شافی علاج ہے۔ ہلدی کا پیسٹ تر خارش میں لگانا بہت مفید ہے۔ معدہ کے السر یا تیزابیت والے مریضوں کو استعمال نہیں کرنا چاہیے۔ (مسز سید اعجاز بشیر بخاری، تلہ گنگ)

**عرق شوگر شفاء**

شوگر کی وجہ سے دل کی کمزوری' پٹھوں کا کھچاؤ' سستی رہنا' دماغی کمزوری' یادداشت کی کمی' نگاہ کی کمزوری' خاص طاقت اور قوت کی زبردست کمی' ڈیپریشن' ٹینشن' بیزاری' بے قراری ہو تو "عرق شوگر شفاء" جسم میں روح اور اندھیرے میں چودھویں کے چاند کی مانند ہے۔ ہزاروں نے آزمایا' "عرق شوگر شفاء" چند بوتل پینے سے شوگر مکمل کنٹرول ہو جاتی ہے۔ (قیمت -/350 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

## پانچ دن عمل کیا! بیروزگار برسروزگار ہوگیا

میرے دوست کے بیٹے نے تقریباً تین ماہ قبل انجینئرنگ میں ڈپلومہ حاصل کیا اور جاب کیلئے پریشان تھا' روزانہ اپنی والدہ کے قدموں میں بیٹھ کر دعا کی درخواست کرتا۔ اب والدہ بھی بیٹے کو پریشان دیکھتے دیکھتے خود پریشان ہوگئی جنہوں نے اپنی پریشانی کا تذکرہ بذریعہ فون اہلیہ سے کیا چنانچہ اہلیہ نے شیخ الوظائف کا بتایا ہوا عمل سورۂ والضحیٰ اوّل آخر تین تین بار درود پاک ہر ''ک'' پر 9-9 بار یَا کَرِیْمُ پڑھنے اور اپنے مقصد کا تصور کرکے کریم سے مانگنے کی ترکیب بتلا کر یقین دلایا کہ آپ یکسوئی سے صرف پانچ دن پڑھیں انشاء اللہ مسئلہ حل ہوگا۔ چنانچہ ایک ہفتہ بعد ان کی مسز کا فون شکریہ کے لیے آیا اور بتلایا کہ سورۂ والضحیٰ کا عمل صرف پانچ دن کیا بیٹے کی باعزت جاب آئل اینڈ گیس کمپنی میں ہوگئی ہے۔

## گائنی کا پرابلم اور لاجواب آزمودہ وظیفہ

میری اہلیہ کی دوست امریکہ میں رہائش پذیر ہے ان کی بیٹی کا گائنی پرابلم تھا جسے میری اہلیہ نے شیخ الوظائف کا درس میں بتایا ہوا افحسبتم اور اذان کا عمل بتایا۔ صرف چند دن پڑھا اس کے گائنی کے تمام مسائل ختم ہوگئے بلکہ اسی امریکہ والی دوست نے میری اہلیہ کو بتایا کہ امریکہ میں ان کے جاننے والی خاتون کی بیٹی کو بے ہوشی کے دورے پڑتے تھے' ڈاکٹرز نے بتلایا کہ یہ لاعلاج ہے اب بقیہ زندگی یوں ہی گزرے گی۔ میں نے انہیں یہی افحسبتم اور اذان والا عمل بتلایا۔ بچی کے والدین نے باقاعدگی سے پڑھ کر بچی پر دم کرنا معمول بنایا چند دنوں بعد بچی کو افاقہ ہوگیا اور دو تین دن دورہ نہ پڑا' بچی کا والد کسی کام کے سلسلہ میں کہیں چلا گیا اور دم نہ کرا سکا۔ بچی پر دوبارہ دورے پڑنے لگے تب بچی کے والدین کو احساس ہوا کہ دم میں ناغہ کی وجہ سے بچی کو تکلیف ہوئی پھر میاں بیوی دونوں نے یکسوئی سے بیٹی کو دم کیا۔ الحمدللہ اب بیٹی مکمل طور پر صحت یاب ہے' انہوں نے مزید بتلایا کہ کچھ عرصہ بعد ایک فنکشن میں اس بچی کی والدہ نے مل کر شکریہ ادا کیا اور بتلایا کہ تمہارے بتلائے ہوئے وظیفہ سے اب بیٹی مکمل طور پر تندرست ہوگئی ہے۔ میری اہلیہ کی دوست کو گائنی پرابلم تھا ڈاکٹرز نے فوری طور پر آپریشن کروانے کی ہدایت کی۔ اہلیہ نے اصرار کیا کہ ہم نے آپریشن نہیں کروانا بلکہ انہیں اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلَامُ اور افحسبتم اور اذان والا عمل بتایا۔ چند دن پڑھنے سے الحمدللہ بغیر آپریشن کے مکمل شفاء نصیب ہوئی۔ (**افحسبتم اور اذان کا عمل:** سورۂ مومنون کی آخری چار آیات اور اذان سات، سات مرتبہ پڑھ کر اپنے دائیں اور بائیں کندھے پر دم کریں)

**گھریلو مصروفیات:** بجلی کی لوڈشیڈنگ عموماً رہتی ہے جس روز اہلیہ کا واشنگ مشین لگانے کا ارادہ ہو دو نوافل صلوٰۃ الحاجت، یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ بِسْمِ اللّٰہِ تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰہِ، یَاعِبَادَ اللّٰہِ اَعِیْنُوْنِیْ پڑھنے کے بعد اللہ تعالیٰ سے باتیں کرتے ہوئے مدد طلب کرتی ہے۔ اللہ کی برکت سے اس روز بجلی بہت کم جاتی ہوتی ہے۔ **حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ کا کرشمہ:** میرے ڈرائیور کی کزن کا رشتہ کہیں طے نہ ہو رہا تھا خود بچی اور اس کے اہل خانہ نہایت پریشان تھے کیونکہ اس کی چھوٹی بہنیں شادی شدہ اور صاحب اولاد ہوچکی تھیں۔ ڈرائیور نے اس پریشانی کا تذکرہ کیا تو شیخ الوظائف کا بتلایا ہوا حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ والا وظیفہ پڑھنے کی ترتیب بتلائی گئی۔ بچی اور اس کے اہل خانہ نے نہایت توجہ سے پڑھا دو تین ماہ کے اندر شریف فیملی سے باعزت رشتہ آیا اور شادی ہوکر بچی باعزت اپنے سسرال گھر میں جاچکی ہے ادارہ عبقری کے مخلصین کو دعائیں مل رہی ہیں۔ (مطلوب احمد باجوہ' بہاولپور)

## افطاری میں صحت مند فرحت بخش کھجور کا میٹھا

کھجور آدھا کلو، دودھ تین پیالی، چینی ایک پیالی، کارن فلور تین کھانے کے چمچ، جیلاٹن پاؤڈر دو کھانے کے چمچ، فریش کریم ایک پیالی، مارجرین یا مکھن ایک کھانے کا چمچ۔ (ترکیب) کھجوروں کو بیج نکال کر صاف دھولیں اور آدھی پیالی پانی ڈال کر پکنے رکھ دیں۔ کسٹرڈ کریم بنانے کے لیے دودھ کو ابالنے رکھیں اور ابال آنے پر اس میں چینی ڈال کر دس سے پندرہ منٹ ہلکی آنچ پر پکا کر گاڑھا کرلیں۔ کارن فلور کو دو سے تین کھانے کے چمچ ٹھنڈے دودھ میں گھول لیں اور ابلتے ہوئے دودھ میں شامل کردیں۔ تیزی سے چمچ چلاتے ہوئے گاڑھا ہونے پر چولہے سے اتارلیں اب ٹھنڈا کرنے رکھ دیں۔ کھجوروں کا پانی خشک ہونے پر اسے لکڑی کے چمچ سے کچل لیں اور اس میں مارجرین یا مکھن ڈال کر خوشبو آنے تک بھون لیں۔ چولہے سے اتار کر ٹھنڈا کرنے رکھ دیں۔ کریم کو دس سے پندرہ منٹ فریزر میں رکھ کر ٹھنڈا کرلیں پھر صاف خشک پیالے میں ڈال کر پھینٹ لیں۔ جیلاٹن کو دو کھانے کے چمچ نیم گرم پانی میں گھول کر پندرہ سے بیس سیکنڈ کے لیے مائیکروویو اوون میں چلالیں۔ تیار کی ہوئی کسٹرڈ کریم میں پھینٹی ہوئی کریم اور جیلاٹن ڈال کر پھینٹ لیں۔ **کھجور ڈش پیش کرنے کا انداز:** خوبصورت سی شیشے کی ڈش میں کسٹرڈ کریم پھیلا کر ڈالیں، پھر اس پر کھجور کے پیسٹ کی تہہ لگائیں۔ اسی طرح سے ایک سے دو مرتبہ دونوں چیزوں کی تہہ لگالیں اور اوپر سے کٹے ہوئے بادام پستے اور فریش کریم سے سجا کر فریج میں رکھ دیں۔ خوب اچھی طرح ٹھنڈا کرکے پیش کریں۔ (شائستہ خانم، کراچی)

## رمضان کی مصروفیات سے پہلے لیجئے خوبصورتی کا راز

چار انڈوں کی سفیدی لیکر اسے گلاب کے عرق میں ابالیں پھر اس میں آدھا اونس پھٹکری اور آدھا اونس میٹھے باداموں کا تیل ڈالیے اس کے بعد خوب ہلائیے یہاں تک کہ ایک گاڑھا لعاب بن جائے رات کو بستر پر جانے سے پہلے لگائیے اور صبح اٹھ کر کسی اچھے صابن سے منہ دھوائیں۔ **حکایت سعدی:** ایک شخص نے اپنے پیرومرشد کے پاس جاکر کہا کہ میں دنیا والوں سے تنگ آگیا ہوں ہروقت مجھے گھیرے میں لے لیتے ہیں اور میرا وقت خراب کرتے ہیں پیر صاحب نے جواب دیا۔ آنے والوں میں سے جو غریب اور نادار ہوں تم ان کو کچھ قرض دے دیا کرو اور جو متمول ہوں ان سے کچھ قرض مانگ لو پھر دیکھنا کہ ان میں سے کوئی بھی تمہارے پاس لوٹ کر نہیں آئیگا۔ حکیم لقمان سے کسی نے پوچھا ''حکمت'' کس سے سیکھی؟ لقمان نے جواب دیا اندھے سے کیونکہ وہ زمین کو اچھی طرح ٹٹول ٹٹول کر قدم بڑھاتا ہے۔ ایک مرتبہ شیخ سعدیؒ نے ایک درویش سے پوچھا مجھے کوئی ایسی نصیحت کریں کہ میری جہالت مٹ جائے درویش نے جواب دیا اگر تم بڑے عالم ہو تو بھی انکساری سے کام لو ورنہ اپنے علم کو مٹی میں دفن کردو۔ بے وقوف کے لیے چپ رہنا سب سے بڑی عقل مندی ہے۔ (حمیرا کنول، کھوئیاں)

**دانتوں کے مسائل سے یقینی نجات:** نیم کے تازہ پتے سائے میں خشک کیے ہوئے 100 گرام، مرچ سیاہ 50 گرام، لاہوری نمک 50 گرام، صندل سفید 10 گرام باریک پیس لیں۔ دن میں دو تین مرتبہ اس منجن سے دانت اور مسوڑھے اچھی طرح صاف کرکے پانچ منٹ بعد کلّی کرلیں۔ ابتدا میں یہ کڑوا لگے گا، لیکن پھر اس کی عادت ہوجائیگی۔ **منہ میں پیدا ہونے والی بدبو کا علاج:** ہاضمے کی خرابی کی وجہ سے منہ میں پیدا ہونے والی بدبو کے لیے یہ نسخہ استعمال کریں: ھوالشافی: نوشادر، فلفل دراز، چھوٹی الائچی کے دانے 100,100 گرام باریک پیس کر رکھ لیں۔ کھانے کے بعد ایک گرام یہ سفوف پانی کے ساتھ کھائیں۔ (حبیب، لاہور)

**صرف عشق اور محبت کرنے والے پڑھیں**

حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کو پاکستان کی پرانی چیزیں اور ورثہ محفوظ کرنے کا سچا جذبہ ہے۔ محبت کرنے والوں کے پاس کوئی پرانی چیز مثلاً کتابیں، (سلیبس اور نصابی نہ ہوں) برتن، نقش ونگار شدہ پرانے دروازے، کھڑکیاں، شیلڈ، اسلحہ (اسلحہ جو پرانا اور قابل استعمال نہ ہو) لکڑی، تانبے، کانسی، چمڑے کی بنی ہوئی کوئی بھی پرانی چیز جو آپ کے استعمال میں نہ ہو' الیکٹرونکس کی پرانی چیزیں حتیٰ کہ کسی بھی قسم کی سالوں یا صدیوں پرانے سکے، اینٹیں، ٹائلیں وغیرہ ہوں تو حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کو گفٹ کی نیت سے تسبیح خانے میں بحفاظت با امان پہنچائیں اور دل کی گہرائیوں سے دعائیں لیں۔ نیز بڑی ہستیوں سے منسوب تبرکات یا آثار قدیمہ کا کوئی تحفہ بھی قبول کیا جائے گا۔ آپ کا بہت شکریہ! (ادارہ)

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

# روحانی منزل جانے سے جادو ختم' کاروبار چمک اٹھا اور روحانیت ملی

محترم قارئین! رب نے بہت کچھ عطا کیا لیکن نامعلوم وجوہات کی وجہ سے شاید میں شکر گزار بندہ نہ بن سکا اور میری ساری نعمتیں چھین لی گئیں جس پر میں اب شکر ادا کررہا ہوں کیونکہ نعمتیں چھننے کے بعد رب یاد آیا اور رب نے اپنی طرف متوجہ کیا اور اللہ تعالیٰ نے عبقری جیسے ادارے سے تعارف کروایا' میں اپنی داستان لکھنا نہیں چاہتا بس اس چھوٹی سے تمہید میں میں نے مختصراً بات کی میں کروڑپتی سے ککھ پتی بن گیا بس اتنا کافی ہے۔ آگے عبقری سے تعارف کے بعد 2017 کا رمضان تسبیح خانہ لاہور میں گزارا درودمحل میں خدمت کا موقع ملا' 2018ء کا رمضان بھی تسبیح خانہ میں گزرا۔ 2019ء آگیا سوچ رہا تھا کیا کروں روزے کا مہینہ یعنی ماہ رمضان کو میں خاص بنانا چاہتا تھا اچانک خیال آیا کہ عبقری رسالہ لے کر اس میں جو بھی نظر آئے اسی پر عمل کروں گا رسالہ میرے ہاتھ میں تھا جیسے ہی کھولا تو ''روحانی منزل مری'' کے اعمال پر نظر پڑگئی اور دل ہی دل میں فیصلہ کیا کہ اس دفعہ روحانی منزل میں رمضان میں گزاروں گا اور رمضان سے ایک دن پہلے روحانی منزل پہنچ گیا۔اوپر والے ہال میں بستر بچھالیا اور روحانی منزل میں رہنے لگا۔ روحانی منزل میں ہونے والے اعمال خوب دل لگا کر کیے۔ دل میں سکون اتر گیا' یہاں سے جانے کے بعد اللہ کریم نے اپنا کرم فرمایا اور میرے دن پھرنے لگے۔(عبداللہ' لاہور)

## روحانیت کے سمندر میں غوطہ زن ہوا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ میں روحانی منزل مری کے متعلق پڑھا' دل میں خواہش پیدا ہوئی کہ میں بھی روحانی منزل مری میں جاکر روحانیت کے نظارے لوں۔ اسی دن حسب موسم بستر لے کر روانہ ہوا' یہاں پہنچا تو اسی دن اعمال شروع کردیئے۔ اس دن سے آج تک اتنی خوشی ملی کہ میں الفاظ میں بیان نہیں کرسکتا۔روحانی منزل کے کمالات کیا ہیں' اب تو لاکھ غم' لاکھ دکھ بھول گیا ہوں اتنا سکون اتنی چستی کبھی زندگی میں نہیں دیکھی اللہ پاک سے دعا ہے کہ آخری سانس تک روحانی منزل مری سے جڑا رہوں کیونکہ یہاں دل بدل گیا ہے' اللہ پاک کا دھیان نصیب ہوا اور خاص کر یہاں پر خدمت کرنے میں جو لذت جو سکون جو خوشی ملتی ہے وہ میں الفاظ میں بیان نہیں کرسکتا۔ میری طبیعت ہر دس پندرہ دن کے بعد اتنی خراب ہوتی کہ نماز تک نہ ادا کرسکتا' مگر اللہ کے فضل سے جب سے روحانی منزل میں اعمال کیے ہیں' بالکل تندرست ہوں۔(محمد ایاز آفریدی' کوہاٹ)

## ابو کا کاروبار اور بہن پر بندش ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے والد کا کاروبار گزشتہ تین سال سے زوال پذیر ہونا شروع ہوا اور ایک وقت آیا کہ میرے والد سارا دن دکان پر فارغ بیٹھ کر آجاتے اور گھر آکر سر پکڑ کر بیٹھے رہتے۔ اس کے علاوہ بھی ایک مسئلہ تھا وہ یہ کہ میری بہن پر سخت جادو تھا' اس کے جسم پر نیلے دھبے پڑجاتے تھے اور اکثر بیمار رہتی۔ ہر کسی نے بتایا اس پر سخت کالا جادو ہے۔ عبقری رسالہ گھر میں آنا شروع ہوا تو اس میں روحانی منزل مری کے کمالات پڑھے' چونکہ ہم راولپنڈی کے رہائشی ہیں اور مری ہمارے نزدیک ہے' میں نے اپنے والد کو روحانی منزل کے متعلق بتایا' اسی اتوار کو ہم دونوں روحانی منزل مری پہنچ گئے' وہاں جاکر خوب اعمال کیے' پھر ہر اتوار کو جانا شروع ہوئے' حالات کچھ سنبھلنا شروع ہوئے تو میرے والد نے مجھے ایک ہفتہ کیلئے روحانی منزل مری میں چھوڑا' جب میں واپس آیا تو میری بہن نے بتایا کہ میری طبیعت بالکل ٹھیک ہے' میرے جسم پر اب دھبے بھی نہیں پڑتے۔ والد کا کاروبار پھر سے بڑھنا پھلنا اور پھولنا شروع ہوگیا ہے۔(کامران' راولپنڈی)

**روحانی منزل میں ہونے والے اعمال کی تفصیلات صفحہ نمبر 64 پر ملاحظہ فرمائیں۔**

## بواسیر ختم! اہلیہ کی دادی کا آزمودہ ٹوٹکہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ گزشتہ تین سال سے مسلسل پڑھ رہے ہیں' الحمدللہ! اس شمارے نے ہمیں بہت کچھ سکھایا ہے۔ اسم اعظم کا روحانی دم بھی تسبیح خانہ سے کروایا ہے' دم والا تیل پاؤں کے تلووں پر روزانہ رات کو لگانے سے جسم کا درد' تھکاوٹ دور ہوجاتی ہے اور نیند بہت شاندار آتی ہے' خاص بات کہ ازدواجی زندگی بہت ہی بہتر ہورہی ہے۔ میں روزانہ تلووں پر تیل لگاتا ہوں بہت فائدہ پاتا ہوں۔ میرے ایک دوست کو بواسیر تھی' ایک دن اس کو شدید تکلیف تھی' میں نے اسے خالص دیسی گھی چار چمچ نیم گرم لے کر اس میں ایک چمچ پسی ہوئی کالی مرچ ملا کر پینے کو کہا۔ اس نے پیا تو اس کی تکلیف دور ہوگئی۔ یہ سوتے وقت لینا ہے۔ یہ ٹوٹکہ میری اہلیہ نے اپنی دادی سے سنا تھا' ہمارے خاندان کا آزمودہ ٹوٹکہ ہے۔ یہ ایک دن چھوڑ کر استعمال کریں' صرف تین مرتبہ پئیں۔ یعنی چھ دن میں تین مرتبہ پینا ہے۔(محمد سجاد ظریف' میانوالی)

## میری تالیفات اور ان کی اصلاح

اب تک آنے والی میری جتنی بھی تالیفات ہیں ان کے حوالہ جات حقیقت' سبب تالیف یہ سب قارئین تک پہنچانے کی ایک کوشش ہے میں ہر کتاب کا حوالہ دوں گا کہ کتاب کن حوالہ جات سے مل کر ایک کتاب بنی ہے۔ اگر میری کسی کتاب میں غلطی ہو' اطلاع دیں' شکر گزار ہوں گا۔ چونکہ اس سے پہلے مختلف ادارے میری کتب شائع کرتے تھے اب اکثر کتب عبقری ادارہ شائع کررہا' مختلف اداروں نے بہت سے حوالے چھوڑ دیئے' یاد رکھیں! کتاب اگر حوالہ کے ساتھ ہو تو تحقیق' اور تالیف اگر حوالہ کے بغیر ہو تو سرقہ اور چوری شمار ہوتی ہے' اس لیے اب پھر سے میں اپنی کتب کی غلطیاں خود نکال کر شائع کررہا ہوں تاکہ میری اور کتب کی اصلاح ہوتی رہے۔ **کتاب نمبر 63: ندامت کے آنسو:** قارئین! آنسو تو صرف نادم شخص کے ہی ہوسکتے ہیں' ندامت صرف گناہوں کے بعد ہوتی ہے ہاں ایک ندامت یہ بھی ہے کہ ہم کہیں کہ میں نے ایک عمل کیا لیکن اس عمل کا حق ادا نہ کرسکا۔ مجھے ایک صاحب کہنے لگے: ہر وقت باوضو رہتا ہوں' اتنی دفعہ درود شریف' اتنی بار فلاں فلاں ذکر کرتا ہوں لیکن مجھ سے فلاں فلاں کمی اور گناہ ہوجاتا ہے' مجبور ہوں کیا کروں؟ میں نے ان سے عرض کیا آپ کے اندر ندامت ہے؟ کہنے لگے: بہت ہی زیادہ نادم ہوتا ہوں' عرض کیا بس یہی ترقی کامیابی اور اصلاح کا راز ہے۔ قارئین! یقین جانیے! جب تک انسان میں احساس گناہ جسے ہم احساس ندامت کہتے ہیں باقی موجود رہتا ہے اس کی ترقی اور اصلاح ہوتی رہتی ہے اور جب احساس گناہ ختم ہوجاتا ہے تو پھر ندامت نہیں ہوتی اور نہ ہی توبہ کا موقع ملتا ہے اور نہ ہی زندگی بدلتی ہے۔ میری یہ تالیف بھی گناہوں کی دلدل میں دھنسے پھنسے ہوئے انسانوں کیلئے ہے۔ بے شمار نے اس کتاب کا مطالعہ کرکے توبہ کی۔ اس کتاب کی تالیف میں کن کتب سے مدد لی گئی ان کے نام ملاحظہ فرمائیں: بخاری شریف۔ مسلم شریف۔ ترمذی۔ طبرانی۔ ابن عساکر۔ نزہۃ المجالس جلد دوئم۔ فضائل توبہ واستغفار۔ کتاب التوابین' ابن قدامہ المقدسی دارالاشاعت کراچی۔ اللہ سے دوستی۔ کفارات الخطایا وموجبات المغفرہ۔ تاریخ بغداد ج ۶ ص ۳۹۲ (علامات محبت)۔ **نوٹ: اگر کوئی حوالہ غلطی سے رہ جائے تو ضرور اطلاع دیں' میں ہر پل اصلاح کا محتاج ہوں۔(ایڈیٹر)**

**عبقری اسٹیکر اپنی گاڑیوں پر ضرور لگائیں**

عبقری کی ویب سائٹ کا سٹیکر اپنی موٹر سائیکل اور گاڑیوں پر لگا کر دکھی انسانیت کو پریشانیوں کے حل اور دکھوں کے مداوے کی طرف متوجہ کریں۔ نوٹ: گاڑی کیلئے ایسے سٹیکر جو رات کے اندھیرے میں لائٹ پڑنے پر چمکے گا' لائف ٹائم گارنٹی بارش سردی گرمی سے خراب نہ ہونے والا۔ گاڑی کی زینت اور خوبصورتی کو بڑھانے والا۔ اپنی گاڑیوں اور موٹر سائیکل پر ضرور لگائیں۔ (قیمت: سٹیکر گاڑی: 200 روپے' موٹر سائیکل: 10 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

# پندرہ شعبان المعظم! آئیے تسبیح خانہ میں گزاریں

**پندرہ شعبان المعظم کی مکمل شب تسبیح خانہ لاہور میں گزاریئے' شیخ الوظائف کا پرسوز درس' خاص اذکار' اعمال' ساری رات عبادات' تہجد کے وقت شیخ الوظائف کی خصوصی رقت آمیز دعا' روزہ رکھنے والے افراد کیلئے سحری کا انتظام۔ اجازت عام!**

ماہ شعبان کے پہلے جمعہ کی شب بعد نماز عشاء آٹھ رکعت نماز ایک سلام سے پڑھے اور ہر رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے سورۂ اخلاص گیارہ گیارہ دفعہ پڑھے اوراس کا ثواب خاتون جنت حضرت فاطمۃ الزہراء رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو بخشے خاتون جنت فرماتی ہیں کہ میں ہرگز جنت میں قدم نہ رکھوں گی جب تک کہ اس نماز کے پڑھنے والے کو اپنے ہمراہ جنت میں نہ لے جاؤں۔ ماہ شعبان کے پہلے جمعہ کی شب چار رکعت نماز ایک سلام سے پڑھے اور ہر رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ سورۂ اخلاص تین تین بار پڑھنی ہے۔ اللہ تعالیٰ کی طرف سے اسے عمرے کا ثواب عطا ہوگا۔ شعبان کے پہلے جمعہ کو بعد نماز مغرب اور قبل نماز عشاء دو رکعت نماز پڑھے ہر رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے ایک بار آیۃ الکرسی دس بار سورۂ اخلاص ایک بار سورۂ فلق اور ایک بار سورۂ ناس پڑھنی ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ یہ نماز ترقی ایمان کیلئے بہت مفید ہے۔ **وظیفہ:** شعبان المعظم کی چودہ تاریخ کو بعد نماز عصر آفتاب غروب ہونے سے پہلے باوضو چالیس مرتبہ یہ کلمات پڑھے: لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔ اللہ تعالیٰ اس دعا کے پڑھنے والے کے 40 سال کے گناہ معاف فرمادیں گے۔ (ان شاء اللہ تعالیٰ) **نوافل اور روزہ:** حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ جب شعبان کی پندرھویں شب آئے تو تم رات کو قیام کیا کرو یعنی نوافل پڑھو اور دن کو روزہ رکھو۔ اس رات اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں ہے کوئی بخشش چاہنے والا کہ میں اسے بخش دوں' کوئی رزق مانگنے والا ہے کہ میں اس کو رزق عطا کروں' کوئی مصیبت میں مبتلا ہے کہ میں اس کو عافیت دوں۔

**شب برأت:** حضرت خواجہ حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں مجھ سے نبی کریم ﷺ کے تیس صحابیوںؓ نے بیان کیا ہے کہ اس رات جو شخص یہ نماز پڑھتا ہے اللہ تعالیٰ اس کی طرف ستر بار (نظر رحمت سے) دیکھتے ہیں اور ہرنگاہ میں ستر حاجتیں پوری کرتے ہیں جن میں سب سے ادنیٰ حاجت گناہوں کی مغفرت ہے۔ اس نماز کا طریقہ یہ ہے کہ دو، دو نفل کی نیت سے سو رکعتیں پڑھے اور ہر رکعت میں دس مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے بعد نماز دعا کرلے۔ (رات کو عبادت کرے اور دن کو روزہ رکھے) شب برأت میں دو رکعت نماز اس طرح پڑھیں کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد آیۃ الکرسی ایک بار' سورۂ اخلاص پندرہ پندرہ مرتبہ بعد سلام کے درود شریف ایک سو دفعہ پڑھ کر ترقی رزق کی دعا کریں۔ انشاء اللہ اس نماز کے باعث رزق میں ترقی ہوجائیگی۔ جو شخص شب برأت کو آٹھ رکعت نماز دو سلام سے پڑھے ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص دس دس مرتبہ پڑھے۔ اللہ تعالیٰ اس نماز کے پڑھنے والے کیلئے بے شمار فرشتے مقرر کردینگے جو اسے عذاب قبر سے نجات اور جنت میں داخل ہونے کی خوشخبری دیں گے۔ **گھر بیٹھے حج اور عمرہ کا ثواب:** ماہ شعبان میں ہر جمعہ کی رات چار رکعت نفل پڑھیں۔ ہر رکعت میں الحمد شریف کے بعد سورۂ اخلاص تین مرتبہ پڑھیں تو ان نوافل کے پڑھنے والے کو مقبول حج اور عمرہ کا ثواب نصیب ہوگا۔ شب برأت کی عظمت واہمیت اور فضیلت کے پیش نظر اس میں عبادت ومناجات، ذکر الٰہی اور تلاوت قرآن کے لئے غسل کرلینا مستحب ہے۔ عشاء اور فجر کی نماز باجماعت ادا کرنے کا پورا اہتمام کیا جائے۔ جتنی سہولت اور آسانی سے ممکن ہو۔ اس مقدس رات کو نوافل اور ذکر وتلاوت میں گزاریں، منکرات سے دامن بچاتے ہوئے قبرستان جاکر زیارت قبور کرنا، صحت وعافیت، رحمت وبخشش اور جملہ مقاصد حسنہ کے لئے دعاؤں کا اہتمام کیا جائے۔ پندرہویں شعبان کا روزہ رکھیں۔ جن گناہوں کی نحوست اور وبال اس مبارک رات کی رحمتوں اور برکتوں سے (باقی صفحہ نمبر 55 پر)

# رمضان آرہا ہے آئیے بہترین عمل بتاتا ہوں!

## بہترین عمل ذکر الٰہی ہے

قارئین! سورۂ العنکبوت کی آیت 45 میں ارشاد ہوا "وَلَذِكْرُ اللّٰهِ اَكْبَرُ" (اور بے شک اللہ کا ذکر بہت بڑا ہے)۔ اسی آیت کریمہ کی شانِ نزول میں ترمذی کی حدیث میں سید عالم سرور کونین حضرت محمد ﷺ نے فرمایا کیا میں تجھے نہ بتاؤں وہ عمل جو تمہارے اعمال میں بہتر اور رب تعالیٰ کے نزدیک پاکیزہ ترنہایت بلند رتبہ اور تمہارے لیے سونا چاندی دینے سے بہتر اور جہاد میں لڑنے اور مارے جانے سے بہتر ہے۔ صحابہ اجمعین رضی اللہ عنہم اجمعین نے عرض کیا بے شک یارسول اللہ ﷺ! ضرور بتائیے۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: "وہ اللہ تعالیٰ کا ذکر ہے"۔ ترمذی ہی کی دوسری حدیث میں ہے کہ صحابہ کرامؓ نے حضور اکرم ﷺ سے دریافت کیا تھا کہ روزِ قیامت اللہ تعالیٰ کے نزدیک کن بندوں کا درجہ افضل ہے۔ فرمایا بکثرت ذکر کرنے والوں کا۔ صحابہ اجمعینؓ نے عرض کیا اور اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والا فرمایا اگر وہ اپنی تلوار سے کفار ومشرکین کو یہاں تک مارے کہ تلوار ٹوٹ جائے اور وہ خون میں رنگ جائے تب بھی اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنے والے ہی کا درجہ اس سے بلند ہے۔ ایک اور حدیث سورۂ بنی اسرائیل کی آخری آیت کے متعلق ہے۔ نبی پاک محترم ﷺ نے فرمایا روزِ قیامت جنت کی طرف سب سے پہلے وہی لوگ بلائے جائیں گے جو ہر حال میں اللہ کا ذکر اور اسکی حمد کرتے ہیں، بہترین دعا اَلْحَمْدُ لِلّٰہ ہے اور بہترین ذکر لا الہ الا اللہ ہے۔ ترمذی مسلم شریف کی حدیث میں ہے اللہ تعالیٰ کے نزدیک چار کلمے بہت پیارے ہیں۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، اَللّٰهُ اَكْبَرُ، سُبْحَانَ اللّٰهِ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ۔ علاوہ ازیں استغفار مثلاً اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْهِ دین اسلام میں بہت نرمی حلاوت اور آسانی ہے ہم سب جانتے ہیں ہم موٹر کار، موٹر سائیکل، پیدل، بس چلا رہے ہیں اس میں بیٹھے' کھڑے ہیں۔ زیرلب ذکر الٰہی کرنا بہت سہل ہے سفر بھی کٹتا جاتا ہے بوریت بھی نہیں ہوتی ذہن دل اور روح سرشار رہتی ہے آپ کام کاج مثلاً کھانا پکانا، چلتے پھرتے پودوں کو پانی لگاتے، استری کرتے، دن بھر کوئی بھی کام کرتے سیڑھیوں سے اترتے چڑھتے ذکر الٰہی کرتے رہیں گے اس میں ہمارا ہی فائدہ ہے۔ مفت میں نیکیاں لکھی جاتی ہیں درجات بلند ہوتے جاتے ہیں دنیا و آخرت بھی سنورتی ہے بے شک اسی میں ہم سب کی بھلائی مضمر ہے۔ (محمد عمر وقاص، رحیم یار خان)

پوشیدہ کورس
ایام کی کمی وزیادتی' بوجھ پڑنا' کمر میں درد' کولہے میں درد اور کھچاؤ' اندرونی ورم حتیٰ کہ پرانی سے پرانی لیکوریا کا یقینی طور پر خاتمہ
صرف دس دن کی دوائی سے حیرت انگیز رزلٹ کے آپ خود حیران و پریشان
خواتین کے تمام پوشیدہ امراض کیلئے سالہاسال تحقیق کے بعد کامیاب علاج
مایوس اور غیر مطمئن خواتین جن کا ہر جگہ سے اعتبار اٹھ چکا ضرور استعمال کریں
قیمت 600 روپے

# شوگر سے چنبل کے زخم کا آخری آزمودہ علاج

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ سے تعلق چودہ سال پرانا ہے' میرے پاس پہلے شمارہ سے لے کر اب تک تمام شمارے محفوظ ہیں' الحمدللہ! اس رسالے نے مجھے حکیم بھی بنادیا' عامل بھی بنادیا۔ میں سرکاری ریٹائرڈ آفیسر ہوں' الحمدللہ! پانچ وقت باجماعت مسجد میں ادا ہوتی ہے' ذکراذکار اور وظائف جاری ہیں۔ عبقری کی وجہ سے لوگوں میں مشہور ہوا اور اب لوگ دم بھی کرواتے ہیں' اپنے مسائل کا حل بھی پوچھتے ہیں' اور نسخہ جات اور ٹوٹکوں کیلئے بھی حاضر ہوتے ہیں۔ اللہ کا شکر ہے کہ عبقری سے ملا کوئی بھی وظیفہ میں نے جس کسی کو بھی بتایا اس کو فائدہ ہوا' ٹوٹکہ یا نسخہ جس کسی کو لکھ کر دیا اس نے استعمال کیا اللہ کریم نے اسے شفاء ہوئی جس کے میرے پاس بے شمار واقعات ہیں جو میں ان شاء اللہ وقتاً فوقتاً عبقری میں لکھتا رہتا ہوں۔ آج بھی ایک چشم دید نفع بخش ٹوٹکہ قارئین عبقری کی نذر کرنے بیٹھا ہوں یقیناً قارئین کو اس سے بھرپور فائدہ ہوگا ۔ جو بھی اس نسخے کو آزمائے وہ شیخ الوظائف' ان کی آل اولاد' والدین' پیرومرشد' رشتہ داروں اور امت مسلمہ کو اپنی دعاؤں میں ضرور یاد رکھیں۔ قارئین! میری بھابی کو شوگر کی وجہ سے پاؤں میں زخم ہوا اور وہ بگڑتا چلا گیا' ڈاکٹروں نے پہلے تو بہت علاج معالجہ کیا' پھر کاٹنے کا حکم دے دیا' گھر میں شدید پریشانی ہوگئی' مجھے کسی نے یہ ٹوٹکہ بتایا جسے چند دن آزمانے سے ہی بھابھی کے پاؤں کا زخم بالکل ٹھیک ہوگیا۔ ٹوٹکہ یہ ہے ھوالشافی: تین عدد پینسلین کا 10 لاکھ کا ٹیکہ (میڈیکل سٹور سے بہت سستے مل جائیں گے) لے کر انہیں ڈسٹل واٹر (جو ساتھ ملتا ہے) میں حل کرکے زخم پر دن میں تین مرتبہ لگائیں۔ دوائی لگانے سے پہلے پندرہ سے بیس منٹ نمک ملے نیم گرم پانی میں پاؤں رکھیں اور زخم کے اوپر پانی ڈالیں۔ اس کے بعد روئی سے اچھی طرح خشک کرلیں' صاف اس طرح کریں کہ روئی کا کوئی ذرہ زخم پر باقی نہ رہے اور جب زخم خشک ہوجائے تو یہ دوائی لگا کر اوپر پٹی باندھ دیں تاکہ مٹی اور گندگی نہ لگے۔ یہ دوا دن میں تین مرتبہ اسی طریقے سے لگائیں۔ اس کے ساتھ مریض کو عبقری دواخانہ کا ''عرق شوگر شفاء'' مسلسل پلائیں۔ میری بھابھی کی شوگر اس کی وجہ سے اب کنٹرول میں ہے۔ یہ ٹوٹکہ میں نے عبقری رسالہ میں ہی پڑھا تھا' الحمدللہ! اپنی بھابھی کے علاوہ بھی مزید لوگوں پر آزما رہا ہوں ان شاء اللہ جیسے ہی مزید رزلٹ ملے ضرور لکھوں گا۔ (حبیب اللہ' گوجرانوالہ)

## انجان شخص کے بہکاوے میں آگئی! اسم الٰہی کے ورد نے عزت بچالی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! دین سے دوری اور گھر کا ماحول ایسا تھا کہ میرا ایک شخص سے فون پر رابطہ قائم ہوگیا' وہ مجھے پسند کرتا تھا مگر میں نے کبھی گھر کی دہلیز پار نہ کی تھی وہ مجھ سے شادی کرنا چاہتا تھا مجھے اچانک سے یہ معلوم ہوگیا وہ غیر مذہب تھا میں بہت پریشان ہوگئی مجھے سمجھ نہ آئے میں اس مصیبت سے کیسے نکلوں۔ میں نے جب اس کے ساتھ رابطہ کم کیا اور اسے محسوس ہوا کہ میں اس سے جان چھڑوا رہی ہوں تو اس نے میرے اوپر جادو کروانا شروع کردیا کیونکہ اس کو ناکامی کا سامنا کرنا پڑ رہا تھا۔ میں نے اپنی سہیلی سے ذکر کیا' پہلے تو اس نے مجھے خوب ڈانٹا کہ تم نے کیوں کسی غیرمحرم شخص سے فون پر بات کی۔ پھر اس نے مجھے عبقری کا بتایا' درس سنوائے اور یاقہار کا عمل بتایا' میں نے صبح وشام گیارہ گیارہ تسبیحات اول وآخر سات مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھنا شروع کیں' میرے دل سے ساری غلاظت' وساوس نکل گئے' میں نے نماز پڑھنا شروع کردی' سارا دن اٹھتے بیٹھتے چلتے پھرتے درود شریف پڑھنا شروع کردیا اللہ سے رو رو کر اپنے گناہوں کی معافی مانگی' ایک رات سوئی تو نصیب جاگ اٹھے' سرور دوعالم حضور نبی کریم ﷺ کا دیدار نصیب ہوئی' حضور ﷺ نے قلم سے میرے ہاتھ پر کامیابی لکھا' میرے دل کو سکون مل گیا' میرے خواب سچے ہونا شروع ہوگئے ہیں جو دیکھتی ہو وہی ہوتا ہے' وہ بہت خطرناک شخص تھا' نامعلوم اسے کیا ہوا اس نے خود ہی رابطہ ختم کردیا' ورنہ پہلے تو وہ دھمکیوں پر اتر آیا تھا۔ (ش۔م، خیبر پختونخوا)

## گوشہ درود وسلام جا کر اعمال کیے! کاروبار کیلئے غیب سے نظام بن گیا

**الحمدللہ بیٹی اب امید سے ہے!:** میری بیٹی کی شادی کو پانچ سال ہوگئے ہیں اس کی اولاد نہیں ہورہی تھی۔ آئے دن اس کے سسرال والے اسے گھر سے تانے دیکر نکال دیتے تھے کہ تم بانجھ اور منحوس ہو چلی جاؤ ہمارے گھر سے۔۔ ہم نے بیٹی کے علاج پر لاکھوں روپے لگا دیئے لیکن اولاد نہ ہوئی۔ یہاں کراچی میں کسی نے گوشہ درود وسلام کا بتایا میں بیٹی کو لے کر مہینے میں ایک دو بار وہاں جا کر اعمال ودعا میں شرکت کرتی رہی۔ اللہ پاک کے کرم سے بیٹی کو اُمید لگ گئی ہے، دعا کریں اللہ خوبصورت بیٹا عطا فرمائے آمین! (فرخندہ' نیو کراچی)

**حلوہ روٹی محلے میں بانٹی:** میرے میاں کویت میں ایک کمپنی میں جاب کرتے ہیں ان کو چار ماہ سے کمپنی تنخواہ نہیں دے رہی تھی۔ تنخواہ نہ ملنے پر ہمارے گھر میں فاقے شروع ہوگئے تھے۔ قرض لے لے کر گھر کا نظام چل رہا تھا۔ میں نے اپنے دونوں بیٹوں کو گوشہ درود وسلام بھیجا کہ بیٹا وہاں جا کر دعا کرو اور اللہ سے مانگو۔ بیٹے تین دن لگاتار وہاں جاتے رہے چوتھے دن شام کو میاں کا فون آگیا کہ چار ماہ کی اکٹھی تنخواہ مل گئی ہے۔ میں نے شکرانہ کے طور پر حلوہ روٹی پکا کر محلے میں بانٹا۔ (ام فرحان' بفرزون کراچی)

**کاروبار کیلئے پیسے کی ضرورت تھی' انتظام ہوگیا:** میری 5 لاکھ کی کمیٹی نہیں نکل رہی تھی۔ مجھے کاروبار کیلئے پیسوں کی سخت ضرورت تھی۔ میں نے 11 دن بلاناغہ گوشہ درود وسلام میں حاضری دی اور سجدے میں سر رکھ کر رب کریم کے آگے خوب رویا۔ وہاں ہونے والے اعمال کیے۔ اللہ پاک نے کرم کیا میری کمیٹی اس ماہ نکل آئی۔ کمیٹی تو نکل آئی' لیکن مجھے روحانیت مل گئی' نماز مل گئی' ذکر مل گیا' مصلیٰ مل گیا۔ وہاں انوکھا نور ہے' نورانیت ہے روحانیت ہے' خاص طور پر جب گوشہ درود وسلام سے نورانی عمل والا پیالہ ملا اور اس پیالہ میں پانی پینا شروع کیا ہے' میری طبیعت بالکل فریش ہوگئی ہے' گھر میں اہلیہ بیمار رہتی تھی وہ بالکل ٹھیک ہوگئی ہے۔ اللہ نے دنیا کے مسائل بھی حل فرمادیئے اور ان شاء اللہ آخرت بھی سنور جائے گی۔ (حافظ تیمور' حیدرآباد)

**گوشہ درود وسلام کراچی میں ہونے والے مکمل اعمال کی تفصیلات صفحہ نمبر 63 پر ملاحظہ کیجئے!**

قدرت کا انمول تحفہ
طب نبوی حسن وجمال کریم
چہرے کا حسن دوبالا کرے' داغ' دھبے چھائیوں سے ہمیشہ کیلئے نجات دلائے۔ سالہا سال کے تجربات کا نچوڑ
انوکھے بے ضرر اجزاء اعتماد میں بہت آگے
طرح طرح کی کاسمیٹکس اور کیمیکل بھرے لوشن استعمال کرنے والے مرد وخواتین کیلئے لاجواب تحفہ
قیمت صرف 300 روپے علاوہ ڈاک خرچ

# دوست کے ہاتھ میں روحانی پھکی دیکھی! شفاء مجھے مل گئی!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری سے میں کیسے جڑا اور تسبیح خانہ سے کیسے فیض پایا؟ میرے لیے شفاؤں کے در کیسے کھلے؟ یہ ایک دلچسپ کہانی ہے جو میں آج قارئین عبقری کی نذر کرنا چاہتا ہے۔ میرا ایک دوست عبقری رسالہ بھی پڑھتا تھا اور عبقری ادویات بھی بڑے یقین سے استعمال کرتا تھا' نہ اس نے کبھی مجھے عبقری کے بارے میں بتایا نہ میں نے کبھی پوچھنا گوارا کیا۔ ایک دن میں اس کے قریب ہی بیٹھا تھا کہ اس نے پانی کا گلاس منگوایا اور جیب سے ایک پھکی کی ڈبی نکالی' وہ بالکل نئی تھی اور ابھی پیکنگ میں تھی' اس نے اس کی پیکنگ کھولی اور جب ڈھکن کھولا تو وہ اتنی کوٹ کوٹ کر بھری ہوئی تھی کہ ڈھکن کھولتے ہی تھوڑی سے اچھل کر باہر گرنے لگے جسے اس نے اپنی جھولی میں سمیٹ لیا اور وہ بھی اکٹھی کرکے کھالی۔ میں نے اس سے تو کچھ نہ پوچھا مگر یہ سوچنے پر مجبور ہوگیا کہ آج کے دور میں بھی کوئی ادارہ اتنا ایماندار ہوسکتا ہے۔ میں خود بھی مختلف مشہور دواخانوں کی ادویات استعمال کرتا ہوں مگر ان کی ڈبی تو اکثر آدھی یا آدھی سے تھوڑی سی زیادہ بھری ہوتی ہے اور دوا ایسے ڈالی ہوتی ہے کہ چند خوراکوں کے بعد ڈبی نیچے لگ جاتی ہے۔ پھر عبقری رسالہ لیا' پڑھا' تسبیح خانہ پہنچا' بس! پھر عبقری اور تسبیح خانہ کے فیض نے اتنا نوازا، اتنا نوازا کے میرے پاس الفاظ نہیں۔ چند طبی مسائل میں الجھا ہوا تھا کہ اسسٹنٹ صاحب کو چیک کروایا انہوں نے عبقری ادویات تجویز کیں جنہیں استعمال کرنے کے بعد اللہ کا شکر ہے اللہ نے شفاء عطا فرمائی۔ اس کے بعد تسبیح خانہ سے جڑنے کا جو سب سے زیادہ مجھے فائدہ ملا وہ دل کا سکون ہے' نماز میں دھیان' توجہ ہے' ذکر میں دلچسپی اور سورۂ کوثر کا عمل جب سے کرنا شروع کیا ہے وہ نظارے' وہ برکات' اور سکون ہی سکون کہ بیان سے باہر۔ میں اس سے پہلے بہت گھوما ہوں نجانے پاکستان کے کس کس شہر میں گیا ہوں مگر جو تسبیح خانہ میں مجھے ملا وہ کہیں نہیں ملا۔ اللہ تعالیٰ شیخ الوظائف کا سایہ تادیر اور فیض ہمارے سروں پر قائم رکھے۔ اللہ تعالیٰ حکیم صاحب کو عمر خضر عطا فرمائے اور ہم جیسے بھٹکے لوگوں اور بے عمل کو سیدھا راستہ ان کے ذریعے سے ملتا رہے آمین۔

اب تو میرا پورا گھرانا اعمال پر لگ گیا ہے' ہمارے گھر سے تمام مہنگی انگریزی ادویات ختم ہوچکی ہیں' گھر میں کسی کو کوئی مسئلہ ہوجائے فوراً عبقری کی دوا استعمال کرتے ہیں اللہ کریم شفاء عطا فرمادیتے ہیں۔ گھر والے اعمال پر لگ گئے ہیں' اب تو میری اہلیہ مجھے یاد دلاتی ہے کہ آج جمعرات ہے درس پر ضرور جانا ہے۔ اس سے بڑا اللہ کریم کا کرم اور کیا ہوسکتا' یہ برکت ہی کیا میرے لیے کافی نہیں کہ میری نسلیں اعمال پر لگ گئی ہیں۔ یہاں قارئین کیلئے ایک ٹوٹکہ بھی پیش کرنا چاہوں گا کہ جن کو درس کے دوران نیند آتی وہ حضرت صاحب کے چہرے پر نظر جما کے رکھیں کبھی بھی نیند نہیں آئے گی یہ میرا ذاتی تجربہ ہے۔ (فقیر محمد، لاہور کینٹ)

# "شوگر کورس" سے 17 سال پرانی شوگر نارمل! جسمانی دردیں ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے 17 سال پرانی شوگر تھی' روزانہ کی بنیاد پر گولی' کبھی انسولین لگوانا پڑتی' جسم سارا دن پھوڑے کی طرح دکھتا' ساری رات آہ و بکا میں گزر جاتی' کبھی آنکھ لگ جاتی اور کبھی بیٹھ کر یا لیٹ کر سوچتے ہوئے گزارنا پڑتی۔ میرے پٹھے کھچ چکے تھے' جسم کا انگ انگ درد سے کراہتا تھا۔ زندگی کے سترہ سال میں نے ایسے ہی گزار دیئے۔ مجھے میری ایک رشتہ دار نے عبقری دواخانہ کا بتایا۔ میں نے اسی کے ساتھ پروگرام ترتیب دیا اور دو دن کے بعد ہم دونوں عبقری دواخانہ میں چیک اپ کروانے پہنچ گئیں۔ وہاں اسسٹنٹ حکیم صاحب سے ٹوکن لے کر ملاقات کی انہوں نے میری بات توجہ سے سنی اور مجھے عبقری دواخانہ کا "شوگر کورس" چند ہفتے چند مہینے مستقل مزاجی سے استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔ بس! وہ کورس استعمال کرنا شروع کیا اور میری زندگی میں سکھ اور سکون آگیا۔ اس کورس کے کیا کیا فوائد لکھوں اور کیا چھوڑ دوں! میری شوگر بالکل نارمل ہوگئی اور انسولین لینا بھی چھوڑ دی۔ میرے پٹھوں کا درد ختم' ٹانگوں میں جان آگئی' اس کے ساتھ میں نے عبقری دواخانہ کی اکسیر البدن بھی استعمال کی۔ میں چونکہ گھر میں بچوں کو ٹیوشن پڑھاتی ہوں اس لیے دماغی طور پر بہت زیادہ تھک جاتی تھی۔ مگر جب سے اکسیر البدن گولیوں کا استعمال شروع کیا ہے سارا دن ایکٹو رہتی ہوں۔

## ناک شفاء کے استعمال سے بیٹی تندرست

میری بیٹی کو ناک کا بہت بڑا مسئلہ تھا' بہت علاج کروائے' ڈاکٹر آخری حل آپریشن تجویز کرچکے تھے' اس وجہ سے اس کی تعلیم بہت متاثر ہورہی تھی' جب مجھے شفاء کا پروانہ ملا تو میں اس کو بھی عبقری دواخانہ میں لائی' اسسٹنٹ حکیم صاحب نے اس کے لیے عبقری دواخانہ کے ڈراپر "ناک شفاء" تجویز کیا۔ میں نے اپنی بیٹی کو کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے ناک شفاء ڈراپر کا استعمال کروایا۔ آج الحمدللہ میری بیٹی بالکل ٹھیک ہوچکی ہے۔

## روشن دماغ سے بیٹا اچھے نمبر لیتا ہے

میرا بیٹا سبق یاد کرتے ہوئے بہت زیادہ وقت لیتا تھا مگر جیسے دو دن کتاب کو ہاتھ نہ لگائے وہ سارا سبق بھول جاتا تھا جس کی وجہ سے میں بہت پریشان تھی' اسے میں نے عبقری دواخانہ کی "روشن دماغ" کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کروائی۔ اب ماشاءاللہ پیپرز میں بہت اچھے نمبرز آتے ہیں۔ دواخانہ کی جو بھی دوائی استعمال کی جائے سو فیصد رزلٹ آتا ہے۔

## یہ اسی روحانی دم کا ہی تو اثر ہے

ہم سب گھر والے روحانی دم کے لیے تسبیح خانہ گئے میں نے وضو فجر کی نماز کے وقت کا کیا ہوا تھا دم کے بعد حلقہ کشف المحجوب میں بھی شامل ہوئے اور اسی وضو کے ساتھ میں گھر بھی واپس آئی مجھے پیشاب کی حاجت نہیں ہوئی شوگر کی مریضہ اور گیارہ بجے تک پیشاب کی حاجت نہ ہو یہ بس اسی روحانی دم کا اثر ہے۔

## نقصان سے بچ گئے

میرے شوہر ایکسپورٹ کا کام کرتے ہیں باہر سے پارٹی نے 60% موقع پر اور باقی مال پہنچنے پر ادائیگی کا وعدہ کیا۔ میں نے انہیں "لَاخِلَابَہ" پڑھنے کے لیے کہا انہوں نے نقصان سے بچنے کے لیے پڑھا۔ الحمدللہ ہم لوگ نقصان سے بچ گئے وہ پارٹی پہلے کافی لوگوں کو دھوکہ دے چکی تھی۔

(عنبر نورین، لاہور)

آگ شفاء
جلے ہوئے کیلئے بہترین مرہم
خدانخواستہ کسی وجہ سے بھی جل جائیں مثلاً (آگ سے، ابلتا ہوا پانی گرجائے، گرم دودھ، کرنٹ لگنے سے جل جائیں' گرم استری لگنے سے' کھانا پکاتے ہوئے ہاتھ جل جائے یا بچہ انجانے میں کسی گرم چیز میں ہاتھ ڈال دے' موٹر سائیکل کا گرم سلنسر لگ جائے' فیکٹری میں کام کرتے ہوئے کسی وجہ سے جسم کا کوئی حصہ جل جائے۔) گھبرائیں نہیں' آگ شفاء استعمال کریں (قیمت 80 روپے)

# اہلیہ کا بریسٹ کینسر عبقری ادویات سے ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ پاک آپ کی اور آپ کے اہل و عیال اور آپ کے تمام ساتھیوں کی عمر میں اضافہ عطا فرمائیں اور ہم یونہی آپ کے رسالہ اور درس سے فیض پاتے رہیں۔ آمین۔ حکیم صاحب عبقری سے میرا واسطہ پانچ چھ سال سے ہے‘ وہ اس طرح ہوا کہ میرے والد صاحب جہاں کام کرتے ہیں وہاں ایک مرتبہ ایک آدمی آیا اور باتوں باتوں میں اس نے بیان کیا کہ ان کی اہلیہ کو بریسٹ کینسر ہو گیا تھا جس کا بہت علاج کروایا لیکن کوئی فرق نہیں پڑا پھر انہوں نے عبقری دواخانہ سے جب رابطہ کیا تو یہاں سے انہیں کچھ ادویات کے ساتھ وظیفہ ملا جس کی وجہ سے وہ بالکل ٹھیک ہوگئی اور وہ آپریشن سے بچ گئیں۔ اس بات کا ذکر جب گھر آکر ابو نے کیا تو ہم عبقری سے واقف ہوئے۔ میں اگلے دن ہی بک سٹال سے جا کر عبقری رسالہ لے آئی‘ جب پڑھا تو معلوم ہوا یہ تو علم و حکمت کا سمندر ہے‘ میں نے زندگی میں بہت سارے میگزین اور رسائل پڑھے مگر یہ سب مختلف اور نفع بخش نکلا۔ بس پہلی نظر میں ہی میں اس کی گرویدہ ہوگئی وہ دن اور آج کا دن میں نے عبقری رسالہ پڑھنا نہ چھوڑا‘ ہر ماہ کوئی نہ کوئی نیا سبق‘ نیا ٹوٹکہ یا نیا وظیفہ ملتا ہے جو کہ صرف میرے نہیں اور بے شمار لوگوں کی زندگی میں سکھ بھر رہے ہیں۔

## بالآخر تین سال کا بیٹا بولنا شروع ہوگیا

محترم حکیم صاحب میرا بیٹا تین سال کا ہوگیا تھا اور ابھی تک باتیں نہیں کرتا تھا میں اس کو آپ کے کلینک پر لے کر گئی تو آپ کے اسسٹنٹ صاحب نے مجھے سورۂ مومنون اور اذان والا عمل کرنے کو کہا میں نے وہ عمل بس یوں ہی بے دھیانی میں ہی کرنا شروع کیا مثلاً کبھی وقت ملا تو پڑھ لیا اور کبھی نہیں لیکن میری اس بے دہانی میں بھی میرا بیٹا کچھ دنوں میں ہی بولنا شروع ہوگیا‘ سچ ہے اللہ کی کلام میں بہت برکت ہے اسکے بعد سے میرا اور عبقری کا رشتہ اور مضبوط ہوگیا ہے۔

## واہ کیا کہنے چلڈرن سیرپ کے

میرا بیٹا چار سال کا ہے اور جب سے یہ پیدا ہوا ہے اس کا ہاضمہ بالکل کنٹرول میں نہیں رہتا کبھی بہت زیادہ لوز موشن ہو جاتے اور اگر کوئی دوائی دے دیتے تو فوراً قبض ہو جاتی اور کبھی مڑور اور ہر وقت پیٹ میں درد رہتا جس کی وجہ سے اس کی صحت بھی بہت کمزور ہوتی جا رہی تھی لیکن جب سے عبقری دواخانہ کا ’’چلڈرن سیرپ‘‘ گھر آیا ہے‘ گھر سے میرے بیٹے کی تمام دوسری ادویات کی چھٹی ہوگئی ہے اب تو میں یہ سیرپ گھر سے ختم ہونے ہی نہیں دیتی۔ ابھی پچھلی سردیوں کی ہی بات ہے کہ رات 2 بجے کے قریب کسی بچے کی بہت زیادہ رونے کی آواز مسلسل آرہی تھی بہت بے چینی تھی کہ اللہ یہ بچہ اتنا کیوں رو رہا ہے‘ بے چینی کے باعث کمرے کا دروازہ کھول کر جب باہر آئی تو معلوم ہوا کہ ہمارے اوپر کے پورشن میں میری جیٹھانی کی بہو رہتی ہے اس کی بیٹی بہت شدید رو رہی تھی جب اوپر جا کر دیکھا تو وہ سب اس بچی کو ہسپتال لے کر جانے کی تیاری کر رہے تھے میں نے جب اس بچی کے پیٹ کو ہاتھ لگایا تو اسکا پیٹ اینٹ کی طرح سخت تھا میں نے جلدی سے انہیں نیچے سے چلڈرن سیرپ لے جا کر دیا‘ انہوں نے سیرپ بچی کو پلایا اور کچھ ہی دیر میں وہ بچی آرام سے سوگئی انہوں نے مجھے ڈھیروں دعائیں دیں اور میں نے آپ کو۔

## عبقری کی تمام ادویات لاجواب ہیں

عبقری دواخانہ کی اسم اعظم کی دم شدہ روحانی پھکی کی میں کیا تعریف کروں اس کا نام ہی اس کی تعریف ہے۔ یہ بات اس پھکی پر سو فیصد سچ ہوتی ہے کہ جیسا نام ویسا ہی کام۔ مجھے تقریباً پندرہ سال سے لیکوریا کا مسئلہ تھا‘ جس کی وجہ سے میں بہت زیادہ پریشان تھی‘ اس نامراد بیماری کا میں نے بہت زیادہ علاج کروایا لیکن آرام تھا کہ ملنے کا نام ہی نہیں لیتا تھا میں نے مکمل یقین کے ساتھ کچھ عرصہ سے اسم اعظم کی دم شدہ روحانی پھکی جو کہ صرف تیس روپے کی ہے‘ میں کچھ عرصہ سے روحانی پھکی شروع کی ہے اور اللہ کے فضل سے اب میرا مسئلہ پہلے سے بہت بہتر ہے۔ (طیبہ، لاہور)

# لاعلاج الرجی! ادویات سے عاجز! ستر شفائیں آزمائیں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ پڑھتے چند سال ہوگئے ہیں‘ میرا بیٹے کو الرجی کی شکایت تھی‘ ہر دوسرے دن بیمار اور گھر میڈیکل سٹور بن چکا تھا‘ مگر صحت نہ مل رہی تھی‘ بہت زیادہ پریشانی تھی‘ اتنے پیسوں کا گھر کا راشن نہیں آتا تھا جتنے کی اس کی ادویات آتی تھیں۔ ہمیں عبقری رسالہ سے عبقری دواخانہ کی تیار کردہ ’’ستر شفائیں‘‘ کا معلوم ہوا‘ میں نے بذریعہ پارسل منگوائی اور اپنے بیٹے کو استعمال شروع کروا دیا۔ الحمدللہ! میرا بیٹا بالکل ٹھیک ہوگیا۔

(۱) گزشتہ سال عبقری روحانی (چلہ) اجتماع میں شرکت کے باعث اللہ پاک نے حج کی سعادت نصیب کی۔ نیز جمعۃ المبارک میں جمعہ کی نماز کے بعد گیارہ بار یہ درود پاک بھی پڑھتی تھی اور اب بھی پڑھتی ہو اَللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ کَمَا اَنْتَ اَھْلُہٗ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا اَنْتَ اَھْلُہٗ وَافْعَلْ بِنَا مَا اَنْتَ اَھْلُہٗ فَاِنَّکَ اَنْتَ اَھْلُ التَّقْوٰی وَاَھْلُ الْمَغْفِرَۃِ (۲) صبح و شام کی تین تسبیحات کی بدولت اللہ پاک نے ہر شر، ضرر سے محفوظ رکھا ہوا ہے لوگ بہت اذیت دیتے ہیں لیکن رب کا کرم ہے محفوظ ہوں۔ (۳) یاباعث یانور اور رات کو سونے سے پہلے سورۂ اخلاص دائیں تین بار، سیدھے تین بار اور بائیں طرف تین بار پڑھنے سے حفاظ میں ہوں اور لوگوں کے بارے میں پتا چل جاتا ہے جو شر پہنچانا چاہتے ہیں۔ (۵) رَبَّنَا ھَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَ ذُرِّیّٰتِنَا قُرَّۃَ اَعْیُنٍ وَّ اجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِیْنَ اِمَامًا ﴿فرقان ۷۴﴾ نماز میں التحیات میں پڑھنے سے بیٹا فرمانبردار ہے اللہ کا بہت شکر ہے لیکن خاوند پر زیادہ اثر نہیں وہ غلط عادات پر قائم ہیں۔ (۶) لَا یُجَلِّیْھَا لِوَقْتِھَآ اِلَّا ھُوَ عصر کی نماز کے بعد پڑھنے سے روحانی فیض حاصل ہوا اس کے علاوہ آخری چھ سورتیں، وضو کے تین گھونٹ، روحانی غسل، سورۂ اخلاص والے نوافل پڑھتی ہوں۔ درود تنجینا۔ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ ہر نماز کے بعد 27 مرتبہ پڑھتی ہوں۔ درس باقاعدگی سے سنتی ہوں۔ میرے مسائل حل ہو رہے ہیں‘ میرے مشکلات ٹل رہی ہیں۔ اللہ پاک میرے مرشد کو دن دگنی رات چوگنی ترقی دے۔ وسعت، عافیت والا گھر عطا فرمائے آمین۔ سلامتی والی زندگی ہو کبھی کوئی تکلیف دکھ نہ آئے (آمین)۔ نسلوں میں فیض جاری ہو۔ (مسز ساجدہ سیف، بہاولپور)

**کمر، جوڑوں اور پٹھوں کا درد وبال کیوں؟**

معاشرے میں پائے جانیوالے ان امراض کا صدیوں سے آزمودہ حیرت انگیز نسخہ

اس کورس کا کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال آپ کو معاشرے کا ایک صحت مند اور تندرست شخص بنا دیگا۔ اس کے علاوہ ’’کمر درد جوڑوں کا درد کورس‘‘ آپ کے جسم کو ہر قسم کی توانائی‘ طاقت دے گا۔ جن کے ہاتھ پاؤں ٹیڑھے ہو چکے وہ بھی اعتماد سے استعمال کریں۔ (قیمت/800 روپے)

# پردادا کی قبر میں جنت کی انجیر کے گچھے سب نے کھائے

اسماء، پشاور

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا تعلق پشاور کے ایک نواحی گاؤں سے ہے' آپ ہمیشہ فرماتے ہیں کہ اپنے مشاہدات بھیجا کریں اور آپ نے اپنے ایک درس میں فرمایا تھا کہ آپ اکثر گورکنوں اور غسال وغیرہ سے انکے مشاہدات پوچھتے ہیں اور ان پر ایک کتاب مرتب کرنا چاہتے ہیں اس سلسلے میں میں آپ کو اپنے خاندانی مشاہدات بھجوا رہی ہوں امید ہے آپ اس کو پسند کر کے شائع کردیں گے۔ شروع میں اپنے پردادا سے کروں گی انکے نام لکھوں گی تاکہ سمجھنے میں آسانی ہو۔ میرے پردادا بہت بڑے زمیندار تھے بہت امیر ہونے کے باوجود وہ انتہائی نیک اور بزرگ صفت تھے۔ ان کا کوئی بیٹا نہیں تھا اس لیے انہوں نے دو شادیاں کیں۔ سات بیٹیاں تھیں۔ بعد میں خدا نے ان کو بیٹا دیا۔ انہوں نے اپنے بیٹے کے صدقے اور خدا کی رضا کیلئے اپنی جائیداد کا بہت بڑا حصہ غریبوں کو دیدیا۔ جب میرے دادا (میرے پردادا کے بیٹے) تقریباً سترہ سال کے ہوئے تو انہوں نے بیٹے کی شادی کروادی ایک دن جمعہ کی شب کو ان کو بخار ہوگیا تو دادا سے کہا کہ میری چارپائی برآمدے میں ڈال دو اور جا کر اپنے ماموں کو بلواؤ۔ یہ کہہ کر انہوں نے آنکھیں بند کرلیں۔ میرے دادا نے اپنے والد کے سینے پر سر رکھا تو اس سے لا الہ الا اللہ کی آوازیں آرہی تھیں انہوں نے جا کر ماموں کو بلایا۔ انہوں نے آکر دیکھا تو فرمایا کہ یہ فوت ہوچکے ہیں۔ لیکن ان کا دل زندہ ہے اور کلمہ پڑھ رہا ہے اور یہ دھڑکتا ہی رہے گا۔

دوسری طرف انکی قبر جب کھودی گئی تو جو صاحب قبر کھودنے والے تھے وہ لحد بہت بڑی بناتے تھے۔ اتنی بڑی کہ اس میں چلتے تھے پھر بھی مطمئن نہ ہوتے' قبر مکمل ہونے کے بعد انہوں نے لحد کی دیوار پر ہموار کرنے کیلئے کھدال پھیری تو اس سے ایکدم مٹی گر پڑی اور ایک لمبا طاقچہ بن گیا۔ اس میں انجیر کے گچھے کے گچھے پھیلے ہوئے تھے۔ عموماً بلکہ ہمیشہ انجیر الگ الگ تنے سے لگے ہوتے ہیں لیکن یہاں تو بڑے بڑے گچھے تھے۔ وہ صاحب بیٹھ کر انجیر کھانے لگ گئے۔ کافی دیر بعد لوگوں نے باہر سے دیکھا تو وہ بھی قبر میں اتر گئے اور تازہ تازہ پکی ہوئی انجیروں سے جھولیاں بھر بھر کر گھر لے جانے لگے۔ جنازہ لایا گیا تو میرے دادا بہت رو رہے تھے انکے ایک رشتہ دار نے کہا کہ مت رو تمہارے والد بہت عظیم انسان تھے کہ انکی قبر میں جنت کی انجیر آگئی ہیں اور میرے دادا کو چند دانے انجیر کے دیئے کچھ انہوں نے کھائے اور ایک دانہ نشانی کے طور پر چھوڑ دیا اور وہ ابھی تک میری پھوپھو کے پاس تھا اسکے بعد جب میرے دادا کا وقت قریب آیا تو ایک ہفتہ پہلے انہوں نے خواب دیکھا کہ کچھ لوگ انہیں ان کو لینے آئے ہیں لیکن وہ دوسرا شخص کہتا ہے کہ نہیں ہم اگلی جمعرات کو آپ کو لینے آئیں گے۔ اگلی جمعرات میرے دادا بخار کو ہوگیا اور تھوڑی ہی دیر میں فوت ہوگئے۔ تجہیز و تکفین کے بعد قبرستان میں جب امام صاحب خطبہ دے رہے تھے تو اس وقت سخت گرمی تھی اور بہت دھول اڑ رہی تھی۔ لوگ قبر پر پانی ڈالنے کیلئے پانی لینے جارہے تھے کہ اچانک قبرستان کے اوپر بادل آگئے اور صرف قبرستان پر ہی ہلکی ہلکی بارش ہوگئی باقی علاقے میں دھوپ ہی دھوپ تھی لیکن قبرستان کے اندر لوگوں پر خوشگوار بارش ہورہی تھی لوگوں نے بہت اطمینان سے خطبہ سنا۔

# موت کی خوشگوار یادیں اور حسین آنکھوں دیکھے مناظر

دادا کی وفات کے کچھ عرصے بعد انکے بیٹے (میرے تایا) فوت ہوئے۔ وہ بہت ہی نیک انسان تھے وہ بہت بڑے ڈاکٹر تو نہیں تھے لیکن ڈاکٹری جانتے تھے۔ علاقے کے غریب لوگوں کی بہت خدمت کرتے آدھی رات کو بھی کسی کو ضرورت پڑتی تو یہ خود انکے گھر جاتے۔ مرنے سے تھوڑی دیر پہلے بیوی بچوں سے باتیں کیں اور پھر کہا کہ مجھے تو نیند آرہی ہے تکیے پر سر رکھا بیٹوں نے دیکھا تو وہ فوت ہوچکے تھے۔ میرے ابو نے غسل دیا۔ غسل دینے کے دوران ہمارے امام صاحب اور سب نے انکے چہرے کو دیکھا تو وہ مسکرا رہے تھے۔ ابو نے ان کے دل پر ہاتھ رکھا کہ شاید یہ زندہ ہیں لیکن وہ تو فوت ہوچکے تھے پھر بھی مسکراہٹ ان کے چہرے پر تھی۔ یہ بھی جمعہ کی شب کو ہی فوت ہوئے تھے ان کے بعد دادی بھی جمعہ کی شب کو ہی فوت ہوئیں۔ دوسرے چچا فوت ہوئے وہ بھی ایسے ہی تھے مرنے سے پہلے عشاء کی نماز پڑھ کر آئے پوتے سے باتیں کیں پھر کہا کہ مجھے نیند آرہی ہے دیکھا تو وہ فوت ہوچکے تھے۔ 5 جنوری 2013 کو میری پھوپھی فوت ہوئیں جن کے پاس انجیر تھی انہوں نے ہم سب کو دکھائی بھی تھی۔ وہ بھی بہت عبادت گزار تھیں۔ 75 سال کی عمر میں بھی پردے کی سخت پابند تھیں۔ مرنے سے ایک دن پہلے طبیعت خراب ہوئی سب سے کہا کہ میں ٹھیک ہوں۔ فجر سے پہلے اٹھنے کی عادی تھیں حسب معمول اٹھنے کے بعد جراب پہن رہی تھیں ایک پاؤں میں پہنی دوسرے پاؤں میں آدھی پہن لی کہ اچانک فوت ہوگئیں بعد میں جس جس نے بھی خواب میں دیکھا بہت ہی اچھی حالت میں دیکھا۔

حکیم صاحب! شاید لوگ انجیر والی بات پر یقین نہ کریں لیکن ہمارے علاقے کے سارے لوگ اس کے گواہ ہیں۔ ہمیں تو صرف ایک انجیر نشانی کے طور پر ملی تھی لیکن ہمارے پڑوس میں ایک شخص کے گھر میں چار یا پانچ انجیر موجود ہیں۔ میرے بھائیوں اور کزنز نے ان کی منت کی کہ ایک دانہ ہمیں دے دو ہمارے پردادا کی نشانی ہے لیکن انہوں نے نہیں دیا۔ میرے پردادا کا واقعہ تو شاید بہت پرانا ہوچکا ہے لیکن میرے ایک کزن کی وفات نے ان کا واقعہ پھر سے زندہ کردیا۔ میرے کزن کا بہت شدید قسم کا ایکسیڈنٹ ہوا۔ بس نے ان کو ٹکر ماری ان کے سر پر اتنی شدید چوٹ آئی کہ دماغ اندر سے بالکل الگ الگ ہوگیا۔ منگل کے دن ایکسیڈنٹ ہوا بدھ کے روز ڈاکٹروں نے انکو مردہ قرار دیا اور سب مشینیں ہٹادیں۔ ان کا سانس رک گیا تھا لیکن دل کی دھڑکن بالکل نارمل تھی۔ سب کزن اور بھائیوں نے ہسپتال میں ہنگامہ کردیا کہ یہ تو زندہ ہیں مشینیں کیوں ہٹادی گئیں ہیں۔ ڈاکٹر نے پھر سے مشین لگادی بڑے بڑے ڈاکٹروں کو بلایا گیا سب حیران تھے رائے سب کی یہی تھی کہ یہ فوت ہوچکے ہیں ان کا دماغ مرچکا ہے سانس بند ہوچکی ہے دل کے ڈاکٹر حیران تھے کیونکہ دھڑکن جاری تھی جمعرات کی صبح سب مشینیں ہٹادی گئیں کیونکہ جو ڈاکٹرز باہر سے بلائے گئے تھے سب نے انکی موت کی تصدیق کردی۔ ابو نے ڈاکٹر سے پوچھا کہ یہ کیا ماجرا ہے آپ انکو مردہ کیوں کہہ رہے ہیں تو ڈاکٹر نے کہا کہ انکا دل بہت مضبوط ہے۔ (باقی صفحہ نمبر 59 پر)

گردے فیل شفاء
گردہ کے مریضوں کیلئے شفاء کا سچا پیغام
کمزور گردے کو صحت مند کرے۔ یوریا' یورک ایسڈ' کریٹینن' پوٹاشیم کی مقدار درست کرے۔ ڈائیلاسز سے نجات دلائے۔ کوئی سائیڈ ایفیکٹ نہیں (قیمت: 150 روپے)

# بیٹے کو ٹی بی ہوئی! دم شدہ پانی سے صحت یاب

ساقیہ محمد عاشق، لاہور

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے اس سال عبقری رسالہ پڑھنا شروع کیا ماشاء اللہ بہت ہی مفید رسالہ ہے۔ اللہ پاک آپ کو صحت والی زندگی عطا فرمائے اور تاقیامت انسانیت کی اسی طرح آپ مدد کرتے رہیں‘ اللہ پاک آپ اور آپ کے اہل وعیال کو سدا خوش‘ سکون اور صحت سے نوازے۔ آمین! میں نے آپ کا درس بھی سننا شروع کیا ہے اور میموری کارڈ لیکر صبح شام درس سنتی ہوں اور ہر جمعرات درس پر آتی ہوں۔ میں وضو کے بعد تین گھونٹ پانی پیتی ہوں‘ میرے گھٹنے میں درد تھا وہ ختم ہوگیا ہے پھر میری کمر میں درد تھا ڈاکٹر نے بتایا کہ مہروں میں گیپ ہے‘ دوائی اور ایکسرسائز کریں‘ ٹھیک ہو جائے گا۔ میں نے وضو کے بعد تین گھونٹ پانی یقین سے پیئے تو آرام آگیا۔ میں ہر ایک کو یہی بتاتی ہوں اس سے مجھے بہت فائدہ ہوا ہے اور درس پر جب آتی ہوں تو تسبیح خانہ کا پانی یقین سے پیتی ہوں میں بیمار تھی‘ ڈاکٹر نے مجھے انڈا کھانے سے منع کیا تھا ان کا کہنا تھا کہ یہ آپ کے لیے زہر ہے‘ ساری زندگی نہ کھائیں۔ میں درس پر آئی اور تسبیح خانہ کا پانی پیا اور اللہ تعالیٰ نے شفادی‘ میں اب روز انڈا کھاتی ہوں مجھے کچھ نہیں ہوتا۔ یہ تسبیح خانہ کے پانی کا کمال ہے اور میرا یقین کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے شفادی ہے۔ میں ہر ایک کو عبقری رسالہ دیتی ہوں اور ساتھ یہ ایک دو باتیں بھی کہتی ہوں کہ وضو کے تین گھونٹ کی بہت فضیلت ہے۔ سفر کے دوران میں یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ کا ورد کرتی ہوں۔ ایک دفعہ ٹریفک پولیس نے ہماری گاڑی روک دی اور چالان کرنے لگا اس کو بہت صفائیاں پیش کیں لیکن وہ نہ مانا میں نے یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ پڑھنا شروع کیا تو تھوڑی دیر بعد کہنے لگا آپ جاؤ حالانکہ غلطی ہماری ہی تھی ہم نے اشارہ توڑا تھا۔ میں جب بھی کسی رکشہ پر آؤں یا جاؤں اس کو یہ بتاتی ہوں تو وہ بہت دعائیں دیتا ہے۔ درس سن کر آتی ہوں تو آکر سارا درس محلے والیوں کو سناتی ہوں اور آپ کے بتائے ہوئے ٹوٹکے وغیرہ بھی بتاتی ہوں جن سے بہت فائدہ ہوتا ہے۔ میرے بیٹے کو چار ماہ پہلے ٹی بی ہوگئی تھی تو میں بہت پریشان تھی میں نے آپ کے درس میں سنا تھا کہ سورۂ مومنون کی آخری چار آیات پڑھ کر پانی پلائیں تو مریض ٹھیک ہوجاتا ہے۔ میں نے اس کو ان آیات کا پانی پلایا تو اللہ تعالیٰ کے حکم اور آپ کے بتائے ہوئے راستہ نے میرے بیٹے کو شفادی۔ مجھے جو بھی ملتا ہے میں اس کو آپ کا بتاتی ہوں میں رات کو روزانہ درس سن کر سوتی ہوں‘ ویسے مجھے نیند نہیں آتی۔ درس نہ سنوں تو عجیب بے چینی ہوتی ہے۔ میری زندگی میں آپ کی وجہ سے بہاریں آگئی ہیں۔ جینے کا سلیقہ آگیا ہے۔ نماز اور دعا مانگنے کا طریقہ آگیا ہے۔ حضرت صاحب اللہ آپ پر سدا رحمت کی بارشیں کرے۔ حضرت جی! میری بھانجی کا بیٹا چار سال کا ہے وہ ٹھیک طرح سے بول نہیں سکتا تھا اور بیمار بھی تھا اس کو میں پچھلے ماہ روحانی دم پر لائی اس یقین سے کہ وہ باتیں بھی کرے گا اور صحت یاب بھی ہوگا۔ دو ہفتے بعد میں نے بھانجی سے پوچھا تو اس کی خوشی کی انتہا نہیں تھی کہنے لگی کہ خالہ میرے بیٹے کو بہت شفا ملی ہے اس تیل اور پانی سے میرا بیٹا بالکل ٹھیک ہوگیا ہے پانی اس نے پلایا اور تیل گلے میں لگایا اور چینی کھانے میں کھلائی بات ہے یقین کی آپ کے در سے کوئی خالی نہیں جاتا فیض پاتا ہے اور سدا پائے گا۔

# رمضان میں پودینہ کا کمال! جدید سائنسی تجربات

رومی احمد پوری

قارئین! السلام علیکم! آج کل کے دور میں طب کو ایک معمولی سی چیز سمجھا جاتا ہے اور جب بھی کسی کے سامنے حکیم کا نام آتا ہے تو وہ سمجھتا ہے کہ بابا جی ہوں گے۔ دو تین دوائیوں کی ڈبیاں سامنے رکھی ہوں گی اور قسمت ہے کوئی مریض آگیا تو آگیا ورنہ پھر ساری دن چار بندے پاس بٹھا کر گپیں ہانکتے ہوں گے۔ مگر حقیقت ایسی نہیں جو ہم سمجھتے ہیں۔ میری ایک کاوش ہے کہ طب نبویﷺ اس معاشرے میں کیسے پھیلے؟ اس کو پھیلانے کے لیے میں آپ کے سامنے پیش کرتا ہوں ’’طب نبویﷺ اور جدید سائنس‘‘ پسند کریں‘ پسند کرائیں پڑھیں اور پڑھائیں اور جتنا ہوسکے پھیلائیں۔ میں آج آپ سے پودینہ کے بارے میں بات کروں گا۔ یقیناً آپ نے پودینہ کے فوائد تو بہت پڑھیں بھی ہوں گے اور اپنے بڑوں سے سنے بھی ہوں گے تو ذرا ان فوائد پر بھی نظر دوڑائیے۔
اس کے پتوں کا رس نیم گرم کرکے کان میں ڈالیں تو درد کا نام ونشان نہیں رہتا اور کان کے کیڑے مرجاتے ہیں اگر زبان پر خشونت آجائے تو اس کے پتوں کو زبان پر ملنے سے آرام آجاتا ہے اور دانتوں کے درد کی صورت میں پودینہ کے پتے چبانا بہت مفید ہے۔ ڈیڑھ کپ پانی میں پودینہ سے پانچ پتے اور ایک انجیر ڈال کر پکائیں‘ جب ایک کپ رہ جائے تو اتار کر گھونٹ گھونٹ پی لیں۔ اس سے سینہ اور پھیپھڑوں سے مواد غلیظ آسانی سے خارج ہوجاتا ہے اور کھانسی‘ دمہ‘ درد سینہ اور درد پہلو کو فائدہ ہوتا ہے۔ پودینہ معدے کی بیماریوں کے لیے اکسیر ہے۔ ہچکی کو دور کرتا ہے اور متلی اور ہیضہ کو روک دیتا ہے۔ خاص طور پر رمضان المبارک میں افطاری کے بعد اس کے پتوں کا قہوہ یا دوران افطاری اس کے پتوں کی چٹنی جو کہ گھروں میں عام بنتی ہے استعمال کرلی جائے تو پورا رمضان معدہ بالکل ٹھیک ہے۔ افطاری کے بعد کسی قسم کی سستی اور کاہلی نہیں ہوتی۔ آیئے اب اس کے سائنسی تحقیق پر نظر ڈالیں۔ **جدید سائنسی تحقیقات:** پودینے کے ذریعے بلڈ پریشر کو بھی کنٹرول کیا جاتا ہے۔ بلڈ پریشر کے مریضوں کے لیے پودینے اور لہسن کی چٹنی کھانا مفید ہے۔ پرسکون نیند کے لیے پودینے کو بڑی اہمیت دی جاتی ہے۔ اگر آپ بھی نیند کی کمی کا شکار ہیں تو اس کا استعمال سودمند ثابت ہوسکتا ہے۔ پودینہ کا قہوہ پینے سے ناک، منہ، پھیپھڑوں، نظام تنفس کے امراض سے انسان بچا رہتا ہے۔ خاص طور پر پودینہ کا قہوہ پینے والے شخص کو وبائی امراض نہیں لگتے۔

## بزرگ کا عطا کردہ ہر مرض کے لیے شافی نسخہ

ایک نسخہ ایک وظیفہ ارسال خدمت ہے‘ یہ نسخہ ہر مرض کیلئے شافی ہے‘ ھوالشافی: حالیون کے بیج‘ اجوائن‘ کلونجی‘ میتھی کے بیج ہموزن لے کر صاف کرکے ایک بوتل میں رکھ لیں‘ رات سوتے وقت ایک چمچ (تقریباً پانچ ماشہ) سادہ پانی کے ساتھ کھالیں‘ ہر مرض کیلئے شافی ہے۔ نوٹ: بیجوں کو نہ پیسنا ہے نہ ہی منہ میں چبانا ہے بلکہ سالم ہی کھانے ہیں۔ جریان کیلئے وظیفہ: بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ پڑھ کر یَاشَافِیُ، یَاکَافِیُ، یَاوَدُوۡدُ، یَارَحِیۡمُ تین مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرکے پیئیں۔ کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے اس طرح پانی پیئیں۔ (محمد آصف چیمہ‘ ڈسکہ)

9 اجزاء پر مشتمل
مغل اعظم شاہی معالج آٹا
نسلیں رہیں تندرست‘ ذہین صحت مند اور خوبصورت
شوگر۔ کولیسٹرول۔ موٹاپا۔ ہائی بلڈ پریشر۔ یورک ایسڈ۔ امراض قلب۔ پیٹ کا بڑھنا۔ قبض۔ جوڑوں کا درد۔ اعصابی کمزوری وکمزوری اور دیگر بیماریوں سے بچاؤ کیلئے ہمیشہ استعمال میں رکھیں۔ قیمت 400 روپے

# آپ بھی مقدر سنوار لیں! شیخ الوظائف کے ہمراہ رمضان گزارنے والوں کی سچی داستانیں

## تسبیح خانہ میں رمضان گزارا اور ترقی ہوگئی!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ پر ہزاروں، کروڑوں رحمتیں کرے اور آپ نے جو سلسلہ اللہ کے بندوں کی خدمت کا اور اللہ تعالیٰ کے ذکر کے ذریعے لوگوں کو جوڑنے کی تمام کوششوں کو اللہ پاک قبول فرمائے اور اس کا اجر آپ کی نسلوں تک پہنچائے۔ گزشتہ رمضان المبارک تسبیح خانہ لاہور میں گزارا اور یہاں رہ کر مجھے اندازہ ہوا ہے کہ اللہ پاک کی عبادت اگر سچے دل سے خلوص نیت سے کی جائے تو اس میں کتنا مزہ ہے۔ صحیح معنوں میں عبادت کا شوق اور ذوق دونوں چیزیں مجھے تسبیح خانہ کے طفیل حاصل ہوئیں۔ اللہ پاک تسبیح خانہ کو تا قیامت آباد رکھے آمین۔ حکیم صاحب یہاں رہ کر مجھے عبادت کا سلیقہ ملا۔ خدمت کا بھی موقع ملا۔ آپ کے خادمین نے بھی بہت ساتھ دیا۔ بہت خیال رکھا‘ اللہ پاک تسبیح خانہ کے ہر خادم کی ہر جائز نیک تمنا پوری کرے۔ آمین! میں جب بھی لاہور آتا ہوں میری کوشش ہوتی ہے کہ میں تسبیح خانہ ضرور جاؤں۔ میں پھر بھی آؤں گا اور آتا رہوں گا انشاء اللہ اور میری ہر بار یہ کوشش ہوتی ہے کہ مجھے خدمت کا موقع مل جائے اور اللہ تعالیٰ کے فضل سے مجھے خدمت کا موقع مل بھی جاتا ہے چاہے کچھ گھنٹوں کے لیے ہی کیوں نہ ملے۔ میں ایک نیم سرکاری ادارے میں ملازم ہوں اور ساتھ ساتھ اپنی تعلیم بھی جاری رکھی ہوئی ہے۔ پچھلے پانچ سالوں سے میری ترقی سیاسی بنا پر رکی ہوئی تھی جو کہ عبقری تسبیح خانہ میں آنے اور یہاں آکر دعا مانگنے کے طفیل اور رمضان میں جو آپ نے نوجوانوں کے لیے خصوصی دعا کروائی اس کی وجہ سے میری اس سال کی ترقی ہوگئی میں آپ کو اور عبقری تسبیح خانہ کا تہہ دل سے مشکور ہوں اور میری یہ دعا ہے کہ اللہ پاک آپ کے اور عبقری تسبیح خانہ کے درجات بلند کرے آمین۔

## شرابی اور قاتل! تسبیح خانہ میں رمضان گزارنے آیا تو کیا ہوا؟

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ کریم آپ پر اپنی رحمتوں کی برسات کرے۔ آپ نے رمضان شریف میں اپنے ایک درس میں متاثرین والا عمل بتایا تھا وہ بہت زبردست ہے‘ میں نے دوران قیام تسبیح خانہ اور پھر گھر میں بھی اس کو آزمایا ہے اور نہایت ہی زبردست پایا ہے اور اسی کی توسط سے آپ کو ایک واقعہ تحریر کر رہا ہوں‘ اس کو عبقری رسالہ میں ضرور شائع کیجئے گا۔ حکیم صاحب! میری امی کی پانچ بہنیں ہیں اور امی جان سب سے چھوٹی ہیں اس لیے عمر کے لحاظ سے جو سب سے بڑی خالہ ہیں وہ امی کی امی (نانی جان کی طرح) لگتی ہیں‘ ان کی شکل بھی نانی جان سے بہت ملتی تھی۔ اب وہ انتقال کر گئی ہیں۔ وہ ہم سب بھائیوں سے اور اپنے بھانجوں بھانجیوں سے بہت لاڈ کرتی تھیں اس لیے ہم سب ان کو پیار سے بی بی کہتے تھے اور وہ بھی ہمیں نانی اماں جتنا پیار کرتی تھیں۔ تسبیح خانہ سے جڑنے سے پہلے دین کا کچھ علم نہیں تھا۔ ایک دن کزن کی شادی پر ہم سب کزنز بھنگڑا وغیرہ کر رہے تھے کہ ان میں سے دو کزنز جنہوں نے (اللہ معاف کرے) شراب پی رکھی تھی‘ غل غباڑہ کرنے لگے پھر ایسے ہی دیکھتے دیکھتے لڑائی ہوگئی اور ہم نے ایک دوسرے کے دیکھا دیکھی پسٹل نکال کر فائرنگ کرنے لگے گئے‘ ایک گولی سیدھی میری اس کزن کو لگ گئی جو بی بی کے پاس رہتی تھی اور وہ موقع پر ہی دم توڑ گئی۔ شادی والا گھر ماتم کدہ بن گیا تھا۔ بی بی نے ہم سب سے ناراض ہو کر ہمیں (مجھے اور باقی سب لڑنے والوں کو) گھر سے نکال دیا اور کبھی نہ معاف کرنے کا کہہ کر خود بھی وہاں سے چلی گئی اور انہوں نے اپنی لاڈلی بھتیجی کا اتنا صدمہ لیا کہ بیمار رہنے لگ گئیں اور ایک دن بیماری اور دکھ سے لڑتے لڑتے اللہ کو پیاری ہوگئیں۔ میرا بہت دل کرتا تھا کہ ان کے پاؤں میں گر کر معافی مانگوں لیکن مجھ بدقسمت کو وقت نے اتنی مہلت نہیں دی اور بی بی جان مجھے معاف کیے بناء ہی اس دنیا سے چلی گئیں مجھے بہت افسوس ہوا ان کی موت کا‘ میں فوراً ان کے گھر گیا ان کی تدفین میں ساتھ ساتھ رہا ان سے لپیٹ لپیٹ کر چلاتا رہا بی بی جی مجھے معاف کردیں‘ غلطی میری تھی پسٹل میں نے ضرور نکالا تھا لیکن گولی میں نے نہیں چلائی تھی لیکن مجھے سکون نہیں ملا۔ ان سے بہت معافی مانگی ان کی قبر کا تصور کرکے اللہ سے بھی معافی مانگی لیکن دل کو سکون نہیں ملا۔ پھر حالات نے پلٹا کھایا اور مجھے اللہ نے تسبیح خانہ پہنچا دیا‘ رمضان تسبیح خانہ میں گزارا‘ تمام برائیوں سے توبہ کی‘ آپ کا درس سنا‘ دل خون کے آنسو رویا۔ فوت شدگان سے ملنے کیلئے آپ نے سورۂ تکاثر والے نوافل بتائے‘ پھر میں نے نفل پڑھے۔ یعنی چار رکعات نماز نفل‘ ہر رکعت میں سورۂ تکاثر ایک مرتبہ پڑھنی ہے پھر دعا کرنی ہے۔ دعا میں رو رو کر اللہ سے معافی مانگی۔ بی بی جی سے معافی مانگی۔ تصور میں قبرستان گیا‘ ان کی قبر پر فاتحہ خوانی کی۔ ان سے معافی مانگی۔ رات روتے روتے اور دعا کرتے کرتے سو گیا۔ اسی رات خواب میں وہ آئیں اور اپنے ساتھ اس کزن کو ساتھ لے کر آئیں اور مجھے گلے سے لگا کر کہا کہ میں نے تجھے بہت پہلے معاف کر دیا تھا۔ وہ دن تھا کہ آج کا دن جب بھی مجھے ان کی باتیں یاد آتی ہیں بہت رونا آتا تھا۔ حضرت صاحب یہ آپ کی مہربانی ہے کہ آپ نے یہ عمل بتایا اور میرے دل سے بہت بڑا بوجھ ہلکا ہوگیا‘ مجھے خلاصی مل گئی۔ تسبیح خانہ میں رمضان المبارک گزارنے سے دل کو سکون مل گیا ہے۔ ساری پریشانیوں کا خاتمہ ہو رہا ہے۔ (فردوس سہیل اکبر، ساہیوال)

## مقبول دعائیں‘ سسکیاں‘ آہیں‘ عبادات کا نور! وہ منظر نہیں بھولتا

